www.iqbalkalmati.blogspot.com



رضیہ بٹ

یوں بھی ہوتا ہے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

گُل اندامے

لنڈی کوتل کے بے آب و گیاہ پہاڑوں پر سرد اور تاریک رات اُتری ہوئی تھی۔ ہواؤں کے جھکڑ چل رہے تھے۔ مٹی دُھول اُڑ رہی تھی۔ شائیں شائیں کی آوازیں وقفوں کے بعد آ رہی تھیں۔ کہیں کہیں اُگی کانٹے دار جھاڑیوں اور سوکھی شاخوں والے اِکا دُکا درخت، جھکڑوں کے خلاف جیسے احتجاجی آوازیں بلند کر رہے تھے۔

پہاڑوں کے پتھریلے سینے پر کئی گاؤں آباد تھے۔ کچّے پکّے گھروندے تھے۔ کہیں کہیں ہموار زمین پر کھیت تھے۔ جن کی آبیاری قدرت کے رحم و کرم پر تھی۔ بارش کے چھینٹے پڑتے تو فصلوں میں جان پڑ جاتی اور فصلیں لگانے والے شاداں و فرحاں لہلہاتے کھیتوں میں اپنی محنت کا ثمر دیکھتے۔

ایک آدھ گاؤں نیچے دریا کے کنارے بھی آباد تھا لیکن یہاں بھی پتھریلی زمین تھی۔ لوگ زیادہ تر مزدوری کرتے تھے۔ بکریاں پالتے بھینسیں رکھتے۔ اگر کوئی حصّہ سرسبز و شاداب تھا تو وہ گاؤں کے مالک خان حشمت اللہ خان کی ملکیت تھا۔ انہی ہریالے کھیتوں اور خوشبودار باغوں کے کنارے خان کی وسیع و عریض حویلی تھی۔ بہت بڑا حجرہ تھا۔ جہاں گاؤں کے لوگ اپنی شامیں اکٹھی گزارنے کو جمع ہوتے، دکھ سکھ کی باتیں کرتے، ایک دوسرے کے بارے میں آگہی حاصل کرتے، دوستی دشمنی کی پرکھ کرتے، خان کا حجرہ ہر خاص و عام کے لیے ہمہ وقت کھُلا رہتا تھا۔ بان کے موٹے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

موٹے پایوں والے پلنگ یہاں بچھے ہوتے۔ کچی دیواروں پر رائفلیں، بندوقیں اور شکار کیے ہوئے جانوروں کی کھالیں لٹکی ہوتیں۔ چلمیں رکھی رہتیں۔ خان کے مستعد ملازم آنے والوں کی خاطر مدارات کرتے۔ خوشبودار تمباکو کی چلمیں تازہ کر کر کے مہمانوں کو پیش کرتے۔ سنہری قہوہ چینی کی بے ڈنڈی کی پیالیوں میں اُن کے سامنے رکھا جاتا۔ جرگے بھی خان ہی کے حجرے میں بیٹھتے تھے۔ متنازعہ مسائل کے فیصلے بھی یہاں ہی کیے جاتے تھے

خان کی حویلی فصیل نما دیواروں کے اندر اک شانِ تمکنت سے کھڑی تھی۔ پورے گاؤں میں صرف یہی حویلی پکّی اینٹوں سے بنی تھی۔ گاؤں کے مکان مٹی سے بنے تھے۔ کھلے کھلے کچّے صحن، جھکے جھکے درختوں کی ٹہنیوں اور تنوں کے سہارے کھڑے برآمدے اور اُن کے پیچھے ایک ایک، دو دو کمرے یا دالان۔ ہر گھر کی ساخت تقریباً ایک جیسی ہی تھی ـــــ ان ہی برآمدوں کے کونوں میں مٹی کے بے ہنگم سے چولہے بنے ہوئے تھے۔ جن میں گھاس پھونس اور ٹہنیاں جلائی جاتی تھیں۔ جن پر کالے کالے ٹیڑھے میڑھے سلور کے دیگچے دیگچیاں اہل خانہ کے کھانا بنانے کے لیے رکھی رہتیں۔ قہوہ اور چائے بہت استعمال ہوتی۔ جس کے لیے تام چینی کی نیلی پیلی چائے دانیاں اور پیالیاں ہر گھر میں ضرور ہوتیں۔

کچّے گھروندوں ٹوٹے پھوٹے برتنوں اور میلے کچیلے، پُرانے پُرانے کپڑوں سے گاؤں والوں کی مالی حالت عیاں تھی۔ کچھ لوگوں نے بکریاں اور گائے بھینسیں پال رکھی تھیں۔ دودھ دہی اور لسّی جوار باجرے کی روٹی کے ساتھ مل جاتی۔ گاؤں کے کچھ نوجوان اپنی مالی حالت درست کرنے کے لیے شہروں کا رُخ کر رہے تھے۔ وہاں محنت مزدوری کے مواقع بھی بہت تھے اور آمدنی بھی گاؤں کی نسبت زیادہ تھی۔ زیادہ تر نوجوان شہر جا کر ڈرائیونگ سیکھنے کی کوشش کرتے۔ ٹرک ڈرائیوری اکثر نے پیشے کے طور پر اختیار کر رکھی تھی۔ کچھ بڑے بڑے کارخانوں اور کوٹھیوں میں چوکیداری

کے فرائض انجام دیتے تھے۔ معقول تنخواہ ملتی تھی۔ گاؤں میں اُن کے گھر والوں کی ضرورتیں محدود ہوتی تھیں۔ اس لیے یہ تنخواہ ان کے لیے بہت ہوتی تھی۔

ہواؤں کے جھکڑ کچھ اور تیز ہو گئے تھے۔ کپکپا دینے والی سردی سے فضا جیسے منجمد ہو رہی تھی۔ کواڑ بار بار بج اُٹھتے تھے اور پرانے دروازوں کی جھریوں سے تیز ہوا اندر در آتی تھی۔

گل اندامے نے اس تیز ہوا سے بچنے کے لیے دروازے پر پُرانی چادر ٹانگ دی تھی۔ اور چھینٹ کا لحاف ماں اور بھائی کے اوپر اچھی طرح سے لپیٹ دیا تھا لیکن سات آٹھ سالہ بہادر اسمٹ سمٹ کر ماں کے پیٹ میں گھٹنے گھسا رہا تھا ـــــ ماں کی آنکھ بار بار کھل جاتی تھی۔

طاق میں جلنے والے تیل کے دیئے کی لَو ہوا کی زد میں آنے کے ساتھ ہی بجھنے لگتی۔ لیکن دوسرے ہی لمحے جب ہوا کا جھونکا گزر جاتا لَو برقرار ہو جاتی۔

ماں کے برابر کی چارپائی پر گل اندامے لیٹی تھی۔ اس کی آنکھوں میں نیند کا غبار نہیں تھا۔ وہ جاگ رہی تھی۔ بالکل تر و تازہ تھی۔ جب جوان آنکھوں میں سپنوں کا حُسن اُتر آئے تو نیند کی تکان غائب ہو جاتی ہے۔ آسودگی طمانیت اور بشاشت کا احساس رگ رگ میں نشے کی طرح دوڑتا محسوس ہوتا ہے۔

گل اندامے کی آنکھوں میں کُوٹے ہوئے ہیروں کی چمک تھی۔ ہونٹوں پر بڑی دلآویز مسکراہٹ تھی۔ کبھی چت لیٹ کر چھت کی دھواں کھائی لکڑیوں کو تکنے لگتی۔ کبھی گال تلے ہاتھ رکھ کر دائیں جانب کروٹ بدلتی اور طاق میں رکھے لَو دیتے دیئے کو تکنے لگتی۔ جس کی روشنی پورے کمرے کی تاریکی دُور کرنے سے قاصر تھی۔ کبھی بائیں رُخ ہو کر ماں کا چہرہ تکنے لگتی۔ جس پر وقت نے دکھ سُکھ کی کئی مہریں ثبت کر رکھی تھیں۔ بیوہ ماں، جسے اب آنکھوں سے ٹھیک دکھائی نہیں دیتا تھا ـــــ ساری زندگی محنت

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہی کرتی رہی تھی۔ سُکھ اور سکون اُسے میسّر نہیں آیا تھا۔ دونوں بڑے بیٹے گاؤں ہی میں محنت مزدوری کرتے تھے۔ روکھی سوکھی ہی چلتی تھی۔ گل اندامے کا بار کندھوں پر تھا اور بہادرے کا بوجھ بھی ابھی گھسیٹنا تھا۔ گل اندامے جب بھی ماں کا چہرہ دیکھتی، دل میں ایک کسک سی محسوس ہوتی۔ ماں کا دکھ اس لیے بھی گھمبیر تھا کہ دونوں بھائی اور شوہر دشمنی کی بھینٹ چڑھ چکے تھے۔ اب بیٹے تھے جن کی طرف سے ہر وقت دھڑکا لگا رہتا تھا۔ گو بیٹوں کی دوستی خان حشمت اللہ خان کے بیٹے کے ساتھ ہونے کی وجہ سے کافی مضبوط سہارا مل چکا تھا۔ پھر بھی ماں تھی ہر وقت دل وسوسوں اور اندیشوں سے بھرا رہتا۔

آج گل اندامے، ماں کو دیکھ کر مضطرب اور بے چین نہیں ہو رہی تھی بلکہ اُس کے من میں بہار اُتری ہوئی تھی پھولوں کی مہک بسی تھی، شگوفے پھوٹ رہے تھے کلیاں مسکرا رہی تھیں۔ خوشبو ہی خوشبو تھی۔ روشنی ہی روشنی تھی۔

آج اُس نے حیدر خاں کو دیکھا تھا۔

حیدر خاں۔

گرانڈیل سا نوجوان۔

جو اپنی مالی حالت بہتر بنانے کے لیے شہر جا چکا تھا۔ ان دنوں گاؤں آیا ہوا تھا۔ شہری ماحول نے اسے کچھ زیادہ ہی شائستہ اور پُروقار بنا دیا تھا۔ اُس نے نئے کپڑے پہنے ہوئے تھے۔ پشاوری چپل پاؤں میں تھی اور خوبصورت تراش کی واسکٹ بھی پہنی ہوئی تھی۔ وہ سلگتا ہوا سگریٹ انگلیوں میں دبائے ہوئے اُس کے قریب سے گزرا تھا۔ اور اُسے دیکھ کر ٹھٹھک کر یوں دیکھا تھا۔ جیسے اپنی آنکھوں پر یقین نہ آ رہا ہو۔

"گل اندامے" وہ زیرِ لب بڑبڑایا تھا "تم۔ تم گل اندامہ ہی ہو نا؟"

گل اندامہ زیرِ لب مسکرائی تھی۔ آنکھوں میں مستی بھر آئی تھی۔ شوخی سے سر کو نفی میں ہلاتے ہوئے آگے بڑھ گئی تھی۔

وہ چند لمحے کھڑا رہا تھا۔ پھر گل اندامے کے پیچھے پیچھے آنے والے بہادرے سے بولا تھا "بہادرے، گل اندامے کہاں جا رہی ہے ——"

"لالہ خان کو کھیتوں پر کھانا دینے"

"یہ گل اندامے ہی ہے نا"

"ہاں ——"

گل اندامے نے سر گھما کر اُسے دیکھا تھا۔ بے آواز قہقہے کی پھوار حیدر خاں کو اندر سے بھگو گئی تھی —— دونوں کی نگاہیں ملی تھیں۔

"تم کیا سے کیا ہو چکی ہو گل اندامے ——" حیدر خاں کے منہ سے بے اختیارانہ نکلا تھا۔

"تم بھی کیا سے کیا ہو چکے ہو" اُس نے ہولے سے جواب دیا تھا۔

"گل اندامے" حیدر خاں نے قدم اُٹھاتے ہوئے کہا۔

"ہوں" گل اندامے آگے چلتے ہوئے بولی۔ بہادرا اپنی بکری کے پیچھے بھاگنے لگا تھا۔

"رُکو، نا ——" حیدر خاں نے لجاجت سے کہا۔

"نہیں حیدر خاں ——" گل اندامے اپنی بھاری چادر کو جسے اُس نے اپنے سر اور کندھوں کے پیچھے ڈال رکھا تھا، اپنے کندھوں پر لپیٹتے ہوئے بولی "شہر جا کر گاؤں کے آداب بھول گئے ہو لوگ آ جا رہے ہیں"

"تو۔ تم مجھے کہاں ملو گی؟"

"پتہ نہیں"

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"گل اندامے میں تین سال کے بعد آیا ہوں۔ تمہارا بچپن کا ساتھی ہوں۔"

"لیکن اب ہم بڑے ہو چکے ہیں۔"

"ہماری محبت بھی پل کر جوان ہو چکی ہے گل اندامے۔"

"اچھا۔"

اُس کی ہنسی ہولے سے فضا کو مترنم کر گئی۔ حیدر خان دل تھام کر رہ گیا۔ گل اندامے تیز تیز قدم اٹھاتے بہادرے کے قریب ہونے لگی۔

"گل اندامے۔" حیدر خاں اِدھر اُدھر دیکھتے ہوئے بولا۔

"پھر کب ملو گی؟"

"پتہ نہیں۔"

"خان لالہ کا کھانا روز کھیتوں پر لے کر جاتی ہو؟"

"بھوک تو روز ہی لگتی ہے۔" وہ ہنس پڑی۔

"اسی راستے سے جاتی ہو نا؟" وہ چند قدم پیچھے پیچھے چل رہا تھا۔

"ہمارے کھیتوں کو یہی راستہ جاتا ہے۔ اور دریا پر بھی اسی راستے سے جاتے ہیں۔"

حیدر خاں کے لب متبسم ہو گئے۔

"دریا پر بھینسوں کو پانی پلانے جاتی ہو نا؟"

"ہاں۔"

"میں کل وہاں تمہارا انتظار کروں گا۔"

"حیدر خاں یونہی نہ آجانا ـــــ کسی کو پتہ چل گیا تو۔۔۔۔"

"تو کیا ہوگا؟"

"تم اسی گاؤں کے رہنے والے ہو۔ اور جانتے ہو کیا ہو سکتا ہے۔"

"مجھے پروا نہیں۔ میں تم سے ملنے ضرور آؤں گا۔"

"احتیاط لازمی ہے۔"

گل اندامے کہتے ہوئے آگے بڑھ گئی تھی۔

اور اس وقت بستر میں پڑی کبھی وہ اس ملاقات کو ذہن میں تازہ کر رہی تھی۔ کبھی کل دریا کے کنارے حیدر خاں سے ملنے کے خیال سے محظوظ ہو رہی تھی۔ حیدر خاں اس کی آنکھوں میں، دل و دماغ میں اور روح میں سمایا ہوا تھا۔ جوان، توانا، مضبوط جسم اور خوبصورت مردانہ خدوخال والا حیدر خاں ـــــ وہ بھی تو تین سال میں کیا سے کیا بن گیا تھا۔

گل اندامے نے پھر کروٹ بدلی ـــــ چارپائی چرچرائی۔ پھر جھکڑ سے دروازہ بجا، کواڑ کھڑکھڑائے۔ ماں کی آنکھ کھل گئی۔

"گل اندامے۔"

"کیا ہے ماں۔"

"دروازہ کھٹکا ہے۔"

"نہیں ماں۔ جھکڑ سے دروازہ بجا ہے۔"

"تیرے بھائی نہیں آئے ابھی؟"

"نہیں ماں۔"

"اُٹھ کے دیکھو تو سہی۔ لگتا ہے، باہر کا دروازہ کھٹکھٹا رہے ہیں وہ۔ رات کافی گزر چکی ہے۔ وہ شاید آگئے ہوں۔"

"اوہ نہیں ماں ـــــ وہ ابھی کہاں سے آئیں گے۔ تمہیں پتہ تو ہے۔ خان کے لڑکے کی شادی ہے۔ اور پشاور سے گانے بجانے والے آئے ہوئے ہیں۔ آج رات وہ حجرے ہی میں رہیں گے ـــــ حجرے سے ڈھول بجنے کی آوازیں کبھی کبھی ہوا کے ساتھ ادھر بھی آتی ہیں۔ میں سُن رہی ہوں۔"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"تُو سوئی نہیں ابھی ——؟"

"تُو سو جا ماں۔ خان لالہ آئیں گے تو میں اُٹھ کر دروازہ کھول دوں گی۔"

"بہت دیر لگا دی اُنہوں نے۔"

"کوئی بات نہیں۔ خان کے حجرے ہی میں ہیں۔ وہ کھیل تماشا دیکھ رہے ہوں گے۔ عظمت اللہ خان کی شادی ہے ماں۔ کوئی چھوٹی موٹی شادی تھوڑا ہی ہے۔ ناچ گانا ہو رہا ہے۔ یہ محفل تو سحری سے پہلے ختم ہونے کی نہیں۔"

"ہاں ——"

"اور رحمت اللہ خان بھائیوں کا دوست ہے۔ اپنے بڑے بھائی کی شادی پر انہیں خاص طور سے بلایا ہے —— تُو سو جا —— جب وہ آئیں گے میں دروازہ کھول دوں گی۔"

"تجھے نیند کیوں نہیں آ رہی؟"

"تُو تو جانتی ہے ماں۔ بھائی گھر سے باہر ہوں۔ تو ان کے انتظار میں جاگتی رہتی ہوں۔"

"ہوں" ماں نے جمائی لی پھر بولی "پگلی۔ جب جانتی ہے کہ وہ سحری سے پہلے نہیں آئیں گے تو جاگ کیوں رہی ہے۔ سو جا۔" ماں نے کروٹ بدلی۔ لحاف بہادے پر ٹھیک سے دبایا، اس کے چہرے کو ٹٹولا اور سینے سے لگا کر غنودگی میں ڈوب گئی۔

باہر جھکڑ اسی انداز میں چل رہے تھے۔ دُور کہیں بادل بھی گرج رہے تھے۔ شائیں شائیں کی آوازیں وقفوں سے آ رہی تھیں۔ ہواؤں کے مند زور ریلے کبھی کبھی حجرے میں جمی محفلِ موسیقی کی کوئی تان بھی اُڑا لاتے۔ کبھی گھنگروؤں کی چھنا چھن بھی فضا میں ترنم گھول جاتی۔ کبھی کبھی کُتے بھی بھونک اُٹھتے۔ اور کوئی راہ گیر انہیں ڈرانے کے لیے لاٹھی زور سے پٹختا۔ لگتا تھا حجرے سے کوئی نیند کا رسیا محفل کو شباب پر چھوڑ کر واپس آ رہا ہے۔

دروازے اب بھی تند ہوا کے ریلے سے چرچرا رہے تھے۔ اور کواڑ بج رہے تھے۔ گل اندامے کو بھی یوں لگتا جیسے کوئی دروازہ کھٹکھٹا رہا ہے۔ اور ایک بار تو اس نے بستر میں پڑے پڑے پکارا بھی "کون ہے؟" لیکن جواب نہ ملا۔ وہ لحاف میں دبک گئی۔ یقیناً بھائیوں نے سحری سے پہلے نہیں آنا تھا۔ رحمت اللہ خان کے دوست تھے دونوں۔ اس محفل میں شرکت کا بڑا اعزاز ملا تھا دونوں کو۔ دوستی ہی قدر مشترک تھی۔ ورنہ کہاں خان حشمت اللہ خان کے فرزند اور کہاں دلنواز اور شہباز۔ وہ گاؤں کے مالک اور یہ اُن کے کھیتوں پر کام کرنے والے معمولی مزارعے۔ لیکن تینوں کا بچپن کا ساتھ تھا۔ ساتھ کھیلے، ساتھ پلے بڑھے۔ دلنواز اور شہباز —— خان کی حویلی میں آتے جاتے تھے۔ رحمت خان اُن کے گھر بے دھڑک اور بے روک ٹوک آتا جاتا تھا۔ بھائیوں کے ساتھ گل اندامہ بھی اُن کے کھیل کود میں شریک ہوا کرتی تھی لیکن جب وہ بڑی ہو گئی تو خود ہی اُن کے ساتھ کھیلنا بند کر دیا۔ ماں اسے گھر کے کام کاج میں جوتے رکھتی۔ گل اندامہ خود بھی سمجھ دار تھی۔ وقت کے تقاضے خود بخود ہی اُس کی سمجھ میں آ گئے تھے۔ کچھ یہی رویّہ رحمت خان کا بھی تھا۔ اب وہ دلنواز اور شہباز کے پاس آتا تو باہر ہی سے آواز دیتا۔ کھیتوں میں مل لیتا۔

پھر وہ پشاور پڑھنے کے لیے چلا گیا۔ پچھلے سال ہی وہ واپس آیا تھا۔ پڑھائی دوستی میں دیوار نہیں بنی تھی۔ خلوص اور محبت نے چولا نہیں بدلا تھا۔ تینوں اب بھی ویسے ہی بے تکلف دوست تھے۔ گل اندامے کی کبھی کبھی کھیتوں پر یا پھر دریا پر آتے جاتے رحمت خان سے مڈبھیڑ ہو جاتی تھی۔ وہ بڑے مہذب انداز میں سر جھکائے گزرتے ہوئے اُسے سلام کرتا۔ کبھی وہ خود ہی پہل کر لیتی۔

"کیا حال ہے خان؟"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"کیسی ہو گل اندامے؟"

بس یہی رسمی جملے ہوتے جن کا تبادلہ ہو جاتا۔ اس سے زیادہ نہ کبھی خان نے کچھ کہا تھا، نہ ہی گل اندامہ نے۔

دروازہ پھر بجا۔

کواڑ پھر کھڑکھڑائے۔

"کون؟" گل اندامہ نے لحاف سے منہ نکال کر کہا۔ کوئی جواب نہ ملا۔ تو اس نے بڑبڑاتے ہوئے منہ لحاف کے اندر کر لیا۔

مشکل سے نیند آنکھوں میں اتر رہی تھی۔ حیدر خان کا ہیولا دھندلا رہا تھا۔ آنکھیں بوجھل اور سر بھاری ہو رہا تھا

کواڑ بجنے سے وہ پھر بیدار ہو گئی تھی۔ اس نے سوچا شاید برابر والے کمرے میں بکریاں دروازے کو سینگ مار رہی ہیں۔ یا کڑھ میں بھینس چارے کا برتن کھڑکھڑا رہی ہے۔

اُس نے منہ سر لپیٹ کر سو جانے کی کوشش کی۔

دروازہ ایک بار پھر بجا۔

یہ یقیناً دستک تھی ـــــ گل اندامہ نے لحاف سے سر نکالا۔ کان کھڑے ہو گئے۔ اس نے بجنے اور کھڑکنے میں تمیز کرنے کی کوشش کی۔ دروازے پر پھر ہولے سے دستک ہوئی۔

"گل لالہ آ گئے شاید" وہ بستر میں اُٹھ کر بیٹھ گئی۔ اور سرہانے رکھی چھینٹ کی بڑی سی چادر اٹھا کر سر پر ڈالی، گھیردار قمیض کو ٹھیک کیا۔

دروازہ پھر بجا۔

اسی لمحے ہوا کا کوئی رسیلا جھونکا سے کسی خوبصورت گیت کے بول اُڑا لایا۔

گل اندامہ حیران بھی ہوئی کہ خان لالہ اور گل لالہ کیسے محفل سے اُٹھ آئے ہیں۔ رحمت خان نے کیسے انہیں آنے دیا ہے۔

وہ بستر سے نکلی۔ ماں کی طرف دیکھا، وہ گہری نیند سو رہی تھی۔ ماں کی نیند کے خراب ہو جانے کے ڈر سے اس نے آہستگی سے دروازے کی کنڈی کھولی۔ اور پھر برآمدے میں نکل کر دروازہ باہر سے بند کر دیا۔ باہر کپکپا دینے والی سردی تھی۔ سرکنڈوں کے چھت والے جھکے ہوئے بے ترتیب سے برآمدے سے وہ تیزی سے ڈیوڑھی کی طرف بھاگی۔ کچے صحن کو اس نے سردی کے ڈر سے بھاگ کر پار کیا۔

دروازے پر پھر دستک ہوئی۔

"کون ہے؟" اُس نے دروازے کی کنڈی پر ہاتھ رکھتے ہوئے پوچھا۔

جواب نہ پا کر اس نے دوبارہ پوچھا "کون؟"

"گل اندامے" سرگوشی اُبھری۔

"کون" گل اندامے آواز پہچان کر گھبرا سی گئی۔

"حیدر ہوں گل اندامے۔ دروازہ کھولو"

"حیدر ـــــ" گل اندامے پر گھبراہٹ بُری طرح مسلط ہو گئی۔

"جلدی کرو، گل اندامے دروازہ کھولو۔ میں حیدر ہوں" وہ بولا۔

"تم۔ تم اس وقت کیوں آئے ـــــ؟" گھبراہٹ میں گل اندامے نے کنڈی کھول دی۔

حیدر خان کمبل میں منہ سر لپیٹے تھا۔ دروازہ کھلتے ہی اندر آ گیا۔ جلدی سے دروازے کی کنڈی چڑھائی اور کمبل چہرے سے ہٹاتے ہوئے دروازے کے ساتھ پشت ٹکا کر کھڑا ہو گیا۔

"تم ـــــ حیدر ـــــ تم ـــــ" گل اندامے شدید سردی کے باوجود گھبراہٹ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سے پسینے پسینے ہو گئی۔

"ہاں میں ——" حیدر خاں نے جیب سے ماچس نکال کر تیلی جلائی۔

"لیکن ——" ڈر کے مارے گل اندام کے منہ سے بات نہ نکل رہی تھی۔

"میری جرأت پر حیران ہو؟"

"ہاں۔"

"دل کے ہاتھوں مجبور تھا گل اندام۔ مجھے پتہ چلا تھا کہ دلنواز اور شہباز آج خان کے حجرے میں ہیں۔ تم اور خالہ گھر پر اکیلی ہو۔ بس جان ہتھیلی پر رکھ کر چلا آیا۔"

"واپس چلے جاؤ حیدر —— یہ طریق اچھا نہیں۔ شریف لوگ ایسا نہیں کرتے ——"

"دل کے مارے ایسا کر گزرتے ہیں۔"

"کسی کو پتہ چل گیا تو ——"

"نہیں چلے گا۔ چل گیا تو میں سزا بھگت لوں گا۔"

"میری بدنامی ہو گی۔"

"ایسی باتیں نہیں سوچو۔"

"حیدر یہ گاؤں ہے۔ ایسی باتوں کی لوگ جلدی بُو سونگھ لیتے ہیں۔"

"گل اندام، میں یہ سارے وسوسے ذہن سے جھٹک کر یہاں آیا ہوں۔ تم سے ملنے۔ صرف ملنے۔ پیار کے دو بول کہنے اور سننے —— بتاؤ کیا تم مجھ سے پیار کرتی ہو۔ نہیں کرتیں تو میں ابھی چلا جاتا ہوں۔" حیدر نے تیلی پھینکتے ہوئے کہا۔

"حیدر ——" گل اندام کی آواز لرز گئی۔

حیدر نے اُسے بازوؤں میں بھر لیا۔ چند لمحے بے خودی میں گزر گئے۔ پھر گل اندام نے اپنا وجود اُس کے مضبوط بازوؤں کے حصار سے نکالتے ہوئے کہا۔ "تم کتنے دن

یہاں ہو؟"

"جتنے دن کہو گی، ٹھہر جاؤں گا۔"

"تمہیں کام پر واپس جانا ہے۔ وقت کیوں ضائع کرو گے۔"

"وقت ضائع نہیں ہو گا گل اندام۔ تمہاری معیت میں گزرا ہوا ایک ایک لمحہ امر ہے۔"

"لیکن ہر روز تو تم یہاں نہیں آ سکتے۔"

"تم کھیتوں پر تو روز ہی جاتی ہو۔ دریا پر بھینس کو بھی لے جاتی ہو۔"

"لیکن میں روز تم سے مل نہیں سکتی حیدر خاں۔ گاؤں کے لوگوں کی نظریں بڑی تیز ہوتی ہیں۔"

"پیشتر اس کے کہ لوگوں کی نظریں بولنے لگیں، میں تمہیں اپنا لوں گا گل اندام۔"

"سچ۔"

"ہاں۔"

"تو ——"

"میں اپنی ماں اور بہن کو تمہارے ہاں رشتہ لینے کے لیے بھیجوں گا۔"

"لیکن ——"

"کیا گل اندام۔"

"تم جانتے ہو نا۔ ہمارے رشتے اکثر بدلے کے رشتے ہوتے ہیں ——"

"ہاں ——"

"پھر ——"

"دلنواز یا شہباز کی ابھی کہیں بات تو نہیں چل رہی۔"

"فی الحال تو نہیں۔"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"پھر ٹھیک ہے۔"

"کیسے ——"

"میری بہن زرینے۔"

"اوہ حیدر —— تم، تم کتنے اچھے ہو۔"

"تمہیں پانے کے لیے میں بہن کا رشتہ تو کیا جان بھی دے سکتا ہوں۔"

اندھیرے ہی میں گل اندامے مسکرائی —— حیدر خاں نے اس کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں تھام لیا۔ پھر اُس پر اپنے ہونٹوں سے مہر ثبت کر دی۔ گل اندامے نے اپنا ہاتھ نہیں کھینچا۔

حیدر خاں بولا —— "یہ ہاتھ میں نے تھام لیا ہے —— اس کو اب میرے ہاتھ سے کوئی نہیں چھین سکتا۔ تم میری ہو گل اندامے —— میری ——"

"ہاں حیدر خاں —— گل اندامے تمہاری ہے —— جب تک جیے گی، تمہاری رہے گی۔ جب مرے گی تمہارے نام پر مرے گی ——"

"گل اندامے ——" حیدر خاں نے اس کا ہاتھ اپنی چھاتی پر رکھ لیا ——

ہواؤں کا پُرزور ریلا آیا۔ دروازہ چرچرایا —— دُور کتے بھونکے —— گل اندامے نے ڈر کر اپنا ہاتھ کھینچ لیا۔

"اب جاؤ حیدر خاں۔ شاید کوئی آ رہا ہے —— بھائی نہ آ جائیں۔ تم جلدی نکل جاؤ ——"

"جی نہیں چاہ رہا —— گل اندامے —— چند لمحے اور۔"

"نہیں حیدر خاں۔ خطرہ مول نہیں لینا چاہیئے —— کسی کو بھنک بھی نہیں پڑنا چاہیئے۔ ایسا ہوا تو غضب ہو جائے گا۔"

"ہاں، میں جانتا ہوں۔"

"تو بس جاؤ —— تمہارا اس طرح آنا پہلی اور آخری بار ہے۔"

"ہاں —— اب میں تمہیں ہمیشہ کے لیے لے جانے کے لیے ہی یہاں آؤں گا۔"

گل اندامے کا دل زور زور سے دھڑک رہا تھا —— اُس نے سر ہلایا —— حیدر خاں نے اس کا چہرہ اندھیرے میں ٹٹول کر ہاتھوں کے پیالے میں بھرا —— اور بولا۔ "خدا حافظ گل اندامے۔"

"خدا حافظ۔" گل اندامے نے جلدی سے اُس کے مضبوط ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں لے کر کہا۔

"گل اندامے، تم میری ہو۔ میں نے تمہیں چھُوا ہے۔ اب تمہیں کوئی اور نہیں چھوئے گا ——"

"میں جانتی ہوں، اب تم جاؤ۔"

"میں دو ایک دن میں اپنی ماں اور بہن کو بھیجوں گا۔"

"اچھا ——"

"خدا حافظ۔"

"خدا حافظ۔"

حیدر خاں نے کنڈی کھولی، دروازے سے گردن نکال کر کچی گلی میں دائیں بائیں دیکھا —— تسلی کر کے کہ گلی سنسان تھی۔ وہ ایک بار پھر گل اندامے کی طرف مڑا۔ خدا حافظ کہا اور گلی میں نکل گیا۔ تھوڑی دیر دیوار کے ساتھ ساتھ چلا۔ پھر گلی کی نکڑ سے مڑ گیا۔

گل اندامے نے ایک لمبا گہرا سانس لیتے ہوئے دروازہ بند کیا۔ چند لمحے دروازے سے پشت لگا کر آنکھیں بند کیے کھڑی رہی —— سانس بحال ہوتے کچھ وقت لگا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

پھر وہ ہولے ہولے قدم اٹھاتی کمرے میں چلی آئی۔

"ماں"

"ہوں"

"ایک بات کہوں"

"ضرور کہو۔ ایک کیا دس باتیں کہو۔ میرے بچے۔ تم اپنی ماں سے نہ کہو گے تو کس سے کہو گے۔ جھجک کیوں رہے ہو۔ کہو کیا کہنا ہے"

"ماں۔ تم ان دنوں میری شادی کی فکر کر رہی ہو۔ خان بابا کہہ رہے تھے کہ..."

"ہاں رحمت خانا ـــــ تمہارے بابا تو چاہتے تھے، عظمت خان کے ساتھ ہی تمہاری شادی بھی ہو جاتی ـــــ وہ دونوں کے فرض...."

لیکن میرے لیے کوئی رشتہ نہیں دیکھا تھا آپ نے۔ اس لیے صرف لالہ کی شادی کی"

"ہاں"

"ماں۔ ایک رشتہ ہے"

"اچھا۔ خود تلاش کر لیا۔ کہاں ہے، کون ہے وہ؟"

"بہت خوبصورت۔ بہت نیک، بہت اچھی ہے۔ صرف"

"صرف کیا؟"

غریب ہے۔ ہماری طرح زمینوں، باغوں اور حویلیوں کی مالک نہیں ہے"

رحمت خاں کی بات سن کر ماں چپ ہو گئی۔ رحمت خاں، ماں کے قریب کھسک آیا۔ اُس کی گردن میں اپنا بازو ڈال کر چہرہ اس کے کندھے پر ٹکا کر سرگوشی کے انداز میں مسکراتے ہوئے بولا "چپ کیوں ہو گئیں ماں۔ کیا غریب ہونا جرم ہے؟

پھر تمہارے پاس اتنی دولت ہے۔ وہ کس لیے ہے ـــــ کسی غریب لڑکی کو یہ بے پناہ دولت پناہ نہیں دے سکتی۔ تم نے لالہ کی شادی سربلند خاں کے ہاں کی ہے، سربلند جو دولت میں بھی بہت بلند ہے۔ آپ نے اپنی تمنا پوری کر لی۔ اب میری...."

"لیکن بچے ـــــ"

"کیا ماں"

"تمہارے خان بابا کب مانیں گے"

"اسی لیے تو آپ سے کہہ رہا ہوں۔ آپ چاہیں گی تو وہ انکار نہیں کریں گے"

"ہوں"

"ماں۔ تم بہت اچھی ہو۔ بلند خیالات رکھتی ہو۔ دولت کو درمیان میں لا کر بات نہ کرو۔ میری پسند دیکھو۔ میرا انتخاب دیکھو"

"وہ کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟"

"یہ جاننے پرکھنے کی کیا ضرورت ہے۔ خاندان جانا پہچانا ہے۔ لیکن مجھے اس سے کیا۔ میں نے تو صرف لڑکی کو دیکھا ہے ـــــ"

"کہاں دیکھا ہے؟"

"کہاں؟" وہ ہنس کر بولا ـــــ" ماں اسے بچپن سے دیکھتا چلا آیا ہوں۔ اب وہ بھی بڑی ہو گئی ہے۔ یقین مانو ماں، میں نے ایسی لڑکی گاؤں میں دیکھی ہے نہ شہر میں۔ وہ بہت حسین ہے۔ اس کی رنگت سنہری ہے۔ اس کی آنکھوں میں ستارے ٹوٹتے ہیں۔ اس کے بالوں میں رات اُترتی ہے۔ وہ چلتی ہے تو زمین میں سے گھنگروؤں کی دھمک...."

"ہٹ" ماں نے اس کا بازو گردن سے نکالتے ہوئے ہنس کر کہا۔

"کیوں ماں"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"شہر میں پڑھائی کر کے تُو بہت تیز ہو گیا ہے۔"

"نہیں ماں۔ تیز ہوتا تو وہیں سے کوئی شوخ و شنگ لڑکی پکڑ لاتا۔ لیکن میں نے ایسا نہیں کیا۔ مجھے اپنے گاؤں کی سیدھی سادی، بھولی بھالی لڑکی پسند ہے؟"

"سیدھی سادی، بھولی بھالی!"

"ہاں ماں ——"

"وہ کچھ پڑھی لکھی بھی ہے یا جاہل اَن پڑھ۔"

"پتہ نہیں۔ بچپن میں گاؤں کے اسکول میں جاتی تھی۔ اب میں نہیں جانتا کہ اس نے کچھ پڑھا بھی ہے یا نہیں۔ دو چار جماعتیں شاید پڑھی ہوں۔"

"تو اُس کے بارے میں کچھ بھی نہیں جانتا۔ اور اُسے اپنانے کا فیصلہ کر لیا ہے۔"

"ہاں میں اتنا جانتا ہوں کہ وہ ایک پھول ہے۔ جس کی مہک اور خوشبو مسحور کُن ہے۔"

"بتائے گا نہیں وہ ہے کون۔"

"اتنا کچھ بتا دیا۔ پھر بھی پوچھتی ہو وہ ہے کون ——"

"میں کیسے جانوں۔ گاؤں میں ایک سے ایک خوبصورت لڑکی موجود ہے۔ تو کس کی بات کر رہا ہے؟"

"میرے دوست دلنواز اور شہباز ہیں نا ماں۔"

"اچھا۔ اُن کی بہن ——"

"گل اندامے ——"

ماں چند لمحوں کے لیے چپ ہو گئی۔ رحمت خاں نے ماں کی گود میں سر رکھ کر لیٹتے ہوئے بچوں کی طرح مچل کر کہا۔

"ماں —— چپ کیوں ہو گئی ہو —— گل اندامے کو دیکھو تو ششدر رہ جاؤ۔"

"میں نے اسے دیکھا ہوا ہے۔"

"اچھا ——" وہ سر قدرے اونچا کرتے ہوئے تجسس سے بولا۔

"ہاں۔" ماں سنجیدہ تھی۔

"تو۔ تو ماں۔ وہ واقعی میرے بیان کے مطابق ہے نا۔ بہت حسین بہت خوبصورت۔"

"شاید وہ تمہارے بیان سے بھی بڑھ کر ہے ——"

"اوہ ماں ——" رحمت نے لیٹے لیٹے ماں کے گلے میں باہیں ڈال دیں۔ ماں کا سر جھکا لیا۔ ماں نے شفقت سے اُس کی پیشانی چوم لی۔ رحمت خاں نہال ہو گیا۔

"خان بابا سے بات کر دو گی نا۔" وہ سرشار لہجے میں بولا۔

"کر دوں گی۔ لیکن ....."

"لیکن کیا ——"

"وہ شاید رضامند نہ ہوں۔"

"کیوں نہ ہوں ماں —— کہہ دینا میں نے شادی کی تو صرف گل اندامے سے کروں گا۔"

"ہوں۔"

"اور اگر بابا نہیں مانے۔ تو یہ گھر بار چھوڑ کر تم سب سے دور چلا جاؤں گا۔"

"نہیں میرے بچے۔" ماں نے فرطِ جذبات سے مغلوب ہو کر پھر اُس کی پیشانی چوم لی۔

"پھر —— ماں! بابا کو تم نے راضی کرنا ہے۔ مجھے اپنے پاس رکھنا ہے تو بابا کو رضامند کرنا ہو گا۔ گل اندامے صرف غریب ہے اس میں اور کوئی عیب نہیں ——"

"ہے۔" ماں بولی۔

"کیا۔" وہ اچھل کر اُٹھ بیٹھا۔ انگلیوں سے جلدی جلدی اُلجھے بال درست کرتے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہوئے ماں کا منہ تکنے لگا۔

"اس کا باپ اور دو ماموں قتل ہو گئے تھے۔ اُن کی ملکوں کے ساتھ دشمنی ہے۔"

رحمت خاں نے اطمینان کا سانس لیا۔ پھر مسکراتے ہوئے بولا ــــ "اس سے کیا فرق پڑتا ہے ماں ــــ یہ دوستی دشمنی تو ہماری تہذیب کا حصّہ ہے۔"

"ہے تو ــــ"

"پھر ــــ"

"تمہاری شادی وہاں کر کے خود کو ملکوں کے نشانے کی زد میں لانے کے برابر ہے۔"

"چھوڑ دو ماں ــــ میں جس باپ کا بیٹا ہوں۔ جس خاندان کا فرد ہوں، ملک آنکھ اٹھا کر دیکھنے کی جرأت بھی نہیں کر سکتے ماں ــــ میں بھی بزدل نہیں ہوں۔ کیا تم سمجھتی ہو کہ میں اپنی حفاظت نہیں کر سکتا۔ مجھ میں بہادری اور جرأت کا فقدان ہے۔"

"ایسی بات نہیں میرے بچے ــــ"

"تو پھر ــــ"

"تمہارے باپ کو شاید غریبی پر اعتراض نہ ہو۔ لیکن یہ دشمنی۔"

"بابا کا سہارا شہباز اور دلنواز کو تحفظ دیئے ہوئے ہے ماں ــــ ورنہ اب تک کئی قتل اور ہو چکے ہوتے ــــ بابا نے شہباز اور دلنواز کو بھی بدلہ لینے سے باز رکھا ہوا ہے ــــ انھوں نے دونوں خاندانوں کی عداوت کو ختم کرا دینے کی مثبت کوشش کی ہے۔"

"ہوں۔"

"ماں ــــ میری اچھی ماں ــــ"

"اچھا، کوشش کروں گی۔"

"صرف کوشش نہیں ــــ گل اندامے کو بہو بنا کر اس حویلی میں لاؤ گی ماں ــــ ورنہ ....."

ماں نے اپنا ہاتھ رحمت خاں کے منہ پر رکھ دیا۔ رحمت خاں نے اس ہاتھ پر پرعقیدت سے بوسہ دیا اور بولا ــــ "میری زندگی اور زندگی کی خوشیاں اس ہاتھ میں ہیں۔ وعدہ کرو ماں۔ مجھے مایوس نہیں کرو گی۔"

ماں نے ہولے سے اثبات میں سر ہلایا۔ رحمت خاں نے خوش ہو کر ماں کی آغوش میں منہ چھپا لیا۔

گل اندامے اپنے چھوٹے بھائی بہادرے کے ساتھ خراماں خراماں محوِ بداماں چلی جا رہی تھی۔ اُس کے ہاتھ میں لاٹھی تھی۔ بھینس اور دو تین بکریاں آگے تھیں۔ کہیں گھاس پھونس نظر آ جاتا تو بھینس منہ مارنے لگتی۔ بکریاں بھی چرنے لگتیں۔ گل اندامے بھینس کے لاٹھی مارتی، اُسے ہنکارتی آگے بڑھنے لگتی۔

"گل بی بی" بہادرا بولا۔

"کیا ہے؟"

"یہیں رُک جاتے ہیں۔ چر لیں بکریاں اور بھینس بھی کھا لے گھاس۔"

"نہیں۔ ہم نے اس چٹان تک جانا ہے۔"

"کیوں۔ وہاں کیا ہے ــــ؟"

"وہاں ــــ وہاں ــــ وہاں بہت کچھ ہے بہادرے۔" گل اندامے کی آنکھوں میں خوشی کے رنگ پھیل گئے۔ مسکراتے ہوئے بہادرے کو دیکھا اور پھر اُس کے گلے میں باہیں ڈال کر بولی "تھک گیا ہے کیا۔ چل بھینس کے اوپر بیٹھ جا۔"

"میں کب تھکا ہوں۔"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"تو پھر یہاں رُکنے کا کیوں کہہ رہے ہو؟"

"یہاں گھاس جو ہے۔"

"وہاں بھی ہے۔"

"چلو ـــــ پھر ـــــ"

دونوں ساتھ ساتھ چلنے لگے ـــــ سات آٹھ سالہ بہادر کیا جانتا تھا کہ کونسی کشش گل اندامے کو وہاں لے جا رہی ہے۔

وہاں چٹان کے پیچھے حیدر خاں کو اس سے ملنے آنا تھا۔ اس رات کے بعد حیدر خاں اور گل اندامے مل نہیں پائے تھے۔ گل اندامے کو کھیتوں پر آتے جاتے دور ہی سے دیکھ سکا تھا حیدر خاں ـــــ دل قربت کے لیے مچلتا تھا۔ لیکن کھیتوں میں لوگ ہوتے تھے۔ گل اندامے بھی حیدر خاں کو دور ہی سے دیکھ سکی تھی۔ وہ تو ایک دوسرے سے اشارے کنائے سے بھی بات نہ کر سکے تھے۔

کل حیدر خاں نے اپنی بہن زرینے کو گل اندامے کے گھر بہانے سے بھیجا تھا۔ اور اس چٹان کے پیچھے ملنے کا گول مول سا پیغام بھجوایا تھا۔ زرینہ شاید اس پیغام کو سمجھی نہیں تھی۔ جو بھائی نے کہا تھا کہہ دیا تھا ـــــ گل اندامے سمجھ گئی تھی۔

آج وہ بہادرے کو ساتھ لے کر ادھر چلی آئی تھی۔ اکثر بکریاں چرانے یا بھینس کو پانی پلانے وہ ہی لے جایا کرتی تھی۔

ماں نے گھر سے نکلتے تاکید کی تھی ـــــ "ویرانے کی طرف نہ جانا گل ـــــ اور دیر بھی نہ لگانا۔ جتنی دیر تو باہر جاتی ہے۔ میری سانس اٹکی رہتی ہے۔"

"کیوں ماں۔ میں کوئی چھوٹی سی بچی ہوں اب؟"

ماں چپ ہو گئی تھی۔ کیا بتاتی کہ بچی کے لیے تو اتنا خطرہ نہیں تھا۔ اب جوان ہو گئی ہے اسی لیے فکر کرتی ہوں ـــــ کہ کوئی بات نہ نکلے کوئی بات نہ بنے۔"

"فکر نہ کیا کر ماں۔ میرے ساتھ بہادرا بھی ہے ـــــ اور یہ لاٹھی بھی۔"

"اللہ تیرا نگہبان ہو۔"

"آمین ـــــ"

گل اندامے مسکراتی اٹھلاتی، لاٹھی گھماتے، گھر سے بھینس کو ہانکتی نکلی تھی۔ بہادرا چھوٹی سی چھڑی لے کر بکریوں کو ہانک رہا تھا۔

دونوں بہن بھائی ادھر آ گئے تھے جہاں دریا کئی چھوٹی چھوٹی شاخوں میں بٹا بہہ رہا تھا۔ گول گول چھوٹے بڑے پتھر دریا کے اندر اور باہر صاف شفاف پانی میں چمک رہے تھے۔ اونچا نیچا کنارہ پتھریلا تھا۔ دور دور تک ریت اور گول پتھر پھیلے ہوئے تھے۔ کہیں کہیں بن پتوں کی جھاڑیاں تھیں۔ کہیں سرکنڈے تھے۔ اور کہیں کہیں سبزہ بھی نظر آتا تھا۔

گل اندامے کچھ فاصلے پر تھی کہ حیدر خاں نے اسے آتے دیکھ لیا۔ وہ بھی اپنی بھینس کو پانی پلانے آیا تھا۔ ملنے کا بہانہ بھی تو چاہیے تھا۔

"ادھر کوئی ہے گل بی بی؟" بہادرے نے حیدر خاں کی چادر لہراتی دیکھی۔

"ہاں۔ شاید کوئی ہے ـــــ" گل اندامے کی آنکھوں میں چمک آ گئی۔

"پھر ادھر نہیں جاتے۔"

"کیوں؟"

"ادھر ہی ٹھہرتے ہیں۔ وہ بھینس پانی پینے جا رہی ہے۔"

"تم ادھر ہی ٹھہرو۔"

"تم کہاں جاؤ گی؟"

"کہیں نہیں۔ دیکھتی ہوں، اُدھر کون ہے۔"

"کوئی تو ہو گا۔"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"ہاں"

گل اندامے تیز تیز قدم اٹھاتی اس چھوٹی سی چٹان کی طرف بڑھی۔ حیدر خاں چشم براہ تھا۔

"گل اندامے" حیدر خاں شوقِ دید سے بے حال سا ہو رہا تھا۔

"حیدر خانا ـــــ" گل اندامے سر کے پیچھے لٹکتی چادر کا پلو پکڑتے ہوئے لجاجت سے بولی۔

"یقین نہیں آتا۔ کہ تمہیں دیکھ رہا ہوں"

"تم نے بلایا۔ میں آگئی"

"نہ آتیں تو جانتی ہو، میرا کیا حال ہوتا"

وہ مسکرا کر سر نفی میں ہلانے لگی۔ حیدر خاں دلِ مضطر کو تھام کر اُسے دیکھتا رہ گیا۔

"حیدر خاں، میں چلوں اب ـــــ"

"کیا ـــــ؟"

"واپس جانا ہے ـــــ"

"ابھی تو آئی ہو"

"زیادہ دیر ٹھہر نہیں سکتی"

"کیوں؟"

"بہادر ا ساتھ آیا ہے"

"تو کیا ہوا ـــــ"

"ہمیں اکٹھے دیکھ لیا تو ـــــ"

"تو کیا ہوا ـــــ"

"بچہ ہے نا۔ گھر جا کے کہہ دیا تو ـــــ میں چلتی ہوں حیدر خاں۔ مجھے ڈر لگتا ہے"

حیدر خاں نے اُس کے سراپا پر پیار بھری نگاہ ڈالی اور بولا ـــــ "یوں چھپ چھپ کر ملنا مجھے بھی ٹھیک نہیں لگتا گل اندامے ـــــ لیکن کیا کروں کھُل کر ہم مل نہیں سکتے ـــــ ہمارے تمہارے گھرانے میں کوئی خاص میل ملاپ بھی تو نہیں ہے۔ جو اسی بہانے بندہ آجا سکے"

گل اندامے ادائے ناز سے اسے دیکھتے ہوئے شرمیلے لہجے میں بولی "تو کرو نا میل ملاپ"

"وہ تو ہو گا ہی ـــــ میں صرف اپنی بڑی بہن ریشینے کے آنے کا انتظار کر رہا ہوں۔ کل یا پرسوں وہ صوابی سے آرہی ہے۔ میں آتے ہی ماں کے ساتھ اسے تمہارے ہاں بھیجوں گا"

گل اندامے نے اپنی حسین سیاہ آنکھوں پر پلکوں کی چلمن گرالی۔ اس کے باتونی لب متبسّم تھے۔ حیدر خاں بڑے پیار، بڑے شوق سے اُسے تکتا رہا۔

چند لمحے گزر گئے۔ نگاہِ شوق کی سیری تو نہ ہوئی تھی۔ پھر بھی سیراب ہو گئی تھی گل اندامے نے نگاہ اُٹھائی۔ حیدر خاں کو بھرپور نگاہوں سے دیکھا ـــــ "میں چلتی ہوں ـــــ حیدر ـــــ"

"اچھا ـــــ"

"تم واپس کب جا رہے ہو؟" وہ مڑتے ہوئے بولی۔

"ریشینے کو تمہارے گھر بھیج کر میں چلا جاؤں گا"

"گل اندامے شریر انداز میں مسکراتے ہوئے بولی" ہمارے گھر والوں کا جواب سنے بغیر چلے جاؤ گے"

"جواب کی طرف سے مجھے کوئی فکر نہیں" وہ مستحکم لہجے میں بولا "یہ تو ایک رسمی سی کارروائی ہے۔ ریشینے مجھے خط لکھ کر مطلع کر دے گی ـــــ"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"اتنا یقین ہے؟" گل اندامے شوخی سے اٹھلائی۔

"ہاں ـــــ" وہ ٹھوس چٹانوں کی طرح سینہ تان کر... پتھریلے لہجے میں بولا ـــــ "تم میری ہو گل اندامے ـــــ تمہیں حاصل کرنا تو کیا کوئی تمہاری طرف دیکھ بھی نہیں سکتا۔"

وہ اور شوخ ہو کر بولی "اتنا اعتماد ہے کہ میں تمہاری ہوں ـــــ"

"ہاں یہ تقدیر کا اٹل فیصلہ ہے۔"

"اگر نہ ہوا تو ـــــ"

"ناممکن ـــــ تقدیر میرے فیصلے کی پابند ہو گی گل اندامے۔ تم میری ہو۔"

"ہاں، حیدر خاں ـــــ زندگی کے آخری سانسوں تک ـــــ"

"پھر ہمیں کون جُدا کر سکتا ہے گل اندامے ـــــ" حیدر خاں نے ہاتھ پھیلا دیئے۔ لیکن گل اندامے کے آگے بڑھنے سے پہلے ہی بہادرے نے آواز دی۔

"گل بی بی ـــــ"

"آئی ـــــ" وہ جلدی سے مڑی۔

"خدا حافظ گل اندامے۔"

"خدا حافظ۔"

بہادرا آگے بڑھ آیا۔ اُس نے حیدر خان کو دیکھا۔ حیدر خاں کو کھیتوں پر آتے جاتے اُس نے پہلے بھی کئی بار دیکھا تھا۔

"آؤ بہادرے" حیدر خاں نے پیار سے اُسے پکارا۔

بہادرے نے اسے سلام کیا ـــــ پھر بولا "ادھر تم تھے لالہ ـــــ"

"ہاں ـــــ"

"گل بی بی ادھر کیا کر رہی تھی ـــــ میں نے ادھر سے بہت آوازیں دیں۔"

"ہم نے سنی نہیں ـــــ"

گل اندامے تیز تیز قدم اٹھاتی بھینس کی طرف چلی جا رہی تھی ـــــ بہادرا حیدر خاں سے باتیں کرنے لگا۔ گل اندامے نے مڑ کر اُسے دیکھا اور وہیں سے آواز دی۔

"بہادرے جلدی سے آؤ ـــــ گھر واپس جانا ہے ـــــ ماں نے کہا تھا دیر نہ لگانا۔"

"آیا گل بی بی ـــــ خود تو لالہ خان سے اتنی دیر باتیں کی ہیں۔ مجھے دو منٹ بھی رُکنے نہیں دیتیں۔"

حیدر خاں نے پیار سے اُس کے سر پر ہاتھ پھیرا۔

اور وہ اُچھلتا کودتا بہن کی طرف بڑھ گیا۔ قریب پہنچا تو گل اندامے نے اُس کا کان پکڑ کر مروڑتے ہوئے کہا "کیا کہہ رہا تھا تُو۔ کب باتیں کی ہیں میں نے حیدر خاں سے ـــــ خبردار جو کسی سے کہا ـــــ میں تو صرف ادھر دیکھنے گئی تھی کہ کون ہے ادھر ـــــ"

"اتنی دیر چپ ہی کھڑی رہی تھیں تم ـــــ"

"ہاں ـــــ"

"اچھا۔"

"ہاں ـــــ"

گل اندامے بہادرے سے ڈر رہی تھی۔ کہیں اُس نے جا کر کہہ دیا تو ـــــ

دھوپ بے حد نکھری ہوئی تھی۔

صحن میں چارپائیوں پر ماں کے ساتھ ریشمینے بیٹھی تھی۔ وہ آج ہی اپنے گاؤں سے حیدر خاں کے بلانے پر آئی تھی۔ اُس کے دونوں بچے زرمینہ کے ساتھ مٹی کے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فرش پر کھیل رہے تھے۔ مالٹے کو گیند بنایا ہوا تھا۔ جسے کبھی پاؤں سے ٹھوکر مار کر اور کبھی ہوا میں اچھالتے۔ زرمینہ اُن کے ساتھ بچوں ہی کی طرح کھیل رہی تھی۔

ریشمینے، بخف خاں سے بیاہی ہوئی تھی۔ جس کا لکڑی کا ٹال تھا۔ اچھا آسودہ حال تھا۔ ریشمینے اپنے گھر میں بہت خوش تھی۔ سبزی مائل نیلی بڑی بڑی آنکھوں اور سرخ و سپید رنگت والی ریشمینے نے سبز چھینٹ کا گھیر دار کُرتا پہن رکھا تھا جس کے سُرخ پھولدار بارڈر پر بانکڑی ٹنکی تھی۔ سینے پر چاندی کے سکے ٹنکے تھے۔ کُرتے کی چوڑی چوڑی آستینوں کے بارڈر الٹا رکھے تھے اور اس کی کلائیوں میں پڑی چاندی کی چوڑیاں اور موٹے موٹے کڑے چھن چھن کر رہے تھے۔ کانوں میں چاندی کے بڑے بڑے بالے ہلکورے لے رہے تھے۔ ماتھے پر بال کٹے تھے اور سر نفاست سے گُندھا تھا۔ مینڈھیاں کندھوں پر پڑی تھیں۔ کچھ آگے کو جھول رہی تھیں۔ تنگ پائنچوں والی گھیر دار شلوار، لال چھینٹ کی تھی اور سر پر پیچھے کو ڈالی ہوئی چادر لال رنگ کی سبز اور نیلے پھولوں والوں تھی۔ یہ نیا جوڑا بخف خان نے اس عید پر بنوا کر دیا تھا۔ ماں بیٹی کو دیکھ کر پھولی نہ سما رہی تھی۔ وہ موٹے سے لال نگ والی سونے کی انگوٹھی ماں کو دکھا رہی تھی جو اس نے چاندی کے گھونگریوں والے چھلّوں کے ساتھ دائیں ہاتھ کی انگلی میں پہن رکھی تھی۔ ریشمینے نے اپنی خوبصورت آنکھوں میں لال گلنار ڈالا ہوا تھا۔ اور اُس کے ماتھے گالوں اور ٹھوڑی پر سبز سبز تتولے گُھدے ہوئے تھے۔

ماں بیٹی باتیں کر رہی تھیں کہ حیدر خاں باہر سے آگیا۔

"خیر سے۔ خیر سے۔ اُس نے ریشمینے کو دیکھتے ہی خالص پختون انداز میں بہن کو خوش آمدید کہا۔

ریشمینے، بھائی کو دیکھ کر چارپائی سے اُٹھ کر اس کی طرف لپکی۔ دونوں بڑی گرمجوشی سے بغل گیر ہوئے۔ پھر حیدر خاں نے ریشمینے کی پیشانی پر بوسہ دیا اور ریشمینے نے بھائی کے کندھے پر ہاتھ پھیرتے ہوئے اُس کا سر چوم لیا۔

حال احوال پوچھتے ہی حیدر خاں بچوں کی طرف متوجہ ہوا۔ دونوں بچے کچھ جھجکے۔ پھر دوڑ کر اُس سے چمٹ گئے۔

"خان ماما ـــــ خان ماما ـــــ"

"کیسے ہو ـــــ" جھکتے ہوئے حیدر خاں نے دونوں بچوں کو لپٹا کر انہیں پیار کیا۔

"بہت شیطان ہو گئے ہیں لالہ" زرمینے قریب آکر بولی۔

"شیطان کی خالہ۔ حیدر خاں نے ہنس کر بہن سے کہا۔ ـــــ "کوئی خاطر تواضع کی ہے ان کی"

"تم آگئے ہو کر دو نا خاطر تواضع ـــــ"

"ٹھیک ہے۔ بچو، میں تمہیں ڈھیر ساری چیزیں لے کر دوں گا بازار سے"

"پیسے ہیں" بچے بولے۔

"بہت" اور حیدر خاں نے جیب سے نوٹ نکالتے ہوئے بچوں کو دکھائے بچے چھیننے لگے۔ ماں نے انہیں ڈانٹا۔ پھر حیدر خاں سے بولی "ادھر آؤ میرے پاس بیٹھو ـــــ خاص طور سے بلایا ہے۔ خیر تو ہے ـــــ"

"خیر ہی خیر ہے" حیدر خاں ہنسا۔ پھر بچوں کو چمکارتے ہوئے بہن کی طرف آیا۔

"بیٹھو" ریشمینے چارپائی پر بیٹھتے ہوئے حیدر خاں سے بولی۔ گاؤ تکیہ اُٹھا کر اس کی طرف بڑھایا۔

حیدر خاں نے کندھے سے گرم چادر اُتار کر چارپائی کے سرہانے رکھی۔ پھر مسکراتے ہوئے چارپائی پر بیٹھ گیا۔

"میں کل واپس جا رہا تھا۔ سوچا آج تم سے مل لوں گا ـــــ" وہ کہنی گاؤ تکیے میں ٹکاتے ہوئے ٹانگ پر ٹانگ رکھ کر نیم دراز ہوتے ہوئے بولا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"یہ بات ہے۔"

"ہاں۔"

"تو ملنے خود ہی چلے آتے۔"

"تمہارے خاوند سے ڈر لگتا ہے۔"

"چل شریر کہیں کا۔ تجھے نجف یاد بھی کر رہا تھا۔"

"ماں نے بتایا تو ہوگا کہ میں نے تمہیں کیوں زحمت دی ہے۔ آنے کی۔" بہنوئی کی احوال پرسی کرنے کے بعد حیدر خاں نے ماں کی طرف دیکھتے ہوئے ریشمینے سے کہا۔

"ہاں۔ کچھ بتا رہی تھی۔ تیری شادی کے سلسلے میں ـــــ شادی کرنے کا ارادہ ہے۔"

"بالکل۔"

"پیسہ جمع کر لیا۔"

"خدا کا فضل ہے۔ پیسہ بہت ہے۔"

"کتنا؟"

"جتنا درکار ہوگا، اُس سے زیادہ اکٹھا کر لوں گا۔"

"اچھی بات ہے۔ ماں نے لڑکی دیکھ لی ہے۔"

ماں مسکرا بولی۔ "لڑکی اُس نے خود ہی پسند کر لی ہے۔"

"واحیدر خانا ـــــ" ریشمینے کچھ حیرت اور کچھ خوشی سے ملتی جلتی آوازیں نکالتے ہوئے بولی۔ "کون ہے وہ؟"

"گل اندامہ۔" حیدر مستی چھلکتی نگاہوں سے بہن کو دیکھتے ہوئے بولا۔

"کون ـــــ؟" ریشمینے بولی۔

"گل اندامہ۔" ماں نے جلدی سے کہا۔ "بی بی جان کو جانتی ہو نا ـــــ"

"ہاں ـــــ پچھلی کندی میں رہتی ہے نا۔"

"ہاں پچھلے محلے میں۔" ماں بولی۔ "اس کی بہن کی نند کی بیٹی ہے۔ دلنواز خان کی چھوٹی بہن۔"

"لوگ کیسے ہیں ماں؟"

"اچھے ہیں۔"

"اور لڑکی ـــــ دیکھی ہے تم نے۔"

"بہت خوبصورت ہے۔ بڑی میٹھی ہے۔" وہ اپنے خالص پٹھانی انداز میں اپنے جذبوں کا اظہار کرتے ہوئے بولی۔ "محلے میں آتے جاتے کئی دفعہ ملی ہے۔ بڑی تعظیم اور ادب سے سلام کرتی ہے ـــــ"

"تو تمہیں بھی پسند ہے ماں؟"

"شکر ہے۔ بیٹے کا انتخاب میری پسند سے نہیں ٹکرایا۔"

"یہ تو بڑی خوشی کی بات ہے۔"

ماں بیٹی باتیں کرتی رہیں۔ حیدر خاں سر تلے ہاتھ باندھے تکیے پر سر رکھے آسمان کی طرف تک رہا تھا۔ نیلے شفاف آسمان میں اسے اپنی محبت کی پرچھائیاں نظر آ رہی تھیں۔ وہ بہت مسرور نظر آ رہا تھا۔

"حیدر خاں تو کل واپس جا رہا ہے۔" ریشمینے باتیں کرتے ہوئے بولی۔

"ہاں۔" حیدر خاں نے کروٹ اُس کی طرف بدلتے ہوئے کہا۔ "اس سے کیا فرق پڑتا ہے۔ تم ماں بیٹی آج شام اُن کے ہاں چلی جاؤ ـــــ"

"کل صبح جائیں گے۔" ریشمینے بولی۔

"ٹھیک ہے ـــــ" حیدر خاں نے کہا۔

"رشتہ مانگنا ہے ابھی تو....." ماں نے بیٹی کی طرف دیکھا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"مانگنا نہیں لینا ہے ماں" حیدر بولا ـــــ ریشمینے اس کے انداز پر ہنس پڑی،
"کچھ زیادہ ہی سر چڑھ گیا ہے"
"ہاں۔ یہی سمجھ لو میری شادی گل اندامے سے کروانی ہے تم نے"
"رشتہ تو لے جانے دو۔ کیا خبر وہ رشتہ دیتے بھی ہیں یا نہیں"
"ناممکن" حیدر خان اُٹھ بیٹھا۔ چارپائی کی پٹی پر ہاتھوں کی گرفت مضبوط کرتے ہوئے بولا "یہ رشتہ ہر حال میں لینا ہے، گل اندامے کی ابھی کہیں ڈھنگ سے بات نہیں چلی، اور ہاں ـــــ اگر وہ بدلے کا رشتہ کرنے کے خواہشمند ہوئے تو بھی انکار نہ کرنا۔ اُس کے دو بڑے بھائی ہیں۔ دونوں ہی شریف ہیں ـــــ اور خان حشمت خان کے کھیتوں پر کام کرتے ہیں"
"ہوں" ماں نے سر ہلایا۔ پھر ماں چائے بنانے چلی گئی۔ ریشمینے حیران حیران نظروں سے بھائی کو تک رہی تھی۔ اُسے اندازہ کرنے میں دیر نہیں لگی۔ کہ بھائی اس لڑکی کی محبت میں دیوانہ ہے۔ خوش بھی تھی۔ لیکن فکرمند بھی ـــــ ہولے سے بولی،
"رشتہ لے جانا ہمارا کام ہے ـــــ تمہاری آمدنی ڈیڑھ دو ہزار سے کم نہیں۔ پھر وہ لوگ بھی کوئی امیر تو نہیں۔ رشتہ ملنے کا یقین ہے۔ لیکن فرض کیا۔ انھوں نے انکار کیا ـــــ"
"میں یہ لفظ سننے کی حد تک بھی گوارا نہیں کروں گا ـــــ گل اندامے کی طرف کوئی نظر بھی اٹھی تو میں وہ آنکھ ہی پھوڑ دوں گا"
"پاگل ہو گئے ہو کیا۔ اس کی خاطر دنگا فساد بھی کر سکتے ہو"
"ہاں ریشمینے۔ میں اس لڑکی کو حاصل کرنے کے لیے کچھ بھی کر سکتا ہوں ـــــ"
"حیدر خان ـــــ"
"میری بات سن رہی ہو نا ـــــ میں اس لڑکی کو ہر قیمت پر حاصل کروں گا"
"تم تو ایسے کہہ رہے ہو جیسے وہ تمہارے ٹھیکرے کی منگ ہے"

"منگ نہیں ـــــ وہ میری ہے، صرف میری"
"اچھا"
"ہاں"
"وہ تمہاری ہے تو کیا تم بھی اُس کے ہو ـــــ وہ میرا مطلب ہے، وہ بھی یہی چاہتی ہے"
"ہاں۔ بالکل سو فیصد ـــــ"
"تم ملتے رہتے ہو"
"چند بار ملے ہیں"
"اور اتنے مستحکم فیصلے کر لیے"
"یہ فیصلے تو برسوں پہلے ہو گئے تھے ـــــ اب تو اسے بیاہ کر لانا ہے۔ ریت رواج کے مطابق ـــــ اسی لیے تو تمہیں آج بلایا ہے۔ یہ سب کچھ تم ہی طے کرو گی۔ ماں تو بہت سادہ ہے ـــــ اور ہاں ریشمینے۔ گل اندامہ کا کوئی مول نہیں۔ اگر وہ لوگ پیسے کی بات کریں تو بلا جھجک جتنا مانگیں منظور کر لینا۔ میں سارا بندوبست کر لوں گا"
"بہت اچھا"
"کل میں چلا جاؤں گا۔ تم ساری باتیں مجھے خط میں لکھ دینا۔ اتنا تو لکھ پڑھ لیتی ہو نا ـــــ"
"سب کچھ کر لوں گی"
دونوں بہن بھائی چائے آنے تک باتیں کرتے رہے۔ ماں نیلی تام چینی کی چینک میں چائے اور پیالیاں ٹین کی ٹرے میں رکھ کر لے آئی۔ بچوں کے لیے کیک رس بھی ایک پلیٹ میں رکھے تھے۔
باتیں کرتے ہوئے سب چائے پینے لگے۔ بچوں نے ایک ہی ہلے میں پلیٹ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

چٹ کر ڈالی۔ ریشمینے نے بدتمیزی پر انھیں ڈانٹنا چاہا۔ لیکن ماں اور بھائی اُلٹا اُسے ڈانٹنے لگے۔ بچوں کی شوخی سے وہ محظوظ ہو رہے تھے۔

گل اندامے جوار کی روٹی اور ساگ کا پیالہ پھولدار میلے اور پُرانے دسترخوان میں باندھ کر بھائیوں کو دینے کھیتوں پر گئی تھی۔ بہادر ابھی ساتھ تھا ــــ وہ اپنی بکری کا بچہ اُٹھا کر ساتھ لے گیا تھا۔

ماں ٹٹول کر برتن دھو رہی تھی۔ مٹی کی لگن میں سلور اور تام چینی کی پلیٹیں رکھی تھیں۔ قریب ہی ٹین پانی سے بھرا پڑا تھا۔ وہ ٹٹول ٹٹول کر برتن اُٹھا رہی تھی۔ اُسے نظر کم آتا تھا۔ موتیا اُترا ہوا تھا۔ کئی دفعہ آنکھیں بنوانے کی بات ہوئی تھی لیکن شہر جا کر آنکھوں کا آپریشن کروانا آسان نہیں تھا۔ پیسوں کی ضرورت تھی۔ جو اُس کے پاس نہیں تھے۔ وہ برتن مانجھتے ہوئے حیدر خاں کے متعلق سوچ رہی تھی۔ رشتہ معقول تھا۔ گھر بار اچھا تھا۔ لڑکا کماؤ تھا۔ خاصا بڑا مکان تھا۔ جس کا ایک کمرہ پچھلے سال ہی حیدر خان نے پکی اینٹوں کا بنوایا تھا۔ پھر ریشمینے اور اس کی ماں نے رشتہ لینے کے لیے جس چاہت کا اظہار کیا تھا۔ وہ بھی اپنی جگہ اہمیّت کی حامل تھی۔ ان لوگوں نے تو اصرار کیا تھا کہ فوراً ہی ہاں کر دی جائے لیکن گل اندامے کی ماں نے چند دن کی مہلت مانگی تھی۔ بچّوں سے صلاح و مشورہ کرنا تھا۔ دلنواز اور شہباز بھی سن کر خوش ہوئے تھے۔ حیدر خاں سے مراسم زیادہ تو نہیں تھے۔ لیکن ایک ہی گاؤں میں رہتے تھے۔ کبھی کبھی علیک سلیک ہو جاتی تھی۔ جب سے حیدر خاں شہر سے پیسہ کما کر لانے لگا تھا دلنواز اکثر اُس سے ملتا تھا ــــ تو پوچھتا تھا۔

"شہر جا کر گاؤں یاد تو آتا ہوگا۔ ویسے پیسے اچھے ملتے ہیں۔ سوچتا ہوں، میں بھی ڈرائیوری سیکھ لوں۔ تم تو کراچی تک مال لے کر جاتے ہو نا؟"

سرِ راہے ملاقات ہو جاتی تھی۔ دلنواز حیدر خاں کی حالت بدلتے دیکھ کر خود بھی پشاور جا کر ڈرائیوری سیکھنے کے متعلق کئی بار سوچ چکا تھا۔

ماں نے اس رشتے پر خوشی کا اظہار کیا تھا۔ ریشمینے سے سوچنے کی مہلت لی تھی۔ لیکن ان کا منہ بھی میٹھا کرا دیا تھا۔ منہ میٹھا کرانا رضامندی کی علامت سمجھا جاتا تھا۔ ماں بیٹی خوش خوش واپس آئی تھیں۔ ریشمینے نے گھر آتے ہی حیدر خاں کو خط لکھ دیا تھا اور ساری باتیں لکھ دی تھیں۔ اگلے خط میں ہاں کی خوشخبری لکھنے کا وعدہ بھی کیا تھا۔

گل اندامہ کی ماں برتن دھو دھو کر ٹین کے چھاننے میں رکھ رہی تھی کہ دروازہ زور سے کھٹکا۔

"کون ہے؟" اس نے وہیں بیٹھے بیٹھے پوچھا۔

"میں ہوں ماں ــــ دروازہ کھولو۔" دلنواز کی آواز تھی۔ وہ جیسے بہت جلدی میں تھا۔

"آئی۔" ماں اُٹھتے ہوئے بولی۔

"جلدی کھولو ماں۔ جلدی کھولو ــــ" وہ تیز آواز میں بولا۔

"کیا ہوا ــــ دلنوازے۔ آرہی ہوں ــــ" ماں میلی چادر سے ہاتھ پونچھتے ہوئے دروازہ کھولنے بڑھی۔

"اوہ ماں ــــ کھول بھی دو ــــ" وہ دستک دیتے ہوئے جلدی سے بولا۔ لگتا تھا، چند لمحے اور دروازہ نہ کھلا تو توڑ ہی ڈالے گا۔ ماں نے دروازہ کھولا۔ تو دلنواز نے لپک کر ماں کے کندھوں پر ہاتھ رکھ کر اُسے دو تین چکّر دے ڈالے۔

"ماں ــــ مبارک ہو ماں۔" وہ خوشی سے پھولا نہیں سما رہا تھا۔

"او بچّے! بات تو کرو۔ کیا ہوا کس بات کی مبارک باد دے رہے ہو۔" ماں نے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

چکراتے ہوئے پوچھا۔

"ماں" دلنواز نے ماں کی گردن میں بازو حمائل کر دیئے، اور اُسے اپنے سہارے تقریباً گھسیٹتے ہوئے صحن کی طرف بڑھا۔

ماں نے گردن سے اُس کا مضبوط بازو نکالنا چاہا "کچھ کہو بھی۔ کیا مل گیا ہے تمہیں۔ اتنے خوش کیوں ہو، میری ہڈی پسلی ہلا ڈالی ہے تم نے ——"

"یہاں بیٹھو ماں اور سنو" اُس نے ماں کو چارپائی پر بٹھاتے ہوئے کہا۔

"سنو گی تو مجھ سے بھی زیادہ خوش ہو گی ماں۔ مجھ سے تو کام پر رُکا ہی نہیں گیا۔ بھاگا ہوا چلا آیا، تمہیں خوش خبری سُنانے"

"اب بتاؤ بھی —— تمہاری یہ بُری عادت کبھی نہیں جائے گی، خواہ مخواہ دوسرے کا حوصلہ آزماتے رہتے ہو"

دلنواز کھلکھلا کر ہنس دیا۔

ماں کو غصہ آنے لگا۔ تو وہ بولا "نہ، نہ ماں۔ آج غصہ نہیں کرنا، بہت بڑی خوشخبری لایا ہوں۔ مبارک ہو"

"خیر مبارک" ماں جھلا کر اُٹھنے لگی "ہٹو۔ مجھے کام کرنے دو۔ برتن دھو رہی تھی میں ——"

وہ مسکرا کر ماں کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر دباتے ہوئے بولا "ماں —— اپنی گل اندامے کا رشتہ مانگا ہے۔ میرا مطلب ہے مانگنے آئیں گے"

"کون؟ ——"

خان حشمت خاں، ماں۔ اس گاؤں کا مالک خان حشمت خان اپنے بیٹے رحمت خان کے لیے ہماری گل اندامے کا رشتہ لینے آئیں گے۔ ماں ہماری بہن کی خوش بختی میں اب کسے شک ہے۔ اوہ خدایا۔ تُو بڑا کرم کرنے والا ہے۔ ہم لوگ تو کبھی سوچ بھی

نہیں سکتے تھے ——"

"کیا کہہ رہا ہے دلنواز ——" ماں جیسے کچھ سمجھ ہی نہ سکی۔

"ماں —— کہہ رہا ہوں۔ اپنی گل اندامے خان حشمت خان کی بہو بننے والی ہے"

"کہاں سے سُن آیا؟"

"مجھے رحمت خان نے خود بتایا ہے۔ وہ لوگ شاید آج ہی اس سلسلے میں ہمارے گھر آئیں گے۔ ہماری بہن کے مقدر جاگ اُٹھے، ماں۔ ہمارا سر فخر سے ہمیشہ اونچا رہے گا —— جانتی ہو حشمت خان کتنا بڑا آدمی ہے۔ کتنی دولت ہے اُس کے پاس اور پھر رحمت خان گبرو جوان۔ پڑھا لکھا۔ شہر سے چودہ جماعتیں پاس کر کے آیا تھا ——"

وہ خوشی سے بہک بہک کر بولتا جا رہا تھا۔

اور ماں سوچوں میں ڈوبتی جا رہی تھی۔

وہ اپنی ترنگ میں باتیں کرتے کرتے ماں کی طرف متوجہ ہوا تو اسے خاموش پا کر جھٹ سے بولا "چُپ کیوں ہو گئی ہو ماں، اپنی غربت کا خیال آ رہا ہے۔ تُو فکر نہ کر —— اپنی گل اندامہ ——"

"لیکن دلنواز ——" ماں کچھ کہتے کہتے رُکی۔

"کیا؟" —— اس نے ماں کی طرف دیکھا۔

"یہ کیا ہوا ——" وہ دونوں ہاتھ بے تابی سے ملتے ہوئے بولی۔

"کیوں؟ —— وہ چونک کر ماں کو دیکھنے لگا۔

"تُو نہیں جانتا کیا؟"

"کیا ماں؟"

"حیدر خاں کا رشتہ گل اندامے کے لیے آ......"

"او چھوڑ دو ماں، گولی مارو اس رشتے کو —— رحمت خان کے مقابلے میں اُس

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کا کیا مقام۔ خاص پڑھا نہ لکھا۔ ٹرک ڈرائیوری کرتا ہے۔ اور۔ اور ــــ"

"لیکن ــــ"

"لیکن کیا ماں۔ گل اندامے ہماری بیٹی ہے، ہم اس کا مستقبل جس سے چاہیں وابستہ کریں۔ ہم اُس کی بھلائی کا سوچیں گے۔ رحمت خان جیسا رشتہ آیا ہے اس کے لیے۔ یہ تو ہمارے سارے خاندان کی خوش بختی ہے۔"

ماں چپ ہو گئی۔

دلنواز اپنی خوشی کا اظہار رحمت خاں کی تعریفوں کے پل باندھ باندھ کر کیے جا رہا تھا۔

"وہ تو سب ٹھیک ہے دلنوازے۔" ماں کا لہجہ متفکر تھا۔

"پھر ــــ"

"پھر یہ کہ میں ریشمینے اور اُس کی ماں کا منہ میٹھا کروا چکی ہوں۔ تو جانتا ہے یہ رضامندی کی علامت ہوتا ہے۔ ہمارا رواج ہے۔ اگر رشتہ نامنظور ہو تو آنے والوں کی خاطر تواضع نہیں کی جاتی، خاص کر میٹھا تو اُن کے سامنے رکھا ہی نہیں جاتا۔ میں نے تو رشتے سے خوش ہو کر انہیں خاص طور سے میٹھا پیش کیا تھا۔"

"ان رسموں کو چھوڑو ماں۔ ہاں تو نہیں کی تھی نا تم نے ــــ"

"ہاں تو واقعی نہیں کی تھی۔"

"بس پھر کیا ہے۔ اور ماں ہاں کر بھی دی ہوتی نا ــــ تب بھی ہم رحمت خاں کے حق میں یہ ہاں واپس کر لیتے۔"

"یہ اتنی آسان بات نہ ہوتی۔ جانتا ہے اپنے رسم و رواج کو۔"

"سب جانتا ہوں۔ جانے دے انھیں۔ اور اٹھ تیاری کر۔ گل اندامے روٹی دے کر آتی ہی ہو گی۔ گھر میں جھاڑو دے کر چارپائیوں پر کوئی چادریں وادریں ڈال

دے۔ اتنے بڑے لوگ غریب خانے کو رونق بخش رہے ہیں ماں۔ سوچ تو سہی ماں۔ اس شادی سے ہمارا مان کتنا بڑھ جائے گا ــــ ہماری بہن خان کی بہو بنے گی۔ گاؤں کی مالک ہو گی ــــ واہ ــــ کتنی شان سے شادی ہو گی ماں ــــ کتنی شان سے ــــ"

وہ جھوم جھوم گیا۔

لیکن ماں اُس کی طرح خوشی کا اظہار نہ کر سکی۔ تذبذب میں پڑ گئی۔

تھوڑی دیر بعد شہباز بھی آ گیا۔ اُس نے تو صحن میں آتے ہی چادر ہوا میں لہراتے ہوئے ناچنا شروع کر دیا۔ ماں دونوں بھائیوں کو اتنا خوش دیکھ کر مسکرانے لگی۔

گل اندامے نئی صورتِ حال سے بالکل بے خبر تھی۔ اُس کے سپنے تو ان دنوں اپنے طور ہی حسین ہو گئے تھے۔ جب سے ریشمینے اور اُس کی ماں آئی تھی ــــ وہ خود کو حیدر خاں کی منسوبہ سمجھنے لگی تھی۔ اُٹھتے بیٹھتے سوتے جاگتے وہی خیالوں میں بسا تھا۔ ذہن میں سمایا، رُوح میں اُترا تھا، جذبوں پر چھایا تھا۔

وہ اٹھلاتی ہوئی گھر میں داخل ہوئی ــــ بہادر اُس کے پیچھے پیچھے آ رہا تھا۔

"گل اندامے۔" ماں نے برآمدے سے آواز دی۔

"ہاں، ماں۔"

"آ گئی ہو۔"

"ظاہر ہے۔"

"بات سُنو۔"

"آ گئی ــــ سُناؤ ــــ"

"ذرا جھاڑو لو۔ اور کمرہ صاف کر ڈالو۔ چارپائیوں پر چادریں ڈال دو ــــ اور چینی کی پیالیاں طاق سے اتار کر دھو کر رکھ دو۔"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

گل اندامے مسکرائی ـــــ اُس کے خیال میں یہ اہتمام مہمانوں کے لیے ہو رہا تھا اور مہمان ریشمینے اور اُس کی ماں ہی ہو سکتے تھے۔ جو اپنی درخواست کا جواب لینے آج آ رہے تھے۔

"جلدی جلدی کر لے یہ کام۔"

"اچھا ماں۔ منٹوں میں کرتی ہوں ـــــ تُو فکر نہ کر ـــــ"

"تیرا بھائی چائے کے ساتھ کھانے پینے کی چیزیں لینے گیا ہے۔"

"بہت خاطر کرو گی مہمانوں کی آج ـــــ"

"ہم کیا خاطر کریں گے بیٹی۔ وہ اتنے بڑے لوگ۔ مجھے تو سمجھ نہیں آ رہی کہ اس بھونپڑے میں ....."

گل اندامے اٹھلا کر ماں کے گلے میں بانہیں ڈال کر بولی "چھوڑ دماں۔ اب وہ اتنے بڑے بھی نہیں ہیں، ہماری طرح ہی ہیں۔ ذرا وہ شہر چلا گیا ہے تو....."

"گل اندامے۔ میں حیدر خاں کی بات نہیں کر رہی۔"

"تو۔ تو کس کی بات کر رہی ہو ـــــ؟"

"خان حشمت خان کی ـــــ"

"وہ ـــــ وہ آ رہے ہیں ـــــ ہمارے گھر ـــــ یعنی ـــــ اس گھر میں۔"

"ہاں ـــــ"

"کس لیے؟ ـــــ پہلے تو کبھی نہیں آئے ـــــ"

"آج آ رہے ہیں ـــــ خان اور بی بی دونوں ـــــ"

"ہائے اللہ ـــــ ماں ـــــ ہمارا یہ گھر اور ـــــ وہ ـــــ"

"قسمت مہربان ہو گئی ہے ـــــ ورنہ ہم اس قابل کہاں تھے۔"

"لیکن کرنے کیا آئیں گے ـــــ گل لالہ کے ....."

"گل لالہ کے لیے نہیں۔ میری گل اندامہ کے لیے۔" ماں نے بیٹی کا چہرہ ہاتھوں کے پیالے میں لے کر پیشانی چوم لی۔

گل اندامے کچھ نہیں سمجھی، ہاں لاشعوری طور پر ماں کے ہاتھوں سے چہرہ ایک جھٹکے سے چھڑا کر قدرے پرے بیٹھ گئی ـــــ حیران حیران نظروں سے ماں کو دیکھنے لگی۔

"وہ رحمت خاں کے لیے تجھے مانگنے آ رہے ہیں بیٹی ـــــ شرما نہیں ـــــ تیری قسمت کا ستارہ بہت درخشاں ہے ـــــ تو بختاور ہے ـــــ بیٹی یہ نصیبہ۔"

"ماں" ہاتھ نفی کے انداز میں ہلاتے ہوئے گل اندامے سہمی ہرنی کی طرح ماں کو تکتے ہوئے زور سے بولی۔

"بیٹی ـــــ" ماں نے اُسے بازوؤں میں بھر لیا۔

"ماں ـــــ" گل اندامے کا جسم کانپنے لگا ـــــ "وہ ـــــ حیدر خاں ....."

"اُن کا ذکر نہ کرو ـــــ شکر ہے، ہم انہیں ہاں نہیں کر بیٹھے تھے۔"

"لیکن ـــــ لیکن ماں ....."

"تُو فکر نہ کر ـــــ چل جلدی سے گھر ٹھیک ٹھاک کر لے۔ اُن کو میں خود جواب دے لوں گی۔ کوئی بڑی بات نہیں۔"

گل اندامے کا دل ٹوٹ گیا ـــــ آنکھوں میں نیلے پیلے دھبے ناچنے لگے۔ وہ بھربھری مٹی کی طرح ماں کے ہاتھوں سے پھسل کر زمین پر بیٹھ گئی ـــــ

"شرما گئی نا۔" ماں بولی۔ "یقین نہیں آ رہا نا تجھے بھی میری طرح، پر یہ بات حقیقت ہے گل اندامے ـــــ خان نے پیغام بھیجا ہے۔ وہ اور خان بی بی باقاعدہ رشتہ لینے آج آ رہے ہیں۔ اُن کے ساتھ.... ہمیش گل کاکا اور زرین بی بی بھی آ رہی ہیں ـــــ اتنے بڑے بڑے لوگ آ رہے ہیں ہمارے گھر اُٹھ ـــــ صفائی تو کر لے۔ اور تو کچھ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اپنے گھر میں ہے نہیں ——"

ماں کمرے کے اندر چلی گئی —— گل اندامے مٹی کے ڈھیر کی طرح وہیں بیٹھی رہی۔ اُس کا ذہن بالکل ماؤف ہو گیا تھا۔ کچھ پتہ نہیں چل رہا تھا کہ کیا ہو رہا ہے۔ اندر ایک دم ہی ویرانی اتر آئی تھی۔ یوں لگتا تھا، ہنستا بستا سپنوں کا محل ایک دھماکے سے راکھ اور دُھول میں تبدیل ہو گیا ہے۔ اس کا دم گھٹنے لگا تھا۔ وہ زور زور سے چیخنا چاہتی تھی —— حیدر خاں، حیدر خاں پکارنا چاہتی تھی۔ لیکن اُس کے ہونٹوں پر کوئی آواز نہ لہرا سکی۔ کوئی لفظ نہ تھرا سکا۔ خوف کی لہروں نے اُس کے جذبوں کو ساکت سا کر دیا۔ وہ کچھ بول نہ سکتی تھی۔ کچھ کہہ نہ سکتی تھی۔ وہ اپنی مختار آپ کہ تھی۔ اس کے سرپرست تو اس کی ماں اور بھائی تھے۔ اُس کی تقدیر پر مُہر لگانے کا اور صرف انھیں حق تھا —— اپنی اور حیدر کی محبت کا اشارتاً بھی اعتراف کرتی۔ تو بھائی کی غیرت جوش میں آجاتی۔ وہ اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر حیدر کا سر قلم کر دیتے۔ بہن کا گلا کاٹ دیتے ——

گل اندامے بے جان بُت کی طرح کئی لمحے بیٹھی رہی۔

پھر ماں کے پکارنے پر اُٹھی۔ اور پھر کسی سحر زدہ انسان کی طرح ماں جو کچھ کہتی رہی۔ اُس کی تعمیل کرتی رہی۔

خان حشمت اللہ خاں اپنی بیگم اور خاندان کے بزرگ ہمیش گل کاکا اور زرین بی بی کے ساتھ اپنی جیپ میں دلنواز کے گھر آئے۔ تو کندی (محلے) کے لوگ حیرت زدہ سے انھیں دیکھنے لگے۔ آپس میں چہ میگوئیاں کرنے لگے۔ سر جوڑ جوڑ کر قیاس آرائیاں ہونے لگیں۔

گل اندامے کو سب نے دیکھا۔ اس کے حسن جہانسوز سے متاثر ہوئے۔ بلاشبہ رحمت خان کا انتخاب لاجواب تھا۔ حشمت خان اور خان بی بی نے اس خاندان کی عزت افزائی فرمائی تھی —— انھوں نے باقاعدہ درخواست کی رشتے کے لیے دامن

پھیلایا۔

یہ سب تو رسمی کارروائیاں تھیں۔ خان کا چلے آنا ہی رشتے کی سند تھی۔ انکار کا تو سوال ہی نہ تھا۔ مہلت لینے کی بات بھی نہیں کی جا سکتی تھی۔

خان نے دامن پھیلایا۔ تو بڑے عجز کے ساتھ گل اندامے کی ماں نے بیٹی اس دامن میں ڈال دی۔

خان نے خوشی میں گل اندامے پر نوٹ نچھاور کیے —— اور جیب سے مٹھائی کے ٹوکرے نکلوا کر دلنواز کے حوالے کیے —— خان بی بی نے رحمت خان کے نام پر موٹے سے نگینے والی سونے کی انگوٹھی گل اندامے کے ہاتھ میں ڈال دی۔

مبارک سلامت کا شور اُٹھا۔

اس شور میں گل اندامے کے اندر کی چیخ و پکار دب کر رہ گئی۔

خان نے اگلے ماہ کی سات تاریخ رخصتی کے لیے مقرر کر دی۔

حیدر خان کو ٹرک لے کر کراچی جانا تھا۔ رات کو روانگی تھی۔ ٹرک لوڈ ہو چکا تھا۔

دوپہر کے کھانے کے بعد وہ اڈے کے ہوٹل کے باہر پڑی کرسیوں پر اپنے دو تین ساتھیوں کے ساتھ گپ شپ لگا رہا تھا۔ دیر کے علاقہ کا کرگل خان اس کا خاصا گہرا دوست تھا۔ اور پشاور کا رہنے والا صادق علی بھی اُس سے خاصا مانوس تھا —— سب قہوہ پی رہے تھے۔ سگریٹ سلگا رکھے تھے۔ کرگل خان جیب سے نسوار کی چھوٹی سی ڈبی نکال کر اُس کے ڈھکنے میں لگے آئینے میں اپنی مونچھوں کے کس بل نکال رہا تھا۔ دوسری کرسیوں پر بھی لوگ بیٹھے تھے۔ کچھ کھانا کھا رہے تھے۔ کچھ چائے پی رہے تھے۔ اڈے کے احاطے میں ٹرک، ویگنیں اور بسیں کھڑی تھیں۔ کچھ آچکی تھیں، کچھ جا رہی تھیں۔ خاصا شور شرابا مچا تھا۔ لاؤڈ اسپیکر پر گانے چل رہے تھے۔ اونچی آواز میں چلنے والے گانے فضا کو شور سے بھر رہے تھے۔ ترنم اور نغمگی کا احساس نہیں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہو رہا تھا۔

"آج تم کراچی جا رہے ہو؟" کرگل خان نے واسکٹ کی جیب میں نسوار کی ڈبیا رکھتے ہوئے کہا۔

"ہاں" حیدر خان بولا۔

"رات کو سفر کرنا ہے۔ کھانے کے بعد کچھ دیر سو لو" صادق نے کہا۔

"مجھے انتظار ہے" وہ بولا۔

"کس کا؟"

"خط کا"

"گاؤں سے؟"

"ہاں"

"ابھی تھوڑے دن تو ہوئے آیا تھا تمہارے گاؤں سے خط"

"ایک اور آنا ہے۔ آجکل میں آنا چاہیئے"

"کل آیا تو کیا فائدہ ——"

"اسی لیے تو انتظار میں بیٹھا ہوں"

"یار میں کراچی کے اڈے پر بھجوا دوں گا خط ——"

"کل آیا تو ایسا ہی کرنا ہوگا خان —— یہ خط بڑا ضروری ہے۔ خدا کرے آج ہی آجائے"

"کس کا ہے؟" —— صادق نے مذاق کیا۔

وہ سگریٹ کا کش لے کر دھواں اُس کے منہ پر چھوڑتے ہوئے کرسی میں نیم دراز ہو کر بولا "میری بہن کا"

"اوہ" صادق سنبھل گیا۔

"لیکن بہن کے خط میں اس کی بات لکھی ہوگی" وہ مخمور آنکھوں سے دوستوں کو دیکھتے ہوئے بولا۔

"اس کی؟" کرگل خان نے پوچھا۔

"ہاں اُس کی —— جس کے ساتھ میری شادی کی بات چیت چل رہی ہے" حیدر خان مسحور و مخمور لہجے میں بولا۔

"اچھا اچھا —— اُس کی، جس کے خواب جاگتے میں بھی تمہاری آنکھوں میں اُترے رہتے ہیں"

"ہاں ——"

"خدا کرے، وہ جلد ہماری بھابی بن جائے"

"یہ خبر بہن کے اسی خط سے ملے گی کہ وہ کب تک تمہاری بھابی بن رہی ہے"

"حیدر خان" وہ صادق کی بات کا جواب دینے ہی والا تھا کہ زمان خان نے پچھلی طرف سے اُس کی طرف آتے ہوئے پکارا

"کیا ہے؟" —— اس نے سگریٹ زمین پر پھینک کر کرسی میں ٹھیک سے بیٹھتے ہوئے گردن موڑ کر دیکھا۔

"تمہارا خط ہے" اُس نے وہیں سے خط دکھایا۔

"خط!" حیدر خان نے ایک جست لگائی۔ زمان خان کی طرف کرسیاں پھلانگتے ہوئے لپکا۔ اس کے ہاتھ سے خط جھپٹ لیا۔

"ارے —— ایسی بے تابی —— بیوی کا خط ہے ——" زمان خان نے ہنس کر کہا۔

حیدر خان نے لفافہ وفورِ شوق سے بے تاب ہوتے ہوئے کھولا —— زمان خان واپس چلا گیا —— صادق اور کرگل خان تجسس سے دور ہی سے اُسے تکنے لگے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

لیکن ——

اُن کی توقع کے مطابق حیدر خان نہ تو اُچھلتا کُودتا انھیں خوشخبری سنانے دوڑا نہ ہی وہیں سے پُرجوش نعرہ مارا —— وہ تو خط پڑھتے ہی لہراسا گیا۔ پہلے لوہے کی کرسی کی پشت پر ہاتھ رکھا۔ پھر گرنے کے انداز میں برابر پڑی دوسری کرسی پر بیٹھ گیا۔ کئی لمحے گزر گئے۔

"کیا بات ہے حیدر؟" —— کرگل نے وہیں سے پوچھا۔

"کوئی بُری خبر ہے شاید!" صادق نے کہا۔

"چلو پوچھتے ہیں اس سے۔"

دونوں اُٹھ کر اس کے پاس آئے۔ صادق سامنے آن کر کھڑا ہو گیا۔ کرگل کرسی کی پشت پکڑ کر اس پر جُھک گیا۔

حیدر خان کا رنگ بالکل بدل گیا تھا۔ ہونٹ تک پیلے پڑ گئے —— بے جان سے جسم کو وہ شاید ہلا بھی نہ سکتا تھا۔

"کیا ہوا!" دونوں دوستوں نے تشویش ظاہر کی۔ انھوں نے بار بار پوچھا۔

حیدر خان کی آنکھیں کرب و اذیت سے جیسے پھٹنے لگیں۔ اس نے گردن کرسی کی پشت پر ڈال کر آنکھیں بند کر لیں۔ کرگل نے اس کا کندھا ہلایا۔

کیا ہوا یار۔ بتاؤ تو سہی ——"

"کوئی بُری خبر ہے؟"

"بہن کا خط ہے یا کسی اور کا ——؟"

"بتاؤ تو سہی ——"

دونوں اُس پر جُھک کر محبت سے پوچھنے لگے۔

"ناممکن —— میں ایسا نہیں ہونے دوں گا ——" حیدر خان زور سے بولا۔

لگتا تھا۔ چند لمحوں کے لیے وہ اس ماحول سے دور جا چکا ہے۔ گرد و پیش کا اُسے قطعاً ہوش نہیں تھا۔

"حیدر خانا ——" کرگل نے اس کا کندھا جھنجھوڑا۔

"ہاں" حیدر خان نے حیران نگاہوں سے اُسے دیکھا۔

"کیا ہوا دوست ——؟" کرگل نے اس کے کندھے پر اپنا ہاتھ رکھے رکھے پوچھا۔

"یہ کہو، کیا نہیں ہوا —— میں لُٹ گیا کرگل۔ میں لُٹ گیا ——" حیدر نے اس کے ہاتھ پر دونوں ہاتھ رکھتے ہوئے ٹھوڑی اُن پر ٹکاتے ہوئے انتہائی بے بسی سے کہا۔

صادق اور کرگل اصل بات جاننے کے لیے بے قرار تھے۔ کچھ سمجھ نہ پا رہے تھے۔

خط حیدر خان کے ہاتھوں سے چھوٹ کر زمین پر گر گیا تھا۔

صادق نے خط اٹھاتے ہوئے کہا "میں پڑھ لوں؟"

"پڑھ لو یار —— پڑھ لو —— میری بدنصیبی کی داستان پڑھ لو ——"

صادق نے مختصر سے خط پر نگاہیں دوڑائیں۔ پھر خط کرگل کی طرف بڑھاتے ہوئے۔ متفکرانہ حیدر کو دیکھنے لگا۔ اُسے تسلی دینے کی ہمت نہ ہو رہی تھی۔ کوئی بات منہ سے نکل ہی نہ رہی تھی۔

کرگل بھی پریشان ہو گیا۔ دونوں اُسے اپنے ساتھ لے کر گھر آ گئے۔ تینوں نے چھوٹا سا مکان کرائے پر لے رکھا تھا۔

حیدر خاں کی حالت دگرگوں تھی۔ اس نے رات ٹرک لے جانے کی ڈیوٹی کرگل کے سپرد کر دی۔ اور خود گاؤں جانے کا ارادہ کر لیا۔

"لیکن" صادق نے فکرمندی سے کہا "وہاں جا کر کیا کرو گے؟"

"یہ میں نے سوچ لیا ہے۔"

"ہمیں نہیں بتاؤ گے؟"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"میں گل اندامے کا ہاتھ اُس کے بھائیوں سے مانگوں گا۔ انھوں نے انکار کیا میری بندوق کی ساری گولیاں ان کے سینوں میں اُتر جائیں گی ـــــ"

صادق نے پریشان ہو کر اُسے دیکھا۔ کرگل بولا" ہوشمندی سے کام لو دوست خون خرابے سے کیا فائدہ۔ اس طرح گل اندامے تمہیں مل تھوڑا جائے گی ـــ اور جب کہ گاؤں کا سب سے بڑا خان اپنے بیٹے کی منگنی اس سے کر کے شادی کی تاریخ بھی مقرر کر چکا ہے۔"

حیدر خان نے دونوں ہاتھوں پر سر گرا لیا۔ صادق اور کرگل ہی باتیں کرتے رہے۔ وہ حیدر خان کو اس طرح مشتعل گاؤں جانے نہیں دینا چاہتے تھے۔ اس حالت میں جانے سے اُس کے ہاتھوں دو تین خون ہو جانا یقینی تھے۔

حیدر خان کے جذبات کو ٹھنڈا کرنے کے لیے وہ باتیں کرتے رہے۔ لیکن اس کے سینے میں جو آگ بھڑک اُٹھی تھی وہ بجھنے والی کب تھی ـــ اُس کے ہاتھوں سے گل اندامے ہی چھینی نہیں جا رہی تھی۔ اسے دھوکا بھی دیا گیا تھا۔ اس کی ماں اور بہن کی بے عزّتی بھی ہوئی تھی۔ منہ ان کا میٹھا کروایا گیا تھا اور ہاتھ خان رحمت خان کے ہاتھ میں سونپا جا رہا تھا۔ ایک غیرت مند پٹھان کے لیے یہ باتیں ناقابل برداشت تھیں۔ محبّت لٹنے کے ساتھ وہ بے عزّتی کا چرکہ نہیں کھا سکتا تھا۔

دونوں نے بہت سمجھایا۔ تو وہ سُرخ انگارا آنکھوں سے دونوں کو دیکھتے ہوئے غرّایا ـــ" گل اندامے کے بغیر میں جینے کا تصوّر بھی نہیں کر سکتا ـــ وہ میری ہے جو ہاتھ اُس کی طرف بڑھے گا۔ میں وہ ہاتھ کاٹ ڈالوں گا۔ جو نگاہ اس پر پڑے گی وہ آنکھ ......"

" تحمّل میرے یار تحمّل" صادق نے اس کا کندھا تھپکا۔

" اس طرح قاتل بھی بنو گے اور گل اندامے سے بھی ہاتھ دھو بیٹھو گے" کرگل

نے سوچتے ہوئے کہا۔

" تو ـــ تو پھر میں کیا کروں میرے یار۔ تم ہی مشورہ دو۔ گل اندامے کی شادی اس خان زادے سے کبھی نہیں ہونے دوں گا میں"

" یہ بات کی نا تم نے۔ اس شادی کو رکوا لو"

" کیسے؟ میرا دماغ تو کچھ کام ہی نہیں کر رہا"

حیدر کی بات کا جواب دینے کے بجائے کرگل نے الٹا اس سے سوال کیا" کیا گل اندامے بھی تمہیں اسی شدّت سے چاہتی ہے؟"

" ہاں ـــ مجھے اس بات کا پورا یقین ہے کہ وہ رحمت خان سے شادی کرنے کے بجائے اپنے آپ کو ختم کر لینے کو بہتر جانے گی"

" ہوں ـــ" کرگل سوچنے لگا۔ کافی دیر سوچتا رہا ـــ پھر فیصلہ کن انداز میں حیدر کو دیکھتے ہوئے بولا" تم ہمّت کرو تو......"

" تو کیا؟"

" شادی ہونے ہی نہ دو ـــ"

" لیکن کیسے؟ ـــ" صادق نے حیرانی سے اُسے دیکھا۔

" ایسے کہ ـــ" کرگل نے پُرجوش لہجے میں کہا" شادی سے پہلے ہی گل اندامے کو اغوا کر کے یہاں لے آؤ ـــ آتے ہی نکاح کر لو بس ـــ"

حیدر خان نے چونک کر اُسے دیکھا ـــ اس کی جگہ صادق بولا" یہ اتنا ہی آسان ہے کیا؟"

" ہم کس لیے ہیں ـــ اس کی مدد کر سکتے ہیں ـــ اس کے سوا اور کوئی راہ نہیں ـــ خان سے براہِ راست ٹکر لینا بالکل غلط بات ہے۔ گل اندامے کے بھائیوں کو قتل کر کے بھی مسئلہ حل نہیں ہو گا"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"لیکن اغوا کی صورت میں وہ لوگ انہیں معاف کر دیں گے؟"

"گل اندامے اور حیدر ایک بار شادی کے بندھن میں بندھ گئے تو بات ختم۔ باقی لوگ جائیں جہنم میں ـــــ یار پاکستان اتنا بڑا ملک ہے۔ کیا دو بندے اس میں چھپ نہیں سکتے ـــــ؟ کہاں کہاں ڈھونڈیں گے انھیں ـــــ اور پھر ـــــ حیدر خان کا ارادہ ملک سے باہر جانے کا بھی تو بن رہا ہے۔ کوشش کر کے ملک سے باہر چلے جائیں گے تو سارے خطرات ختم ـــــ"

"بات تو تم نے ٹھیک کہی ہے۔" حیدر خان اٹھ کر اس سے لپٹ گیا۔

"گل اندامے ہماری بھابی بن جائے۔ بس ہمیں تو اس سے سروکار ہے۔"

"تم میری مدد کرو گے؟"

"دل و جان سے۔"

"پھر ٹھیک ہے۔"

تینوں سر جوڑ کر سوچنے لگے۔ منصوبے بنے، اُن پر عمل درآمد کی ترکیبیں سوچی گئیں۔ کرگل نے ٹرک لے جانا تھا۔ اُس نے اپنی ڈیوٹی کسی اور کو سونپ دی۔ صادق بھی کام پہ نہیں گیا۔

"میں کہاں ہوں" گل اندامے کے منہ سے مدھم سی آواز نکلی۔ اس نے آنکھیں کھولیں، جھپکیں، ادھر ادھر دیکھا اور پھر آنکھیں بند کر لیں۔

حیدر خان جلدی سے اس پر جھک گیا۔ "گل اندامے تم میرے پاس ہو گل اندامے آنکھیں کھولو۔ دیکھو۔ میری طرف دیکھو ـــــ"

لیکن وہ غنودگی کے عالم میں ڈوب گئی تھی۔ کئی لمحے یونہی گزر گئے۔ حیدر خان پلنگ کے سرہانے کرسی پر بیٹھا رہا۔ وقت گزرتا گیا۔ اس نے پھر آنکھیں جھپکیں، کھولیں،

اردگرد دیکھا۔ اب وہ پہلے کی نسبت ہوش میں تھی۔ لیکن اس کمرے کو پہچان نہ پا رہی تھی۔ بجلی کا قمقمہ روشن تھا۔ کھڑکیوں پر ..... پھولدار پردے لٹک رہے تھے۔ سامنے الماری تھی۔ دائیں ہاتھ شیشے والی سنگھار میز پڑی تھی۔ چوبی تکیے والا پلنگ تھا اور فرش سُرخ قالین سے ڈھکا تھا۔ ہوش میں ہونے کے باوجود گل اندامے کو خواب کا گمان ہو رہا تھا۔

"گل اندامے" حیدر خان نے محبت بھرے لہجے میں اس پر جھکتے ہوئے پکارا۔

وہ حیران حیران اُسے تکتے ہوئے ایک دم بستر پہ اُٹھ بیٹھی ـــــ جلدی سے بولی "تم ـــــ حیدر ـــــ میں میں کہاں ہوں۔ حیدر ـــــ میں ـــــ"

"تم میرے پاس ہو گل اندامے۔ میری باہوں کے حصار میں محفوظ ہونے کے لیے ہمیشہ کے لیے یہاں آ چکی ہو ـــــ"

"حیدر ـــــ" وہ پھٹی پھٹی آنکھوں سے حیدر کو دیکھنے لگی۔ حیدر نے مسکراتے ہوئے سر اثبات میں ہلایا۔ کرسی سے اُٹھ کر پلنگ کی پٹی پر آ بیٹھا اور بازو گل اندامے کی طرف بڑھایا۔

گل اندامے اچھل کر پرے ہٹ گئی۔

"گل اندامے" حیدر مسکراتے ہوئے بولا۔ "ڈر کیوں رہی ہو۔ تم میرے پاس ہو۔ میں تمہیں یہاں لے آیا ہوں۔ ہمیشہ کے لیے۔"

"اوہ" گل اندامے کا سر چکرانے لگا۔ اس نے سر دونوں ہاتھوں پر گرا لیا۔ اور اس کے ذہن میں لپک جھپک کئی منظر لہرا گئے ـــــ

وہ دریا کی طرف چلی آئی تھی۔ بہادر اس کے ساتھ تھا۔ بھینس اور بکریاں گھاس چر رہی تھیں ـــــ حیدر اُسے وہیں ملا تھا۔ وہ اُس سے باتیں کرنے لگی تھی۔ رو رو کر ہونے والی واردات کا قصہ اُسے سُنایا تھا۔ حیدر بڑے جوش میں تھا ـــــ مرنے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مارنے پر تُلا نظر آتا تھا۔ پھر اُس نے اپنے ساتھ بھاگ جانے کی بات کی تھی۔ گل اندامے نے انکار کیا تھا۔ حیدر اصرار کرتا رہا تھا ـــــ پھر ـــــ پھر کیا ہوا تھا ـــــ اُسے خبر نہ تھی۔

اور اب وہ اس اجنبی جگہ پہ تھی ـــــ اسے اندازہ کرتے دیر نہ لگی کہ حیدر نے اسے بیہوش کر کے اغوا کر لیا تھا۔ اس کا دل بیٹھ سا گیا۔ آنکھوں میں اندھیرا چھانے لگا ـــــ چند لمحوں کے لیے وہ گرد و پیش سے بے خبر ہو گئی۔

حیدر خان نے اُسے کندھے سے پکڑ کر جھنجھوڑا ـــــ پکارا۔ بلایا۔ تھوڑی دیر بعد گل اندامے ہوش میں آ گئی۔

حیدر خان نے چائے تھرماس سے پیالی میں انڈیلی اور اُس کی طرف بڑھاتے ہوئے بولا "لو پی لو۔ حواس بجا ہو جائیں گے۔"

گل اندامے نے پیالی نہیں پکڑی۔ صرف حیدر کو تکے گئی۔

"گل اندامے۔ ہوش میں آؤ میری جان ـــــ تم میرے پاس ہو ـــــ میری حفاظت میں ہو۔ یوں کیا دیکھ رہی ہو۔"

"تم ـــــ تم نے مجھے اغوا کیا ہے۔"

وہ مسکرا کر بولا ـــــ "پہلے چائے پی لو۔ پوری طرح ہوش میں آ جاؤ۔ پھر سوال جواب کر لینا۔"

"مجھے بیہوش کیا تھا۔"

"چائے پی لو۔"

"میری بات کا جواب دو حیدر ـــــ"

اب گل اندامے پوری طرح حواس میں تھی۔ سارا معاملہ اُس کی سمجھ میں آ چکا تھا لیکن وہ حیدر خان کے اقدام پر خوش نہیں تھی ـــــ وہ بار بار حیدر کو یوں دیکھ رہی

تھی جیسے وہ کوئی اجنبی اور غیر مانوس انسان ہو ـــــ وہ حیدر خان نہیں لگ رہا تھا۔ جسے وہ دل و جان سے چاہتی تھی۔ روح کی گہرائیوں سے پیار کرتی تھی ـــــ اپنا تن من جس کی امانت سمجھتی تھی ـــــ اور رحمت خان سے منگنی ہو جانے کے باوجود اس امانت کی حفاظت کا تہیہ کر چکی تھی۔

"ایسی غیر غیر نظروں سے کیوں تک رہی ہو مجھے۔ میں حیدر ہوں ـــــ تمہارا اپنا حیدر ـــــ میرے لیے اور کوئی راہ نہ تھی گل اندامے۔ تم میری ہو۔ میری امانت میں تمہارے گھر والوں نے خیانت کرنے کی کوشش کی تھی۔ تسلی دے کر ارادہ بدل لیا۔ رحمت خان کی دولت کے سامنے جھک گئے۔ میں یہ سب کیسے برداشت کرتا، کیسے تماشائی بن کر دیکھتا۔"

"تم نے مجھے اغوا کیا ہے؟"

"تمہیں ہمیشہ کے لیے اپنا بنانے کے لیے ایسا کیا ہے۔ صبح میرے دوست مولوی صاحب کو لے کر آ جائیں گے پھر ہم دونوں ہمیشہ کے لیے ایک ہو جائیں گے۔ دنیا کی کوئی طاقت ہمیں جُدا نہیں کر سکے گی۔"

گل اندامے صرف اُسے تکے گئی۔

"گل اندامے ـــــ کیا بات ہے۔ میری جرأت تمہیں ناگوار گزری ـــــ؟"

"ہاں۔"

"گل اندامے؟"

"تم نے بہت بُرا کیا حیدر خان ـــــ"

"گل اندامے!!"

"ذرا سوچو حیدر خان۔ میرے گھر والوں پر وہ رات کس قیامت کی اُتری ہو گی۔ میری ماں کا کیا حال ہو گا۔ میرے بھائیوں کی غیرت پر کس طرح تازیانے برسیں گے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

لوگ سمجھیں گے، میں بھاگ گئی ہوں۔ رسوائی کا کلنک خاندان کے ماتھے پر لگا کر بھائیوں کی عزت پر بٹا لگا کر۔۔۔۔"

"گل اندامے جوش میں نہیں آؤ۔ اطمینان سے بات کرو۔ سوچو ـــ اس کے سوا میں کر بھی کیا سکتا تھا۔ میں نے یہ قدم اپنی اور تمہاری بہتری کے لیے ہی اُٹھایا تھا۔ کیا تمہارے جذبات بھی میرے جیسے نہیں کیا۔ تمہیں مجھ سے محبت نہیں ـــ؟"

"کبھی تھی۔"

"اب۔ اب گل اندامے ـــ؟"

"اب میں تم سے نفرت کرتی ہوں۔ بزدلوں کی طرح عزتوں اور غیرتوں پر چھاپہ مارنے والے قابلِ تحسین نہیں ہوتے حیدر خان ـــ تم میری محبت میں جل جل کر راکھ ہو جاتے تو قابلِ تعظیم ہوتے۔ لیکن تم نے ـــ تم نے ـــ جوشیلے جذبوں کی غلام اندھے ہو کر مجھے اغوا کیا ـــ اتنا بھی نہ سوچا کہ ایک شریف خاندان پر کیا بیتے گی ـــ ماں مر نہ جائے گی۔ بھائی غصے سے دیوانے نہ ہو جائیں گے ـــ لوگ ان پر تھوکیں گے کہ جوان بہن بھاگ گئی۔ وہ کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہیں رہیں گے۔ سوچو تو کیا تم نے یہ ٹھیک اقدام کیا ہے؟"

"لیکن گل اندامے ـــ تمہیں مجھ سے چھین لیا گیا تھا۔"

"دُکھ مجھے بھی تھا۔ لیکن محبت کو ایسے حالات میں قربان کر دینے ہی میں عزت ہوتی ہے۔"

"تم رحمت خان سے شادی کر لیتیں ـــ؟"

"ہاں۔ یہ میرے خاندان، میری ماں اور میرے بھائیوں کی عزت کا معاملہ تھا۔"

"لیکن تم ـــ تم نے ہمیشہ مجھے یہی احساس دلایا کہ ـــ تم میری ہو ـــ میرے لیے جیو گی، میرے لیے مرو گی۔ تمہارا دل تمہارا جسم سب کچھ میرا ہے ـــ"

"ہاں میں نے ہمیشہ یہی کہا۔ اور جو کچھ کہا سچ کہا۔"

"گل اندامے ـــ"

"اس سچ کو میں سچ کر کے دکھا دیتی۔"

"میں کچھ نہیں سمجھ رہا گل اندامے ـــ"

"حیدر خان۔ سب کچھ دیکھا تو ہوتا۔ انتظار تو کرتے ـــ گل اندامے کو آزما تو لیتے ـــ"

"تم ـــ"

"حیدر خان، گل اندامے کی ڈولی جس عزت و وقار سے اٹھتی، اسی عزت و وقار سے اس کا جنازہ بھی اُٹھتا۔"

"کیا ـــ کیا کہہ رہی ہو گل اندامے ـــ؟"

"یہی سوچا تھا میں نے۔ تمہاری امانت تھی میں، حیدر خان ـــ مر جانا قبول تھا۔ لیکن اس امانت کو سنبھالے رکھنا تھا ـــ لیکن ـــ لیکن تم نے ـــ یہ حرکت کر کے ـــ سب کی عزت خاک میں ملا دی ـــ کیا تم میرے گھر والوں کے رنج و غم اور غیظ و غضب کا اندازہ نہیں کر سکتے۔ تمہیں خیال تک نہیں آیا کہ ایسا کرنے سے میرے خاندان کی کتنی بدنامی ہوگی۔ کون جان پائے گا کہ تم مجھے اغوا کر کے لائے ہو۔ افواہ تو یہی پھیلے گی کہ دلنواز خان اور شہباز خان کی بہن اپنے آشنا کے ساتھ بھاگ گئی۔"

"گل اندامے ـــ"

"میری جگہ تمہاری بہن کو کوئی اغوا کر لیتا تو تم پر کیا بیتتی۔ کیا تم برداشت کر لیتے۔ ذلت و رسوائی کو گلے لگا لیتے ـــ بولو۔ بتاؤ کیا کرتے ـــ؟"

حیدر خان نے سر جھکا لیا۔ گل اندامے کی کس بات کا جواب دینے کے قابل نہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

رہا تھا وہ ــــــ

"مجھے واپس چھوڑ آؤ ــــــ" تھوڑی دیر چپ رہنے کے بعد وہ چلّائی۔

"واپس ــــــ گل اندامے واپسی کے سارے راستے بند ہو چکے ہیں ــــــ واپسی موت ہے۔"

"میں زندہ تو اب بھی نہیں رہی ــــــ پچھتاوے کی زندگی موت سے بھی زیادہ اذیت دہ ہوتی ہے۔ ہم دونوں شادی کر بھی لیں تو کبھی خوش نہیں رہیں گے حیدر خان ــــــ انتقام کی آگ ہمیشہ ہمارا تعاقب کرتی رہے گی ــــــ اور ہم اس سے بچنے کے لیے چھپتے پھریں گے۔ دوڑتے رہیں گے۔ ہراساں۔ پریشان۔ بدحال۔ سکون کا ایک لمحہ بھی ہمیں میسّر نہیں آئے گا۔ دھڑکے اور وسوسے زندگی کے لمحوں کی خوشگواری کو نگلتے رہیں گے ــــــ"

وہ بولتی گئی۔

حیدر خان سر جھکائے سنتا گیا۔

صبح بیدار ہوگئی ــــــ اس کے دوست مولوی کو لے کر آ گئے ــــــ حیدر خان کوئی فیصلہ نہ کر سکا۔ گل اندامے اور صادق کے سمجھانے کے باوجود بھی فیصلہ نہ کر سکا۔ اُس نے اُن سے کچھ وقت مانگا۔ مہلت چاہی۔

دن گزر گیا۔

پھر

رات بھی بیت گئی۔

حیدر خان کا اصرار اور گل اندامے کی تکرار کسی اختتامی نقطے پر پہنچے بغیر جاری رہی۔ گل اندامے واپس جانے پر مُصر تھی۔ حیدر خاں مہلک مضمرات سے آگاہ تھا۔ وہ واپس گئے تو موت کے منہ ہی میں جائیں گے۔ انہیں کوئی زندہ نہیں چھوڑے گا۔ یہ حیدر خان کا موقف تھا۔

اور گل اندامے چاہتی تھی واپس جائے اور اپنے بھاگ جانے کے داغ مٹا دے۔ خواہ یہ داغ اُسے اپنے خون ہی سے کیوں نہ مٹانا پڑے ــــــ وہ ایک بار اپنے بھائیوں ماں اور عزیز و اقارب کو باور کرانا چاہتی تھی کہ وہ بے غیرت نہیں۔ وہ بھاگی نہیں تھی۔ وہ تو اپنا آپ اپنی محبت پر بے دریغ قربان کر دینے کو تیار تھی۔

گر گل خان اور صادق نے بھی گل اندامے کو سمجھانے کی کوشش کی لیکن وہ جو حیدر خان کی نہ سُن رہی تھی، ان کی باتوں پر کیا کان دھرتی۔ ایک ہی فیصلہ تھا ایک ہی ضد تھی ایک ہی پکار تھی۔

"مجھے گاؤں واپس بھیج دو ــــــ"

دلنواز، شہباز اور رحمت خان کے آدمی بھوکے کتّوں کی طرح حیدر خاں اور گل اندامے کو تلاش کرتے پھر رہے تھے۔ وہ کئی بار پشاور آ کر ٹرکوں اور بسوں کے اڈوں سے ان کا سراغ لگانے کی کوششیں کر چکے تھے۔ گر گل اور صادق پل پل کی خبریں شہر کے اندرون ایک دوست کے محفوظ مکان میں پناہ لینے والے حیدر خان کو پہنچا رہے تھے۔ گاؤں میں واقعی گل اندامے کے بھاگ جانے کی خبر پھیل چکی تھی۔ بہادرے نے گل اندامے اور حیدر خان کے چٹان کے پیچھے ملنے کی بات گھر والوں کو بتا دی تھی۔ بھائی آتش زیرپا انہیں تلاش کر رہے تھے۔

سبکی خان حشمت خان کی بھی ہوئی تھی۔ رحمت خان تو باؤلا ہو رہا تھا۔ اُس کے آدمی اور وہ خود ان دونوں کو تلاش کر رہا تھا۔ پستولوں کی لبلبی پر ہاتھ تھے۔ کسی آن، کسی لمحے یہ پستولیں .... دھواں دھار گولیاں برسا سکتی تھیں۔

ایسی سنگین صورت حال تھی۔ گل اندامے کا واپس جانے کا اصرار بے معنی تھا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

لیکن وہ شعلۂ جوالا بنی تھی۔ حیدر خان اس کی بات ماننے سے انکاری تھا۔ وقت گ رہا تھا۔ تلخی بڑھ رہی تھی ـــــ دونوں بحث و تکرار کرتے ہوئے ایک دوسرے کے جا دشمن نظر آتے تھے۔

اسی دن اسی بحث و تکرار نے دونوں کو اتنا مشتعل کر دیا کہ دونوں ہی بھری ہو پستول اٹھانے جھپٹے۔ یہ اتفاق ہی تھا کہ پستول گل اندامے کے ہاتھ لگی اور حیدر خان ک چھیننے سے پہلے ہی اُس نے اس پستول کی لبلبی دبا دی۔ گولیاں تڑاخ سے نکلیں اور حیدر خان کا سینہ چھلنی کر گئیں۔ وہ تیورا کر گرا۔ تو گل اندامے نے ڈر کر پستول پھینک دی گھبرا کر حیدر خان کی طرف بڑھی۔ اس کا سر گود میں رکھ کر چیخی "نہیں حیدر خاں نہیں۔ میں تمہیں نہیں مرنے دوں گی ـــــ میں تمہاری ہوں، تم میرے ہو"

وہ واویلا کرتی رہی۔ حیدر خان کے لبوں پر اطمینان بھری مسکراہٹ پھیل گئی کھلی آنکھیں گل اندامے کے چہرے پر تھیں۔ اور اُس کی گردن ایک طرف کو ڈھلک چکی تھی۔ گولیوں کی تڑتڑ سے اہلِ محلّہ اس گھر کی طرف دوڑے۔ دروازہ پیٹ ڈالا۔ کوئی پولیس کو خبر کرنے دوڑا ـــــ کوئی لوگوں کو اکٹھا کرنے کے لیے چیخا۔

بہت بڑا ہجوم اکٹھا ہو گیا۔ اس گھر میں تو مدتوں سے شریف اور بے ضرر لوگ بستے تھے۔ یہ گولیاں کیوں چلیں ـــــ ہر کوئی یہی سوال کر رہا تھا۔ حیدر خاں اور گل اندامے کے متعلق اہلِ محلّہ کو کچھ علم نہ تھا۔

اور شاید یہی لاعلمی گل اندامے کے بھاگ نکلنے کی وجہ بنی۔ دروازہ کھلنے پر ہجوم اندر کی طرف ٹوٹ پڑا اور وہ چادر کی بکل مارے گھر سے باہر نکل گئی۔

جانے کیسے اور کن کن صعوبتوں سے نبرد آزما ہو کر وہ گاؤں پہنچی۔ وہ نڈر اور بے خوف تھی۔ گھر پہنچ کر وہ صرف ایک بار اپنی ماں اور بھائیوں کو اپنی بے گناہی کا یقین دلانا چاہتی تھی۔ اس کے بعد جو کچھ ہونا تھا وہ جانتی تھی ـــــ اس کی اُسے

مطلقاً پروا نہ تھی۔ حیدر دُنیا میں نہیں رہا تھا۔ تو اسے بھی مرنے کا کیا غم تھا۔

"ماں" وہ کھلے دروازے سے دوڑتی صحن میں آئی اور ماں سے لپٹ گئی ـــــ

"ماں۔ ماں ـــــ"

"کون۔ گل اندامے تُو ـــــ ماں نے اُسے سینے میں دبوچ لیا۔ اس کا دل بے اختیار سا ہو گیا۔

"ہاں ماں۔ تیری بدنصیب بیٹی" وہ روتے ہوئے بولی۔ ماں اُسے بھینچے گئی۔ وہ بے حال ہو کر روتی رہی۔

"لیکن ـــــ" چند لمحے جذباتیت سے مغلوب رہنے کے بعد ماں نے اُسے سختی سے پرے دھکیل دیا۔ "تو کہاں مر گئی تھی۔ ہمارے چہروں پر کالک مل کر اب کیا لینے آئی ہے۔ کیا اُس نے تجھے دُھتکار دیا۔ جس کے ساتھ بھاگی تھی"

"میں بھاگی نہیں تھی ماں ـــــ میں بھاگی نہیں تھی۔ مجھے حیدر خان نے اغوا کیا تھا۔ میں اُس کے چنگل سے آزاد ہو کر آئی ہوں ماں۔ میں بھاگی نہیں تھی ـــــ"

وہ رو رو کر ماں کو بتا رہی تھی۔ بہادرا کوٹھری سے نکل آیا۔ گل اندامے کو دیکھا تو خوشی سے پاگل ہو اُٹھا۔

"گل بی بی آگئی۔ گل بی بی آگئی" وہ چلّاتے ہوئے باہر بھاگا۔ بھائیوں کو یہ خوشخبری سنانا مقصود تھی۔ بھاگتے ہوئے بھی وہ چلائے گیا ـــــ "گل بی بی آگئی ـــــ گل بی بی آگئی"

جس نے سُنا حیرت سے اُسے دیکھا۔ دو ایک محلّے والوں نے تو اُسے روک کر اس بات کی تصدیق بھی کی۔

مشتعل بھائی اب پیچ و تاب کھا رہے تھے ـــــ دُکھیاری ماں سر پر ہاتھ رکھے رو رہی تھی۔ رحمت خان غصّے میں پھنکار رہا تھا۔ گل اندامے تھر تھر کانپ رہی تھی، روئے جا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

رہی تھی۔ اور حشمت خان اسے بازو کا سہارا دیئے کھڑا اُس کی روداد سن رہا تھا۔

وہ کہہ رہی تھی "خان میں بھاگی نہیں تھی۔ حیدر خاں نے مجھے اغوا کیا تھا۔ میں اس کے چنگل سے آزاد ہو کر آئی ہوں ـــــ میری بات کا یقین کرو۔ میں بھاگی نہیں ـــــ بھاگی نہیں ـــــ تھی" وہ بار بار دیوانوں کی طرح یہی باتیں کیے جا رہی تھی۔

خان نے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا۔ اور اُسے چارپائی پر بٹھاتے ہوئے خود بھی پاس بیٹھ گیا۔

"یہ جھوٹ بولتی ہے خان ـــــ" دلنواز غصّے سے بپھرا ہوا تھا ـــــ "یہ حیدر خاں سے ملتی رہتی تھی ـــــ حیدر نے اس کے لیے رشتہ بھی مانگا تھا ـــــ بہادر نے ہمیں بتایا ہے ـــــ کہ یہ اس سے ملا کرتی تھی"

شہناز نے بھی یہی بات کہی۔ تو حشمت خان نے انھیں پُرسکون ہونے کی تلقین کی۔

"بیٹھ جاؤ ـــــ آرام سے بیٹھ کر بات کرو۔ غصّہ حرام ہوتا ہے۔ سکون سے اس کا بیان بھی سُنو ـــــ یہ نہ ہو۔ گل اندامے بے قصور ہو اور تم ایک بے گناہ کے خون سے ہاتھ رنگ لو"

"گل اندامے ـــــ" خان نے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا۔

شفقت کے لمس سے اس کا دل تڑپ اٹھا۔

"گل اندامے!"

"جی خان" وہ ہچکیاں لیتے ہوئے بولی۔

"حیدر نے تمہیں کیوں اغوا کیا؟ ـــــ"

گل اندامے کے جواب سے پہلے شہباز نے کچھ کہنا چاہا ـــــ تو خان نے ہاتھ کے اشارے سے روکا ـــــ "اسے بولنے دو ـــــ"

"ہاں گل اندامے ـــــ" وہ اس کے جُھکے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے بولا" اس نے

تمہیں کیوں اغوا کیا؟"

"وہ ـــــ وہ مجھ سے شادی کرنا چاہتا تھا" گل اندامے نے بلا جھجک کہا۔

"اس نے رشتہ بھی بھیجا تھا خان ـــــ" ماں درمیان میں بولی ـــــ "میں نے اس کے گھر والوں کا منہ بھی میٹھا کروا دیا تھا ـــــ"

"پھر رشتہ کیا کیوں نہیں؟" خان نے پوچھا

"چپ رہو ماں" دانت پیستے ہوئے دلنواز چیخا۔

"کہنے دو انھیں۔ ہاں بہن۔ رشتہ کیوں نہیں کیا تھا۔ جب ان لوگوں کا منہ میٹھا کروا چکی تھیں" خان نے پوچھا۔ دلنواز اور شہباز نے ماں کو خشمگیں نظروں سے دیکھا۔ لیکن وہ کہہ ہی اٹھی "آپ نے اپنے رحمت خان کا رشتہ جو بھجوا دیا تھا ـــــ آپ کو انکار کیسے کرتے ہم خان ـــــ" ماں سینے پر دوہتڑ مارتے ہوئے رو دی ـــــ

خان چند لمحے بالکل ساکت سا ہو گیا۔ رحمت خان بھی خاموش ہو گیا ـــــ ماں، حیدر خاں کی ماں اور بہنوں کے رشتہ لانے کا احوال خان کو سُناتی رہی۔

خان نے صرف ایک بار گل اندامے کا چہرہ دیکھا۔ پھر اس سے پوچھا "گل اندامے، کیا تم بھی حیدر خان کو پسند کرتی تھیں؟"

اس نے سر جھکا دیا۔ انکار نہیں کیا۔ خان حشمت خان نے ایک گہری سانس لی۔ پھر بولا ـــــ "ہم گاؤں کے لوگوں کو جانے کب عقل آئے گی ـــــ کب تک ہم بے گناہوں کے خون سے ہاتھ رنگتے رہیں گے ـــــ کب تک انا اور وقار کا مسئلہ بنا کر معصوم اور بے قصوروں کو سولی پر لٹکاتے رہیں گے"

"خان ـــــ" دلنواز، حشمت خان کا مفہوم سمجھے بنا بولا ـــــ وہ کچھ کہنا چاہتا تھا کہ خان بولا "تمہیں یقین کرنا پڑے گا دلنواز کہ گل اندامے بے قصور ہے۔ وہ بھاگی ہوتی تو لوٹ کر واپس نہ آتی۔ اُسے یقیناً حیدر خان نے اغوا کیا ہے۔ لیکن قصوروار وہ بھی نہیں،

www.iqbalkalmati.blogspot.com

تم ہو۔ تم دونوں اور تمہاری ماں۔ جنھوں نے حیدر خان کے گھر والوں کو تسلی دے کر یہ رشتے سے انکار کر دیا۔ محض اس لیے کہ گاؤں کے سب سے بڑے خان نے یہ رشتہ مانگا تھا ـــــ کاش تم ہم لوگوں کو صورت حال سے پہلے ہی باخبر کر دیتے۔ تو آج یہ نوبت نہ آتی۔ رحمت خان اصرار بھی کرتا تب بھی میں گل اندامے کے ہاتھ میں انگوٹھی نہ ڈالتا حیدر خان کے ساتھ یقیناً زیادتی ہوئی ہے۔ اُس کے حق پر ڈاکا ڈالا گیا ہے ـــــ"

"خان ـــــ" دلنواز اور شہباز دونوں نے حیرانگی سے حشمت خان کو دیکھا۔

"بیٹی ـــــ" خان نے گل اندامے کے سر پہ ہاتھ پھیرتے ہوئے ملائمت سے کہا۔ "ہم سے انجانے میں بھول ہو گئی بیٹی۔ تمہاری اور حیدر خان کی خوشیوں کے درمیان ہمارا بیٹا غلطی سے آ گیا تھا۔ کاش یہ سب کچھ نہ ہوتا۔"

"خان جی ـــــ" گل اندامے گھگیا گئی۔ ماں زور زور سے رونے لگی اور دلنواز اور شہباز دودھ کے اُبال کی طرح بیٹھ گئے۔ رحمت خان نے سر جھکا لیا۔

لوگوں کی حیرانی تو اُس وقت عروج کو پہنچ گئی۔ جب خان نے گل اندامے کا چہرہ اونچا کرتے ہوئے سنگین لہجے اور مستحکم آواز میں کہا۔ "گل اندامے، تمہارا اس طرح آنا ہی تمہاری بے گناہی ثابت کر رہا ہے۔ لیکن ہم حیدر خان کو گناہگار نہیں کہیں گے۔ سب کچھ ہماری لاعلمی اور تمہارے گھر والوں کی غلطی سے ہوا۔ ہم اس کا خمیازہ تم دونوں کو بھگتنے نہیں دیں گے ـــــ تم حیدر خان کی امانت ہو۔ تمہیں حاصل کرنے کا اُسے حق ہے اور ہم یہ حق اُسے ضرور دیں گے۔ تم....."

"خان ـــــ" گل اندامے دونوں ہاتھ کانوں پر رکھ کر اس انداز سے چیخی کہ دل سینوں کے اندر دہل گئے۔

سب نے گھبرا کر اُس کی طرف دیکھا۔

وہ تھر تھر کانپ رہی تھی۔ رنگت سپید لٹھے کی طرح ہو گئی تھی۔ آنکھیں بند ہو رہی

تھیں۔ ہونٹ کپکپا رہے تھے۔ دل پھڑپھڑا رہا تھا۔ تیورا کر گرتے ہوئے اس کے لبوں سے مدھم سی آواز نکلی۔

"یہ ـــــ یہ پہلے کہتے ـــــ خان ـــــ یہ پہلے کہہ ـــــ تے۔ اب۔ اب۔"

"اب کیا گل اندامے ـــــ اب کیا ہوا ـــــ" خان نے اُسے چارپائی پر لٹاتے ہوئے جلدی سے پوچھا۔

سب چارپائی کے گرد جمع ہو گئے۔

"اب کیا گل اندامے۔ اب کیا ـــــ ہوا ـــــ؟" سبھی پوچھ رہے تھے۔ گھبرا کر اُسے دیکھ رہے تھے۔ ماں اس پر گری جا رہی تھی۔ بھائی حواس باختہ سے نظر آ رہے تھے۔

اب اس کے آگے وہ کیا کہتی۔ وہ تو ڈوبتی چلی جا رہی تھی۔ چند منٹوں میں بالکل ہی ڈوب گئی۔

اس ادھورے جواب کی تفصیل تو گھر والوں اور گاؤں کے لوگوں کو دوسرے دن پتہ چلی۔ جب کرگل خان اور صادق، حیدر خان کی میت لے کر گاؤں پہنچے۔

پھر ـــــ پورے گاؤں میں صفِ ماتم بچھ گئی۔ کوئی آنکھ نہ تھی جو اشکبار نہ ہو۔

خان حشمت خان کو اپنی لاعلمی میں کی ہوئی غلطی کا بھی شدت سے احساس تھا۔ رحمت خان بھی پشیمان تھا۔ گل اندامے کی ماں اور بھائی تو پچھتاوے کی آگ میں جھلسے جا رہے تھے۔

خان حشمت خان نے حیدر خان اور گل اندامے کی قبروں کے لیے اپنے ذاتی قبرستان میں جگہ دی۔

دونوں قبریں ساتھ ساتھ بنا کر اپنی پشیمانی کا مداوا کرنا چاہتا تھا وہ شاید ـــــ

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دونوں قبریں ساتھ ساتھ ہیں۔

اور

وہ ـــــ جو

زندگی میں قربتوں کو دائمی نہ بنا سکے تھے۔

اب

ابد تک ایک دوسرے کے قریب سکون کی نیند سوتے رہیں گے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

یوں بھی ہوتا ہے

"کیا!" اُس کی آنکھیں پھٹ جانے کی حد تک کھُل گئی تھیں اور حیرانی و پریشانی کے ملے جُلے احساس سے آواز پھٹ گئی تھی۔ چیخنے اور گھٹنے کے انداز میں اُس نے کیا کہا تو استفہامی لہجہ زوردار تھپڑ کا سا تاثر پیدا کر گیا۔ سعیدہ جو آج دوسری بار اس کے ہاں ہنسی خوشی پورا دن گزارنے آئی تھی بھونچکّا رہ گئی۔

ناصرہ جو بڑی متانت سے سنجیدہ موضوع پر اس سے بات کر رہی تھی، مسکرائے بغیر نہ رہ سکی۔

"اے تُو پاگل تو نہیں ہو گئی ـــــ ناصرہ ـــــ تُو نے وہی کہا ہے نا جو ـــــ جو میں نے سنا ہے؟"

"ہاں!"

"دماغ خراب ہے تیرا!"

"دماغ خراب نہیں سعیدہ ـــــ یہ مجبوری ہے۔"

"ایسی مجبوری کہ تُو اپنے پاؤں پر خود کلہاڑی مار رہی ہے۔"

"نہیں۔"

"تو پھر۔"

"یہ میری ہی تجویز ہے اور میں ہی بخوشی یہ کام کر رہی ہوں۔"

"بخوشی ـــــ"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"چلو بخوشی نہ سہی۔ لیکن یہ کام مجھ کو کرنا ہے۔"

"اور میں تمہیں یہ کام کبھی نہیں کرنے دوں گی ـــــ تمہارا دماغ درست کر دوں گی۔"

"بچوں کی سی باتیں نہ کرو سعیدہ۔"

"اور تم بھی ان احمقانہ باتوں کو چھوڑ دو۔ ہوش میں رہو۔ اور عقل کی باتیں کرو۔"

ناصرہ اُس کی باتوں پر پھر مسکرا دی۔ وہ بہت جذباتی ہو رہی تھی۔ کھا جانے والی نظروں سے ناصرہ کو دیکھ رہی تھی۔

"تیری عمر چالیس کے قریب ہو رہی ہے۔ میں سمجھی تھی۔ دیس دیس گھوم کر تجھے دنیا کو قریب سے دیکھنے کا موقع ملا ہے۔ تُو تو بڑی بُردبار، بڑی سنجیدہ اور بڑی سیانی ہو چکی ہو گی ـــــ لیکن ـــــ" اس نے سر نفی کے انداز میں ہلایا۔

ناصرہ نے ایک گہری سانس لی۔

"میرے سامنے تو یہ بات زبان پر لے آئی ہے۔ کسی اور کے سامنے نہ کرنا۔"

"کیوں؟ یہ بات کرنا جرم ہے نہ گناہ ـــــ پھر کیوں نہ کروں کسی کے سامنے۔"

"ناصرہ۔ لوگوں کی نظریں تیری بے پناہ دولت پر پہلے ہی لگی ہیں۔ یہ بات تیرے مُنہ سے نکلی تو ایک چھوڑ دس آجائیں گے رشتے لے کر۔"

"مجھے تو صرف ایک ہی کو منتخب کرنا ہے۔" ناصرہ نے مذاق کے انداز میں کہا تو سعیدہ چڑ سی گئی۔

وہ دونوں بہت پُرانی اور بہت اچھی دوست تھیں۔ دونوں نے ایک ہی اسکول سے میٹرک کا امتحان پاس کیا تھا۔ پھر ایک ہی کالج میں داخلہ لے لیا تھا۔ دونوں میں بہت پیار تھا۔ دکھ سکھ کی ساتھی تھیں۔ گھروں میں بھی آنا جانا ہو گیا۔ سعیدہ بیوہ ماں کی یتیم بیٹی تھی۔ ناصرہ بھی گو امیر کبیر گھرانے سے تعلق نہ رکھتی تھی لیکن شروع ہی سے سخی دل تھی، اپنے جیب خرچ میں سے زیادہ پیسے وہ سعیدہ پر اس طرح خرچ کیا

کرتی تھی کہ اُسے مالی معاونت کا احساس بھی نہ ہو اور مدد بھی ہو جائے۔ سعیدہ کی امّی اُسے بہت پیار کرتی تھیں۔ یہ دریا دل بچی انھیں سعیدہ ہی کی طرح عزیز تھی۔

"تجھے خدا خوب رنگ لگائے گا بیٹی۔" وہ اپنے انداز میں ناصرہ کو دعائیں دیا کرتیں۔

"تیرا دل بہت بڑا اور تیری سوچ بڑی اونچی ہوتی ہے۔"

"غالباً آپ کی دعائیں ہی میرے لیے بہت ہیں۔" وہ مسکرا کر جواب دیا کرتی۔

دونوں تعلیمی مدارج طے کر رہی تھیں۔ تھرڈ ایئر میں تھیں کہ سعیدہ کا رشتہ اچھے گھرانے میں طے ہو گیا۔ چٹ منگنی، پٹ بیاہ والی بات ہوئی۔ تعلیم ادھوری چھوڑ دی وہ دلہن بنی اور پیا گھر جا پہنچی۔

ناصرہ کو اس کی شادی کی بہت خوشی تھی۔ لیکن ساتھ چھوٹنے کا غم بھی تھا۔ وہ اپنی کلاس کی کسی اور لڑکی سے دوستی کے بندھن اتنے مضبوط اور استوار نہ کر سکی جتنے سعیدہ کے ساتھ تھے۔

شادی کے بعد سعیدہ اور ناصرہ ملتی رہیں۔ سعیدہ میکے آتی تو اُس کے ہاں بھی ہو آتی۔ کبھی ناصرہ اس کے ہاں چلی جاتی لیکن یہ سلسلہ بھی قائم نہ رہا۔ رشید کی تبدیلی لاہور سے پنڈی ہو گئی۔ سعیدہ اس کے ساتھ ہی چلی گئی۔ بی۔ اے کے بعد ناصرہ کی شادی بھی اعظم کے ساتھ ہو گئی۔ سعیدہ تو اس شادی میں بھی شریک نہ ہو سکی کیونکہ اس کے ہاں اسی ہفتے دوسرا بیٹا پیدا ہوا تھا۔ ناصرہ سے وہ اس کی شادی ہو جانے کے دو ماہ بعد ملی تھی۔

دونوں اپنے اپنے گھروں میں خوش باش تھیں۔

اس کے بعد دونوں کی ملاقات پھر کبھی نہ ہو سکی تھی۔ ملازمتوں کے سلسلے میں کبھی ایک شہر کبھی دوسرے شہر جانا پڑا۔ پھر ناصرہ اور اعظم باہر چلے گئے ـــــ یوں دونوں اپنے اپنے حالات میں کھو کر رہ گئیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اور اب پورے ۲۲ برس بعد دونوں ملی تھیں۔

ناصرہ کو پاکستان آئے دو تین ہفتے ہو چکے تھے ـــــ وہ خوبصورت اور کشادہ کوٹھی میں اپنی تین بیٹیوں کے ساتھ رہ رہی تھی۔ پچھلے ہفتے اچانک ہی لبرٹی کے ایک ڈیپارٹمنٹل اسٹور میں سعیدہ سے ملاقات ہو گئی۔ سعیدہ نے اسے دیکھا اور اس نے سعیدہ کو۔ بائیس برس کا طویل عرصہ درمیان میں حائل رہا تھا لیکن پہچان اور شناخت کے لیے نظر ہی کافی تھی۔ دونوں بے اختیارانہ انداز میں ایک دوسرے کی طرف بڑھیں اور والہانہ انداز میں لپٹ گئیں۔

"تم..... ناصرہ ـــــ"

"ہائے سعیدہ تم!"

دونوں کے منہ سے بیک وقت یہ جملے نکلے۔ اسٹور میں اِدھر اُدھر گھومتے اور کاؤنٹر پر کھڑے سیلز مین اور..... گاہک دونوں کو مسکرا مسکرا کر دیکھ رہے تھے۔ لیکن کئی لمحے تو دونوں کو گرد و پیش کا خیال ہی نہ رہا تھا۔

"کیسی ہو؟"

"تم کیسی ہو؟"

"ہائے سعیدہ، تم اتنی موٹی ہو رہی ہو۔ لگتا ہے بہت خوش ہو ـــــ"

"اللہ کا شکر ہے ـــــ تم اپنی کہو ـــــ دیسی کی دیسی ہو ـــــ رنگت اور نکھر آئی ہے اور یہ بالوں کی لٹ سیدھی ہو گئی ہے بس ـــــ"

دونوں نے بغل گیر ہونے کے بعد ایک دوسرے کے ہاتھ پکڑ رکھے تھے۔ وہ آمنے سامنے کھڑی بے پناہ خوشی کے اظہار کرتے ہوئے ایک دوسری کی سُنے بغیر اپنی اپنی کہے جا رہی تھیں۔

ناصرہ کی بڑی بیٹی سنبلہ ساتھ آئی ہوئی تھی۔ امّی اور ان کی دوست کی طرف لوگوں

کو زیادہ ہی متوجہ ہوتے دیکھا تو قریب آکر بولی "ممّا پلیز ـــــ آپ اسٹور میں کھڑی ہیں اور لوگ دیکھ رہے ہیں۔"

"یہ کون ہے؟" سنبلہ کے منہ سے ممّا کا لفظ سن کر بھی سعیدہ مارے خوشی اور تجسّس کے بولی اور پھر اپنا تھل تھل کرتا وجود لیے جیسے سنبلہ پر حملہ آور ہوئی "یہ تیری بیٹی ہے نا، ناصرہ تیری بیٹی ہے نا؟"

اس نے جھٹاپٹ سنبلہ کو بھی اپنی بانہوں میں لے کر سینے سے لگاتے ہوئے اسے بھینچ کر پیار کر لیا۔

سنبلہ شرم سے سُرخ ہو گئی۔ لوگ اب تو مڑ مڑ کر ان لوگوں کو دیکھ رہے تھے۔

"باہر چلتے ہیں سعیدہ ـــــ" ناصرہ جلدی سے بولی۔

"ہاں ممّا ـــــ یہاں بہت لوگ ہیں" سنبلہ بولی۔

"تو کیا ہوا ـــــ اتنی مدّت بعد تو ملی ہے تیری ممّا تمہیں کیا پتہ، ہم دونوں کتنی اچھی دوست تھیں۔"

"تھیں یا ہیں" ناصرہ نے ہنس کر ہاتھ پھیلایا۔ تو سعیدہ نے دور سے اُس کے ہاتھ پر ہاتھ مار کر بولی "ہیں بھئی ہیں" دونوں ہنس پڑیں۔ سنبلہ نے منہ بنایا۔

"آؤ ادھر چل کر باتیں کریں" ناصرہ نے اسٹور کے بیرونی برآمدے کی طرف اشارہ کیا۔

سعیدہ غیر متوازن سی چال چلتے ہوئے ناصرہ کے ساتھ ہو لی۔ سنبلہ ان کے پیچھے پیچھے چلی آئی۔

"کچھ شاپنگ تو نہیں کرنا تھی ابھی؟" سعیدہ نے پوچھا۔

"ہائے ہائے، شاپنگ کو مارو گولی۔ ہوتی رہے گی۔ تم اب ملی ہو۔ تو جی بھر کے تمہیں دیکھ تو لوں۔ سناؤ کیا حال چال ہے، کیسے گزر رہی ہے۔ میاں کہاں ہیں اور بچے کتنے ہیں تمہارے؟"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"تم نے تو ایک ساتھ ہی اتنے سوال داغ دیئے۔
"ہائے ناصرہ کیا بتاؤں تمہیں دیکھ کر کتنی خوشی ہو رہی ہے۔"
"مجھے شاید تم سے بھی زیادہ ـــــ دو تین ہفتے آگے ہو گئے۔ کوئی دل کی کہنے سننے والا ملا ہی نہیں تھا۔"
"اب ہم دونوں ملے ہیں تو ڈھیروں باتیں ہوں گی۔"
"تم کہاں ہوتی ہو؟"
"خوش قسمتی سے ان دنوں لاہور ہی میں ہیں ہم۔"
"کہاں رہتی ہو؟"
"اُسی گھر میں!"
"خالہ جان والے گھر میں۔"
"ہاں اماں وہ گھر مجھے دے گئی تھیں ـــــ"
"وہ؟"
"فوت ہو گئیں ـــــ گیارہ برس ہو گئے۔ اور تمہاری امّی؟"
"امّی تین سال ہوئے گزر گئیں۔ ابو کا تو شاید تمہیں پتہ ہو۔ ایکسیڈنٹ ہو گیا تھا۔ کوئی سترہ برس پہلے۔"
"بھائی اور بھابیاں؟
"سب اپنی اپنی جگہ خوش باش۔ تم سناؤ ـــــ کتنے بچے ہیں؟"
"تین۔"
"بیٹے؟"
"دو بیٹے ایک بیٹی۔"
"خوب۔"
"تمہارے؟"
"تین بیٹیاں ایک بیٹا ـــــ تمہارے بچے بھی تو جوان ہوں گے؟"
"تینوں کی شادیاں کر دی ہیں۔"
"سچی!"
"ہاں۔"
"بڑی خوش نصیب ہو۔"
"واقعی اس لحاظ سے ہوں۔ بڑا بیٹا آرمی میں کیپٹن ہے، چھوٹا ایک پرائیویٹ فرم میں اکاؤنٹنٹ ہے۔ بیٹی نے بی اے کیا تھا پچھلے سال۔ نتیجہ نکلنے سے پہلے ہی اچھا رشتہ مل گیا تھا، شادی کر دی۔"
"بہت خوش نصیب ہو۔"
"تم نے ابھی....."
"یہ میری بڑی بیٹی ہے سنبلہ۔ اس سے چھوٹی نملہ ہے، اس سے چھوٹا بیٹا ہے، ناظم ـــــ۔ وہ انگلینڈ میں تعلیم حاصل کر رہا ہے۔ اس سے چھوٹی رملہ ہے۔ ہم چاروں ماں بیٹیاں آجکل یہاں آئی ہوئی ہیں۔"
"اور تمہارے میاں؟"
"وہ ہالینڈ ہی میں ہیں۔"
"سُنا ہے، وہاں تم لوگوں کا بڑا بزنس ہے۔"
"ہاں۔" ناصرہ نے ایک گہری سانس لی۔
دونوں نے کھڑے کھڑے سرسری طور پر ایک دوسرے کو اپنے اپنے متعلق بتایا بائیس برسوں کا پھیلاؤ منٹوں میں تو سمیٹا نہیں جا سکتا تھا۔ اس لیے سعیدہ بولی "کب آؤ گی میرے گھر؟ پتہ تو تمہیں معلوم ہی ہے۔"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

پتہ تو ہے لیکن شہر اتنا بدل گیا ہے، بہر حال میں ڈھونڈ لوں گی۔"

"ہمارا محلّہ تو نہیں بدل گیا۔ وہیں ہے اسی جگہ۔" سعیدہ ہنسی۔

"میرا مطلب نہیں سمجھیں تم۔ دیکھو نا ـــــ اس مارکیٹ کا نام و نشان بھی نہیں تھا شاید جب میں ہالینڈ گئی تھی۔ پرانی بلڈنگیں اب مال روڈ پر ہی دکھائی دیتی ہیں، جگہ جگہ یہ شاندار پلازے۔ مارکیٹیں دکانیں بن چکی ہیں اور مکان تعمیر ہو چکے ہیں۔"

"یہ تو ہے۔ بی بنّو۔ عرصہ بھی تو دیکھو کتنا باہر گزار آئی ہو۔ اب کیا ہمیشہ کے لئے آئی ہو یا پھر؟"

"یہ سب باتیں آرام سے بیٹھ کر کریں گے۔ دیر ہو رہی ہے، بچیاں راہ دیکھ رہی ہوں گی۔"

"پھر کب انتظار کروں ـــــ غائب ہی نہ ہو جانا۔ مجھے بھی اپنے گھر کا پتہ دے دو۔ تم نہ آئیں تو میں چلی آؤں گی۔"

ناصرہ نے پرس کھولا۔ نوٹ بک نکالی اور اپنے گھر کا پتہ لکھ دیا۔ وہ گلبرگ میں رہتی تھی۔ مین بلیوارڈ میں۔ اس کا گھر ڈھونڈنا قطعاً مشکل نہیں تھا۔ بڑی نشانی تو چائنیز ریسٹورنٹ کی تھی۔

"بس بس پتہ چل گیا مجھے۔ اس ریسٹورانٹ میں تو میں اور رشید اکثر آتے رہتے ہیں۔"

"ٹھیک۔"

"میں تو فارغ ہوتی ہوں۔ کل ہی آجاؤں گی۔ گھر پر مل سکو گی؟"

"کل؟"

"ہاں۔"

"آجانا ـــــ ضرور۔ میں انتظار کروں گی ـــــ دیکھو سعیدہ، ایسا کرو کہ صبح صبح آ جانا۔ سارا دن اکٹھے گزاریں گے۔"

"بالکل ٹھیک۔ رشید کا دفتر ادھر ہی ہے ـــــ شیر پاؤ برج کے نیچے مڑتے ہوئے وہ مجھے ڈراپ کرتے جائیں گے۔"

"بہت اچھا۔ بہت اچھا ـــــ ضرور آنا۔ بھول نہیں جانا۔"

"لو بھلا بھول سکتی ہوں۔ ناصرہ مجھے رات بھر نیند نہیں آئے گی۔ اللہ، یقین نہیں آ رہا کہ ہم تم ملے ہیں۔"

ناصرہ مسکرانے لگی۔ سعیدہ نے سنبلہ کی طرف دیکھا اور بولی "ہماری بٹیا بور ہو رہی ہے۔"

"نہیں آنٹی۔" سنبلہ جلدی سے بولی ـــــ "اندر اسٹور میں لوگ ہماری طرف متوجہ ہو گئے تھے۔ یہاں جتنی دیر رُکنا ہے، رُک لیں۔"

"اب کل تمہارے گھر ہی آؤں گی۔ مجھے تھوڑی سی چیزیں لینا ہیں وہ لے لوں۔"

"چلیں ہم؟"

"جاؤ۔"

"خدا حافظ۔"

"خدا حافظ۔" دونوں پھر تپاک سے بغلگیر ہو گئیں۔

سعیدہ بار بار ہاتھ ہلاتے مڑ مڑ کر انہیں دیکھتے ایک بڑے اسٹور کی طرف بڑھ گئی۔ سنبلہ اور ناصرہ دونوں سڑک کراس کر کے اپنی گاڑی کی طرف آ گئیں۔

"مما آپ اپنی اسی دوست کی باتیں کیا کرتی تھیں نا کہ بہت باتونی ہیں بہت مذاقیہ ہیں۔"

"ہاں۔ میری بڑی پیاری سہیلی ہے۔ بہنوں سے بھی بڑھ کر۔"

سنبلہ نے ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھتے ہوئے کہا "اچھا ہے آپ کو کمپنی دیا کریں گی۔"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ناصرہ دوسری سیٹ پر بیٹھ گئی۔ شاپنگ بیگ اس نے پچھلی سیٹ پر رکھ دیا

"بالکل ـــــ ویسے بھی کام آئے گی۔ یہ تو پاکستان ہی میں رہی ہے۔ اس کے م
بہت سے لوگوں سے ہوں گے۔ ویسے بھی بڑی سوشل ہے۔ ہمارے کام آئے گی"

سنبلہ نے سرسری نگاہ ماں پر ڈالی ـــــ پھر بولی "مما، ملک چھوڑ کر جا
والوں کو بہت سے مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔"

"ہاں بیٹی ـــــ"

دوسرے ممالک میں بس کر بھی اپنی مٹی سے ان کا رشتہ نہیں ٹوٹتا۔"

"یہی بات ہے سنبلہ ـــــ جڑیں اپنی ہی زمین میں رہتی ہیں نا۔ تے ٹوٹ نہ
پاتے، دوسرے معاشرے میں بھی تو فٹ نہیں ہو سکتے نا ـــــ اس لیے مسائل پیش آ
ہیں۔ ہمارا کیس ہی دیکھو ـــــ"

"تو کیا مما صرف دولت کمانے کے لیے ہی وطن چھوڑتے ہیں لوگ؟"

جس وقت دولت کمانے اور بہتر معیار زندگی کا جنون سر میں سماتا ہے، اس وقت
ان مسائل سے آگہی نہیں ہوتی یا یوں کہہ لو کہ آدمی ان کے متعلق سوچتا ہی نہیں۔"

"سوچ بیس بائیس برس بعد آتی ہے۔" سنبلہ نے پھیکی سی مسکراہٹ لبوں پر لاتے
ہوئے ماں سے کہا۔ ماں نے ایک گہری سانس چھوڑتے ہوئے آہستگی سے سر ہلایا۔ وہ
اس وقت شکست خوردہ سی نظر آ رہی تھی۔

"مما آپ کو احساس ہوتا تھا نا کہ آپ نے ملک چھوڑ کر غلطی کی تھی؟" سنبلہ ڈرائیو
کرتے ہوئے بولی۔

"بہت ہوتا تھا۔ لیکن اب سعیدہ کو دیکھ کر تو زیادہ ہی ہو رہا ہے۔ ہم نے
سوائے بے پناہ دولت کے اور کیا پایا ہے وہاں بس کر ـــــ اپنوں سے کٹ کر جیے،
ماحول سے بچھڑے لیکن وہ نہ بن سکے۔ جو اس ماحول کا تقاضا تھا۔ ہماری ضرورتیں ہمار

پرابلم تو اپنے وطن ہی سے وابستہ تھے نا ـــــ سعیدہ کو دیکھو ـــــ تینوں بچوں سے فارغ
ہو چکی ہے۔ ہماری طرح اُس کے پاس بھلے دولت نہ ہو لیکن خوش باش ہے۔ میاں
بیوی سکون کی زندگی تو گزار رہے ہیں۔ اس کے مقابلے میں ـ میں۔" اس نے ایک گہری
سانس بھری ـــــ سنبلہ قدرے بے چین ہوئی۔ پھر نارمل ہو کر گاڑی چلانے لگی۔ ماں
کی توجّہ ان گھمبیر مسائل سے ہٹانے کے لیے وہ اِدھر اُدھر کی باتیں کرنے لگی۔

ناصرہ نے سیٹ کی پشت پر سر ٹکا دیا۔ سنبلہ کی باتیں سُنی اَن سُنی کرتے ہوئے وہ
سوچوں میں ڈوب گئی۔ برسوں پہلے کے واقعات متحرک فلم کی طرح ذہن کی اسکرین پر
اُترنے لگے۔

بی اے کرتے ہی اُس کی شادی کی تیاریاں شروع کر دی گئی تھیں۔ دو تین رشتے
ہاتھ میں تھے۔ لیکن امّی اور ابّا اعظم کو پسند کرتے تھے۔ اعظم سے رشتے داری تو نہ تھی
لیکن اس کے والدین سے ملنا جلنا تھا۔ دیکھے بھالے لوگ تھے۔ اسی لیے اُس کے حق
میں فیصلہ کیا تھا حالانکہ بڑے بھیّا نے اعتراض بھی کیا تھا۔

"جمال ہر لحاظ سے اچھا ہے۔ خوبرو نوجوان ہے۔ تعلیم بھی اعظم سے زیادہ ہے
اور نوکری بھی اچھی ہے۔ پتہ نہیں، آپ لوگوں کو اعظم ہی کیوں من بھایا ہے۔ جمال کے
بارے میں پوچھ پڑتال کی جا سکتی ہے۔"

ابّا نے فیصلہ کُن لہجے میں کہا تھا "ٹھیک ہے، اعظم کی تنخواہ جمال سے کم ہے
لیکن یہ لوگ دیکھے بھالے ہیں۔ ان کی شرافت مسلّم ہے۔ اعظم خود بھی بہت ٹھہرا ہوا
سُلجھا ہوا لڑکا ہے، جمال کی طرح خوبصورت نہ سہی لیکن بدصورت بھی نہیں۔ ناصرہ کے
لیے اعظم کا رشتہ ہی ٹھیک ہے۔"

بھیّا چپ ہو گئے تھے۔ ہو سکتا ہے، ابّا کے فیصلے اور اُن کی عقل پر انھوں نے
دل ہی دل میں ماتم بھی کیا ہو ـــــ لیکن بزرگوں کے سامنے تب زبان چلانے کا دستور

نہیں تھا۔ اس لیے بڑے بھیا کچھ کہنا چاہتے بھی تھے تو کہہ نہ سکے۔

"جانچ پڑتال اپنی تسلی کے لیے کرنا ضروری ہوتا ہے۔ باقی یہ قسمت کے پھیر ہیں۔ اور پھر روپیہ پیسہ تو قسمت میں ہو تو مل ہی جاتا ہے۔ دیکھنا یہ ہے کہ دل کہاں رشتہ کرنے کو مان رہا ہے۔"

"جیسے آپ کی مرضی ابا جی ___" بھیا نے سعادت مندی کا ثبوت دیتے ہوئے یہ بات کہہ دی تھی۔ ابا جی نے رشتے کی بات طے کر دی۔ اور شادی کی تیاریاں ہونے لگیں۔ امی جہیز بنانے میں مصروف ہو گئیں۔ ناصرہ بھی خوشی خوشی امی کا ہاتھ بٹانے لگی۔ وہ ایک ہی بچی تھی نا۔ اس لیے جہیز امی نے حیثیت سے بڑھ کر ہی دیا۔

ناصرہ، اعظم کے گھر میں دلہن بن کر اُتری تو جیسے اس چھوٹے سے گھر میں بہار کا نزول ہو گیا۔ ماں بیٹا چاند سی دلہن دیکھ کر نہال ہو گئے۔ جہیز سے گھر بھر گیا۔ گلی محلے میں اعظم اور اُس کی ماں کی بڑی واہ واہ ہوئی۔ ناصرہ خوشی سے پھولی نہ سماتی تھی۔ اعظم نے اُسے ٹوٹ کر چاہا۔ محبتوں کی حسین پھوار نے ناصرہ کا تن من بھگو دیا۔

دن پر لگا کر اڑتے چلے گئے۔ چاہتوں کی رُت بدلی نہیں۔ دونوں ایک دوسرے کے دیوانے بن گئے۔

"ناصرہ" اعظم سرشار سے لہجے میں کہتا۔

"جی" وہ مخمور انداز میں جواب دیتی۔

"اگر تم نہ ملتیں ___ تو ___"

"کیسے نہ ملتی۔ ہمارا بندھن تو آسمان پر بندھ چکا تھا۔"

"یہ میری خوش نصیبی ہے۔ جو تم جیسی شریک حیات مل گئی۔ زندگی کا سفر کٹھن ہے لیکن ہم دونوں ساتھ ساتھ سفر کی منزلیں طے کریں گے تو ساری کٹھنائیاں مٹ جائیں گی۔"

"راہگزر پھولوں سے ڈھکی ملے گی اعظم۔ ہم ہنستے مسکراتے مہکتے ہوئے راستوں سے گزر جائیں گے۔"

"تم ہمیشہ میرا ساتھ دو گی نا۔"

"یہ ساتھ ہمیشگی کے لیے بندھا ہے تم سے اعظم۔ میری دنیا میرا جہان۔ میری خوشیاں میرے غم۔ سب تمہی ہو۔ تم ہی ہو۔"

"ناصرہ ___ میری جان، میری روح، میری زندگی۔"

"ہمیشہ ایسا ہی سمجھو گے نا۔"

"جب تک سانس کی ڈوری بندھی ہے۔ میرے احساسات اور جذبات ایسے ہی رہیں گے ناصرہ۔"

دونوں مسحور و مخمور ہو جاتے۔

اعظم واقعی انتہائی شریف اور سلجھا ہوا آدمی تھا ___ مالی لحاظ سے وہ بہت بلند نہیں تھا لیکن خوب سے خوب تر کی تلاش تھی۔ جدّوجہد کرنا جانتا تھا۔ ایک خوبصورت پُرآسائش زندگی کے تصوّرات اُس کے ذہن میں بھی تھے۔ اور جب سے ناصرہ ملی تھی یہ تصوّرات کچھ زیادہ ہی حسین و رنگین ہو گئے تھے۔ انہیں پانے کے لیے وہ سنجیدگی سے سوچ بچار کرنے لگا تھا۔ اس بارے میں وہ ناصرہ سے بھی صلاح مشورے کرتا رہتا۔

"ناصرہ"

"ہوں"

"میری تنخواہ کم پڑتی ہے نا۔ سوچتا ہوں یہ نوکری چھوڑ دوں۔"

"نوکری چھوڑ کر کیا کرو گے؟"

"کوئی اور تلاش کروں گا۔"

"پہلے تلاش کر لو پھر چھوڑنا۔ یہ نہ ہو اتنی تنخواہ سے بھی جائیں۔"

"ناصرہ، تم [illegible]"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"مثلاً؟"

"ایک محل نما گھر بنانا چاہتا ہوں۔ اُس میں آسودگی اور آسائش کی ساری چیزیں سارے لوازمات اکٹھے کرنا چاہتا ہوں۔ جی چاہتا ہے، اِس گھر میں تم شہزادیوں جیسی آن بان کے ساتھ رہو۔"

وہ اُس کی بات پر کھل کھلا کر ہنس پڑتی ــــ پھر کہتی "اعظم ــــ میں تمہارے پیار کی حسین دُنیا کی شہزادی ہی تو ہوں جسے من کی دولت مل جائے اُسے اور کیا چاہیئے اعظم ــ"

"نہیں ناصرہ۔ دنیا میں رہنے کے لیے اور چیزوں کی بھی ضرورت پڑتی ہے۔ ابھی تو ہم دو ہیں۔ دو سے تین ہوں گے۔ چار پانچ چھ ہوں گے تو ــــ"

"بس بس ــــ چھ سے سات اور سات سے آٹھ ــــ یوں لائن لگانے کا مت سوچو!"

"لیکن ہے تو حقیقت ــــ"

"جو ابھی دُور ہے۔"

"ہمیں اس کا سنجیدگی سے نوٹس لینا چاہیئے۔"

"اچھا بابا ــــ جو جی چاہے کرو۔"

"یہ ہوئی نا بات۔"

اعظم، ناصرہ سے حوصلہ افزائی پا کر تگ و دو میں لگ جاتا۔ لیکن اُسے اچھی نوکری نہ ملی۔ ایک شام وہ گھر آیا تو ناصرہ سے کہا "میرا ایک دوست ویزے لے کر آیا ہے۔ میں ایک ویزا خرید نہ لوں ــــ"

"باہر جانے کے لیے؟" وہ گھبرا کر بولی۔

"ہاں۔ باہر جا کر ہی قسمت آزمائی کروں۔ جو بھی باہر گیا ہے دن پھر گئے ہیں اُس کے۔ جتنی محنت یہاں کر رہا ہوں۔ باہر جا کر کروں تو اس سے کہیں زیادہ پیسہ ملے گا۔"

"لیکن ــــ"

"کیا؟"

"میں تمہارے بغیر نہیں رہوں گی۔"

"یہ کیسے سوچا تم نے۔ میں تمہارے بغیر رہ سکتا ہوں کیا؟ جہاں میں جاؤں گا تم بھی جاؤ گی۔"

ناصرہ نے مطمئن ہو کر اعظم سے کہا "اگر تم باہر جانے میں بہتری سمجھتے ہو تو ٹھیک ہے۔ آزما دیکھتے ہیں قسمت کو۔"

"تو پھر میں لے لوں ویزا ــــ؟"

"میں نے کہا نا۔ بہتری سمجھتے ہو تو ٹھیک ہے لیکن یہ ذہن نشین کر لو۔ جہاں بھی جاؤ گے میں ساتھ جاؤں گی۔"

اعظم مسکرا کر بولا ــــ "تم تو میری روح ہو۔ روح کے بغیر جسم کی کیا حیثیت؟"

ناصرہ خوش ہو گئی۔

اعظم سنجیدگی سے باہر جانے کی سوچنے لگا ــــ ویزا ملنا مشکل نہ تھا ــ پیسے باہر جا کر کما کر لوٹائے جا سکتے تھے۔

اعظم کا آبائی پیشہ ہیرے تراشنے کا تھا۔ اس فن کو اُس کے آباؤ اجداد نے بڑے عروج پر پہنچایا تھا۔ اس کے دادا ہیرا تراشنے کے ماہر تھے۔ اس کے باپ نے بھی کافی عرصے یہ کام جاری رکھا تھا۔ اور اعظم کی تربیت بھی انہی کے ہاتھوں ہوئی تھی۔ اعظم اب بھی نگینے اور موتی تراشنے کی فیکٹری میں کام کرتا تھا لیکن محنتانہ بہت کم تھا۔ اعظم کے اس دوست نے اسے باہر جا کر اس فن میں ٹریننگ لینے اور جلا بخشنے کی صلاح دی تھی۔ باہر جا کر وہ کہیں بھی نوکری کر کے اپنے اس فن میں مہارت حاصل کر سکتا تھا۔

اس نے تھوڑی سی جمع پونجی جو پاس تھی، وہ تیاری پر صرف کی۔ ویزے کی آدھی رقم دے کر آدھی اُدھار کی ــــ ویزا کویت کا تھا۔ اعظم کو یہ جگہ مناسب لگی۔ یہاں وہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اپنی فنکارانہ صلاحیتیں بروئے کار لا سکتا تھا۔ اس نے پلان بنا لیا۔ کچھ عرصہ نوکری کر کے روپیہ کمانا تھا۔ پھر ٹریننگ کے لیے اُسے دنیا کے جس ملک میں بھی جانا پڑتا، اُس نے اپنے آپ کو ذہنی طور پر تیار کر لیا تھا۔ ناصرہ بھی راضی بہ رضا تھی۔

"کچھ عرصہ تنگی ترشی سے نباہ کرنا پڑا تو کر لوگی نا ــــ؟" اُس نے ناصرہ سے کہا۔

"تمہارے ساتھ ہر راہ گزر سے گزر جاؤں گی ــــ"

اعظم کویت چلا گیا۔ ناصرہ کو تین چار ماہ اُس سے الگ ہو کر جینا پڑا۔ جدائی کی اس کیفیت سے دو چار ہو کر ہی دونوں کو اندازہ ہوا کہ وہ ایک دوسرے کے لیے کیا معنی و حیثیت رکھتے ہیں۔

لیکن یہ تکلیف انھوں نے ایک سہانے خواب کو پانے کے لیے کاٹی تھی۔ اعظم کو کویت میں ایک بڑے جوہری کے ہاں ملازمت مل گئی۔ خوش بختی ساتھ دینے پر تلی تھی۔ راستے خود بخود بنتے گئے۔ اعظم نے دن رات محنت کی اور اس کا پھل بھی ملا۔ تنخواہ دگنی ہو گئی۔ گھر بھی مل گیا۔ اب وہ اور ناصرہ زندگی کی شادابیوں سے لُطف اندوز ہو رہے تھے۔ فراغت اور خوشحالی تھی۔ اعظم اب بھی خوب سے خوب تر کی تلاش میں تھا۔ نئی جہتیں تلاش کرنے میں لگا تھا۔ سنبلہ کویت ہی میں پیدا ہوئی۔ دونوں بہت ہی خوش تھے۔

"ہماری بچی بہت ہی بخت آور ہے۔"

"ہماری خوش بختی کی علامت ہے۔"

سنبلہ کے پیدا ہوتے ہی اعظم کی تنخواہ میں گرانقدر اضافہ ہوا تھا۔ اور اُس کے مالک نے خود ہی اُسے جاپان بھیجنے کی پیشکش کی تھی۔ کٹنگ کی ٹریننگ لینے کے علاوہ پرل کلچر کرنے کے متعلق بھی اُسے معلومات حاصل کرنا تھیں۔

جب عزم و ہمت جوان اور قسمت کی دیوی مہربان ہو تو منزلیں خود بخود سامنے آ جاتی ہیں اور ترقی کی راہیں کُھلتی جاتی ہیں۔ چار پانچ سالوں میں اعظم اپنے فن میں ماہر

ہو چکا تھا۔

سنبلہ کے بعد نملہ اور نملہ دو سال کی تھی کہ ناظم پیدا ہوا۔ ناصرہ کو سب کچھ مل گیا تھا۔ اولاد بھی اور دولت بھی۔ لیکن اعظم ابھی مطمئن نہیں تھا۔ وہ آگے ہی آگے بڑھنا چاہتا تھا۔ تلاش جاری تھی جدوجہد کر رہا تھا۔ اس منزل کو پانے کی جستجو میں تھا۔ جو اُس کے ذہن میں نشان زدہ تھی۔

وقت گزرتا چلا گیا۔ اعظم نے مڈل ایسٹ کے ملکوں کو خیرباد کہا۔ اور یورپی ممالک میں قسمت آزمائی کی۔ جرمنی میں کچھ عرصہ گزارا۔ اٹلی میں رہا۔ ناروے میں کچھ دن رہا۔ پھر ہالینڈ چلا آیا۔ یہاں کچھ عرصہ اس نے نوکری کی۔ اُس کے ساتھ اپنا ذاتی کاروبار شروع کیا ــــ ہیرے کی تراش خراش کے لیے یہ جگہ سودمند تھی۔ قسمت یاور تھی ــــ اُس کا کام پھیلتا چلا گیا ــــ یہیں اُس نے قدم جما لیے۔ ویسے بھی اب ایک جگہ قیام ضروری تھا۔ سنبلہ اور نملہ کی پڑھائی شروع تھی۔ ناظم بھی چار سال کا ہو چکا تھا۔ اور رملہ بھی فیملی میں اضافے کا باعث بنی تھی۔

ناصرہ اب چار بچوں کی ذمے دار ماں تھی۔ وہ ان بچوں میں بٹ چکی تھی۔ عورت کوکھ میں بٹتی ہے، تقسیم ہوتی ہے اور جب بٹ جاتی ہے، تقسیم ہو جاتی ہے تو اس کا اپنا آپ رہتا ہی کہاں ہے۔ اپنی شناخت کھو کر وہ اُن سے پہچانی جاتی ہے۔ جن میں بٹتی اور تقسیم ہوتی ہے ــــ

اعظم بے انتہا دولت کما رہا تھا۔ اُس کے سہانے خواب ایک ایک کر کے پورے ہو رہے تھے۔ بیوی اور بچے اس کی زندگی کا حسین حاصل تھے۔ بے پناہ دولت نے اس کے کردار کو کسی بُرے رُخ کی طرف نہیں موڑا تھا۔ وہ اب بھی اتنا ہی شریف، اتنا ہی سُلجھا ہوا انسان تھا جتنا ہمیشہ سے تھا۔

جس دن اعظم نے وہ خوبصورت محل نما سجا سجایا گھر خریدا تھا اور اُس کی چابیاں ناصرہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کودی تھیں، وہ اُس کی زندگی کا خوبصورت ترین دن تھا۔

"یہ گھر تمہارا ہے، تمہارے نام خریدا ہے میں نے۔ میری ایک دیرینہ خواہش پوری ہوئی ہے۔ ناصرہ میں آج بہت خوش ہوں۔"

"خدا ہماری خوشیاں ہمیشہ برقرار رکھے۔"

"آمین۔"

اپنے نئے گھر میں آکر ناصرہ، اعظم اور بچے سب بہت خوش تھے۔

"اعظم۔" ایک دن ناصرہ نے اپنے خوبصورت بیڈ پر اُس کے پہلو میں لیٹے لیٹے کہا۔

"ہوں۔"

"ایک بات کہوں مانو گے؟"

"ضرور۔"

"میری خواہش ہے کہ ہم ایک گھر لاہور میں بھی اپنے لیے خرید لیں۔"

"لاہور میں ——"

"ہاں۔ کسی اچھے سے علاقے میں۔"

"وہ کس لیے؟"

"اس لیے کہ جب کبھی بھی پاکستان کا چکر لگے۔ ہم اپنے گھر میں جا کر رہیں۔"

"تیسرے چوتھے سال پاکستان جانا ہوتا ہے —— اس کے لیے گھر خریدنا....."

"تم نہیں جانتے۔ اپنا گھر وہاں بھی ہونا چاہیے —— ہم یہاں رہیں۔ جب بھی ہماری جڑیں تو وہاں کی مٹی میں ہیں نا۔"

"وہ تو ٹھیک ہے لیکن ہم پھل پھول تو یہاں رہے ہیں۔ جڑیں وہاں ہیں تو رہیں۔"

"تم نہیں جانتے کہا ہے نا میں نے۔ ہماری بیٹیاں ہیں۔ ہمیں ایک نہ ایک دن اپنے وطن جانا ہی ہے۔ یہ بڑی ہو رہی ہیں۔ ظاہر ہے، اس معاشرے میں پنپ نہیں

سکتیں —— ان کی شادیاں کرنا ہیں۔"

اعظم ہنس پڑا —— "حد ہو گئی۔ ابھی سے تمہیں ان کی شادی کی فکر پڑ گئی۔ ابھی تو ان کا بچپنا بھی نہیں گیا۔"

"آج چھوٹی ہیں کل بڑی ہو جائیں گی۔ ان کے مستقبل کا ابھی سے سوچنا ہے۔"

"وہ تو سوچ رہے ہیں۔ ہم نے اپنے بچوں کو اپنا مشرقی ماحول ہی دیا ہے۔ پاکستانی طریق سے پال رہی ہوا نہیں —— وہ اپنی زبان بولتی ہیں —— اپنے....."

"اس کے باوجود بھی یہاں کا ماحول اُن پر اثر انداز ہو رہا ہے۔ جس معاشرے میں وہ رہ رہی ہیں۔ ان سب..... باتوں کے باوجود اس کا اثر بھی قبول کریں گی۔"

"یہ تو ہے۔"

"یہ معمولی بات نہیں اعظم۔ اس سے ہمارے لیے کئی مسائل پیدا ہوں گے۔"

"سب سے نمٹ لیں گے۔ تم فکر نہ کرو۔"

"نمٹنے ہی کا تو بندوبست کرنا چاہتی ہوں۔"

"یعنی؟"

"لاہور میں ایک کوٹھی خرید لو۔"

"خرید لو —— خالی رکھنے کے لیے۔"

"بھئی، وہاں چوکیدار رکھ لیں گے۔"

"پھر ——؟"

"پھر یہ کہ ہم ہر سال وہاں جایا کریں گے۔ چھٹیاں بچے وہاں گزارا کریں گے۔ اس طرح وہ اس ماحول کے زیادہ قریب رہیں گے۔ اجنبی نہیں ہوگا پاکستانی ماحول بچوں کے لیے۔"

"بالکل ٹھیک ——"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"تو پھر لکھ دوں بڑے بھیّا کو —— گلبرگ میں ہمارے لیے کوٹھی خرید لیں۔"

"جیسے تمہاری مرضی۔"

"میری مرضی نہیں اعظم —— یہ ہماری ضرورت ہے۔"

"اچھی بات ہے۔"

ناصرہ نے دوسرے دن ہی بڑے بھیّا کو اپنی پسند کی کوٹھی خریدنے کا لکھ دیا۔

بھیا نے ایک شاندار اور خوبصورت کوٹھی ان کے لیے خرید لی۔ ضروری سامان بھی ڈلوا دیا۔ روپے پیسے کی کمی تھی نہیں، اس لیے ہر چیز بڑھیا اور قیمتی خریدی گئی۔ سب کچھ کر کے انھوں نے کوٹھی کے لیے ایک ایماندار چوکیدار کا بندوبست بھی کر دیا۔

ناصرہ نے سکھ اور سکون کا سانس لیا۔ اپنے طور پر اُس نے ایک بہت بڑے مسئلے کو حل کر لیا تھا۔ لیکن اس منصوبے کے مطابق ہر سال پاکستان نہ جایا جا سکا۔ کچھ اعظم کی بے پناہ مصروفیات اور کچھ بچوں کی تعلیمی ضرورت —— پہلے کی طرح تیسرے چوتھے سال ہی جانا ہو سکا۔ وہ بھی چار چھ ہفتے کے لیے۔ بچے بھی پاکستان سے زیادہ انگلینڈ فرانس اور امریکہ جا کر چھٹیاں گزارنا پسند کرتے تھے۔

وقت گزرتا رہا۔ ناصرہ اور اعظم کی مصروفیات بڑھتی جا رہی تھیں۔ دھن برس رہا تھا۔ کاروبار پھلتا پھولتا جا رہا تھا۔ اتنا پھل رہا تھا کہ اعظم اکیلا سنبھال نہیں پا رہا تھا۔ سر کھجانے کی بھی فرصت نہ ملتی تھی۔

ناصرہ کو جہاں بے پناہ خوشی مل رہی تھی، وہاں پریشانی بھی ہو رہی تھی۔ اعظم کی ذمّے داریوں اور کام کے پھیلاؤ سے وہ کسی وقت خوفزدہ سی ہو جاتی۔ اکثر اعظم سے کہتی

"اعظم۔ بہت بار ڈال لیے ہیں تم نے اپنے اوپر۔ فیکٹری کی مشینوں کی طرح ایک مشین بنتے جا رہے ہو۔ آرام بھی کیا کرو۔ صحت زیادہ کام سے متاثر ہو گی۔ اتنا پیسا کا کیا کریں گے ہم۔ بہت ہے۔ بہت زیادہ۔

اعظم اس کی باتوں پر ہنس دیتا۔ "تو کیا چلتی گاڑی کو جام کر دوں۔ پگلی کام بڑھتا ہی جائے گا۔ یہ خدا کی دین ہے اور میری محنت۔"

"وہ تو ہے۔ لیکن تم خود بھی تو ریسٹ لیا کرو۔ تمہارے دو مینجر ہیں۔"

"کام مینجروں پر نہیں چھوڑا جا سکتا ناصرہ۔ اور رہا ریسٹ۔ تو میرا ریسٹ یہی ہے۔ جب بھی بڑا آرڈر کسی بھی ملک سے آتا ہے تم نہیں جانتیں خوشی کی لہریں میری رگ رگ میں ہلکورے لینے لگتی ہیں —— ساری تھکن دور ہو جاتی ہے۔ میری صحت کیا پہلے سے اچھی نہیں؟"

"خدا نظرِ بد سے بچائے۔"

"ناصرہ تم ہی تو کہتی ہو کہ ہماری بچّیاں ہیں۔ اُن کے مستقبل کا سوچنا ہے۔ اُن کی شادیاں پاکستان جا کر کرنا ہے اور وہاں کے رسم و رواج کے مطابق دھوم دھڑکا کرنے اور لمبا چوڑا جہیز دینے کے لیے پیسے کی ضرورت ہے۔"

"وہ تو ہے۔"

"یہ تگ و دو انھی کے لیے تو کر رہا ہوں۔ میں نے ہر ایک بچّی کا اکاؤنٹ کھول رکھا ہے۔ اور اُن کے حصّے کا پرافٹ اُن کے اکاؤنٹ میں باقاعدگی سے جمع کراتا ہوں۔"

"پھر بھی۔" ناصرہ اُسے عقیدت سے دیکھتے ہوئے کہتی۔ "اپنا خیال رکھا کرو ——"

"جب تک تم ہو میرا خیال رکھنے والی۔" اعظم پیار سے اسے دیکھتے ہوئے کہتا۔ "میں بالکل فِٹ ہوں۔"

دونوں ایک دوسرے کو دیکھ کر سرشار ہو جاتے۔

اعظم کی امّی اچانک ہی بیمار ہوئیں اور فوت ہو گئیں۔ اعظم کو اطلاع ملی تو ظاہر ہے ماں کے بچھڑ جانے کا دکھ ہوا —— وہ جو دو تین بار پاکستان آیا تھا تو محض ماں کی خاطر۔ انھیں اپنے ساتھ لے جانے کی بھی بہت دفعہ کوشش کی تھی لیکن امّی اپنی زمین سے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

چھُٹ کر جینے کا تصوّر بھی نہ کر سکتی تھیں۔ اب وہ مر کر اپنی زمین ہی میں سما گئی تھیں، دُکھ ناصرہ کو بھی بہت ہوا۔

"پاکستان جانے کی تیاری کرو اعظم ــــــ" ناصرہ نے اطلاع ملنے کے دو تین روز بعد کہا۔

"اب کیا فائدہ جانے کا ــــــ امّی تو ہیں نہیں"

"اعظم، ہمارا جانا ضروری ہے۔ ماں کے ہم لوگ قریب نہ ہونے کی وجہ سے تیمارداری نہیں کر سکے۔ ان کا آخری دیدار بھی نہیں ہو سکا، اُن کی میّت کو کندھا بھی نہیں دیا جا سکا۔ اب وہاں جا کر اُن کے ماتم میں شریک تو ہونا چاہیئے"

"دکھ اور صدمہ جتنا مجھے ہوا ہے۔ وہاں کسی کو نہیں ہوا ہوگا۔ رسمی اور تکلّفاتی دکھ کا اظہار کس لیے ــــــ"

"جانا ضروری ہے"

"تم چلی جاؤ۔ میں تو ایک دن کی فرصت بھی نہیں نکال سکتا"

"بُری بات ہے"

"ماں زندہ ہوتی۔ بیماری کی اطّلاع ملتی تو میں شاید سارے کام چھوڑ کر اُن کے قدموں میں جا بیٹھتا لیکن اب فضول ہے ــــ ہاں، تم بے شک کچھ دنوں کے لیے چلی جاؤ۔ لوگوں سے رابطہ رہے گا"

زیادہ بحث و تکرار فضول تھی۔ ناصرہ نے رختِ سفر باندھا اور پاکستان چلی آئی۔ یہاں ساس کی تعزیت کے لیے آنا ضروری تھا۔ اور بھی بہت سے کام تھے۔ نئی کوٹھی بھی دیکھنا تھی اور اس کا مناسب انتظام بھی کرنا تھا۔ اس کے علاوہ بیٹیوں کے متعلق بھی لوگوں کو بتانا تھا اور اُن کے رشتوں کے لیے بھی کچھ ابتدائی کارروائیاں کرنا تھیں۔

اُن کی دولت کے چرچے تو یہاں ہوتے تھے۔ رشتے دار عزیز و اقارب اکثر اسی

حوالے سے ان کی باتیں کیا کرتے تھے لیکن اس دولت نے ناصرہ کے لیے جو مسائل کھڑے کیے تھے وہ یہ لوگ کم ہی جانتے تھے۔ سنبل اب بیس سال کی ہو رہی تھی۔ رملہ بھی اب چودہ سال کی جوان لڑکی تھی۔ انھیں پڑھا لکھا کر پال پوس کر جوان تو کیا تھا۔ اب اُن کی شادیاں کرنے کا سوچتی تھی۔

اس نے بڑے بھیّا اور بھابی سے رشتوں کی بات کی۔

"کوشش کریں گے" بھیّا نے کہا۔

بھابی بولیں۔ ان کو بھی ساتھ لیتی آتیں تو ایک آدھ رشتہ نظر میں تھا۔ بنا لڑکی دیکھے لوگ رشتے کی ہامی کہاں بھرتے ہیں؟

ناصرہ نے کہا" اگلے سال میں انہیں ساتھ لے کر آؤں گی۔ آپ کوشش تو کیجیے گا بس پڑھے لکھے اور سلجھے ہوئے لڑکے ہوں۔ دولت خدا نے ہمیں بہت دے رکھی ہے"

"دولت کے بل بوتے پر ہی رشتے ہوں گے" بھابی نے حقیقت بیان کی۔

"ہاں، میں جانتی ہوں بھابی ــــــ میری بیٹیاں حسین نہیں ہیں۔ بس قبول صورت ہیں۔ لیکن تعلیم یافتہ بھی تو ہیں۔ تعلیم شخصیت کو کندن بنا دیتی ہے"

بھابی جہاندیدہ عورت تھیں، بولیں" ہمارے معاشرے میں ایسی چشم بینا ہر ایک کے پاس نہیں ہوتی۔ پر خیر لڑکیاں بدشکل تو نہیں۔ خاصی اسمارٹ ہیں۔ اور دولت مند بھی۔ رشتے مل جائیں گے۔ لیکن ناصرہ، میری بات مانو اگر یہاں رشتے کرنے ہیں، تو لڑکیوں کو لے کر یہاں کچھ عرصہ قیام کرو۔ لوگ باہر خاص کر یورپی ممالک میں پلنے والی لڑکیوں کو بھی اسی معیار پر پرکھتے ہیں"

ناصرہ بولی" کیا مطلب؟"

"بھئی ہمارے ذہنوں میں مغرب کی آزادی کی جو صورت نقش ہے۔ لوگ ان لڑکیوں کو بھی اسی معیار پر پرکھتے ہیں"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"لیکن میں نے اپنی بیٹیوں کو خالص پاکستانی انداز میں پالا پوسا ہے۔"

"اسی لیے تو میں کہتی ہوں۔ انھیں لے کر یہاں آجاؤ۔ لوگ انھیں دیکھیں، اُن کی بود و باش سے اندازہ کریں۔ ان کے طور و طریق سے متاثر ہوں۔"

ناصرہ کبھی کبھی ہنسی ہنستے ہوئے بولی۔ "تو گویا تین بیٹیوں کے لیے مجھے دو چار سال کے لیے یہاں رہنا ہوگا۔"

"تم خود سمجھ دار ہو۔ رشتے یہاں کرنے ہیں تو تمہیں یہاں قیام کرنا ہی پڑے گا۔ لڑکیاں بھی یہاں کے ماحول میں اپنے آپ کو جذب کریں۔ مانا کہ تم نے انھیں اپنے ماحول کے تقاضوں کے مطابق پروان چڑھایا ہے۔ پھر بھی وہاں کا معاشرہ اور ماحول اُن کے ذہن پر ضرور اثر انداز ہوا ہوگا۔ ان کے تصورات انہی سانچوں میں ڈھلے ہوں گے۔"

ناصرہ نے ایک گہری سانس لے کر کہا۔ "یہ تو ہے۔"

"پھر سوچو نا۔" بھابی بولی ـــــ "ان بچیوں کے افکار اور سوچ کو مکمل طور پر پاکستانی سانچوں میں ڈھالنے کی ضرورت تو ہے نا۔ وہ صرف اسی طرح ہو سکتا ہے کہ بچیاں یہاں آکر رہیں۔ یہاں کے طور طریقوں کو اپنائیں۔ اس ماحول میں اپنے آپ کو ایڈجسٹ کریں۔ لوگوں سے ملیں اور اُنھی کی طرح بنیں ـــــ تب اُن کے رشتے بھی یہاں ہو سکتے ہیں۔ اور شادیاں بھی کامیاب اسی صورت میں ہو سکتی ہیں ـــــ یہ میری مخلصانہ رائے ہے۔"

"ٹھیک ہے۔" ناصرہ پریشان ہو گئی۔ بھیا نے پریشانی بھانپتے ہوئے تسلی دی۔ بولے۔ "ناصرہ تمہارے لیے بچیوں کی شادی مسئلہ تو ہے لیکن فکر نہ کرو۔ یہ حل ہو جائے گا۔ ویسے تمہاری بھابی نے بھی تمہیں ٹھیک مشورہ دیا ہے۔"

"لیکن بھیا۔ ایک مسئلے کو حل کرنے کے لیے کئی مسائل اُٹھ کھڑے ہوں گے۔ اعظم کا تو کاروبار جس طرح پھیل چکا ہے۔ وہ پاکستان آکر رہ نہیں سکتے۔"

"اُسے وہیں رہنے دو۔ تم بچیوں کو لے کر آجاؤ۔" بھابی بولیں۔

ناصرہ نے ہنس کر بھابی کو دیکھا اور بولی۔ "میں مستقلاً یہاں آجاؤں اور اعظم وہاں اکیلا رہے؟"

"تم آتی جاتی رہنا۔"

"میری گھر گرہستی ہی وہاں ہے بھابی۔ میری تو سمجھ میں کچھ نہیں آرہا۔"

"آرام اور سکون سے سوچو ـــــ پھر فیصلہ کرنا ـــــ بہر حال، ایک نہیں تین بیٹیاں ہیں تمہاری۔ اور میرا تجربہ اور مشاہدہ یہی کہتا ہے کہ اگر ان کا مستقبل سنوارنا ہے تو تمہیں یہاں آکر رہنا پڑے گا۔ کچھ پانے کے لیے کچھ کھونا بھی پڑے تو سوچنا چاہیے کہ کھونے اور پانے میں کس کا پلڑا بھاری ہے۔"

ناصرہ چپ ہو گئی۔

اُس کے سامنے واقعی بہت سنگین مسئلہ کھڑا تھا۔

بھابی نے اُس کی پریشانی کو محسوس کیا تو ہمدردی سے بولیں۔ "ناصرہ وہاں بھی تو پاکستانی لوگ ہوں گے۔ وہیں کوشش کر کے رشتے کر لو تو تمہارے اور بچیوں کے لیے کیا یہ بہتری نہیں ہوگی؟"

ناصرہ نے مایوسی سے نفی میں سر ہلاتے ہوئے کہا ـــــ "ہالینڈ میں پاکستانی لوگ ہیں تو لیکن بہت کم۔ اور وہ بھی مختلف شہروں میں بکھرے ہوئے ہیں۔ مجھے تو کہیں بھی اپنی بچیوں کا میچ نظر نہیں آیا۔"

"ہوں۔ پھر تو میری بات مانو۔ آجاؤ یہاں۔ تمہاری کوٹھی ہے اسے آباد کرو۔" بھابی بولیں۔ پھر ہنس کر کہا۔ "یہاں رہو اپنی بے پناہ دولت کا مظاہرہ کرو۔ وہ تو جنگل میں مور ناچا کس نے دیکھا والی بات ہوئی۔"

ناصرہ نے ہلکی سی مسکراہٹ لبوں پر لاتے ہوئے بھابی کو دیکھا۔

اور پھر سوچوں میں ڈوب گئی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

وقت کے ساتھ ساتھ پریشانی بڑھتی جا رہی تھی۔ ناصرہ نے اعظم سے بھی
کیا۔ لیکن اعظم بولا "تمہاری بھابی کے نامعقول مشورے پر عمل نہیں ہو سکتا بیگم۔
کیا تم مجھے یہاں اکیلا چھوڑ کر چلی جاؤ گی؟ —— ظاہر ہے میں کاروبار سمیٹ کر نہیں
سکتا مجھے یہیں رہنا ہے۔"

"یہی تو سوچ مجھے پریشان کرتی ہے۔"

"اس سوچ کا کیڑا ہی دماغ سے نکال دو۔ رشتے بھی ہو ہی جائیں گے۔ بچیاں
پڑھ رہی ہیں۔ فارغ ہو جائیں تو دیکھیں گے۔"

"سنبلہ بیس برس کی ہو چکی ہے۔"

"یہ عمر اُس کے ہنسنے کھیلنے کی ہے، پڑھنے لکھنے کی ہے۔"

"اپنے معاشرے کو نظر میں رکھ کر سوچو —— بیس بائیس برس میں شادی ہو جانی
چاہیئے۔"

"ہو جائے گی۔"

"کیسے؟ کب؟"

"اوہ ناصرہ۔ خدا کے لیے، میرے دماغ پر ان باتوں کا بوجھ نہیں ڈالو۔ خدا اچھا
کرے گا۔ سب ٹھیک ہو جائے گا۔"

لیکن ناصرہ ماں تھی۔ سمجھ دار ماں۔ حالات کا جائزہ لینا جانتی تھی۔ بچیوں کی
ذمّے داریوں سے نبرد آزما کرنے کے لیے اپنے آپ کو ذہنی طور پر تیار کر رہی تھی۔
لیکن مستقلاً رہنا تو ایک طرف اگلے سال وہ چھٹیوں میں پاکستان نہ آسکی۔
اُسے لندن لے گیا۔ وہ بچیوں کے ساتھ چھٹیاں گزارنے کے لیے لندن چلی گئی۔ ایک
کے لیے اعظم بھی ساتھ گیا۔

یہاں ناصرہ کے کچھ میل ملاپ کے لوگ تھے۔ وہ ان سے ملی، اپنی پرابلم

بتائی اور اچھے سے رشتے سنبلہ اور نملہ کے لیے بتانے کی اُن سے استدعا کی۔ لندن میں
پاکستانی اور ہندوستانی لوگ بہت تھے وہاں لوگوں کو دوسرے غیر ملکوں میں بسنے والے
لوگوں کی طرح اب زیادہ دقت نہ تھی۔ رشتے ناتے اکثر آپس ہی میں طے ہو جاتے تھے۔
ناصرہ پُر امید تھی۔ اس کی ایک دوست مسز نجمہ علی یہاں سوشل ورکر تھی۔ نجمہ نے دو
تین رشتے ناصرہ کو بتائے۔ لڑکوں کے والدین سے بھی ملایا اور لڑکوں سے بھی سنبلہ
نملہ اور اُس کی ملاقات کروائی۔ لیکن ناصرہ کو کچھ دل نہیں لگے یہ رشتے۔ سنبلہ کو تو تینوں
لڑکوں میں سے ایک بھی پسند نہیں آیا۔ نملہ نے تیسرے لڑکے میں کچھ دلچسپی دکھائی لیکن
اس لڑکے کے ماں باپ کی باتوں سے لالچ کی بُو ناصرہ نے سونگھ لی تھی اس لیے رشتہ
مسترد کر دیا۔

نجمہ نے کہا "بھئی یہاں ہم لوگ اپنی پرابلمز کو دیکھتے ہوئے رشتے ناتے کر لیتے
ہیں۔ تھوڑی بہت کمی ہو تو نظر انداز کرنا ہی پڑتی ہے۔ برس ہا برس دیارِ غیر میں رہنے والوں
کے لیے اپنے وطن جا کر بھی اس مسئلے کو حل کرنا آسان نہیں ہوتا۔ بچے اس ماحول میں
پل بڑھ کر دوسرے ماحول میں اپنے آپ کو ایڈجسٹ نہیں کر سکتے —— یہاں کے ماحول
میں پروردہ لڑکے اگر پاکستانی لڑکیوں سے شادی کر کے انھیں یہاں لے آتے ہیں تب بھی
میاں بیوی کی صحیح ایڈجسٹمنٹ نہیں ہو پاتی۔ عام شادیاں ناکام ہی ہوتی ہیں۔ یہاں
کی پلی اور تربیت یافتہ لڑکی کا تو پاکستانی لڑکے سے شادی کا سوچنا بھی نہیں چاہیئے۔
وہ لڑکے ایسی لڑکیوں کو کسی دباؤ یا لالچ میں قبول تو کر لیتے ہیں لیکن نباہ نہیں کر سکتے۔
تربیت ماحول اور معاشروں کا فرق نباہ میں رکاوٹ بن جاتا ہے۔"

نجمہ جو کچھ کہہ رہی تھی۔ اس کے تجربے کا نچوڑ تھا۔ یہ سچ بھی تھا۔ لیکن ناصرہ کو بچیوں
کی طرف سے اتنا اطمینان ضرور تھا کہ بھلے بالکل پاکستانی انداز میں نہ سہی، پھر بھی اُس
نے گھر میں بچیوں کو جو ماحول دیا تھا وہ ان کی تربیت مشرقی انداز ہی میں کرتا رہا تھا ——

www.iqbalkalmati.blogspot.com

لڑکیاں شخصی آزادی کی قائل تو تھیں لیکن ماں باپ کے فیصلوں پر سر جھکا دینے کی
قائل تھیں۔

لندن میں کوئی موزوں رشتہ نہیں ملا۔ نجمہ نے وعدہ کر لیا۔ "کوشش کروں
تمہاری بچّیوں کے لیے کوئی موزوں بر تلاش کروں۔ جب بھی کوئی ملا۔ تمہیں اطّ
کر دوں گی۔"

وعدہ لے کر ناصرہ واپس آ گئی۔

اُس کی پریشانی اب اور بھی بڑھ گئی تھی۔ لندن میں جہاں کافی ہم وطن
اُس کا مسئلہ حل نہ ہو سکا تھا۔ تو یہاں ہالینڈ میں جہاں گنی چنی پاکستانی فیملیز تھیں
مسئلہ کیسے حل ہو سکتا تھا۔

ناصرہ سمجھ نہ پاتی تھی کہ کیا کرے۔ سنبلہ کی اکیسویں سالگرہ منائی جا چکی تھی۔
بیس برس کی ہو گئی تھی۔ ان دونوں بچّیوں کے رشتے تو اب ہو جانے چاہیے تھے لیکن

بھابی کی تجویز اب ایک زندہ حقیقت کی طرح اُس کے ذہن میں ہلچل مچائے
اُسے پاکستان جانا چاہیئے۔ چند سال وہیں مستقلاً قیام کرنا چاہیے۔ یہ مسئلہ
طور حل ہو سکتا ہے ــــ اس کی ساری سوچ، سارے غور و فکر کا یہی نچوڑ تھا
لیکن۔

اعظم کا کیا ہو گا اسے اکیلا رہنا پڑے گا، وہ تو ساتھ نہیں جا سکتا تھا۔
اتنا پھیل چکا تھا کہ اُسے سمیٹ کر واپس وطن آنے کا سوچا نہیں جا سکتا تھا۔

کیا وہ اکیلا رہ لے گا؟

بچّیوں کے مفاد کی خاطر قیدِ تنہائی برداشت کر لے گا۔

ایک شام جب وہ دونوں اپنے بیڈ روم کی بیرونی خوبصورت بالکنی میں بیٹھے
حدِ نگاہ تک پھیلے سرسبز اور پھولوں سے لدے میدانوں کو دیکھ رہے تھے۔ میدانوں

جھکے نیلے صاف و شفاف آسمان کو تک رہے تھے اور چائے کی ہلکی ہلکی چسکیاں لیتے ہوئے
موسم کے حُسن کی باتیں کر رہے تھے۔ ناصرہ نے اچانک ہی رشتوں کی بات چھیڑ دی۔

"تمہارے دماغ میں یہی بات سمائی ہے۔" اعظم نے قدرے بیزاری سے کہا۔

"تمہیں تو ذرّہ بھر فکر نہیں ــــ"

"فکر کرنے سے مسئلے حل نہیں ہوتے۔"

"حل کے لیے سوچنا تو چاہیے۔"

"تو کہو کیا سوچا ہے ــــ"

"یہی کہ میں بچّیوں کو پاکستان لے جاؤں۔ وہاں چند سال مستقلاً قیام کروں۔ لڑکیاں
اس ماحول سے مانوس ہو جائیں تاکہ اُن کی ازدواجی زندگیاں بہتر گزریں۔"

"تم مستقلاً وہاں رہنا چاہتی ہو ــــ؟"

"چند سال رہنا پڑے گا ــــ بچّیوں کی شادیاں اس طرح نہیں ہو سکتیں ــــ جب
تک ہم لوگ وہاں نہیں رہیں گے۔ کوئی رشتہ نہیں ملے گا ــــ"

"چند سال وہاں رہو گی؟"

"ہاں۔ کم از کم چار پانچ سال۔ اس عرصے میں مجھے قوی اُمید ہے کہ تینوں بیٹیوں سے
فراغت پا لوں گی۔"

"اور میں کہاں رہوں گا ــــ؟"

"ظاہر ہے تم پاکستان نہیں جا سکتے۔ یہیں رہنا پڑے گا۔"

"اکیلے؟"

"یہی تو مسئلہ ہے۔"

"پہلے اس کا حل سوچو۔ میں تمہارے بغیر نہیں رہ سکتا۔ تم اچھی طرح سے جانتی
ہو کہ میں نے ہمیشہ اپنی زندگی کا محور تمہیں مانا ہے، سال ہا سال میں تم سے الگ رہ کر زندگی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نہیں گزار سکتا۔"

وہ چند لمحوں کے لیے چپ ہوئی۔ پھر آہستگی سے بولی ـــــ "پھر تم بھی تو سوچو کہ کیا کیا جائے۔"

"میں بہت سوچ چکا۔"

"پھر ـــــ؟"

"مجھے کوئی حل نہیں ملا ـــــ"

"لیکن اس طرح مسئلہ تو نہیں ٹل سکتا۔ حل تلاش کرنا ہی ہے۔"

"جو بھی چاہو کرو۔ لیکن میں تمہیں بتا دوں کہ میں برس ہا برس اکیلا نہیں رہ سکتا۔ میں سچ کہتا ہوں ناصرہ ـــــ میں اتنا مذہبی آدمی بھی نہیں ہوں کہ تارک الدنیا ہو جاؤں ـــــ اتنا بوڑھا بھی نہیں کہ دنیاوی زندگی کو تیاگ دوں ـــــ سمجھیں ـــــ اور یہ بات بھی ذہن میں رکھو کہ میں شرافت کی سیدھی راہ سے بھٹکنا بھی نہیں چاہتا۔"

ناصرہ کئی دن سوچتی رہی ـــــ حل اُس نے سوچ تو لیا ـــــ لیکن دماغ کی سوچ دل پر گرفت نہ کر پاتی تھی۔ خود ہی سوچتی۔ خود ہی گھبرا جاتی۔ حوصلہ نہ پڑتا ہمت نہ ہوتی۔

لیکن ساری مشکلوں کا صرف یہی حل تھا

اُس دن اُس نے یہ حل اعظم کے سامنے رکھ ہی دیا۔

اعظم نے حیرت سے چیختے ہوئے کہا۔ "ناصرہ ـــــ تمہارا دماغ تو نہیں چل گیا ـــــ سمجھ بھی رہی ہو۔ کہ کیا کہہ رہی ہو؟"

وہ چند لمحوں کے لیے مضطرب ہوئی لیکن ڈگمگائی نہیں۔ پوری ہمت اور عزم سے کہا۔ "ہاں اعظم۔ میں نے بڑی سوچ بچار کے بعد یہ فیصلہ کیا ہے اور تمہیں یہ فیصلہ منظور کرنا ہوگا۔"

"پاگل ہو گئی ہو ـــــ"

"نہیں۔ میری سوچ مثبت ہے۔"

"میری شادی کر کے ....."

"اس کے سوا اور کوئی راہ دکھائی نہیں دیتی اعظم ـــــ میرا پاکستان میں بچیوں کے مستقبل کے لیے رہنا ضروری ہے ـــــ اور تم کاروبار کے جھنجھٹ میں اس طرح پھنسے ہو کہ پاکستان جا کر میرے ساتھ رہ نہیں سکتے۔ یہاں بھی اکیلے رہنا ممکن نہیں۔ کیا ہرج ہے، تم دوسری شادی کر لو۔ بیوی تمہاری ضرورت ہے۔ اس میں کوئی بُرائی نہیں ـــــ"

"لیکن ....."

"لیکن ویکن کچھ نہیں۔"

"تم اپنے ہاتھوں سے اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنا چاہتی ہو۔"

"نہیں اعظم ـــــ یہ ضرورت کا تقاضا ہے۔ باقی رہی کلہاڑی مارنے والی بات تو تمہاری اور بچوں کی خاطر یہ قربانی مجھے دینا ہی پڑے گی۔"

"تم مجھے شیئر کر لو گی کسی دوسری عورت کے ساتھ ـــــ؟"

ناصرہ نے پھیکی سی مسکراہٹ لبوں پر لاتے ہوئے سر ہولے سے ہلایا

"نہیں ناصرہ۔ میں ایسا نہیں کر سکتا ـــــ"

"سوچو ـــــ"

"یہ ظلم ہے۔"

"نہیں۔ یہ میں نے ہی فیصلہ کیا ہے۔"

"انگاروں میں جلنے کا۔"

"اعظم ـــــ کچھ پانے کے لیے کچھ کھونا ہی پڑتا ہے۔ دوسروں کو سایہ اور ٹھنڈک دینے والا پیڑ کڑی دھوپ میں خود جلتا رہتا ہے۔"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"اوہ خدایا" اعظم نے ماتھے پر ہاتھ مارا اور اُٹھ کر کمرے سے چلا گیا
کئی ہفتے دونوں نے اس سلسلے میں کوئی بات نہیں کی۔

لیکن ناصرہ نے فیصلہ کر لیا تھا اور اس پر قائم تھی —— اُسے یقین تھا کہ وہ اعظم کو بھی تیار کر لے گی۔ بچیوں کو اس نے پہلے اعتماد میں لے لیا تھا۔ بچیوں کی عزت نہیں ہوتی تھی۔ روپیہ پیسہ ان کے ذاتی اکاؤنٹ میں کافی تھا —— باپ کی محبت اور شفقت جتنی اُن کی تربیت اور ذہنی نشوونما کے لیے ضروری تھی پا چکی تھیں۔ دیکھا بھی اتنا چاہنے والا باپ بدل تھوڑا ہی سکتا تھا۔ دوسری بیوی کے آجانے سے انہیں کوئی خاص فرق نہیں پڑتا تھا۔ شادی کے بعد اُن کی اپنی دنیائیں آباد ہونا تھیں۔ فرق اگر پڑتا تو صرف ناصرہ کو —— لیکن وہ تو دھوپ میں جل کر دوسروں کو سایہ اور ٹھنڈک دینے والا پیڑ بننے کو ذہنی طور پر اپنے آپ کو تیار کر چکی تھی۔

ہفتوں کے بعد خاموشی ٹوٹی۔ تو بحث و تکرار کا سلسلہ کئی دن جاری رہا۔ اعظم کسی طور یہ بات نہیں مان رہا تھا اور ناصرہ اس کے منہ سے ہاں کہلوانے پر تلی ہوئی تھی۔

دونوں میں اس بات پر تلخی بھی ہوئی۔ جھگڑا بھی ہوا۔ لیکن بچوں کا مفاد بھی دیکھنا تھا۔ اعظم کو جھکنا ہی پڑا۔

ناصرہ نے بالآخر اُسے منا ہی لیا۔ وہ خاموش ہو گیا تھا۔

ناصرہ پاکستان آنے کی تیاریاں کرنے لگی۔ وہاں جاتے ہی اُس کو سب سے پہلے اعظم کے لیے کوئی مناسب رشتہ تلاش کرنا تھا۔ یہ بات اُس نے اعظم سے کہہ دی تھی کہ وہ اپنی پسند کی کوئی مناسب لڑکی دیکھے گی۔

تینوں بیٹیاں اور ناصرہ جب اعظم سے جدا ہوئیں تو بڑا رقت انگیز سماں تھا۔ اعظم نے بچیوں کی پیشانیاں چومتے ہوئے کہا "تمہاری ماں نے اپنی ذات تمہارے مفاد پر قربان کر دی ہے، اتنی عظیم، اتنی مخلص، اتنی قربانی دینے والی کوئی ماں، کوئی بیوی

نہیں ہو گی دنیا میں۔"

ناصرہ کی آنکھیں نم ہو گئیں۔ اعظم نے اُسے بازوؤں میں بھر کر کہا "ناصرہ —— میں ہمیشہ تمہارا رہا ہوں، ہمیشہ تمہارا رہوں گا، یہ دوسری عورت تمہاری جگہ کبھی نہ لے سکے گی۔"

"یہ میری خوش نصیبی ہو گی۔" ناصرہ نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔

ناصرہ اور بچیاں پاکستان آگئیں۔ نیا گھر آراستہ پیراستہ تھا۔ لیکن ہالینڈ کی رہائش گاہ جیسا تو نہیں تھا۔ بچیوں کو یہاں ایڈجسٹ ہونے میں ابھی دقت لگنا ہی تھا۔

ناصرہ بھابی کی پیش کردہ تجویز پر ہی عمل پیرا ہوئی تھی، اس لیے جب بھابی اُس سے ملنے آئیں تو اس نے مسکرا کر کہا —— "لیجیے جناب ہم تو کشتیاں جلا آئے ہیں۔ اب کیجیے ان سب کا بندوبست۔" اس نے تینوں بیٹیوں کی طرف اشارہ کیا۔

"کشتیاں جلا کیوں آئے ہو جناب۔ یہ کہو کہ ساحل پہ آن لگے ہو ——" بھابی نے مسکرا کر کہا۔ "انشاءاللہ جس کام کے لیے آئی ہو۔ وہ ہو جائے گا۔"

ناصرہ اور وہ کچھ دیر باتیں کرتی رہیں۔ پھر ناصرہ نے بھابی سے کہا "پہلے تو اعظم کے لیے کوئی لڑکی بتائیں۔"

"اعظم کے لیے ——؟" بھابی کی آنکھیں حیرت سے پھیل گئیں۔ تو ناصرہ نے سارا پلان اُن کے سامنے رکھ دیا۔

بھابی سُن کر بھی متعجب تھیں۔

"اور کوئی چارہ نہیں تھا بھابی ——"

"لیکن ......"

"بھابی —— جب سوچ بچار کے بعد ایک فیصلہ کر لیا جائے تو لیکن کی گنجائش نہیں رہتی۔ میں نے تینوں بیٹیوں کی شادیاں کرنا ہیں۔ ربلہ ابھی سولہ سال کی ہے، ظاہر

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہے اس کی شادی میں چار پانچ سال لگ جائیں گے۔ یہ چار پانچ سال میں نے یہاں گزارنے ہیں۔ اعظم اکیلا کیسے رہ سکتا ہے وہاں۔ بھابی وہ شریف آدمی ہے۔ میں نہیں چاہتی کہ وہ اپنی راہ سے بھٹک کر اِدھر اُدھر منہ مارتا پھرے۔"

"ہوں ـــــ"

"وہ وہاں کے آزاد معاشرے میں رہ رہا ہے۔ عورت حاصل کرنا وہاں کوئی مسئلہ نہیں۔ وہ بجائے اس کے کہ وہاں بے راہ روی کا شکار ہو جائے یا کوئی غیر ملکی عورت بیاہ کر گھر لے آئے یہ اچھا نہیں ہوگا کہ میں اپنی مرضی کی کوئی عورت اُس کے لیے منتخب کر دوں ـــــ اعظم کی دولت پر عیش کرنا ہی ہے تو کوئی غیر ملکی کیوں ـــــ اپنی ہم وطن کیوں نہ کرے۔" وہ ہنس ہنس کر باتیں کر رہی تھی۔ بھابی قائل ہونے کے باوجود حیرانی سے اُسے تکے جا رہی تھیں۔

"ہے کوئی آپ کی نظر میں رشتہ ـــــ اتنی کم عمر بھی نہ ہو۔ اعظم چھبیس سال کا ہو چکا ہے۔"

"عورت بھی کم از کم ۳۵-۳۶ سال کی ہونا چاہیئے۔"

دونوں باتیں کرتی رہیں۔ بھابی کی نظر میں دو ایک لیکچرر تھیں۔ جن کی عمریں شادی کے انتظار میں گزری جا رہی تھیں۔ اس صورت حال میں کسی ایک کا انتخاب اچھا تھا۔

ناصرہ، ریحانہ امجد سے بھی ملی اور عاصمہ ملک سے بھی۔ دونوں کی عمریں تیس سے تجاوز کر رہی تھیں۔ ریحانہ، عاصمہ سے زیادہ اسمارٹ تھی۔ لیکن ناصرہ نے عاصمہ کو پسند کیا۔ یہ ریحانہ کے مقابلے میں اُسے سیدھی سادی لگی۔

لیکن یہاں بات طے نہ ہو سکی۔ عاصمہ کے والدین نے کچھ ایسی شرائط بھی رکھیں جو ناصرہ کے لیے قابل قبول نہ تھیں ـــــ ویسے بھی اُسے اپنی دوست سعیدہ کی ۳۵ سالہ کزن جو ایک اچھی صورت و سیرت کی عورت تھی پسند آئی تھی۔ اُسے ناصرہ نے سعیدہ

کے ہاں دیکھا تھا۔ سعیدہ نے اُسے بتایا تھا کہ عذرا کی طلاق اس وجہ سے ہو گئی تھی کہ اُس کے بچے نہیں ہو سکتے تھے۔

ناصرہ کو اپنے حالات میں یہ عورت فٹ ہوتی نظر آئی تھی۔ اعظم کی دوسری شادی کے متعلق جب بھی وہ سوچتی تھی۔ یہ بات پریشان کرتی تھی کہ دوسری بیوی سے اولاد ہونے کی صورت میں وہ بٹ جائے گا۔

عذرا سے ناصرہ کافی دیر باتیں کرتی رہی تھی۔ وہ اُسے سلجھی ہوئی اچھے مزاج کی عورت لگی تھی۔ ناصرہ نے اسے اعظم کی زوجیت میں دے دینے کا فیصلہ کر لیا تھا۔ اُس نے سعیدہ سے پوچھا تھا۔ "عذرا کی دوبارہ شادی کیوں نہیں کی ـــــ" تو اس نے صاف گوئی سے کہہ دیا تھا ـــــ "ایسی متعلقہ جس کی اولاد بھی نہ ہو سکتی ہو ـــــ کون شادی کرے گا ـــــ"

"ویسے کوئی دستِ طلب دراز کرے تو عذرا قبول کر لے گی؟"

"کیوں نہیں۔ بے چاری کا باپ ہے نہ ماں ـــــ بھائیوں کے سر پڑی ہے۔ ہاتھ میں کوئی ڈگری بھی نہیں کہ نوکری کر لے۔ بے چاری کی ایف اے ہی میں شادی ہو گئی تھی۔ سات سال بعد طلاق ہو گئی۔"

ناصرہ نے سعیدہ سے بھی عذرا کے بارے میں پوری تسلی کی۔ بلاشبہ عذرا ایک صاحبِ کردار عورت تھی۔

ناصرہ نے اُسے پسند کر لیا۔

اور آج جب سعیدہ اُس سے ملنے آئی تو اُس نے اظہارِ مدعا کر دیا۔

سعیدہ کے وہم و گمان میں بھی یہ بات نہ آ سکتی تھی ـــــ اس کا حیرت و استعجاب درست تھا۔ وہ تو باور ہی نہ کر رہی تھی کہ جو کچھ اس نے سنا ہے وہ ناصرہ ہی نے کہا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

لیکن

ناصرہ نے اُسے ساری باتیں بتادیں۔ اُسے دلائل سے قائل کرلیا۔

اور پھر ناصرہ اور سعیدہ کی مشترکہ کاوشوں سے عذرا اور اعظم کا نکاح ہوگیا۔ نکاح فون پر ہی ہوا۔ اعظم پاکستان نہیں آیا۔ عدیم الفرصتی بہانہ تھی۔ وہ تو ایثار و خلوص کی دیوی ناصرہ کا سامنا کرنے سے کترا رہا تھا۔

چند ماہ بعد ریزا آگیا اور عذرا ہالینڈ چلی گئی۔

ناصرہ کاروبارِ حیات نمٹانے میں لگ گئی۔

کبھی کبھی پہلو میں درد سا اُٹھتا ضرور ـــــ سوچوں سے گھبراہٹ بھی ہوتی۔ اعظم اور عذرا کی متوقع ازدواجی زندگی کے متعلق سوچتی بھی۔ لیکن جو مرحلہ اُس نے سر کرنے کے لیے دکھ کے پہاڑ تلے سر دیا تھا۔ وہ بھی ضروری تھا۔ وہ بچیوں کے مستقبل کو سنوارنے کے لیے تگ و دو کرنے لگی۔

ناصرہ کسی وقت تو بے طرح گھبرا جاتی۔ اپنی زندگی کو داؤ پر لگا کر بھی وہ اپنا مقصد نہ پاسکی تو ـــــ کیا ہوگا؟

پورے ڈیڑھ سال بعد وہ سنبلہ کے لیے اپنی مرضی کا رشتہ حاصل کرپائی۔ فوید اعلیٰ تعلیم کے لیے امریکہ جانے کا خواہشمند تھا۔ ناصرہ کے لیے یہ خواہش پوری کرنا مشکل نہیں تھا۔ دونوں طرف سے پسندیدگی کا اظہار ہوگیا۔ سنبلہ خود بھی امریکہ جانے کی خواہشمند تھی۔ شادی ہوگئی۔

عذرا اور اعظم بھی ہالینڈ سے آگئے۔ اعظم نے جس محبت اور گرمجوشی کا اظہار ناصرہ سے کیا۔ وہ مطمئن ہوگئی۔ وہ اب بھی اعظم کے لیے وہی تھی۔ جو ہمیشہ تھی۔ عذرا کے ہوتے ہوئے بھی اعظم تنہائی کے کرب سے آشنا ہوا تھا۔

دو سال بعد نملا کا معاملہ بھی نپٹ گیا۔ ثمین متوسط گھرانے کا خوبرو اسمارٹ نوجوان

تھا۔ کوئی اچھی جاب نہیں تھی۔ ان دنوں۔ لیکن ایم بی اے کیا ہوا تھا۔ اچھی جاب کی تلاش تھی، ملنے کا یقین بھی تھا۔ جدوجہد کرنے اور ہمت نہ ہارنے والا نوجوان تھا۔ اعظم اور عذرا اس شادی میں شریک ہوئے۔ اعظم نے ثمین کو ہالینڈ آنے کی دعوت دی اور اپنی ہی فیکٹری میں بہت اچھی جاب کی آفر کی۔

اسے اور کیا چاہیے تھا۔ نملا بھی خوش ہوگئی۔

ناصرہ نے سجدۂ شکر ادا کیا۔ وہ بخیر و خوبی دو بڑے فریضوں سے سبکدوش ہوگئی تھی۔

اس دفعہ اعظم بھی چند دن ہی یہاں ٹھہرا۔ وہاں کام بہت تھا۔ ناصرہ بھی جانتی تھی۔ اس لیے ہنستے مسکراتے اسے رخصت کیا۔ ہاں اس دفعہ اس نے کچھ خلش سی ضرور محسوس کی۔ اعظم اس دفعہ پچھلی دفعہ کی طرح تنہائیوں کا مارا نہیں تھا۔ عذرا پر ہر کام کے لیے انحصار کررہا تھا۔ عذرا جو اس ماحول میں جاکر تر و تازہ صحت مند اور پہلے سے کہیں زیادہ حسین دکھائی دینے لگی تھی۔

ناصرہ اندر سے کچھ بجھ تو گئی۔ لیکن اس کا اظہار نہیں کیا۔ ہاں اسے اب رملہ کا معاملہ نپٹانا تھا۔ خلافِ توقع رملہ کی بات نملہ کی شادی کے چھ ماہ بعد ہی طے پاگئی۔ بھابی نے اپنے بھتیجے کے لیے اس کا رشتہ مانگ لیا۔ اونچا لمبا اسمارٹ سا قاص آرمی میں کیپٹن تھا۔ گھرانا اچھا اور دیکھا بھالا تھا۔ ناصرہ بھی جلدی اس فرض سے سبکدوش ہوجانا چاہتی تھی۔ اب اُسے اپنا گھر اور اعظم بہت یاد آتے تھے۔ وہ واپس جاکر اپنا مقام پانا چاہتی تھی جس سے بچیوں کی خاطر الگ ہوئی تھی۔

رملا کی شادی بھی بڑے اہتمام اور شان سے ہوئی۔ اس شادی میں اعظم شریک نہیں ہوسکا۔ وہ اپنے کام ہی کے سلسلے میں امریکہ گیا ہوا تھا ـــــ فون پر اُس نے ناصرہ اور رملہ سے دو تین دفعہ بات کی۔ رملہ کو دکھ تو تھا۔ لیکن اعظم نے وعدہ کیا "تم دونوں کو ہالینڈ آنے کے ٹکٹ میں واپس آتے ہی بھجوا دوں گا ـــــ میں نہیں آسکا تم دونوں آکر مل جانا۔"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

رملہ خوش ہو گئی۔

ناصرہ اب فارغ ہو چکی تھی۔ چار سوا چار سال کی تپسیا کی تھی۔ خدا نے ہر طرح سے سرخرو کیا تھا۔ وہ بہت خوش تھی۔ اب وہ واپس جانے کی تیاریاں کر رہی تھی۔

اگلے ماہ وہ واپس ہالینڈ پہنچ گئی۔ عذرا اور اعظم نے اس کا خوشگوار انداز میں استقبال کیا۔

انداز خوشگوار ہی تھا۔

لیکن اس میں کہیں جھول ضرور تھا۔ کیونکہ اس کی خوشگواری ناصرہ کے من کو سکون اور طمانیت کی پھوار میں نہ بھگو سکی۔ اعظم کے رویے میں پہلی سی گرمجوشی اور شدت جو نہیں تھی۔

ناصرہ کا دل دکھا ضرور ــــ لیکن اُس نے اس کا اظہار نہیں کیا۔

کچھ پانے کے لیے کچھ کھونا تو تھا ہی

وہ برداشت کر گئی۔ اسے برداشت کرنا ہی تھا ــــ اس لیے کہ وہ ایک ایسا پیڑ بن چکی تھی جو دوسروں کو سایہ ــــ اور ٹھنڈک فراہم کرنے کے لیے خود کڑی دھوپ میں جلتا رہتا ہے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

سنگ دل

وہ لان میں چھوٹے چھوٹے بچوں کے ساتھ کھیل رہی تھی۔ ان بچوں میں ساتھ والی کوٹھیوں سے آئے ہوئے دس دس بارہ بارہ سال کے بچے بھی تھے اور نوکر گھروں میں رہنے والے خانساماؤں اور مالیوں کے چار چار پانچ سال کے لڑکے لڑکیاں بھی ــــ یہ سب حنا کے اچھے دوست اور ساتھی تھے۔ کالج سے آکر وہ ان سب کو اکٹھا کر لیتی ــــ کبھی لکن میٹی کھیلتی ــــ کبھی کرکٹ اور کبھی فٹ بال۔ سب بچے بھی اس سے مانوس ہو چکے تھے۔ کبھی اسے کالج کا کام کرنا ہوتا۔ یا کوئی اور مصروفیت ہوتی اور وہ ان کو کھیلنے کے لیے نہ بلا سکتی ــــ تو سب خود ہی آجاتے ــــ اکٹھے ہلّا بول دیتے۔

"بجیا آؤ نا ــــ"

"آپی آج کھیلیں گی نہیں ــــ"

"حنا باجی آج کیا ہو گیا چلیں نا، کھیلیں"

بچوں کے اصرار اور پیار کے سامنے وہ سارے کام پس پشت ڈال کر اٹھ کھڑی ہوتی۔

چلو آؤ پہلے کھیل لیں ــــ پھر ہوم ورک کریں گے ــــ ٹھیک نا؟

"ٹھیک" سب خوشی سے نعرہ لگاتے ــــ اور وہ بچوں کے جلوس میں کمرے سے نکل کر لان میں آجاتی۔

جہاں خوب اچھل کود ہوتی ــــ بھاگ دوڑ ہوتی ــــ کرکٹ کھیلا جاتا ــــ فٹ بال کی گیم ہوتی ــــ اور ایسے میں نرم و ملائم ہری ہری گھاس خوب روندی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جاتی ـــ کئی پودے ٹوٹتے ـــ کئی پھولوں کی کیاریوں کا ناس مارا جاتا۔

مالی بابا بے چارہ پریشان ہو جاتا۔ حنا سامنے نہ ہوتی تو سب بچوں کو ڈانٹتا کسی کے کان کھینچتا۔ کسی کو مالکن سے شکایت کرنے کی دھمکی دیتا ہے۔ حنا سے بھی دبے دبے لہجے میں شکایت کرتا۔

"دیکھو چھوٹی بی بی ـــ ان بچوں نے کیاریوں کا ستیاناس مار دیا۔ کتنی بار منع کر چکا ہوں ـــ پھولوں کا موسم آرہا ہے۔ ان سے کہیں، کھیلتے وقت ان کیاریوں کا ذرا دھیان رکھا کریں ـــ گھاس بھی ساری روند دیتے ہیں ـــ"

"مالی بابا" حنا کہتی "ٹھیک ہے میں انہیں سمجھا دوں گی ـــ لیکن آخر بچے ہیں۔ کسی وقت دھیان نہیں رہتا ہوگا ـــ جو ان کیاریوں میں گھس جاتے ہوں گے ـــ پھر مالی بابا یہ بچے بھی تو پھول ہی ہیں ـــ کتنے پیارے پیارے معصوم معصوم ہیں۔ انہیں جھڑکنے یا ڈانٹنے کو تو جی ہی نہیں کرتا نا ـــ"

اور مالی بابا بڑبڑاتا "اسی وجہ سے تو اتنے سر چڑھے ہیں ـــ میں مالکن سے شکایت کروں گا۔"

مالکن سے مالی کیا شکایت کرتا ـــ بیگم حماد تو خود ہی اپنی اس لڑکا نما لڑکی سے نالاں تھیں۔ پیار سے سمجھاتی تھیں۔ ڈانٹتی تھیں ـــ بُرا بھلا کہتی تھیں۔ لیکن حنا اس کان سے سنتی اس کان سے اُڑا دیتی۔ بھابی اس کی طرف داری کو جو آجاتی تھی۔ بہت پیار تھا حسنہ کو اپنی چھوٹی معصوم اور پیاری پیاری نند سے ـــ

"حسنہ" امی پریشان ہو جاتیں۔

"جی"

"تم اسے منع کرنے کے بجائے اس کی طرف داری کرنے لگتی ہو۔ اس لیے تو وہ باز نہیں آتی ـــ"

"کیا کرتی ہے وہ امی ـــ یہی نا کہ بچوں کے ساتھ کھیلتی ہے۔"

"وہ اب بچی تو نہیں۔ یہ بچپنا زیب دیتا ہے اُسے؟"

"سب چلتا ہے امی ـــ یہی تو اس کے ہنسنے بولنے کے دن ہیں ـــ نہ ٹوکا کریں اسے ـــ شادی ہو جائے گی تو خود ہی سنبھل جائے گی۔"

"اس لڑکے کی شادی بھی تو سوچ سمجھ کر کرنا پڑے گی ـــ"

حسنہ ساس کی بات پر ہنس پڑتی ـــ تھی حنا واقعی لڑکا ہی۔ خاص کر جب وہ بچوں سے کھیل رہی ہوتی اس وقت لڑکا ہی لگتی۔ شلوار نیفے میں اُڑس کر گھٹنوں سے اوپر کی ہوتی ـــ قمیص کا اگلا گھیرا پچھلے گھیرے کے ساتھ کمر میں باندھا ہوتا ـــ دوپٹہ تو اوڑھنے کی ضرورت ہی نہ سمجھتی ـــ پاؤں سے ننگی ہوتی ـــ درختوں پر بندریا کی طرح چڑھ جاتی ـــ آئے دن ہاتھ پاؤں زخمی کیے جاتے۔

حنا ـــ حماد احمد کی سب سے چھوٹی بیٹی تھی۔ دو لڑکے بڑے تھے۔ انجم اسٹیٹس میں تھا۔ شادی بھی وہیں ایک کینیڈین سے کر لی تھی ـــ ظفر اپنی بیوی حسنہ اور بچی پومی کے ساتھ ماں باپ کے ساتھ ہی رہتا تھا ـــ بیٹوں کے بعد تین بیٹیاں تھیں ـــ دو کی شادی کر چکے تھے ـــ عصمی کویت میں اپنے انجینئر میاں کے ساتھ قیام پذیر تھی اور عظمہ کا شوہر ڈاکٹر تھا۔ ان دنوں وہ کسی سبجیکٹ میں اسپیشلائز کر رہا تھا ـــ دونوں ان دنوں لرکے میں تھے۔

حنا چھوٹی تھی ـــ اس لیے لاڈلی تھی ـــ لاڈ پیار نے ہی اسے ذہنی بلوغت نہیں دی تھی ـــ سمجھدار تھی بہت لیکن چھوٹے ہونے کے ناتے ابھی تک اپنے آپ کو چھوٹا ہی سمجھتی تھی ـــ قسمت کی بات تھی ـــ جو حسنہ اچھے اخلاق کی تھی ـــ بھابیوں والی میر تیر اُسے آتی ہی نہ تھی۔ گھر والوں نے بھی اسے ہمیشہ بہو کے بجائے بیٹی ہی سمجھا ـــ یوں گھر کی فضا بہت خوشگوار تھی۔ تلخی ترشی نہیں ہوتی تھی ـــ محبتوں کی پھوار ہمیشہ ہی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دھیمے دھیمے برستی رہتی تھی ـــــ حسنہ اور حنا میں بڑی دوستی تھی۔ پیار تھا، خلوص تھا تو
تبھی تو جب امّی کبھی مالی بابا اور کبھی دوسرے نوکر کی شکایت پر حنا کو ڈانٹنے لگتیں
حسنہ درمیان میں آجاتی۔

اس دن بھی مالی بابا نے تنگ آکر مالکن سے شکایت کی تھی ـــ "بڑی بی بی!
سمجھائیے نا چھوٹی بی بی کو بچوں نے اچھل کود میں وہ تمام پودے روند ڈالے جو ظفر میاں
لائے تھے ـــ اتنے قیمتی پودے تھے۔ دو تین کو تو ختم ہی کر دیا ـــ"

امّی اس کے کھلنڈرے پن سے نالاں تو تھیں ہی ـــ کل حنا نے ان بچوں نے
مل کر فرج پر بھی دھاوا بولا تھا۔ گولڈن سیب تو سارے ہی چٹ کر گئے تھے کھیر
کے دو پیالے بھی کھا گئے تھے ـــ غصہ اس وقت تو نہ اتار سکی تھیں۔ اب مالی کی شکایت
پر حنا کو طلب کیا۔

"کیا ہوا امّی ـــ" وہ معصومیت سے بولی۔

"کیا نہیں ہوا ـــ" امّی زور سے دھاڑیں تو حنا سہم گئی۔

"امّی ـــ"

"تُو نے باز آنا ہے کہ نہیں ـــ"

"کس بات سے امّی ـــ"

"یہ جو بچوں کا لشکر اکٹھا کر لیتی ہے ـــ خبردار جو اب یہ بچے یہاں آئے ـــ"

"امّی ـــ"

"بہت دیکھ لیا تیرا منہ ـــ سمجھنے میں آتی ہی نہیں۔ تیری عمر ہے اس طرح اُچھلنے کودنے کی ـــ انیس برس کی ہو رہی ہے تو۔"

"ہاں ہو تو رہی ہوں ـــ"

"سنجیدہ رہنا سیکھو ـــ بس کل سے کوئی نہیں آئے گا یہاں، سمجھیں ـــ"

حنا کے جواب دینے سے پہلے ہی حسنہ آگئی ـــ حنا کو جلدی سے بازوؤں میں
بھر کر پیار کرتے ہوئے امّی سے ملائمت سے بولی ـــ "امّی جی ـــ آپ ہر وقت کیوں
اس بے چاری کے پیچھے پڑی رہتی ہیں ـــ نہ کہا کریں کچھ بھی اسے۔"

"حسنہ تیرا لاڈ اسے اور خراب کر رہا ہے۔"

"لاڈ خراب نہیں کرتا امّی ـــ حنا کو آپ بالکل ہی ناسمجھ بچّی نہ سمجھیں۔"

حنا حسنہ کے سینے میں منہ چھپا کر جھوٹ موٹ رونے لگی ـــ

"دیکھیں نا" حسنہ نے اسے پیار کرتے ہوئے کہا۔ "رونے لگی بے چاری ـــ
ایک ہی تو بیٹی رہ گئی ہے آپ کے پاس۔ وہ مہمان ہی ہے امّی ـــ چلی جائے گی یہ بھی
تو پھر اس کے اسی کھلنڈرے پن کو آپ بے طرح یاد کیا کریں گی ـــ"

حسنہ حنا کے بالوں میں پیار سے انگلیاں پھیرتے ہوئے اسے چپ کرانے لگی۔ امّی
لاجواب سی ہو کر وہاں سے چلی گئی۔

ان کے جاتے ہی حنا نے سر اٹھایا اور کھلکھلا کر ہنستے ہوئے حسنہ کے بازوؤں کو
پکڑ کر اسے دو تین چکر دے ڈالے۔

"جیو بھابی جیو ـــ" وہ اس کو پیار کرتے ہوئے بولی۔

"اچھا ـــ پاکھنڈی رونے کی ایکٹنگ کر رہی تھی ـــ"

"بالکل۔"

"چالاک بہت ہے تُو ـــ"

"امّی کی ڈانٹ سے بچنے اور آپ کا پیار پانے کے لیے یہ ضروری ہے بھابی ـــ"

"پگلی ـــ پیار تو میں تجھے ایسے بھی بہت کرتی ہوں ـــ تُو ہنستی کھیلتی ہے نا
تو مجھے بڑی تسکین ملتی ہے" شاید ایسے ہی ہنسنے کھیلنے اور اچھل کود کرنے کی میری بھی بڑی
خواہش ہوا کرتی تھی ـــ جب تک شادی نہ ہو ـــ ماں باپ کے گھر میں بے فکری سے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

آزادی سے ہنسنے بولنے کا حق ہوتا ہے ہر لڑکی کو ـــــ تم اس حق کو خوب وصول کر
ہو ـــــ اچھا کر رہی ہو ـــــ"

"اوہ بھابی سوئیٹ بھابی ـــــ"

میری ممی جب زندہ تھیں۔ میں بھی ایسی ہی تھی۔ وہ فوت ہو گئیں ـــــ دوسری
نے آکر سب حق چھین لیے ـــــ"

"بھابی مت اُداس ہوئیے ـــــ"

حسنہ نے گیلی آنکھوں اور مسکراتے ہونٹوں سے اسے دیکھا اور بولی "میں نے کہا
اس طرح ہنستی بولتی ہو۔ کھلنڈری ہو۔ آزادی اور بے فکری سے اچھلی کودتی پھرتی
تو میری انا کو تسکین ملتی ہے۔ میں خوش ہوتی ہوں ـــــ شادی کے بعد تو خود بخود ہی
ہو جاتا ہے آدمی ـــــ"

"سچ بھابی ہاں ـــــ"

"تو پھر ـــــ"

"کیا ـــــ؟"

"میرے سنجیدہ ہونے کا وقت کب آ رہا ہے ـــــ" وہ کھلکھلا کر ہنس پڑی بھا
نے اس کے گال کو تھپتھپاتے ہوئے کہا "فکر نہ کر۔ آ رہا ہے ـــــ"

"لیکن بھابی"

"ہوں ـــــ"

"میں سنجیدہ پھر بھی نہ ہو سکی تو ـــــ"

"خدا کرے تجھے ایسا ہی برملے ـــــ تیری یہ ہنستی مسکراتی معصوم سی دنیا
ہی آباد رہے ـــــ"

"آمین ـــــ" حنا نے ہنستے ہوئے کہا۔ تو حسنہ بھی ہنس پڑی۔

حنا کے لیے رشتے آ رہے تھے۔ لیکن معیار پہ ابھی کوئی پورا نہیں اُترتا تھا۔ کسی کی نوکری
اچھی تھی تو گھر بار ٹھیک نہ تھا۔ کوئی صاحبِ جائیداد تھا۔ تو تعلیم واجبی سی تھی۔ کوئی کردار
کا ٹھیک نہیں تھا۔ تو کوئی شکل وصورت میں دبتا تھا ـــــ حماد احمد کے پہلے دونوں دلار
اچھے گھرانوں کے اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان تھے ـــــ حسنِ صورت کے ساتھ حسنِ سیرت بھی
رکھتے تھے۔ مخلص اور ہمدرد بھی تھے۔ حنا کے لیے بھی انہیں ایسے ہی لڑکے کی تلاش تھی۔
ویسے چھوٹی ہونے کے ناتے انہیں ابھی کچھ جلدی بھی نہ تھی۔

رشتے کی بات چلتی بھی تو حماد احمد کہہ دیتے "بھئی ابھی حنا کا بچپنا نہیں گیا۔ بالکل
ناسمجھ سی بچی ہے شادی بھی کریں گے اس کی ـــــ ابھی اسے آزادی اور بے فکری سے
جینے دو۔"

ناصرہ بیگم چڑ جاتیں۔ نالاں انداز میں کہتیں "اس کا بچپنا تو کبھی جائے گا ہی نہیں۔
تم لوگوں نے اسے زیادہ ہی سر چڑھا رکھا ہے۔"

حماد ہنس کر کہتے "بھلی لوگ ایک ہی تو بچی رہ گئی ہے اپنے پاس۔ ہنسنے کھیلنے
دیا کرو اسے ہر وقت ڈنڈا مار انداز میں اس کے پیچھے پڑی رہتی ہو۔ کیا لیتی ہے تمہارا۔
چھوٹے چھوٹے ساتھی چُن رکھے ہیں نا اس نے۔ اسے ان کے ساتھ میں خوشی ملتی ہے تو
تمہارا کیا بگڑتا ہے بھاگوان ـــــ"

"میں کہتی ہوں رشتے آنے کی اک عمر ہوتی ہے۔ وہ خیر سے انیس برس کی ہو چکی ہے۔
عصمی کی تو شادی اٹھارہ سال کی عمر میں کر دی تھی ـــــ"

"اچھا بھئی کوئی معقول سا رشتہ آیا تو سنجیدگی سے سوچیں گے۔"

یہ معقول سا رشتہ حماد احمد کے ایک دوست کے توسط سے آیا۔ ان دنوں حنا
نے بی اے کے امتحان سے فراغت حاصل کی تھی۔ اور وہ اپنے چھوٹے بڑے ساتھیوں
سے مل کر وقت گزاری کے بڑے بڑے پلان بنا رہی تھی۔ ان میں باقاعدگی سے کرکٹ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کھیلنا۔ چھٹی کے دن پکنک منانا۔ درختوں پر چڑھنا۔ چڑیاں پکڑنا۔ بارش ہو رہی ہو تو بڑے برآمدے میں لُڈّو اور کیرم کھیلنا شامل تھا۔

اس دن حنا اپنے ساتھیوں کے ساتھ کیرم کھیل رہی تھی۔ کچھ بچوں کو اس نے لُڈّو کھیلنے کے لیے دی تھی۔ کچھ کوتاش اور کچھ دوسرے کھیل کھیل رہے تھے۔ حنا کے ساتھ اس کے نسبتاً بڑے ساتھی تھے۔ اکرم نویں جماعت میں پڑھتا تھا۔ سمیہ دسویں کی طالبہ تھی اور ظہیر فرسٹ ایئر میں تھا۔ کھیل کے درمیان اکرم نے چیٹنگ کی۔ حنا نے اس کی چوری پکڑ لی۔ بس ہنگامہ ہو گیا۔ خوب شور مچا باقی بچے بھی اپنے اپنے کھیل چھوڑ کر ان کے گرد جمع ہو گئے۔

حنا کا ساتھی ظہیر تھا۔ دونوں ہی اکرم اور سمیہ سے جھگڑ رہے تھے۔ آوازیں اتنی اونچی ہو گئی تھیں کہ حسنہ بھابی کو دوڑ کر کمرے سے برآمدے میں آنا پڑا۔

"کیا ہوا کیا ہوا" حسنہ بچوں کے جمگھٹے میں جگہ بناتے ادھر آئی۔

"بھابی ——" حنا نے زور سے پکارا۔ بھابی نے جلدی سے ہونٹوں پر انگلی رکھتے ہوئے سب کو چپ رہنے کا اشارہ کیا۔ "اتنا شور مچا رکھا ہے۔ مچھلی بازار بنایا ہوا ہے گھر کو —— حنا پلیز ——" حنا نے حیرانی سے بھابی کو دیکھا۔ بھابی تو اس شور شرابے سے ہمیشہ محظوظ ہوتی تھیں۔ آج انہیں کیا ہوا ——

وہ کچھ پوچھنے ہی کو تھی —— کہ حسنہ بولی "مہمان آئے ہوئے ہیں گھر میں —— کیا کہتے ہوں گے ——"

"بچوں کا شور ہے بھابی —— یہی کہتے ہوں گے نا کہ گھر میں بہت سے بچے ہیں —— لڑ جھگڑ رہے ہیں ——"

"یہ لگتا ہے کچھ خاص الخاص قسم کے مہمان ہیں ——" حسنہ نے حنا کے کان میں مسکراتے ہوئے سرگوشی کی ——

"خاص الخاص ——؟" حنا نے کہا اس کے ساتھی دلچسپی سے بھابی کو دیکھنے لگے۔

"میرا خیال ہے۔ ابّو کے دوست تمہارے لیے رشتہ لے کر آئے ہیں ——" حسنہ نے حنا کو بتایا۔ "بہت اچھا رشتہ"

"اوہ —— سچی ——" حنا نے بچّوں کی طرح خوش ہو کر تالی بجائی۔ سب بچّوں نے بھی اس کی تقلید کی۔ تالیوں کا شور گونج اُٹھا

"بھئی اب آپ سب لوگ چھٹی کرو ——" حنا نے خود ہی بچّوں سے کہہ دیا۔ "ساری چیزیں اٹھا کر میرے کمرے میں رکھ آؤ —— لُڈّو کی ٹکیاں اور کیرم کی گوٹیں گن کر رکھنا —— ویسے بھی برآمدے میں اب خاصی ٹھنڈ ہو رہی ہے۔ بارش بھی تیز ہونے کو ہے —— اس لیے سب کو چھٹی ——"

بچوں نے بڑی سعادت مندی سے اس کا کہا مانا —— چیزیں اٹھا کر لے گئے —— وہ خود حسنہ کے ساتھ کچن میں چلی آئی —— جہاں چائے کے لیے خاص اہتمام ہو رہا تھا ——

"کون کون آیا ہے؟" حنا نے ٹرالی پر رکھے ڈرائی فروٹ کی ٹرے میں سے چند پستے بادام اٹھاتے ہوئے پوچھا ——

"ابّو کے دوست ہیں اور اُن کے ساتھ لڑکے کے والد ——" حسنہ نے جواب دیا۔

"لڑکے کے والد ——؟" حنا نے سوالیہ انداز میں پوچھا۔

"لڑکے کے والد" حسنہ بولی "اس کی ماں نہیں ہے صرف باپ ہے ——"

"اوہو ——"

"ہاں ہے کون ذات شریف؟"

"انجینئر ہے لڑکا —— کہتے ہیں۔ بہت اچھا ہے —— شکل و صورت کا بھی اور اخلاق کا بھی ——"

"ہوں ——" حنا ہنس پڑی ——

www.iqbalkalmati.blogspot.com

باپ تو ہینڈسم ہے ـــــ جوانی میں بہت خوبصورت ہوگا ـــ شائستہ بھی بہت لگتا ہے ـــــ"

"ماں کا پتّا پہلے ہی کاٹ ڈالا ـــــ" حنا بسکٹ اٹھاتے ہوئے بولی۔

"تیرے لیے ایسا ہی رشتہ چاہیے ـــــ تین بھائی ہی ہیں۔ بڑا جدّہ میں ہوتا ہے۔ وہ بھی انجینیر ہے اور سب سے چھوٹا فرسٹ ایئر میں۔ ساس نہ نند ـــــ موج کرے گی تُو ـــــ"

حنا نے حسنہ کو شوخی سے دیکھا اور بولی "بڑا افسوس ہے بھابی ـــــ"

"کیوں؟"

"آپ موج نہیں کر سکیں۔"

"مطلب ـــــ؟"

"آپ کی ساس بھی ہے اور ایک چھوڑ تین تین نندیں بھی ـــــ"

"شریر" حسنہ نے چائے کے برتن ٹرالی میں سجاتے ہوئے کہا۔ "ایسی خوش قسمتی ہر لڑکی کے حصّے میں نہیں آتی کہ ساس ماں کی طرح ہو اور نندیں بہنوں جیسی ـــــ"

اور شاید یہ بھی خوش بختی ہے کہ ہر بہو میری اس پیاری پیاری بھابی جیسی بھی نہیں ہوتی۔ جو ساس کو ماں اور نندوں کو بہنیں سمجھے۔"

"چل بہت فلسفہ نہ جھاڑ ـــــ" حسنہ نے پیار سے اسے دیکھا۔ "جا کر بال وال ٹھیک کر لے۔ ہونے والے سسر جی کو سلام کرنے جانا ہے ڈرائنگ روم میں ـــــ"

"ہائے بھابی ـــــ ایسے ہی سسر جی بنا دیا ـــــ" حنا آنکھوں کو شوخی سے نچاتے ہوئے بولی۔ "پہلے ان کو تو دیکھ لیں۔"

بھابی نے بھی اسی انداز میں شوخی سے کہا۔ "اُن کو بھی کل دیکھنے جا رہے ہیں ہم۔"

"میں بھی ـــــ؟"

"ہٹ پگلی کہیں کی ـــــ"

دونوں ہنسنے لگیں۔

دوسری شام حسنہ ناصرہ بیگم اور حماد احمد کے ساتھ شریف الدین کے ہاں گئے۔ شریف الدین واقعی شریف آدمی تھے ـــ خاندانی لوگ تھے۔ صاحبِ جائیداد بھی تھے۔ کافی بڑی کوٹھی تھی۔ جس میں آرائش و زیبائش کی بہت سی چیزیں تھیں۔ چونکہ گھر میں عورت کوئی نہیں تھی۔ اس لیے رکھ رکھاؤ میں کچھ بے ترتیبی سی تھی۔ شریف الدین نے یہ بات پہلے ہی ان پر واضح کر دی تھی۔ وہ خود اک ریٹائرڈ جج تھے۔ زیادہ وقت اپنے بڑے بیٹے اور بہو کے پاس جدّہ ہی میں گزارتے تھے۔ دین کی لگن تھی اور خدا نے یہ موقع دے دیا تھا۔ کہ وہ حج کی سعادت حاصل کرنے کے ساتھ جی بھر کر عمرے کریں۔ ان دنوں یہاں آئے ہوئے تھے ـــــ فیاض کے رشتے کی بات طے کرنا تھی۔ وہ اک مقامی فرم میں بڑی معقول تنخواہ پا رہا تھا ـــــ اس کا ارادہ بھی امریکہ جا کر ایم ایس کرنے کا تھا۔ لیکن شریف الدین چاہتے تھے کہ ان کی شادی کر دیں۔ گھر عورت کے بنا سونا ہوتا ہے ـــ اور پھر چھوٹا بیٹا ایاز بھی ابھی میڈیکل کے فرسٹ ایئر میں تھا۔ اس کی تعلیم کے مکمل ہونے تک فیاض کو یہیں رہنا تھا ـــــ گھر میں ایک دیرینہ ملازم جوڑا تھا ـــــ غلام محمد اور برکتے یہی دونوں ان دنوں گھر کی دیکھ بھال کرتے تھے۔

مہمانوں کی آؤ بھگت غلام محمد اور برکتے نے اپنے طریقے سلیقے سے کی ـــــ فیاض کو حماد احمد اور ناصرہ بیگم نے پسند کیا۔ حسنہ کو بھی اچھا لگا۔ بڑا ہینڈسم نوجوان تھا ـــــ لیکن کچھ سنجیدہ سا تھا ـــــ اس کی عمر بھی اُنتیس تیس برس سے کم نہ تھی۔

گھر آ کر اس رشتے کی باتیں ہوئیں۔ حماد احمد نے تو وہیں اوکے کر دیا تھا ـــــ لوگ انہیں بہت ہی بھلے لگے تھے۔ پھر ان میں ساری خوبیاں بھی تھیں۔ ناپسند کیوں کرتے۔

ہاں حسنہ نے دبی دبی آواز اٹھائی ـــــ ناصرہ سے کہا۔ "امی لڑکا بہت سنجیدہ لگتا ہے۔"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"ہاں بہت باتونی نہیں ——"

"شاید پہلی دفعہ ملا۔ اس لیے شرما رہا تھا ——"

"نہیں —— یہ بات تو نہیں —— تمہارے ابّو سے ٹھیک ٹھاک باتیں کر رہا تھا۔"

"عمر بھی ——"

"اُنتیس سال ہے۔ شریف الدین صاحب نے بتا دی تھی ——"

حسنہ بولی "بہت فرق ہے عمروں میں۔"

"ہے تو —— لیکن بیٹی باقی باتیں بھی تو دیکھنا ہیں۔ ایسا گھر بار ملنا مشکل ہی ہے۔ گھر میں ساس ہے نہ نند۔ ایک دیور ہو گا بس تم حنا کو جانتی نہیں ہو کیا۔ ساس نندوں میں یہ لڑکی گزر کر سکتی ہے۔ اچھا ہے اکیلا گھر ہو گا —— جیسے بھی رہے گی۔ کوئی اعتراض کرنے والا تو نہیں ہو گا۔ مجھے تو اس کے کھلنڈرے پن سے خوف ہی آتا تھا۔ دعا کرتی تھی اکیلا گھر ہی ملے اسے ——"

ناصرہ اس رشتے کو حنا کی خوش بختی تعبیر کر رہی تھی۔ لیکن حسنہ فیاض کی سنجیدگی سے کچھ خوفزدہ سی تھی۔ مزاجوں میں ہم آہنگی نہ ہو۔ تو جینا دوبھر ہو جاتا ہے۔ حنا کا تو ابھی بچپنا نہیں گیا تھا۔ اس ٹھہرے ہوئے مزاج کے آدمی سے نباہ کر سکے گی ——؟

لیکن ناصرہ بھی اپنی جگہ ٹھیک تھی —— ساری خوبیاں تھیں اس رشتے میں لڑکے کی عمر حنا سے کچھ زیادہ تھی۔ تو یہ بات بھی حنا کے لیے اچھی تھی۔ اس شوخ و شنگ لڑکی کے لیے بردبار اور متحمل مزاج کا آدمی ہی ہونا چاہیے تھا —— حسنہ ان دلائل کی روشنی میں رشتے کو دیکھتی تو تسلّی ہو جاتی —— لیکن دل ہی دل اک ہول سا محسوس کرتی تھی۔

ہر جوان لڑکی کی طرح حنا بھی خوش تھی کہ اس کی شادی ہو رہی ہے۔ بہت اچھا بَر ملا ہے۔ اس نے حسنہ سے فیاض کے متعلق خود ہی پوچھ لیا تھا —— حسنہ نے دانستہ عمروں کے تفاوت اور مزاج کی بات نہیں کی تھی ——

بات پکّی ہو گئی —— حسنہ کئی دفعہ فیاض سے ملی۔ وہ بہت ٹھہری اور سلجھی ہوئی طبیعت کا آدمی تھا —— سنجیدہ، بردبار اور متحمل مزاج رکھتا تھا —— حنا اس کے بالکل برعکس اور متضاد طبیعت کی مالک تھی —— حسنہ کا بس چلتا تو وہ اس تضاد کی بنا پر یہ رشتہ کبھی نہ ہونے دیتی ——

لیکن ——

وہ کچھ کر نہیں سکتی تھی۔

ویسے بھی رشتے ناتے قسمت کے کھیل ہیں۔ یہ بندھن تو آسمانوں میں بندھتے ہیں۔ قسمت کا کچھ پتا نہیں ہوتا —— اِدھر کردٹ بدلے تو وارے نیارے ہو جائیں —— اُدھر کروٹ لے تو سب کچھ تہس نہس ہو جائے۔

شادی کی تیاریاں ہونے لگیں۔ امّی اور حسنہ بے طرح مصروف ہو گئیں۔ کچھ کام حنا کے ذمّے بھی لگے۔ لیکن سارے کاموں کو نپٹانے کے باوجود حنا اب بھی اپنے ساتھیوں سے کھیلنے کا وقت نکال لیتی —— وہ خود ہی شام کو اکٹھے ہو جاتے۔ اور حنا حسبِ عادت کام دام چھوڑ کے ساتھ اٹھ دوڑتی۔ امّی نے اُسے سمجھانے کی کوشش کی۔

"حنا —— اب تو یہ اُچھل کود چھوڑ دے —— ان بچّوں سے کہہ دے خود ہی کھیلا کریں ——"

"امّی" حنا منہ بنا کر جواب دیتی "امّی —— تھوڑے دن رہ گئے ہیں۔ میں چلی جاؤں گی۔ تو یہ بچّے خود ہی کھیلا کریں گے۔ میرے پیچھے وہاں تو نہیں آجائیں گے —— چند دن اور اگر میں ان سے گھل مل کر خوش ہو لوں۔ تو آپ کا کیا جاتا ہے ——"

"میرا تو کچھ نہیں جاتا حنا —— جائے گا تیرا ہی۔"

"کیا مطلب امّی ——؟"

بیٹی —— تیری شادی ہو رہی ہے۔ اک بھرے پرے گھر کی ساری ذمّے داریاں تجھے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اٹھانا ہیں۔ تو اس گھر میں جا رہی ہے۔ جہاں کوئی عورت نہیں ـــــ تیرا کھلنڈرا پن تجھ سنجیدگی سے ساری ذمّے داریاں نبھانے دے گا ـــــ؟"

"دے گا ـــــ"

"اچھا بھئی تو جان اور تیرا کام ـــــ جب تک ڈولی میں نہیں بیٹھ جاتی تب تک اُچھل کود کرتی رہ ـــــ لڑکا بنی رہ ـــــ"

حنا ہنس پڑی ـــــ امّی کے گلے میں بانہیں ڈال کر جھولتے ہوئے بولی "امّی آپ کو فکر ہے نا ـــــ کہ میں سسرال جا کر بھی ایسی بچپنے کی حرکتیں کروں گی ـــــ"

"ہے تو فکر والی بات۔"

"نہیں امّی ـــــ میں ایسی بے وقوف تو نہیں ہوں ـــــ"

"لیکن تیری عادتیں جو پختہ ہو چکی ہیں۔ انہیں بدلنا آسان نہیں۔"

وہ ہنس کر بولی۔ بدل لوں گی ـــــ اور نہ بدل سکی ـــــ تو ان سب کو اپنے ڈھنگ پہ لے آؤں گی۔ آپ فکر نہ کریں۔ میں اتنی بھولی بھالی اور سادی بھی نہیں ہوں ـــــ"

"خدا تجھے شاد و آباد رکھے۔" ماں نے دعا دیتے ہوئے اس کی پیشانی چوم لی۔

اک دن حسنہ نے بھی حنا سے کچھ اسی رنگ میں باتیں کیں ـــــ حنا نے اپنے ساتھیوں سے مل کر کچھ کچے مالٹے اور کینو توڑے تھے۔ وہ سب بڑے مزے لے لے کر کھٹے کھٹے کینوؤں کی پھانکیں لال مرچ ملے نمک سے لگا لگا کر کھا رہے تھے ـــــ چھلکے لان ہی میں اِدھر اُدھر اچھال رہے تھے۔ اکرم، سمیہ، ظہیر اور وہ خود تو چٹخارے لے رہے تھے۔ ہاں ننھے منّے بچے کھٹاس اور مرچوں سے ناک منہ میں جلن محسوس کرتے ہوئے شوں شوں کر رہے تھے۔

"کھاؤ کھاؤ" حنا انہیں زبردستی کھانے پر مجبور کر رہی تھی۔

"بس باجی"

"بے وقوف کہیں کے کچھ نہیں ہوتا ـــــ کھاؤ"

"مرچیں لگتی ہیں ـــــ"

"تو مرچوں کے بغیر کھاؤ ـــــ"

بچّے حکم کے بندے تھے۔ اپیا باجی، بجیا کا کہا کب ٹال سکتے تھے۔ نمک مرچ لگائے بنا کھانے لگے۔ حنا چوکڑی مارے ان سب کے درمیان گھاس پر بیٹھی تھی۔

"چھوٹی بی بی ـــــ" اندر سے آتی ہوئی ملازمہ نے پکارا۔

"کیا ہے؟"

"بھابی آپ کو بلا رہی ہیں۔ درزی کپڑے لایا ہے ـــــ"

"اچھا آتی ہوں ـــــ"

حنا اُٹھ کھڑی ہوئی ـــــ کچھ بچے بھی اُٹھے۔ حنا بولی "تم کھاؤ ابھی ـــــ اور ہاں پھر یہ چھلکے وکے سب جمع کر کے ادھر پھینکنا ہیں۔ گند یہیں پڑا نہ رہے ـــــ مالی بابا جان لے لے گا ـــــ سمجھے؟"

"اچھا بجیا ـــــ صاف کر دیں گے ہم۔"

"بہت اچھے ـــــ" حنا ایک مٹھی میں نمک مرچ اور دوسری میں آدھا کینو لیے اندر چلی گئی ـــــ وہ مزے سے نمک مرچ لگا کر کینو کھاتے ہوئے بھابی کے پاس آ گئی۔

بھابی رنگا رنگ کپڑے قالین پر پھیلائے بیٹھی اس کا انتظار کر رہی تھی ـــــ حنا اندر آئی۔ تو اس کا حلیہ دیکھ کر حسنہ کو پہلی بار احساس ہوا کہ حنا کو اب یہ کھیل کود چھوڑ دینا چاہیے حنا کا ایک پائنچا نیفے میں اُڑسا ہوا تھا ـــــ دوپٹہ کمر کے گرد باندھ رکھا تھا ـــــ قمیص کی آستینیں اوپر چڑھی تھیں۔ بال بکھرے ہوئے تھے۔ اور کینو کی پھانک ہتھیلی پر رکھے نمک مرچ سے لتھیڑ کر کھاتے ہوئے ناک منہ لال کیے ہوئے تھی۔

"آہا کپڑے آ گئے" حنا خوب صورت بیش قیمت کپڑوں کو دیکھ کر بچّوں کی طرح اُچھلی۔

"آ گئے محترمہ آ گئے ـــــ" حسنہ نے اس کے سراپا پر نگاہ ڈالی "اب مہربانی سے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جا کر پہلے یہ کینو پھینکو اور ہاتھ دھو کر آؤ ــــ"

"ہائے بھابی ــــ بڑا مزے کا ہے کھٹ مٹھا ــــ کھائیں گی آپ؟" اس نے ایک پھانک اس کی طرف بڑھائی۔

"حنا ــــ کینو کھانے ہی ہیں تو ڈھنگ سے کھاؤ ــــ"

"کیسے ــــ؟"

کوئی پلیٹ لو ــــ نمک دانی، مرچ دانی ــــ"

"اوں ہوں۔ اس طرح کھانے میں جو مزہ ہے نا بھابی ــــ وہ ــــ"

"حنا ــــ تمہاری شادی ہو رہی ہے ــــ"

"مجھے پتا ہے ــــ"

"اب تو کوئی طریقہ سلیقہ سیکھو ــــ یہ عادتیں اب چھوڑ دو۔ تمہیں نئے گھر جانا ہے ــــ اور ــــ"

"بھابی ــــ آپ تو ہمیشہ میری حمایت کرتی تھیں ــــ"

"اب نہیں کروں گی ــــ"

"کیوں ــــ؟"

"حمایت کرنے کا جو وقت تھا میں کرتی تھی۔ اب تمہیں اپنی نئی ذمے داریوں کا احساس ہونا چاہیے حنا۔ تم کو جاتے ہی گھر کی ذمے داریوں کا بوجھ اٹھانا ہے۔ یہ کھلنڈرا پن نہیں چلے گا ــــ"

"تو کیا چلے گا بھابی ــــ" وہ ہنس کر بولی۔

"دیکھ حنا ــــ حسنہ اس کی ہنسی سے سنجیدہ ہو کر بولی ــــ" اب یہ اچھل کود اور بچوں کی سی حرکتیں چھوڑ دے، اپنے آپ کو اپنی عمر اور ذمے داریوں کے حوالے سے دیکھ۔ فیاض بہت ٹھہرے ہوئے سلجھے ہوئے مزاج کا متین اور سنجیدہ آدمی ہے ــــ"

"اوں ــــ بننا ہوگا آپ کے سامنے ــــ"

"نہیں حنا ــــ اس کا مزاج تم جیسا نہیں ــــ"

"تو میں کیا کروں ــــ"

"تجھے اپنے آپ کو اس کے مزاج کے مطابق ڈھالنا ہے ــــ"

"فکر نہ کر دو بھابی ــــ وہ میرے مزاج کے مطابق ڈھل جائے گا ــــ"

حنا باتھ روم میں چلی گئی۔ حسنہ نے اک گہری سانس لیتے ہوئے دل ہی دل میں دعا کی "خدا کرے ایسا ہی ہو ــــ"

شادی دھوم دھام سے ہوئی۔ حنا کے سب بہن بھائی آ گئے۔ چھوٹی اور لاڈلی بہن کو رخصت کرتے ہوئے سب کی آنکھوں میں آنسو اور لبوں پر دعائیں تھیں ــــ بابل کی دہلیز چھوڑتے وقت ہر لڑکی دلگیر ہوتی ہے۔ روتی دھوتی رخصت ہوتی ہے بچھڑنا کتنا مشکل مرحلہ ہوتا ہے۔ اسے اس وقت احساس ہوتا ہے۔ حنا بھی پھوٹ پھوٹ کر روئی ــــ اسے تو ماں باپ بھائی۔ بہنوں اور بھابی سے بچھڑنے کے غم کے ساتھ ساتھ اپنے ساتھیوں سے بچھڑنے کا بھی غم تھا ــــ اپنے اک اک ساتھی سے لپٹ کر وہ خوب روئی ــــ روتے روتے ان سے کہا "اب میں ہر شام تو تمہارے ساتھ کھیل نہیں پاؤں گی ــــ لیکن جب بھی یہاں آیا کروں گی تم سے ضرور کھیلا کروں گی ــــ میں تمہارے بنا اداس ہو جاؤں گی۔ جلدی جلدی آنے کی کوشش کیا کروں گی ــــ"

حنا رخصت ہو کر سسرال آ گئی ــــ سیم دزر کی گٹھری بنی وہ فیاض کے حجلۂ عروسی میں بیڈ پر گاؤ تکیے کے سہارے بیٹھی تھی ــــ سسرالی عورتیں اس کا لمبا سا گھونگٹ کھینچ گئی تھیں۔ کچھ نئی اور من چلی دلہنوں نے اس کے کانوں میں بڑی رسیلی رسیلی سرگوشیاں بھی اتاری تھیں۔ اسے یہ سب کچھ بہت اچھا لگ رہا تھا ــــ وہ مسکراہٹیں ہونٹوں پہ سجائے دھک دھک کرتے دل کے ساتھ فیاض کا انتظار کر رہی تھی۔ کچھ آہٹ ہوئی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دروازہ کھلا اور پھر بند ہوا ـــ بوجھل بوجھل قدموں سے کوئی اندر چلا آیا ـــ حنا نے سر اور جھکا لیا ـــ یقیناً یہ فیاض ہی تھا ـــ خوشیوں، روشنیوں اور چمک دمک سے بھرپور عروسی میں انوکھی سی لذت آمیز مہک پھیل گئی ـــ قدموں کی آہٹ صوفے کے قریب رک گئی۔ پھر اسے لگا کہ کوئی صوفے پر بیٹھ گیا ہے لائیٹر کی ٹک ہوئی۔ پھر سگریٹ کا دھواں مہکتی فضا میں پھیلنے لگا۔

کئی منٹ بوجھل سی خاموشی کی نظر ہو گئے ـــ فیاض بیڈ کے قریب نہیں آیا وہیں بیٹھا سگریٹ کے کش لیتا رہا، حنا سے انتظار نہ ہو سکا۔ جھٹ سے گھونگٹ اٹھا لیا ـــ

فیاض نے اسے ایک دم گردن گھما کر دیکھا۔ دلہن کے خود ہی گھونگٹ اٹھانے کی ادا اس کی سمجھ میں نہ آئی۔ لیکن وہ چاند سا چہرہ دیکھ کر خوش ضرور ہو گیا ـــ وہ رونمائی میں دینے کے لیے انگوٹھی جیب سے نکال کر اٹھنے ہی کو تھا کہ حنا غرارے کو سنبھالتی اٹھی۔ دھم سے بیڈ سے کودی اور اس کے سامنے آن کھڑی ہوئی ـــ روٹھنے کے انداز میں بولی ـــ "اتنی دیر سے گردن جھکائے آپ کا انتظار کر رہی تھی ـــ تھک گئی ہوں میں ـــ گردن دکھنے لگی ہے۔ یہ زیور اور بھاری بھاری کپڑے۔"

فیاض نے معصوم سی لڑکی کو برق پاش نظروں سے دیکھا ـــ پیار ان نظروں میں ٹھاٹھیں مار رہا تھا۔ وہ مسکراتے ہوئے اٹھا ـــ اور حنا کو بازوؤں میں بھر لیا ـــ حنا گھبرا گئی ـــ وحشی ہرنی کی طرح ادھر ادھر دیکھا اور بازوؤں سے نکلنے کی تگ و دو کی۔ لیکن بازوؤں کا حصار آہنی تھا ـــ وہ ان سے نکل نہ پائی۔

دوسرے دن دعوتِ ولیمہ تھی۔ حنا کو آج بھی بھاری بھاری زیورات اور ملبوسات پہننا پڑے۔ سب سے بڑی بات کہ سر جھکائے گھنٹوں بیٹھنا پڑا۔ ہر وقت دھما چوکڑی اور اچھل کود کرنے والی حنا کو تو جیسے سزا ملی تھی۔ کئی بار اس نے اٹھنے کی کوشش لیکن

بہنوں اور بھابی نے اٹھنے نہیں دیا۔ دو ایک بار تو عصمی نے اس کے چٹکی بھی کاٹی۔ حسنہ نے کئی بار اس کا دوپٹہ نیم گھونگٹ کے انداز میں ٹھیک کیا۔ وہ بار بار بے چینی سے پہلو جو بدل رہی تھی۔ بے تکلفی سے قہقہہ لگا دیتی تھی۔ پٹر پٹر باتیں کیے جاتی تھی ـــ بہنوں اور بھابی کو محتاط ہونا پڑا تھا۔ اس لیے عصمی نے جب دیکھا کہ وہ چپ ہی نہیں ہو رہی تو چٹکی کاٹی ـــ حنا تھوڑی دیر اپنے اوپر ظاہر داری کا خول چڑھائے چپ بیٹھی رہی۔ لیکن یہ سب کچھ اس کے مزاج کے خلاف تھا ـــ

دعوت کے خاتمے پر اس کی دونوں بہنیں اور بھابی اسے کمرے میں لے آئیں، جہاں آتے ہی حنا نے دوپٹہ اتار پھینکا۔ پھر جلدی جلدی زیور اتارتے ہوئے بولی "اب تو میں کبھی ان زیوروں کو ہاتھ بھی نہیں لگاؤں گی۔ کان دکھنے لگے ہیں۔ گردن اکڑ گئی ہے توبہ ـــ" عصمی نے پیار سے سمجھایا ـــ عظمی نے بھی اور حسنہ نے بھی ملائمت سے کہا "حنا اب تو شادی شدہ ہے ذرا تحمل سے کام لے۔ دو چار دن تو یوں ہی دلہن بن کر بیٹھنا پڑتا ہے۔ فیاض کے رشتے کی عورتیں جب تک گھر میں ہوں گی سنجیدگی سے ہی کام لینا ـــ"

"بھئی اس کا تو میاں بھی بہت سنجیدہ سا آدمی ہے" عصمی نے کہا "بڑے ٹھہرے ہوئے مزاج کا لگتا ہے۔ اسی لیے تو اسے بھی سمجھاتے ہیں۔ کہ ـــ"

"بس ـــ کچھ نہ کہیں ـــ میں اپنا گھر بار اور اپنا میاں خود سنبھال لوں گی ـــ" حنا نے دونوں ہاتھ اوپر اٹھا کر مسکراتے ہوئے کہا ـــ!

"خدا کرے ـــ" بہنوں اور بھابی نے دعائیہ انداز میں کہا۔ حنا بیڈ پر چپ پڑ گئی ـــ وہ واقعی بہت تھک گئی تھی۔

گھر میں چند قریبی رشتے دار ہفتہ بھر رہے۔ حنا کو ان کی خاطر زیور بھی پہننا پڑا اور بھاری بھاری کامدانی کام کے کپڑے بھی ـــ مگر اب بھی کرنا پڑتا اور آرام سے بیٹھے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

رہنا بھی ـــــ حنا سب کو بہت اچھی لگی تھی۔ شکل و صورت خدا نے اچھی دی تھی بھرکم جہیز بھی ملا تھا ـــــ خاندانی شرافت بھی ورثے میں حصے آئی تھی ـــــ شریف تو بہت ہی خوش تھے۔

ایاز کو بھی اپنی کومل سی بھابی بہت پسند آئی تھی۔ کچھ زیادہ ہی اس لیے کہ وہ بہن تھی۔ اور چند دنوں ہی میں اس سے بے تکلف بھی ہو گئی تھی ـــــ ہم عمری کا بھی تھا نا۔

مہمان آہستہ آہستہ رخصت ہونے لگے۔ سب کو جانا ہی تھا ـــــ جانے کی تو اب بڑے بھائی اعجاز اور بھابی بھی کر رہے تھے ـــــ شریف الدین کو بھی کے ساتھ ہی جانا تھا۔

اس دن انہوں نے حنا کو اپنے قریب بٹھایا ـــــ گھر کی چابیاں اسے دیں بولے "بیٹی اب تُو اس گھر کی مالک ہے۔ سیاہ و سفید کی مالک۔ اس گھر کا رکھ رکھ عزت و وقار سب تیرے ہاتھ میں ہے۔ فیاض بہت اچھا ہے۔"

"میں اچھی نہیں ہوں بابا جان" وہ ان کی بات کاٹ کر ہنستے ہوئے بولی۔

شریف الدین نے مسکرا کر اس کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا "تم بہت اچھی ہو۔ فیاض سے بھی اچھی۔"

"نہیں ـــــ آپ ایسے ہی کہہ رہے ہیں ـــــ"

"یقین مانو ـــــ تمہاری اچھائی ہی سے تو میں مطمئن ہوں ـــــ اسی لیے تو کے ساتھ ہی جا رہا ہوں۔ ہاں تم پر ایاز کی ذمے داری چھوڑے جا رہا ہوں ـــــ"

آپ اس کی طرف سے بالکل بے فکر رہیں ـــــ میں تو بہت خوش ہوں کہ گھر میرا ہم عمر بھائی بھی موجود ہے۔"

"لاڈ پیار میں اسے بگاڑ بھی نہ دینا" شریف الدین مسکرا کر بولے "اس کی پڑھائی

کا بھی خیال رکھنا ہے تمہیں ـــــ ڈاکٹر بننے تک اُسے ذرا۔"

"ہائے نہیں بابا جان ـــــ وہ اب اتنا ناسمجھ بھی نہیں کہ پڑھائی کے معاملے میں اس پر سختی کرنا پڑے ـــــ"

"جیتی رہو" شریف الدین نے پھر اس کے سر پر دستِ شفقت پھیرا ـــــ حنا نے ان کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر ہونٹوں سے لگایا اور پھر آنکھوں سے لگا لیا ـــــ عقیدت اور محبت کا یہ اظہار شریف الدین کو بہت بھایا ـــــ انہوں نے ڈھیروں دعائیں حنا کو دیں۔

اعجاز بھائی، بھابی ان کے دونوں بچے اور شریف الدین سب چلے گئے۔ تو حنا کو گھر ایک دم ہی سُونا لگنے لگا۔

اس نے روہانسی ہو کر فیاض سے کہا "گھر تو ایک دم ہی خالی ہو گیا ہے ـــــ"

"ہاں ـــــ سب چلے گئے ہیں ـــــ بہت رونق تھی ان سے۔"

"مجھے تو وحشت ہونے لگتی ہے ـــــ"

"عادی ہو جاؤ گی ـــــ شکر کرو گھر میں غلام احمد اور برکتے ہیں۔"

"لیکن ـــــ"

فیاض نے اس کا کندھا تھپتھپایا ـــــ وہ تو رو دینے کو تھی ـــــ کوئی کام دام کیا کرو ـــــ دل لگا رہے گا۔"

"آپ دفتر سے جلدی آجایا کریں نا ـــــ"

فیاض مسکرا دیا ـــــ کہو تو نوکری چھوڑ کر گھر بیٹھ جاؤں۔"

حنا نے منہ بنا کر کہا "یہ کب کہا میں نے ـــــ"

"دفتر سے چھٹی کے بعد ہی آسکتا ہوں نا۔"

"ایاز بھی کالج سے اتنی دیر کے بعد لوٹتا ہے۔ سارا دن اکیلے گزارنا مشکل ہوتا ہے۔"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"اب اس کا تو کوئی علاج نہیں ہے میرے پاس ـــــ عادت ڈالنا پڑے گی اکیلے وقت گزارنے کی ـــــ"

حنا سارا دن بور ہوتی رہتی ـــــ کبھی کبھی تو اسے واقعی ویرانی ڈسنے لگتی دہشت سی ہوتی ـــــ نچلا بیٹھنا اسے آتا ہی کب تھا۔

وقت گزاری کے لیے اس نے کچن کا کام کرنا چاہا۔ لیکن برکتے نے اسے کچن کو ہاتھ لگانے نہیں دیا۔ "بہو بیگم میں مر تو نہیں گئی ـــــ ابھی تو آپ کے ہاتھوں مہندی بھی پھیکی نہیں پڑی اور آپ کچن میں کام کرنے آگئیں ـــــ نہیں جی ـــــ میں تک ہوں آپ کو کچن میں آنے کی ضرورت نہیں ـــــ ہم نے اس گھر کا نمک کھایا ـــــ نمک حلال ہیں ہم لوگ ـــــ آپ کو آرام نہیں دیں گے تو ہم کس کام کے۔"

برکتے مخلص تھی ـــــ وہ تو اپنی نئی بیگم کے آرام کا بہت خیال رکھتی تھی ـــــ نویلی دلہن کو چولہا جھونکنے دیتی تھی بھلا؟

حنا کو خود بھی کھانا پکانے کا کوئی خاص شوق تو تھا نہیں۔ وہ تو وقت دھکیلنے کے لیے ایسا کرنا چاہتی تھی ـــــ کچن میں کام نہ ملا ـــــ تو اس نے کمروں کی ترتیب ٹھیک کرنا شروع کردی۔ لیکن یہاں بھی غلام محمد اور جمعدارنی نے اسے کام کو ہاتھ لگانے نہیں دیا۔

"آپ حکم کردیں، کہ کون سی چیز کہاں رکھنی ہے" غلام محمد سینے پر ہاتھ باندھ کر بولا ـــــ "ہم رکھ دیں گے۔ صفائی بھی آپ کی مرضی کے مطابق ہوگی ـــــ آپ کسی قسم کا تردد نہ کریں ـــــ"

حنا کے لیے اب کون سا کام رہ گیا تھا ـــــ اپنی اور فیاض کی الماری اس نے ایک دن ہی میں ٹھیک کرلی تھی۔ رسالے اور اخبار گھر میں باقاعدگی سے آتے تھے۔ لیکن حنا کو ٹک کر بیٹھنے کی عادت کہاں تھی۔ رسالے الٹے پلٹے اخبار کی سرخیاں دیکھیں اور بس ـــــ

"فیاض میں بہت بور ہوتی ہوں اکیلی ـــــ" وہ اکثر شاکی لہجے میں کہتی۔

"گانے سنا کرو ـــــ فلمیں دیکھا کرو ـــــ یہ ڈیک اور وی سی آر تمہارے بہترین ساتھی ہوسکتے ہیں ـــــ"

"لیکن ـــــ"

گانوں اور فلموں سے بھی وہ اکتا گئی ـــــ

تنہائی اسے کاٹنے کو آتی تھی ـــــ اسی لیے ایک دن اس نے برکتے سے پوچھا۔ "برکتے اردگرد کے گھروں میں بچے نہیں ہیں کیا؟"

"ہیں کیوں نہیں بی بی ـــــ دائیں کوٹھی والوں کے تین بچے ہیں ـــــ بائیں والوں کے دو اور سامنے والے گھروں میں بھی بچے ہی بچے ہیں ـــــ"

حنا نے خوشی سے لہراتے ہوئے تالی بجا کر کہا "بہت خوب"

برکتے نے حیرانی سے اسے دیکھا وہ بولی "برکتے ان بچوں کو لے آیا کرو یہاں ـــ میں ان سے کھیلا کروں گی"

برکتے منہ پر ہاتھ رکھ کر ہنستے ہوئے بولی "بہو بیگم آپ بچوں سے کھیلیں گی"

"ہاں ـــــ اکیلے تو میں بہت بور ہوتی ہوں ـــــ بچے مجھے بہت اچھے لگتے ہیں"

"لیکن بی بی ـــــ لوگوں کے بچے اپنے گھر میں اکٹھے کرلیں گی ـــــ"

"کیا ہوا ـــــ"

"وہ اسکول جاتے ہیں ـــــ"

"تو شام کو بلا لایا کرو ـــــ"

"شام کو تو صاحب بھی آجاتے ہیں ـــــ اور آیا نہ بیٹا بھی ـــــ بچوں کو غل غپاڑہ کرنے دیں گے وہ ـــــ"

حنا نے مایوس ہوکر اسے دیکھا تو وہ شوخ سے لہجے میں بولی "اللہ کرے گا خیر سے آپ کے گھر بھی آجائے گا تو ـــــ"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"برکتے ـــــ"

برکتے اس کے اس طرح ٹوکنے پر چپ ہو گئی۔

حنا میکے گئی تو حسنہ بھابی سے اپنے اکیلے پن کا رونا رویا ـــــ حسنہ نے تسلی دی۔

"آہستہ آہستہ عادی ہو جاؤ گی ـــــ کوئی کام دام کیا کرو ـــــ"

پھر اس نے ہنس کر برکتے والی بات بھی کہی "خدا کرے تمہاری گود بھری جائے ـــــ پھر دیکھنا تنہائی کیسے بھاگتی ہے، فرصت نہیں ملا کرے گی سر کھجانے کی ہوں ـــــ"

وہ ہنس کر بولی "وہ تو جب ہو گا دیکھیں گے ـــــ میں اب کیا کروں؟"

"اب ـــــ اب سارا دن فیاض کے انتظار میں گزارا کرو ـــــ انتظار بھی تو کتنا پیارا ہے۔ لذت آمیز ـــــ پیارا پیارا، کیوں جی ـــــ"

حنا بھابی کی بات پر مسکرا دی۔

اس دفعہ وہ میکے سے اپنی کھیل کی چیزیں ساتھ لے گئی ـــــ بیٹ گیند، لڈو، تاش، کیرم اور دوسری کھیلیں ـــــ ایاز اور فیاض کی چھٹی کا دن تو وہ ان سے کھیل کر گزار سکتی تھی۔ ایاز کے کالج اور فیاض کے آفس سے آنے کے بعد بھی وقت کھیل کود کو دیا جا سکتا تھا۔ حنا یہ سوچ کر خوش ہو گئی۔

اس دن فیاض دفتر سے واپس آیا ـــــ کپڑے بدل کر وہ کچھ دیر آرام کرتا تھا۔ حنا چائے لے آئی۔ اس نے بستر میں گھسے گھسے ہی چائے پی۔

"کچھ کھیلتے ہیں فیاض" حنا نے ایک دم ہی کہا۔

"کیا ـــــ؟"

"کھیل کھیلتے ہیں جناب۔ اتنے پریشان کیوں ہو گئے ـــــ" حنا نے ہنس کر کہا "نہیں سمجھتے، گیم گیم سر" وہ اس کا منہ تکتے ہوئے زیر لب مسکرایا ـــــ حنا شہ پا کر

"اس دفعہ میں گھر سے اپنی ساری گیمز اٹھا لائی ہوں ـــــ جناب باہر لان میں کھیلنا چاہیں تو بیڈمنٹن، کرکٹ، فٹ بال کوئی بھی کھیل کھیل سکتے ہیں اور یہاں کھیلنا پسند فرمائیں تو کیرم لڈو تاش ٹریڈ وغیرہ وغیرہ ابھی حاضر کیے دیتی ہوں۔"

وہ بہت شوخ ہو رہی تھی۔ فیاض نے اس کا ہاتھ پکڑ کر اپنی طرف گھسیٹتے ہوئے مسکرا کر کہا "فی الحال تو ہم یہ گیم ـــــ"

ہٹیے ـــــ" حنا نے ہاتھ چھڑاتے ہوئے اسے پیار سے گھورا۔ ہر وقت ایک ہی بات ـــــ"

"حنا ـــــ اب تم بچوں والی کھیلیں کھیلنا چھوڑ دو ـــــ اب تم شادی شدہ ہو اور ہماری بیوی ـــــ سمجھیں ـــــ" اس نے پھر اسے اپنی طرف اک جھٹکے سے گھسیٹا ـــــ حنا اس کے پہلو میں آن گری۔ لیکن اس وقت اس کا موڈ کھیلنے کا تھا۔ اس لیے چند لمحوں میں ہی پیچھا چھڑاتے ہوئے اٹھ کھڑی ہوئی ـــــ فیاض نے پیار بھری روٹھی روٹھی نظروں سے اسے دیکھا۔ حنا پروا کیے بغیر دوسرے کمرے میں گئی اور لڈو اٹھا لائی۔

"اٹھیے" وہ کود کر بیڈ پر آن بیٹھی۔

"کیوں ـــــ؟" فیاض سینے تک کمبل کھینچتے ہوئے بولا۔

"لڈو کھیلیں ـــــ"

"بھائی یہ بچوں والے کھیل کھیلنا مضحکہ خیز لگتا ہے مجھے۔"

"آپ ابھی سے بوڑھے ہو گئے ـــــ"

"بچہ بھی تو نہیں ہوں ـــــ"

"جوان ہیں ـــــ لیکن بوڑھوں والی روح گھسی ہوئی ہے آپ میں ـــــ"

"یہی سمجھ لو ـــــ"

"نہیں کھیلیں گے ـــــ"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"اوں ہوں۔"

"کیرم لاؤں ——"

"نہیں بھئی ——"

"تاش تو کھیلیں گے نا ——"

"اس وقت تو کچھ بھی کھیلنے کا موڈ نہیں۔ جو موڈ تھا تم نے بگاڑ دیا ——" وہ شرارت سے اسے دیکھ کر ہنسا۔ "اور یہ تاش تو نہ مجھے کھیلنا آتی ہے نہ اچھی لگتی ہے۔"

حنا نے منہ بنایا۔ لُڈو اٹھائی۔ بیڈ سے چھلانگ نما انداز میں اُتری۔ فیاض نے ہولے سے کہا۔ "آرام سے آرام سے —— یوں ہرنیوں کی طرح قلانچیں نہ بھرو۔ سنبھل کر اٹھاؤ حنا ——"

یہ اس نے مذاق میں کہا تھا یا سنجیدگی سے حنا نے غور نہیں کیا۔ وہ لُڈو لیے کمرے سے باہر چلی گئی۔

لاؤنج میں ایاز بیٹھا تھا ——

"بھابی یہ کیا —— یہ کیا ہے ——" وہ بولا۔

"لُڈو —— کھیلو گے؟" حنا نے جلدی سے کہا۔

"کیوں نہیں —— آیئے دو دو ہاتھ ہو جائیں —— وہ مار دوں گا آپ کو۔ وہ مار دوں گا —— کہ یاد رکھیں گی۔"

"چیٹنگ تو نہیں کرو گے؟" حنا لُڈو درمیانی میز پر رکھتے ہوئے صوفے پر بیٹھ گئی۔

"ہاتھ کی صفائی ——" وہ ہنسا —— حنا نے بھی ہنس کر کہا۔ "میں نے پکڑ لی نا، تو دھنک کر رکھ دوں گی تمہیں ——"

"منظور۔"

دونوں کھیلنے لگے —— حنا بہت خوش تھی۔ ایاز کے ساتھ لُڈو کھیلتے ہوئے وہ

اس بدمزگی کو بھول سی گئی۔ جو فیاض کے انکار سے ہوئی تھی۔

دونوں خوب ہنستے شور مچاتے اور چیٹنگ پر لڑتے جھگڑتے رہے۔ کافی دیر بعد فیاض کمرے سے باہر آیا تو انہیں یوں مگن دیکھ کر خاموشی سے ہی باہر نکل گیا۔

چھٹی کا دن حنا نے کرکٹ یا فٹ بال کھیلنے کا پکّا پکّا پروگرام بنا لیا ——

اس دن بڑی سنہری دھوپ نکلی تھی۔ فضا میں ہلکی ہلکی تپش کا احساس جانفزا تھا —— حنا نے غلام محمد سے کہہ کر لان میں کرسیاں ڈلوائی تھیں —— فیاض نہا دھو کر اخبار لیے وہیں آ بیٹھا تھا۔ ایاز بھی ادھر ہی آ گیا۔

"چلو آج کرکٹ ہو جائے ——" حنا نے دونوں بھائیوں سے کہا۔

"ایکدم ——" ایاز نے اپنے ہاتھ پر ہاتھ مارا —— فیاض نے حنا کو یوں دیکھا۔ جیسے وہ کوئی انتہائی نامعقول بات کہہ گزری ہو —— حنا نے اس کی نگاہوں کو دیکھا ہی نہیں —— ایاز کے ہامی بھرنے پر ہی بھاگی بھاگی اندر گئی اور وکٹیں، بیٹ، گیند لے آئی۔

"لو یہ لگاؤ۔" اس نے وکٹیں ایاز کو دیں۔

"تین آدمی کھیلیں گے کیسے ——؟" ایاز بولا۔

"آج تو ایسے کہ ایک باؤلنگ کرے، دوسرا ہٹ لگائے، تیسرا پیچھے بھاگے ٹیم برابر ——"

"ٹھیک ہے ——" ایاز بولا —— وہ جلدی جلدی وکٹیں گاڑنے لگا۔

"فیاض" حنا نے کہا۔ "آپ بیٹنگ کریں گے یا باؤلنگ؟"

"کچھ بھی نہیں ——"

"کیوں ——؟"

"بس ——"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"کھیلیں گے نہیں ——"

"تم کرکٹ کھیلو گی ——؟"

"ہاں —— میں تو بہت اچھا کھیلتی ہوں۔ پوری ٹیم بنا رکھی تھی میں نے تو —— سارے ساتھی چھوٹ گئے۔"

"بہت افسوس ہے ——"

"ہاں —— اس لحاظ سے کہ اتنے ساتھی چھوڑ کر جس کو ساتھی چنا —— وہ ساتھ ہی نہیں دیتا ——"

فیاض بددلی سے مسکرایا —— حنا نے اصرار کیا۔ لیکن اسے نہیں کھیلنا تھا۔ وہ تو حنا کے بھی یوں کھیلنے پر رضامند نہیں تھا —— لیکن ایاز کے سامنے زیادہ مخالفت بھی نہیں کر سکا۔

"نہیں کھیلیں گے ——"

"نہیں ——"

"فیاض —— آپ عمر سے اتنا آگے کیوں نکلنا چاہتے ہیں۔"

"تم عمر سے اتنا پیچھے کیوں رہنا چاہتی ہو ——"

حنا اس کی بات سے کچھ مرعوب تو ہوئی —— لیکن جلدی سے بولی "اس طرح دیر سے بوڑھی ہوں گی —— آپ کی طرح جوانی ہی میں بڑھاپا نہیں چاہیئے مجھے۔"

فیاض نے اخبار منہ کے سامنے کر لیا۔ حنا ایاز کی طرف متوجہ ہو گئی —— جو اس کا ساتھ دینے کو تیار کھڑا تھا۔ ایاز نے بیٹ پکڑ لیا "آپ باؤلنگ کریں۔ بھائی جان فیلڈنگ —— پہلے میں کھیلوں گا۔"

"وہ بوڑھی روح نہیں کھیلے گی۔" حنا نے شوخی سے فیاض کو دیکھا —— "ہم دونوں ہی ہیں ——"

"چلیے پھر ——"

"بیٹنگ میں کروں گی —— تم باؤلنگ کرو ——"

"نہیں میں ——"

"نہیں میں ——"

دونوں جھگڑنے لگے —— فیاض گاہے گاہے انہیں دیکھ رہا تھا ——

ایاز کو حنا کی بات ماننا پڑی۔ بیٹ اسے دے دیا۔

پھر دونوں کھیلنے اور شور مچانے لگے —— فیاض جانے کب اٹھ کر اندر چلا گیا —— یہ ایاز کو پتہ چلا نہ ہی حنا کو۔ وہ تو دونوں بڑے جوش و خروش سے رنز بنانے اور باؤلنگ کرنے میں مصروف تھے۔ دوڑ دوڑ کر حنا کا چہرہ سُرخ ہو گیا تھا۔ اور پسینہ پسینہ ہونے لگی تھی۔

"بس بھابھی" ایاز نے اس کی یہ حالت دیکھی تو گیند ہوا میں اُچھالتے ہوئے بولا۔

"بس ——" وہ کرسی پر دھم سے آن گری۔

ایاز دوسری کرسی پر بیٹھ گیا "ویسے آپ بہت اچھا کھیلتی ہیں۔"

"ٹیم پوری ہو تو مزہ آئے —— کم از کم تین چار ساتھی اور ہو جائیں نا تو ——"

"ساتھی کہاں سے آئیں ——"

"تمہارے محلے میں بچے تو ہوں گے۔ چھٹی کے دن بلا لیا کریں گے انہیں ——"

"ہاں ہے تو ٹھیک —— پھر کھیلنے کا مزہ آیا کرے گا —— میں جگو ننھے مونا اور وکی سے کہوں گا —— چھٹی کے دن اسی وقت آجایا کریں —— سامنے اور اس طرف کے گھروں ہی میں تو رہتے ہیں سب ——"

"واہ —— مزہ آجائے گا۔ پھر دیکھنا میری گیم ——"

"دیکھ لیں گے" ایاز مسکراتے ہوئے اُٹھا۔

دوپہر کے کھانے پر ایاز حنا کے کھیل کی تعریف کر رہا تھا۔ حنا پھولی نہ سما رہی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

تھی۔ بار بار داد طلب نظروں سے فیاض کو دیکھ رہی تھی ـــــ لیکن فیاض نے اس سلسلے میں کوئی بات نہیں کی۔ صرف دونوں کی سنتا رہا اور دونوں کے مسکراتے چہرے دیکھتا رہا۔

اگلے ہفتے ایاز نے محلّے کے چار پانچ لڑکے لڑکیاں اکٹھے کر لیے دس دس بارہ بارہ سالہ بچّے خوشی خوشی کھیلنے آ گئے۔

حنا واقعی بہت اچھی بیٹنگ کرتی تھی ـــــ باؤلنگ ذرا ٹھیک نہیں کرتی تھی۔ لیکن یہ کمی جگو پوری کر رہا تھا۔

کھیل خوب پُرلطف رہا۔ سب نے خوب شور مچایا۔ قہقہے ہنسی تالیاں آوازے۔ خوب ہنگامہ تھا ـــــ فیاض آج لان میں بھی نہیں آیا۔ کمرے کی کھڑکی سے یہ سب کچھ دیکھتا رہا۔

حنا دو گھنٹے کی اچھل کود کے بعد کمرے میں آئی تو بہت خوش تھی آتے ہی نعرہ لگایا۔

"بھئی مزہ آگیا آج ـــ فیاض ـــــ"

فیاض صوفے پر نیم دراز کوئی میگزین دیکھ رہا تھا ـــ وہ اس کی طرف آئی اور صوفے پر دھم سے اس کے پاس بیٹھتے ہوئے بولی "اب اس رسالے ہی میں الجھے رہو۔ باہر آ کر دیکھتے نا ـــ میں کتنا اچھا کھیلتی ہوں ـــــ" اس نے فیاض سے رسالہ چھیننا چاہا۔

لیکن فیاض نے اس کا ہاتھ جھٹک دیا ـــــ حنا ہراساں سی ہو کر بولی "کیوں کیا ہوا ـــــ"

"کچھ نہیں ـــــ"

"پھر ـــ پھر آپ ناراض ـــــ"

"میں کوئی ناراض وراض نہیں ـــــ"

"فیاض ـــــ"

"پڑھنے دو مجھے ـــــ"

حنا چند لمحے خاموش سے اُسے تکتی رہی۔ پھر اٹھ کر باتھ روم میں چلی گئی ـــ وہ نہانے اور کپڑے بدلنے ہی اندر آئی تھی۔

تیار ہو کر وہ پھر فیاض کے پاس آ بیٹھی ـــــ فیاض نے سرد مہری کا مظاہرہ کیا۔ تو وہ بولی "فیاض آپ کو میرے کھیلنے پر اعتراض ہے؟"

"نہیں ـــــ" اس نے بے تعلقی سے کہا۔

"تو پھر خفا کیوں ہیں ـــــ"

"تمہیں کیا ـــــ"

مجھے کیوں نہیں ـــــ"

"تمہیں احساس ہو تو موقع ہی کیوں دو ـــــ"

"موقع یہی دیا کہ کھیل ـــــ"

"حنا ـــــ یہ لڑکوں والے کھیل اک بیاہتا لڑکی کو اچھے لگتے ہیں ـــــ؟"

حنا چند لمحے چپ رہی۔ پھر اس نے گلے میں بانہیں ڈال کر بچّوں کی سی معصومیت سے بولی "فیاض مجھے ان کھیلوں سے خوشی ملتی ہے۔ کیا آپ مجھے یہ ننھی منّی خوشیاں چلتے نہیں دیکھ سکتے ـــــ"

فیاض اس کی معصومیّت کے سامنے ڈانواڈول ہو گیا۔ اسے بازوؤں میں بھر کر پیار کر لیا ـــــ ہولے سے بولا "تم تو واقعی منّی سی بچّی ہو ـــــ"

"اور آپ عمر رسیدہ" وہ کھلکھلا کر ہنس پڑی ـــــ فیاض نے بُرا نہیں مانا۔

اس دن ایاز ایک فلم کی خبر لایا "بھابی ـــــ ایک بڑی شاندار فلم آئی ہے چلیں گی دیکھنے ـــــ"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اپنے بھائی سے کہو ــــ"

"آپ کہیں نا ــــ"

"نہیں بھئی ــــ میں تو نہیں کہوں گی ــــ"

"کیوں ــــ؟"

"انکار کر دیں تو ــــ"

"آپ انہیں اصرار کر کے منا لینا ــــ بہت غضب کی پکچر ہے۔ میرے دو تین دوستوں نے دیکھی ہے۔ ضرور دیکھیں گے ہم بھی۔ آپ بھائی جان کو تیار کریں ــــ"

"اچھا ــــ ویسے مودی دیکھنے کا انہیں شوق تو نہیں لگتا۔"

"دیکھتے تو شاید ہی ہیں۔ دی سی آر پہ بھی کبھی کبھار دیکھتے ہیں۔ سینما ہاؤس جانا تو۔"

"پھر ــــ"

"آپ کی بات مان لیں گے کہیے تو سہی ــــ"

حنا نے کہا۔

لیکن۔

فیاض نے پس و پیش کی ــــ سینما ہاؤس میں تین گھنٹے بیٹھ کر فلم دیکھنا اسے بور لگتا۔

"ایاز کہتا ہے۔ بڑے غضب کی فلم ہے۔"

"تو تم چلی جاؤ نا اُس کے ساتھ ــــ"

"آپ نہیں جائیں گے۔"

"اوں ہوں ــــ"

"ہم جائیں ــــ"

"چلے جاؤ ــــ"

"آپ بھی چلتے تو مزہ آتا ــــ"

"تم دونوں خوب انجوائے کر سکتے ہو ــــ میری کیا ضرورت ــــ"

حنا کے سر پر فلم دیکھنے کا بھوت سوار تھا ــــ وہ فیاض کی باتوں میں کھلی تلخی کو محسوس ہی نہ کر پائی۔ بھاگی بھاگی ایاز کے کمرے میں آئی اور بولی "چلو بن گیا پروگرام۔"

"بھائی جان مان گئے ــــ"

"اجازت دے دی ہے ہمیں ــــ"

"وہ نہیں جائیں گے ــــ؟"

"نہیں بھئی ــــ حسبِ عادت انہیں کام کرنے ہیں۔ پڑھنا ہے۔ یہ کرنا ہے وہ کرنا ہے ــــ چلو یہ بھی اچھا ہوا ہمیں اجازت تو دے دی ــــ"

"بس ٹھیک ہے ــــ آج ہی چلتے ہیں ــــ آپ تیار ہو جائیں ــــ یہی شو دیکھ لیتے ہیں۔ جلدی سے تیار ہو جائیں ــــ"

"تیار کیا ہونا ہے ــــ ٹھیک ٹھاک کپڑے ہیں ــــ"

"ٹھیک ہے۔"

دونوں پکچر دیکھنے چلے گئے۔

رات دس بجے کے قریب واپس لوٹے تو دونوں اتنی اچھی فلم دیکھنے سے بہت خوش تھے۔

غلام محمد گیٹ کھولنے کے لیے بیٹھا ہوا تھا۔ اور برکتے کھانا دینے کے لیے کچن میں بیٹھی تھی۔

دونوں کھانے کے لیے ڈائننگ روم میں آ گئے۔

"کھانا لگا دوں ــــ؟" برکتے نے پوچھا۔

"ہاں ــــ" ایاز بولا۔

"صاحب نے کھانا کھا لیا ــــ" حنا بولی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"جی ہاں ـــــ تھوڑی دیر ہی ہوئی ـــــ آپ کا انتظار کر کر کے کھا ہی لیا آخر۔"

"انہیں پتا نہیں تھا کہ فلم ختم ہوتے اور گھر آتے دس بج ہی جائیں گے۔"

"پتا نہیں جی۔" برکتے کھانا نکالنے باورچی خانے میں چلی گئی۔

کھانے کے بعد حنا خوشی خوشی کمرے میں آئی۔ اس کا موڈ بن رہا تھا کہ ساری کہانی فیاض کو سنا کر اسے فلم دیکھنے پر اکسائے گی اور کل دوبارہ اس کے ساتھ فلم دیکھنے جائے گی۔

لیکن۔

اس کے آنے پر فیاض جاگتے ہوئے بھی سوتا بن گیا۔ اس کے جگانے پر اول آں کی ـــــ حنا کو اس پر بہت غصہ آیا ـــــ عجیب سی عادتیں تھیں اس کی۔ ان عادتوں کو سمجھنے اور ان سے سمجھوتا کرنے کے بجائے اسے طیش آنے لگا ـــــ

وہ پھنکاری ـــــ اور کچھ بولے بنا کپڑے بدل کر بیڈ کے ایک کنارے پر ٹک کر لیٹ گئی ـــــ بڑی دیر تک اسے نیند نہیں آئی۔

صبح وہ ناراض ناراض اٹھی۔ لیکن فیاض نے خود ہی اسے بلا لیا ـــــ فلم کے بارے میں پوچھا ـــــ تو وہ بہل گئی۔

یوں بہت عرصہ چلتا رہا۔ کبھی فیاض کا موڈ ٹھیک ہو جاتا۔ کبھی حنا کا بگڑ جاتا۔ کبھی وہ منا لیتی۔ کبھی فیاض ہار مان جاتا ـــــ حنا نے کسی حد تک فیاض کی ناراضگی کو سمجھنے کی کوشش بھی کی۔ کھلنڈرے پن کو بدلنے لگی۔ کھیل کود میں حصہ لینا بھی کم کر دیا۔ سنجیدہ بننے کی شعوری کوشش بھی کرنے لگی ـــــ لیکن ـــــ

ایاز کی ذات ان دونوں کے درمیان غیر محسوس طریق سے آتی جا رہی تھی ـــــ حنا کی اس سے بہت دوستی تھی ـــــ وہ اس کا بہترین ساتھی تھا ـــــ اس کا کہنا مانتا تھا ساتھ

دیتا تھا۔ مخلص اور ہمدرد بھی تھا۔

ایک دن حنا نے فیاض سے باتوں باتوں میں کہہ ہی دیا۔ "آپ سے تو ایاز ہی اچھا ہے۔ کتنا خیال رکھتا ہے۔ میری ننھی منی خوشیوں کا ـــــ اس کی کمپنی مجھے نہ ملتی تو اس گھر میں میں تو گھٹ کے رہ جاتی۔ بابا آپ تو بہت سوبر ہیں ـــــ عمر میں پہلے ہی مجھ سے کافی بڑے ہیں۔ اس پر یہ کہ اپنی عمر سے بھی دس پندرہ سال آگے نکلتے ہیں ـــــ"

"ایاز تمہیں اچھا لگتا ہے؟ ـــــ"

وہ جھٹ سے بولی۔ "بہت اچھا۔ بہت پیارا ہے ـــــ میں نے کہا نا ـــــ اس کی کمپنی مجھے نہ ملتی۔ تو میں اس گھر میں ـــــ" وہ کھلکھلا کر ہنس پڑی۔

یہ ہنسی فیاض کے دل میں تیر کی طرح اتر گئی ـــــ وہ طنزیہ لہجے میں بولا۔ "میں کیسا ہوں ـــــ؟"

وہ شوخی کے موڈ میں تھی بولی۔ "ایک دم بور ـــــ"

"اچھا ـــــ"

"ہاں ـــــ" وہ اس کا منہ چڑا کر بھاگ گئی ـــــ فیاض بے سہارا ستون کی طرح صوفے پر گر گیا ـــــ پھر ـــــ پھر اس کے ذہن میں جو اتنے عرصے سے سنپولیے رینگ رہے تھے ـــــ سانپ بن کر پھنکارنے لگے ـــــ وسوسے کا زہر ـــــ شک کا زہر ـــــ اُبھاؤ کا زہر ـــــ پھر یہ زہر ہولے ہولے چپکے چپکے ازدواجی زندگی کے اندر پھیلتا، اُترتا چلا گیا ـــــ فیاض نے اپنے اُوپر ظاہرداری کا ایسا لبادہ اوڑھ لیا کہ حنا جیسی معصوم اور سادہ سی لڑکی کچھ جان نہ سکی، پہچان نہ پائی ـــــ وہ سرپھری سی لڑکی اپنے حال ہی مست رہی۔ ننھی منی خوشیاں سمیٹتی رہی اور اپنا دامن بھرتی رہی ـــــ اس کے تو وہم و گمان میں بھی وہ خیال نہیں آیا ـــــ جو فیاض کی ہستی کو ہلا گیا تھا ـــــ تخریبی عناصر ذہن میں دھرنا مار کر بیٹھ گئے تھے۔ انہیں تو..... پھیلانا تھی ـــــ فیاض

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ٹک کا چشمہ آنکھوں پر لگا چکا تھا ــــ حنا کی ایک ایک حرکت ایک ایک بات کو اہم
سے دیکھنے لگا۔

حنا سے سرد مہری تو وہ برت رہا تھا۔ زیادہ وقت گھر سے باہر ہی گزارتا۔ ا
ہوتا بھی تو سیدھے منہ بات نہ کرتا ــــ اپنے آپ ہی میں اُلجھا رہتا ــــ یہ
کچھ اتنی آہستگی اور غیر محسوس طریق سے ہوا تھا کہ حنا چاہتے ہوئے بھی اس تبدیلی
متعلق پوچھنے کی ہمت نہ کرتی۔ اس نے تو یہ سب کچھ اس کی سنجیدہ طبیعت کا حصہ
یا تھا۔

لیکن

جب کبھی فیاض کی کوئی بات، کوئی نظر، کوئی فقرہ تیر کی طرح سنسناتا ہوا اس
اندر اُتر جاتا تو وہ پریشان ہو جاتی، اس پریشانی کو ایاز محسوس کرتا تو ہمدردی سے

”کیا ہوا بھابی ــــ بہت اپ سیٹ ہیں ــــ بھائی جان نے کچھ کہا ــــ؟“

”کچھ کہتے ہی تو نہیں ــــ“ اس دن حنا نے ایاز کو ہمدرد پاکر کہہ ہی دیا۔

”کیا مطلب ــــ؟“

”میں خود نہیں سمجھ پاتی ــــ جانے کیا ہوتا جا رہا ہے انہیں۔ ڈھنگ سے با
ہی نہیں کرتے۔ ہر وقت الجھے الجھے رہتے ہیں ــــ“

”آپ پوچھیں نا ان سے ــــ“

”ہمت نہیں پڑتی ــــ کبھی کچھ کہوں بھی تو ایسے برفیلے انداز میں جواب د
ہے کہ روح کانپ جاتی ہے ــــ“

”میں بھی بھائی جان کے رویے کی سرد مہری محسوس کرتا ہوں“

”ایاز میں کیا کروں ــــ“ وہ پھک سے رونے لگی۔ ایاز نے اس کے کندھے پر
ہاتھ رکھ کر اسے تھپتھپاتے ہوئے تسلی دی ”میں پوچھوں گا بھائی جان سے ــــ“

وہ اسے قریب بیٹھا تسلی دے رہا تھا کہ اس وقت فیاض کمرے سے نکل کر لاؤنج
گزرا۔ اک اچٹتی سی نگاہ دونوں پر ڈالی پھر تیزی سے باہر نکل گیا ــــ ایاز کو کچھ
چھنے کی ہمت ہی نہ ہوئی۔

”دیکھا تم نے“ حنا آنسو پونچھتے ہوئے بولی ”مجھے روتے دیکھ کر بھی نہیں رُکے
بے تعلقی سے باہر نکل گئے ہیں ــــ“

ایاز نے بھی پریشان ہو کر سر جھکا لیا ــــ بھائی کا یہ رویّہ اس کی سمجھ میں بھی نہیں آیا۔

یوں

بے شمار چھوٹے موٹے واقعے پیش آئے۔

حنا کی طبیعت خراب تھی نزلہ زکام تھا۔ حرارت بھی تھی۔ ایاز اس کی احوال پرسی کرنے
ے میں آیا ــــ اس نے حنا کو دوا کھلائی۔ اور آرام کرنے کی تاکید کرنے لگا ــــ
شام کالج سے واپس آ کر آپ کو ڈاکٹر کے پاس لے جاؤں گا ــــ“

”اس کی ضرورت نہیں۔ زکام ہی تو ہے“ حنا شال سے سر لپیٹتے ہوئے بولی۔

”ساتھ بخار بھی ہے“ اس نے حنا کے ماتھے پر ہاتھ رکھ کر حرارت دیکھی۔

”اُتر جائے گا“ حنا نے اس کا ہاتھ آہستگی سے ماتھے سے ہٹا دیا۔

فیاض کھڑکی سے باہر کھڑا کھڑکی کے شیشے میں پڑتا ان دونوں کا عکس دیکھ
اتھا۔

ایک دن فیاض دفتر سے گھنٹہ بھر لیٹ واپس آیا۔ کمرے میں آیا تو میز پر دو خالی
پیالیاں پڑی تھیں دو کوارٹر پلیٹیں اور ایک پیالہ بھی پڑا تھا ــــ میز صوفے کے سامنے
تھی۔ فیاض کو اندازہ لگانا مشکل نہ تھا کہ دونوں نے یہاں چائے پی اور چاٹ کھائی ہے۔
ہر کر پیالے میں تھوڑی سی چاٹ بھی تھی۔

حنا بھی اس کے پیچھے ہی اندر آ گئی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فیاض نے ٹائی کی گرہ ڈھیلی کی ـــــ حنا اس کا کوٹ اُتروانے آگے بڑھی، سنے گھوم کر اسے زہرناک نگاہوں سے دیکھتے ہوئے پوچھا۔

"کون آیا تھا؟"

"کوئی نہیں ـــــ" وہ حیران ہو کر بولی۔

فیاض نے طنزیہ مسکراہٹ اُچھالی اور میز کی طرف دیکھا۔ حنا نے اس کی نگاہ کا تعاقب کرتے ہوئے میز پہ پڑے جھوٹے برتن دیکھے تو مسکرا کر بولی "میں سمجھی آپ مہمان کا پوچھ رہے ہیں۔ یہ تو میں نے اور ایاز نے چائے پی تھی ایاز چاٹ لایا بڑے مزے کی تھی ـــــ آپ کے لیے بھی رکھی ہے ـــــ"

وہ فیاض کی بات سننے سے پہلے ہی لپک کر گئی ـــــ اور چاٹ کا پیالہ لے لیکن

وہ

دہل گئی

فیاض نے خشمگیں نگاہوں سے اسے دیکھتے ہوئے الٹا ہاتھ مار کر پیالہ پرے گرا دیا تھا۔

اس دن وہ دوسرے کمرے میں جا کر بہت روئی۔

اور

اس دن بھی ایاز نے محبت اور پیار سے اپنی معصوم سی بھابی کے آنسو پونچھتے ہوئے پورے خلوص اور ہمدردی کا اظہار کیا۔

بھائی کا یہ روّیہ اس کی سمجھ سے بھی بالا تھا۔ وہ خود کون سا جہاندیدہ آدمی تھا۔ نوعمری تھی، ناسمجھی تھی ـــــ ماں کا پیار نہیں ملا تھا ـــــ تو بھابی کے پیار میں ممتا پاتا تھی ـــــ بھابی کے دکھ اسے ڈستے تھے۔ اپنے پیار کا برملا اظہار کرتا تھا۔ ہمدردی جتاتا

تسلی دیتا تھا۔ بھابی اسے ماں کی طرح عزیز تھی۔

"بھابی آپ نہ رویا کریں ـــــ میں آپ کے آنسو دیکھ نہیں سکتا۔ اگر بھائی جان کا آپ کے ساتھ یہی روّیہ رہا ـــــ تو میں کسی دن ان سے اُلجھ بیٹھوں گا ـــــ"

"نہیں" حنا نے جلدی سے کہا۔ "تم نے اپنے بھائی کے سامنے منہ کھولنے کی جرأت کی۔ تو مجھ سے بُرا کوئی نہیں ہوگا۔"

"عجیب ہیں آپ بھی بھابی ـــــ بے قصور، بے گناہ زیادتی برداشت کیے جا رہی ہیں۔ خود زبان کھولتی ہیں نہ مجھے کھولنے دیتی ہیں ـــــ"

ایاز نے غصّے میں آ کر اچھا خاصا لیکچر دے ڈالا اسے۔ حنا کو اس پر بڑا پیار آیا۔ اس کے ماتھے سے بال اٹھاتے ہوئے بولی "میرے منّے بھائی ـــــ تیری ہمدردی ہی کافی ہے میرے لیے ـــــ اس سے آگے نہ بڑھنا نہ میں بڑھنے دوں گی ـــــ ہم میاں بیوی ہیں۔ لڑائی جھگڑا ہو جاتا ہے ـــــ"

"بلاوجہ؟"

"یہی سمجھ لو ـــــ"

"یہ زیادتی ہے ـــــ"

"نہیں ایاز قصور میرا بھی تو ہے۔ مجھے تو بھابی اور بہنوں نے پہلے بھی سمجھانے کی بہت کوشش کی تھی۔ کہ فیاض جیسے سنجیدہ آدمی کے ساتھ میرا کھلنڈرا پن نہیں چلے گا ـــــ لیکن میں ناسمجھ تھی ـــــ سوچا تھا وہ یہ سب کچھ گوارہ کر لیں گے اور وقت کے ساتھ ساتھ میں خود بخود سوبر ہو جاؤں گی ـــــ"

"لیکن بھیّا نے شاید یہ مارجن نہیں دیا ـــــ"

"ٹھیک ہے۔ میں احتیاط برتوں گی ـــــ"

وہ دونوں کافی دیر تک دکھ سکھ بانٹتے رہے ـــــ فیاض اس سے بھی بے خبر

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نہیں رہا۔ ان کی کچھ باتیں اس کے کانوں میں بھی اُتریں اور کیا اُتریں نرا زہر گھول گئیں۔

پھر

فیاض بات بے بات ایاز سے بھی الجھنے لگا ـــــ ایاز کا جوان خون تپ اُٹھا لیکن بھابی کی وجہ سے چپ تھا ـــــ

لیکن

ایک دن جب فیاض نے معمولی سی بات پر نوکروں کے سامنے اس کی بے عزتی کر ڈالی ـــــ تو وہ لال بھبوکا ہوگیا ـــــ حنا بھی سامنے کھڑی تھی۔

وہ غصّے سے لرزتے ہوئے بولا "میں ان کی خاطر چپ ہوں بھائی جان۔ ورنہ"

"ورنہ کیا ـــــ؟" فیاض نے اک زنّاٹے دار تھپڑ اس کے منہ پر جڑ دیا ـــــ حنا یہ برداشت نہ کر پائی دوڑ کر کمرے میں بستر پر جا گری ـــــ منہ چھپا کر وہ ہچکیوں سے رونے لگی ـــــ

ایاز اس بلاوجہ بے عزتی پر تھرّا اٹھا ـــــ لیکن کچھ بولا نہیں ـــــ ہاتھ نہیں اٹھایا۔ پلٹا اور تیز قدم اٹھاتے اپنے کمرے میں چلا گیا۔

فیاض روز بروز خونخوار ہی ہوتا چلا گیا۔ اور ایک دن اس نے حنا پر بھی ہاتھ اٹھا لیا ـــــ

اس کے تھپڑ نے حنا کا سارا وجود ساری ہستی ہلا ڈالی ـــــ گال پر ہاتھ رکھ لیا۔ فیاض کو گہری نظروں سے دیکھا اور غرّاتے ہوئے بولی "آپ کو ہوتا کیا جا رہا ہے۔ آپ اب میری برداشت سے باہر ہو رہے ہیں۔ مجھے آج تک کسی نے پھول تک نہیں مارا ـــــ آپ نے تھپڑ مارا ـــــ کیوں ـــــ کس خطا پر ـــــ کس جرم کی سزا دے رہے ہیں آپ مجھے"

"بکواس بند کرو" وہ زور سے دہاڑا ـــــ

آواز سن کر ایاز بھی آگیا ـــــ

"کیا ہوا؟ کیا ہوا بھابی؟" اس نے بھابی کو تھام لیا ـــــ

"دور ہو جاؤ میری نظروں سے" فیاض دھاڑا ـــــ ایاز نے بہتری اسی میں سمجھی کہ حنا کو کمرے سے باہر لے جائے۔

لیکن

آج حنا کا پیمانۂ صبر بھی لبریز ہوگیا تھا ـــــ وہ اس کی زیادتی پر زور زور سے چیخ رہی تھی ـــــ رو رہی تھی ـــــ واویلا کر رہی تھی۔ ایاز اسے سمجھا رہا تھا ـــــ غصّہ تھوکنے کے لیے منتیں کر رہا تھا۔

"میں یہ زیادتی برداشت نہیں کروں گی"

"بھابی پلیز! بھائی جان کا غصّہ ٹھنڈا ہو جائے تو جو جی میں آئے کہہ لیجئے گا۔ اب چپ ہو جایئے میرا تو دل ہول رہا ہے ـــــ غصّے میں انسان پاگل ہو جاتا ہے ـــــ کچھ نہیں سمجھتا کہ وہ کیا کہہ رہا ہے، کیا کر رہا ہے ـــــ پلیز ہمت کریں۔ آپ تو مجھے منع کرتی تھیں ـــــ آپ خود ـــــ"

حنا پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔

اس دن سے دوریوں کی خلیج اور گہری ہوتی گئی۔ ایاز کی ہستی کا سہارا نہ ہوتا تو شاید حنا فیاض سے ہمیشہ کے لیے منہ موڑ کر میکے آگئی ہوتی۔ لیکن آفرین تھی حنا کی ہمت اور برداشت پر گھر جہنم کدہ بنا ہوا تھا۔ لیکن اس نے ایک بات بھی میکے تک نہ پہنچائی تھی۔ حالات کے سدھرنے کے انتظار میں مر مر کر جیتی رہی۔

وہ اکثر ایاز سے کہتی "فیاض مجھے پسند نہیں کرتے۔ نفرت کرتے ہیں مجھ سے۔ میں ان کے معیار پر پوری نہیں اُتری۔ اتنے سوبر آدمی کو لڑکا ٹائپ لڑکی کیسے پسند آتی ـــــ"

"لیکن اب تو آپ ایسی نہیں رہیں ـــــ بدل ڈالا ہے اپنے آپ کو"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"پتا نہیں پھر بھی کیوں یہ سب کچھ ہو رہا ہے۔"

"میں خود نہیں سمجھ پاتا ـــــ بھابی ہمیں کسی بڑے سے مشورہ لینا چاہیے۔ اپنی امی یا بھابی ـــــ"

"نہیں ایاز ـــــ میں اپنے دکھ یہیں تک محدود رکھوں گی ـــــ"

ایاز کو دلی افسوس تھا ـــــ کھلنڈری، شوخ و شنگ ہر وقت اچھل کود کرنے ہنسنے ہنسانے والی، معصوم سی بھابی کو دکھی دیکھ کر اسے دلی افسوس ہوتا تھا۔ لیکن کچھ نہ پاتا تھا کہ کیا کرے۔

وہ کچھ بھی نہ کر سکا۔

حنا اور فیاض میں دوری پھیلتی چلی گئی ـــــ اور یہ دوری اتنی پھیلی کہ فیاض نے چپ چاپ ایم ایس کرنے کے لیے امریکہ کی کسی یونیورسٹی میں داخلہ لے لیا ـــــ وہ حنا سے دور بہت دور چلا جانا چاہتا تھا ـــــ اسی لیے خاموشی ہی سے تیاری بھی کر لی۔

چھوٹی سی بات بہت بڑی ہو گئی تھی۔ شروع میں شاید حنا نے ہوشمندی سے کام نہیں لیا تھا۔ لیکن اس کا قصور بھی نہ تھا ـــــ دانشمندی سے فیاض ہی کام لیتا تو معاملہ نہ بگڑتا ـــــ لیکن وہ بھی کسی حد تک سچا تھا ـــــ اپنی اور حنا کی عمروں کے تفاوت اور مزاجوں کے تضاد نے اسے اس وہم میں مبتلا کر دیا تھا کہ حنا اس کے ساتھ خوش نہیں رہ سکتی ـــــ اس پر ایاز کی شخصیت درمیان میں آ گئی ـــــ دونوں ہم عمروں کو ہنستے کھیلتے دیکھ کر اس کا وہم شک بن گیا ـــــ وہ اعتماد چور چور کر بیٹھا ـــــ خود بھی ٹوٹا پھوٹا حنا کو بھی شکستہ کر ڈالا۔ اس نے نیت کر لی کہ امریکہ جاتے ہی حنا کو الگ کر دے گا ـــــ تاکہ وہ ایاز کے ساتھ اپنی دنیا آباد کر سکے۔

جانے سے ایک دن پہلے ہی حنا کو پتا چلا ـــــ تو وہ گھبرا گئی ـــــ پریشان ہو گئی ـــــ فیاض سے کئی دنوں سے بول چال بند تھی۔ لیکن وہ خود ہی اس کے پاس چلی آئی ـــــ

روہانسی ہو کر پوچھا "آپ امریکہ جا رہے ہیں؟"

"ہاں" اس نے سرد لہجے میں کہا۔

"مجھے ـــــ" اس کا دل ڈوب گیا سسکتے ہوئے بولی "مجھے کس کے پاس چھوڑ کر جا رہے ہیں ـــــ میں کہاں رہوں گی؟"

"یہیں"

"میں اکیلی نہیں رہ سکتی"

"تم اکیلی نہیں ہو گی۔ ایاز جو ہے"

"ایاز ـــــ ایاز میرا بھائی ہے۔ اچھا ساتھی ہے۔ لیکن ـــــ میں آپ کے بغیر نہیں رہ سکتی۔ نہیں رہ سکتی فیاض"

وہ روئی، سسکی، تڑپی۔

لیکن فیاض پتھر بنا رہا۔

"آپ مجھے چھوڑ کر جا رہے ہیں؟" حنا نے اپنی سرخ متورم آنکھوں کو آنچل سے پونچھتے ہوئے اس کی طرف غور سے دیکھ کر پوچھا۔

"ہاں"

"کیوں میرا جرم؟ میری خطا؟ میرا قصور؟" اس نے دکھ سے پوچھا۔

فیاض منہ موڑتے ہوئے بے رحمی سے بولا "عمروں کا فرق اور سوچوں کا تضاد"

"کیا کہہ رہے ہو؟" اس نے فیاض کا کندھا جھنجھوڑ ڈالا۔

"بننے کی کوشش مت کرو" فیاض نے اس کا ہاتھ جھٹک دیا۔ پھر کٹیلے لہجے میں بولا۔ "تم ایاز کے ساتھ خوش رہتی ہو ... خوش رہو گی ...."

"فیاض" حنا کا ماتھا پہلی بار اس طنز میں چھپے شک پر ٹھنکا "تم نے مجھ پر شک کیا؟"

فیاض نے منہ پھیر لیا۔ بیدردی سے بولا "میں اور دھوکا نہیں کھا سکتا۔ میں تمہیں آزاد

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کر دوں گا ـــــ تم اور ایاز ـــــ"

وہ چیخی۔ لپک کر اس کے سامنے آ گئی ـــــ آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر اُسے دیکھا۔

وہ پتھر دل بنا رہا۔

وہ اُسے تکتی رہی۔

فیاض اتنا تنگ نظر، ایسا تنگ دل اور ذلالت کی حد تک سوچ رکھنے والا ہو سکتا تھا۔ اس نے تو کبھی سوچا بھی نہ تھا

اس کا بدن کانپنے لگا۔

دماغ چکرانے لگا۔

آنکھیں پھٹنے لگیں۔

اور پھر ـــــ پھر فیاض جو اس کے لیے عظیم تھا۔ جو اُسے محبوب تھا اور جس کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے وہ اپنی سادگی اور معصومیت کو توڑ پھوڑ کر اک نئی جہت میں اپنا آپ موڑنے کی کوشش کر رہی تھی۔ یہ فیاض اسے ایک دم ہی اتنا چھوٹا اتنا حقیر اور اتنا بے وقعت لگا کہ اُسے کچل دینے کی خواہش اس کے اندر بھڑک اٹھی۔

وہ دہاڑی اور اس پر جھپٹ پڑی۔

جذباتی دھچکے سے وہ بے ہوش ہو کر نہ گر پڑتی تو اس بے مروّت اور بے رحم انسان کا گلا ضرور گھونٹ دیتی۔

جس نے اُسے سمجھا نہیں تھا۔

اور

سمجھنے کی کوشش بھی نہیں کی تھی۔

لیکن

ظلم تو یہ ہوا۔ کہ وہ ایسی بے ہوش ہوئی کہ پھر ہوش میں نہیں آئی۔

اندازِ مسیحائی

ڈاکٹر اسد ملک پرائیویٹ کمروں کے مریضوں کے دیکھنے کے بعد اب زنانہ جنرل وارڈ کا راؤنڈ لے رہے تھے۔ ان کے ساتھ سفید اوور آلز میں ملبوس تین جونیئر ڈاکٹر بھی تھے۔ دو تین نرسیں بھی تھیں۔ وارڈ نرس ہر مریض کا چارٹ جب ڈاکٹر بیڈ کے پاس جاتے تو لیکر سامنے آ جاتی۔ ڈاکٹر چارٹ دیکھتے۔ دوائیاں دینے کا پوچھتے۔ پھر مریض کی احوال پُرسی کرتے۔

"کوئی تکلیف تو نہیں اب؟"

تکلیف ہوتی تو مریض بتا دیتے۔ ڈاکٹر تسلی دلاسے دیتے اور ضرورت سمجھتے تو دوائی تبدیل کر دیتے۔ وارڈ میں سولہ بیڈ تھے۔ جن میں سے صرف دو خالی تھے۔ باقی سب پر عورتیں اور بچے پڑے تھے۔ ان مریضوں کے ساتھ ایک تیماردار بھی تھا۔ ایک بیڈ کے ساتھ ایک تیماردار کو رہنے کی اجازت تھی۔ مریضوں کی احوال پُرسی کو آنے والوں کے لیے اوقات مقرر تھے۔ جب سے ڈاکٹر اسد ملک نے اس اسپتال کا چارج لیا تھا۔ وہ ان اوقات کی پابندی بہت سختی سے کرواتے تھے۔ ان مقرر اوقات کے علاوہ کوئی ان کمروں نہیں آ جا سکتا تھا۔ مریضوں کے آرام اور بہتری کے لیے وہ اس سختی پر مجبور تھے۔ جنرل وارڈ بھی اب صاف ستھرے تھے۔ اور مریضوں کی دیکھ بھال بھی اب بہت اچھی ہوتی تھی۔ سہل پسند ڈاکٹر، ڈاکٹر اسد ملک کی وجہ سے اب چاق و چوبند نظر آتے تھے۔ نرسیں بھی بڑی مستعد ہو گئی تھیں۔ ڈاکٹر اسد کی اصول پسندی سے واقف تھے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ڈاکٹر اسد پچھلے سال ہی یہاں آئے تھے۔ وہ بیس سال بعد وطن لوٹے تھے۔ وہ مڈل ایسٹ کے کئی ملکوں میں رہنے کے بعد چار پانچ سال امریکہ کے اسپتالوں میں کام کر کے آئے تھے۔ ان بیس سالوں میں انھوں نے جو کچھ سیکھا تھا۔ جتنا تجربہ حاصل کیا تھا اس سے اب اپنے ہم وطنوں کو مستفید کرانا چاہتے تھے۔ ہر چند یہاں ان کا کوئی قریبی عزیز نہیں تھا۔ ماں باپ تھے نہ ہی کوئی بہن بھائی۔ پھر بھی وہ اپنی جڑیں اپنی سرزمین ہی میں پھیلی محسوس کرتے تھے۔ اس مٹی سے انہیں پیار تھا۔ یہ پیار انھیں واپس کھینچ لایا تھا۔ اور وہ بہت اچھی جاب چھوڑ کر چلے آئے تھے۔ روپے پیسے کی کمی نہ تھی۔ انھوں نے ان ملکوں میں رہ کر اتنا کما لیا تھا کہ ان کے بچے تو کیا بچوں کے بچے بھی اس کے سہارے عیش کی زندگی گزار سکتے تھے۔ پہلے پہلے ان کی بیوی عظمیٰ نے واپس آنے کی مخالفت بھی کی تھی۔ ان کے دونوں بیٹے بھی واپس آنا نہیں چاہتے تھے۔

لیکن جب ڈاکٹر نے انھیں سمجھایا۔ نشیب و فراز سے آگاہ کیا کہ دیارِ غیر میں مدتوں رہنے کے باوجود اجنبیت حاوی رہتی ہے۔ کوئی غیر ملکی، ملکی تحفظات پانے کے باوجود ملکی نہیں ہو پاتا۔ اغیار میں کھو کر انسان اپنا تشخص بھی شناخت نہیں کر پاتا۔ تشخص اپنی مٹی ہی سے وابستہ ہوتا ہے۔ اسی میں نمو پاتا ہے۔ اور پھلتا پھولتا ہے۔ جو عزت جو مان اور جو تفاخر اپنی مادرِ وطن کی آغوش سے اُبھرتا ہے۔ اسے کسی شناخت، حوالے یا پہچان کی ضرورت نہیں ہوتی۔

عظمیٰ، ڈاکٹر کی باتوں سے قائل ہو گئی۔ بچوں کی عمریں ابھی ان حدود کو نہ پہنچی تھیں کہ وہ اپنا انتخاب اور پسند کا حق استعمال کر سکتے۔ بڑا بیٹا سولہ برس کا تھا۔ چھوٹا چودہ کا ـــــ بیٹی تو صرف آٹھ سال کی تھی۔

یہاں آکر چار چھ ماہ اپنے آپ کو ماحول اور ماحول کو اپنے آپ میں مدغم کرنے میں ضرور لگے۔ پھر سلسلہ ٹھیک ہو گیا۔ ڈاکٹر اسپتال میں اپنی ذات جذب کرنے لگے۔

بچے اسکول اور پڑھائی میں لگ گئے۔ اور عظمیٰ بیوی اور ماں کی ساری ذمے داریاں نبھانے میں لگ گئی۔ ایک خوبصورت اور صاف ستھرے علاقے میں انھوں نے پیارا سا گھر خرید لیا تھا ـــــ یہ گھر عظمیٰ پورے طور پر گھر بنانے میں مصروف رہتی تھی۔ ڈاکٹر ملک کو جتنے سکون، اطمینان اور آرام کی ضرورت تھی، وہ اسے بہم پہنچانے میں کوشاں رہتی۔ ڈاکٹر کا مشن دکھی انسانیت کی خدمت کرنا تھا ـــــ اور عظمیٰ کا مشن ڈاکٹر کی خدمت کرنا تھا۔ عظمیٰ جیسی پُرخلوص اور فرض شناس بیوی ڈاکٹر کی خوش بختی تھی ـــــ ورنہ ان کے اندر عورت اک خوف اور ڈر کا نام بنی چھپی بیٹھی تھی۔ وہ تلخ تجربوں کی اتنی جلتی محرابوں تلے سے گزرے تھے کہ عورت انھیں پتھر کا ایسا نوکیلا ٹکڑا لگتی تھی۔ جو صرف چوٹ ہی نہیں لگاتا۔ زخم کے اندر تک اُتر جاتا ہے۔ بہت ڈرتے ڈرتے انھوں نے عظمیٰ سے شادی کی تھی، لیکن انھیں بہت جلد احساس ہو گیا کہ ہر عورت پتھر کا نوکیلا ٹکڑا نہیں ہے۔ بلکہ محبتوں اور چاہتوں کا ایسا نخلستان بھی ہے۔ جہاں صحراؤں میں بھٹکنے والے پیاسے مسافروں کے لیے ٹھنڈے میٹھے پانی کے چشمے بہتے ہیں۔

درختوں کی گھنی ٹھنڈی چھاؤں میسر آتی ہے۔ اور صرصر کرتی ہوائیں چلتی ہیں۔

ڈاکٹر نے بھی عظمیٰ کو پیار کی پھوار میں پوری طرح بھگو دیا تھا۔ احترام کے در وا کیے تھے۔ مان دیا تھا۔ اعتماد کے نقطۂ عروج تک پہنچایا تھا۔

"میری طرف سے کوئی کوتاہی تو نہیں ہو رہی مجھے احساس دلا دیا کرو۔ میں نہیں چاہتا، میری لاعلمی سے تمہارے کسی جذبے کو گزند پہنچے۔" اسد کہتے۔

عظمیٰ ہنس دیتی "ـــــ تم نے مجھے وہ سب کچھ دیا۔ جس کی ایک عورت خواہش کر سکتی ہے۔ لیکن جانتے ہو نا ایک خواہش میرے دل میں ایسی بھی ہے جو تم دے ہی نہیں سکتے۔"

"ہاں بھئی ـــــ خواہشوں پر لگام تو ہوتی نہیں۔ تکی بے تکی چلی آتی ہیں۔" ڈاکٹر بھی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مسکرا کر کہتے "دیسے عظمیٰ تم واقعی عام عورتوں سے ہٹ کر ہو۔ کوئی عورت اپنے پیار میں دوسری عورت کو برداشت نہیں کر سکتی۔ ایک تم ہو کہ....."

ڈاکٹر کی شوخ مسکراہٹ سے محظوظ ہو کر وہ کہتی "مجھے تمہارے پیار میں حصے دار عورت کی خواہش نہیں ہے جناب! مجھے تو اس عورت کی خواہش ہے جو ہم دونوں پر پیار کی بارش کر سکتی ہو۔ میری ماں نہیں تھی۔ سوچا تھا۔ ساس ملے گی تو ممتا کا سارا حق ان سے وصول کروں گی ـــــ لیکن افسوس تو یہ ہے کہ تمہاری ماں بھی نہیں۔"

"ماں واقعی ابرِ رحمت ہوتی ہے اور میری ماں نے بہت پہلے مجھے اس شفقت سے محروم کر کے کڑی دھوپ میں جلنے کے لیے تنہا چھوڑ دیا تھا ـــــ کچھ بزدل تھی شاید وہ۔ تنگی ترشی سے نباہ نہ کر پائی۔ چپکے سے مر گئی۔"

"کاش وہ زندہ ہوتیں اسد۔ مجھے کسی بزرگ کے سایۂ عاطفت کے بغیر اپنا گھر ادھورا ادھورا سا لگتا ہے۔" عظمیٰ واقعی دل سے چاہتی تھی کہ گھر میں کوئی بزرگ ہو۔ جس کے پاس تجربوں اور زندگی کے پچوڑ کے خزانے ہوں۔ جو ہاتھوں میں چراغ لیے زندگی کے راستوں پر اس کی راہنمائی کرے۔ جو اسے کبھی کبھی ٹوک سکے۔ ڈانٹ دے عجیب غریب سی خواہش تھی۔

ڈاکٹر اسد کبھی اُس کی اِس خواہش پر مسکرا دیتے، کبھی خوشی سے کوئی فقرہ کہہ دیتے اور کبھی کبھی بے طرح اداس بھی ہو جاتے۔ کاش ان کی ماں زندہ ہوتی اور عظمیٰ جیسی بہو پا کر ماضی کی ساری تلخیاں بھلا سکتی۔ لیکن ماں برسوں پہلے داغِ مفارقت دے چکی تھی ـــــ عظمیٰ کی یہ خواہش پوری ہونے کا امکان نہیں تھا۔

یہ بات عظمیٰ بھی جانتی تھی۔ لیکن بس۔ یونہی ـــــ جب اسے ڈاکٹر کی طرف سے دی جانے والی بھرپور خوشیوں کا احساس ہوتا تو یہ خواہش اس احساس میں کانٹے کی طرح اٹک جاتی ـــــ آسودگی میں اک نا آسودہ سی خواہش لذتِ درد سے آگہی کا باعث بن

جاتی..... جو کسی طور پر پریشان کن نہیں ہوتا۔

زندگی طمانیت اور آسودگی کی لہروں پر بہے چلی جا رہی تھی۔

عظمیٰ گھریلو ذمے داریاں پورے خلوص سے سنبھالے تھی۔

بچے پڑھائی میں مصروف اَن دیکھی جنتوں پر راستے بنانے میں مصروف تھے۔

ڈاکٹر اسپتال میں مریضوں کی مدد بھی اپنی جیب سے کرنے والا یہ ڈاکٹر ایک سال کے عرصے ہی میں سینکڑوں مریضوں کی دلی دعائیں حاصل کر کے بہت مقبول ہو چکا تھا۔

آج بھی انہوں نے راؤنڈ لیتے ہوئے جب بیڈ نمبر تین کی مریضہ کی دوائیوں کے متعلق پوچھا تو سسٹر رخسانہ آگے بڑھ کر بولی "سر، یہ دوائی انھیں اسپتال سے دی گئی ہے باقی دوائیاں انھوں نے منگوائی ہی نہیں۔"

"کیوں؟"

"پتا نہیں۔"

ڈاکٹر اس مریضہ پر قدرے جھکتے ہوئے بولے "آپ نے دوائیاں نہیں منگوائیں؟"

"کہاں سے منگواؤں۔" معمر مریضہ کی چندھی آنکھیں دُھند لا گئیں۔ "آپ لوگ تو بڑھیا بڑھیا دوائیں لکھ دیتے ہیں۔"

"بڑھیا بڑھیا" جونیئر ڈاکٹر زیرِ لب مسکرائے۔ لیکن ڈاکٹر اسد متانت سے بولے، "یہ دوائیں آپ کے لیے ضروری ہیں۔"

"میرے پاس پیسے نہیں ہیں۔ نہ ہی میرے بیٹے کے پاس اتنی رقم ہے۔" وہ جلے بھنے انداز بولی۔ تو ڈاکٹر نے سیدھے ہوتے ہوئے ڈاکٹر بخاری سے کچھ کہا۔ اس نے اثبات سے سر ہلا دیا۔

"فکر نہ کریں، آپ کی دوائی آجائے گی ـــــ" ڈاکٹر اسد نے مریضہ سے کہا پھر اسے تسلی دیتے ہوئے آگے بڑھ گئے۔ مریضہ کو یہ جتلایا نہیں کہ اس کی دوائیں ان کی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جیب سے آئیں گی۔ ڈاکٹر اسد کی یہی عظمت تھی۔ احسان کرتے لیکن جتلانے کے لیے نہیں۔ مدد اس طرح کرتے کہ مریضوں کی عزتِ نفس ..... مجروح نہ ہونے پاتی۔ لوگ انہیں انسانی روپ میں فرشتہ کہنے سے بھی نہ چوکتے تھے۔

اگلے بیڈ پر ایک نو دس سالہ بچی لیٹی تھی۔ اس کی پریشان ماں سرہانے کھڑی تھی۔ ڈاکٹر نے بچی کو تھپکی دی، پیار سے معائنہ کیا۔ دوائیوں کے متعلق سسٹر راشدہ سے پوچھا ــــ پھر جونیئر ڈاکٹروں سے اس کی بیماری کی نوعیت کے متعلق باتیں کیں۔ بچی پہلے سے نسبتاً بہتر تھی۔ ڈاکٹر نے اس کی ماں کو بھی تشفی دی۔ بچی سے ہنس ہنس کر باتیں کر کے اس کا حوصلہ بڑھایا۔

اسی طرح وہ ایک سے دوسرے، دوسرے سے تیسرے بیڈ کے مریضوں کو دیکھتے چلے جا رہے تھے۔ بیڈ نمبر چودہ پر ایک بوڑھی عورت آنکھیں بند کیے چپ پڑی تھی۔ اسپتال کا لال کمبل اس کے سینے تک پھیلا ہوا تھا۔

"سر!" سسٹر رخسانہ نے کہا "یہ پیشنٹ رات دس بجے ایڈمٹ ہوا۔ ڈاکٹر اصغر کھوکھر ڈیوٹی پر تھے۔ انھوں نے اٹینڈ کیا ــــ رات حالت کافی خراب تھی۔ قے اور لوز موشن کی وجہ سے بہت نڈھال تھیں۔ اب ٹمپریچر ایک سو ایک ہے۔ ہائی بلڈ پریشر۔ ہارٹ کا ایک ویلو....."

نرس، ڈاکٹر اصغر کھوکھر کی لکھی رپورٹ میں سے چیدہ چیدہ باتیں بتا رہی تھی۔ لیکن ڈاکٹر اسد ایک لفظ بھی شاید ٹھیک سے سن نہیں پائے۔ ان کی نظریں اس مریضہ کے چہرے پر جمی تھیں۔ ان نظروں میں حیرانی کی کیفیت تھی۔ شناخت اور پہچان کی اذیت تھی۔

یقیناً اور یقیناً یہ وہی چہرہ تھا ــــ گو وقت نے اپنی گرفت کا جال سا چہرے پر بچھا دیا تھا۔ لیکن ان ہلکی ہلکی جھریوں نے ان راستوں کی نشاندہی کر دی تھی۔ جو حال کے ڈانڈے ماضی سے ملاتے تھے۔

ماضی بے شک ہماری گرفت میں نہیں ہوتا۔ ہم ہر لمحہ حال میں جیتے ہیں۔ مستقبل پتھر کی دیوار ہے۔ جس کے پار ہم دیکھ نہیں سکتے۔ یہ ہم پر وارد ہوتے ہی حال بن جاتا ہے اور یہ حال لمحہ لمحہ سرک کر ماضی میں گم ہوتا جاتا ہے۔ وقت ہم سے حال کی اک اک واردات چھین کر چرا کر ماضی کے سینے میں اتار دیتا ہے۔ گم کر دیتا ہے۔

"لیکن!"

ماضی مستقبل کی طرح پتھر کی دیوار نہیں۔ یہ شیشے کی دیوار ہے۔ شیشے کی دیوار۔ جس کے آر پار سب کچھ دیکھا جا سکتا ہے۔ لمحوں کی گرفت سے نکلا ہوا۔ وقت کا چھینا اور چرایا ہوا اک اک لمحہ جو ماضی کے سینے میں پیوست ہوتا ہے۔ ہم پلٹ کر دیکھیں تو شیشے کی دیوار کے آر پار سب کچھ نظر آ جاتا ہے۔

ڈاکٹر اسد کی آنکھیں شیشے کی اس دیوار کے پار دیکھ رہی تھیں۔

اور جو کچھ دیکھ رہی تھیں۔ وہ ان پر کپکپی، وحشت اور اذیت کا تاثر چھوڑ رہا تھا۔

"سر!" ڈاکٹر بخاری نے ان کی محویت کو توڑا۔

"ہوں؟" ڈاکٹر نے ایک دم سر کو جھٹکا دیا۔ آنکھوں میں بھر جانے والی پہچان اور شناخت کی کیفیت کو دور کرنے کی کوشش کی۔ لیکن کامیاب نہ ہو سکے۔ پوچھا "یہ کون ہیں؟"

"پیشنٹ سر" سسٹر سادگی سے بولی۔

"ان کا نام؟"

رخسانہ نے چارٹ پر نام دیکھا اور بولی "آسیہ بیگم۔ عمر اکسٹھ سال۔ اور....."

"آسیہ بیگم" ڈاکٹر نے زیرِ لب دہرایا۔ تو ان کا یقین درست تھا۔ یہ آسیہ بیگم ہی تھیں۔

ڈاکٹر نے لب سکوڑ لیے ــــ پھر رخسانہ سے سوال کیا "انھیں کس نے ایڈمٹ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کروایا ہے؟"

"پتا نہیں سر ـــــ ایک عورت اور مرد لے کر آئے تھے۔ داخل کروا کے چلے گئے"

"ہوں! ہو سکتا ہے، وہ ان کا بیٹا اور بہو ـــــ" ڈاکٹر کچھ کہتے کہتے رک گئے۔ یہ قسم کی باتیں انھیں اس وقت نہیں کرنا چاہیے تھیں۔

"سر، آپ انھیں جانتے ہیں؟" ڈاکٹر ارشد نے اسد ملک کے چہرے کے پریشان کن چڑھاؤ دیکھتے ہوئے پوچھا۔

ڈاکٹر نے ہاں نہ کے درمیان یونہی سر ہلا دیا۔ ان کے ذہن میں بڑی طوفانی سی ہلچل مچی تھی۔ آسیہ بیگم کی یہ حالت کہ انتہائی تشویشناک حال میں جنرل وارڈ میں ایڈمٹ ہوں! ان کے ہیجان کو متلاطم کیے دے رہی تھی۔

ڈاکٹر نے جلدی جلدی چارٹ پر نگاہ ڈالی۔ بیماری کی تشخیص اور علاج کے لیے کچھ لکھا تھا۔ ایک نظر میں دیکھ کر چند ضروری ہدایات سسٹر کو دیں۔

"سر، یہ جاگ رہی ہیں ـــــ آپ ان سے باتیں کر سکتے ہیں۔ ان کی نظر بہت کمزور ہے۔ یہ"

ڈاکٹر کچھ کہے بنا اگلے بیڈ کی طرف بڑھ گئے۔

سسٹر زاور دونوں جونیئر ڈاکٹروں کو ان کا یہ رویہ سمجھ میں نہیں آیا۔ ڈاکٹر ملک کا تو یہ عادت تھی کہ بیماری کے علاوہ بھی مریضوں سے اچھی اچھی باتیں کیا کرتے تھے۔ جس سے بیمار کے ہونٹوں پر مسکراہٹیں سج جایا کرتی تھیں۔ بیماری سے مقابلہ کرنے کی ہمت پیدا ہو جایا کرتی تھی۔

خلافِ توقع اور خلافِ معمول ڈاکٹر اس مریضہ سے کچھ کہے سنے بغیر آگے بڑھ گئے تھے۔ سب آنکھوں آنکھوں میں اشارے کرتے ہوئے ایک دوسرے سے وجہ پوچھ رہے تھے۔

وجہ! جو انھیں معلوم نہیں تھی۔

اور نہ ہی استفسار کرنے پر معلوم ہو سکتی تھی۔

آخری مریض کو دیکھنے کے بعد ڈاکٹر نے گردن موڑ کر آسیہ بیگم کو دیکھا۔ چہرے پر کچھ برہم برہم سی سختی اُبھر آئی تھی، جذبۂ ترحم بھی موجیں مارتا دکھائی دیتا تھا۔ ڈاکٹر کی عجیب و غریب سی کیفیت دوسروں سے ڈھکی چھپی نہ تھی۔

"اسٹاف" ڈاکٹر اسد نے وارڈ کے بیرونی دروازے کے قریب جاتے ہوئے کہا۔

"یس سر" رخسانہ بولی۔

"اُس پیشنٹ کے گھر سے کوئی دیکھنے آئے تو میرے پاس لے آنا۔

"بہتر سر"

"اور ان کی نگداشت صحیح طرح کرنا" ڈاکٹر نے خشک اور کھردرے لہجے میں کہا۔ یہ لہجہ ان کا اپنا نہیں تھا۔

ڈاکٹر اپنے آفس میں چلے آئے۔ بڑی سی میز کے دوسری طرف رکھی آرام دہ کرسی پر بیٹھتے ہوئے انھوں نے اسٹیتھسکوپ پر رکھ کر سر کرسی کی پشت پر ڈال دیا۔

وہ اس وقت خاصے مضطرب اور بے چین نظر آ رہے تھے۔ آج پہلی بار ان کا جی چاہ رہا تھا کہ وہ آفس کا دروازہ بند کر دیں۔ کوئی انھیں بلانے نہ آئے۔ وہ چُپ چاپ کرسی کی پشت پر سر ڈالے آنکھیں بند کیے پڑے رہیں۔ اور بند آنکھوں کے اندر کھلنے والی آنکھوں سے شیشے کی دیوار کے اس پار دیکھتے رہیں۔ ماضی کو کُریدتے رہیں۔ اُلٹ پُلٹ کرتے رہیں۔ اس طرح کہ ماضی کا لمحہ لمحہ زنجیر بن کر سارے حالات و واقعات تسلسل سے ان کے سامنے لے آئے۔

وہ واقعی آنکھیں بند کر کے شیشے کی دیوار کے پار اُتر گئے۔

وہ اس نو دس سالہ بچے کو دیکھ رہے تھے۔ جو میلا کچیلا پھٹا پرانا لباس پہنے تھا۔ جس کے ہاتھ کالی سیاہی سے رنگے تھے۔ جس کی ذہین اور چمکدار آنکھیں کجلائی کجلائی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

تھیں۔ جس کے بال میل سے اَٹے تھے۔ جس کے پاؤں میں ڈھول اور مٹی اس طرح جمی ہو کہ جوتے کی ضرورت باقی نہ رہتی تھی۔ جس کا بدن تو خوب چوڑا چکلا تھا۔ لیکن خوراک کی کمی نے چمڑی ہڈیوں پر منڈھ دی تھی۔

اور یہ بچّہ اسد تھا!

تنگدستی کی وجہ سے بیماری میں بغیر علاج گھُل گھُل کر مَر جانے والے غفور ملک کا اکلوتا بیٹا۔ جو اب بھی اپنی بیوہ اور انتہائی غریب ماں کے ساتھ گاؤں کے اس بوسیدہ مکان میں رہتا تھا جو اس کی ماں نے گروی رکھا ہوا تھا۔ لیکن اب سود کی رقم اتنی بڑھ چکی تھی کہ مکان ہی ہاتھ سے جا رہا تھا۔

ماں خود بھی بیمار رہتی تھی۔ اُٹھتے بیٹھتے سینے پہ ہاتھ رکھ رکھ کر کھانسا کرتی تھی بخار میں جلا کرتی تھی۔ اور ڈھیروں بلغم اُگلا کرتی تھی۔ اس حال میں بھی وہ چوہدری کے کھیتوں پر کام کیا کرتی تھی تاکہ اپنا اور اپنے بیٹے کا پیٹ پال سکے۔

صرف پیٹ پالنے ہی کا سوال نہیں تھا۔ سوال تو اسد کی پڑھائی کا تھا۔ یہ بچہ جو بہت زیادہ پڑھنا چاہتا تھا۔ جسے ڈاکٹر بننے کی خواہش تھی۔ کبھی کبھی بیمار اور لاچار ماں کے لیے مسئلہ بن جاتا تھا۔

"میں کہاں سے پیسے لاؤں، تجھے پڑھانے کے لیے؟ کچھ نہیں بنے گا تو۔ خواب مت دیکھا کر۔ ڈاکٹر امیروں کے بچّے بنتے ہیں۔ چار جماعتیں پڑھ لے، یہی کافی ہیں۔ خط وط پڑھ لکھ لے گا بس۔ میرے ساتھ مزدوری کرنے چلا کر۔ اب مجھ سے اتنی محنت نہیں ہوتی۔"

"اماں، مجھے بہت شوق ہے۔ اماں، چوہدری صاحب کے بڑے بیٹے کی طرح میں بھی ڈاکٹر بنوں گا۔"

"کہا نا! ایسے خواب مت دیکھا کر۔"

"اماں، میں ضرور ڈاکٹر بنوں گا۔ دن رات محنت کر کے ڈاکٹر بنوں گا۔ ابا اسی لیے مر گیا

کہ اس کا علاج نہیں ہو سکا۔ اماں، میں تیرا علاج ضرور کروں گا۔ ایک بار ڈاکٹر بن جاؤں۔"

مدقوق سی اماں کے سینے سے اک آہ سی نکلتی۔ کھڑکھڑاتی ہڈیاں چٹخنے لگتیں۔ وہ سوچتی، ناسمجھ ہے نا، کتنے دُور کی باتیں سوچتا ہے۔ بیمار ماں سے اتنے لمبے سفر کی توقع رکھتا ہے۔

اماں کی آنکھیں ڈبڈبانے لگتیں۔ اسد ان آنسوؤں کو دیکھ کر مضطرب ہو جاتا اور اس کے دل میں ڈاکٹر بننے کی لگن اور شدت اختیار کر جاتی۔

وہ بہت ذہین اور لائق بچہ تھا۔ ناساعد حالات میں بھی شوق کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑتا۔ ہر امتحان میں اوّل آتا۔ لگن اور بڑھ جاتی۔ گاؤں کے اسکول میں صرف پرائمری تک تعلیم حاصل کی جا سکتی تھی۔ یہ اک دُور افتادہ گاؤں تھا۔ مڈل اسکول ساتھ والے گاؤں میں تھا۔

اسد نے پانچویں جماعت پاس کر لی تو اماں نے کہا "بس بیٹا، اب پڑھائی ختم۔"

"نہیں اماں۔" وہ عزم سے بولا "میں چھٹی میں داخل ہو رہا ہوں۔"

"کہاں؟"

"ساتھ والے گاؤں میں مڈل اسکول ہے۔"

"وہ گاؤں جانتا ہے، کتنی دور ہے؟"

"ہاں۔"

"تین سوا تین میل سے کم نہیں فاصلہ۔"

"تو کیا ہوا؟"

"کیسے جایا آیا کرے گا؟"

"پاؤں خدا نے کس لیے دیے ہیں اماں، چلنے کے لیے دیے ہیں اماں۔ فاصلے طے کرنے کے لیے۔"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

”ضد نہ کر۔“

”میں ضرور پڑھوں گا۔“

”کتابوں کے لیے پیسے نہیں ہیں میرے پاس۔ کہاں سے خرچے پورے کرے گا؟“

”سب کر لوں گا۔“

”کیسے؟“

”میں نے ماسی زینتے سے بات کر لی ہے، اس کے ڈنگروں کے لیے شام کو چارا لایا کروں گا۔ وہ مجھے پیسے دیا کرے گی۔“

”اسد ــــــ!“

”ہاں ماں، اس سے میری پڑھائی کا خرچہ نکل آیا کرے گا۔ تُو فکر نہ کر۔“

گیارہ سالہ بچّے کے منہ سے یہ پُرعزم فیصلہ سُن کر ماں حیران سی ہو گئی۔ پھر بولی ”محنت مزدوری کرنا ہی ہے تو جو پیسے ملیں، اس سے کچھ کھایا پیا کر۔ صحت تو دیکھ اپنی، پڑھ پڑھ کر اور سوکھ جائے گا۔“

اسد بولا ”چاچے صمد سے بھی میں نے بات کی ہے۔ وہاں سے بھی کچھ پیسے مل جایا کریں گے۔ چھٹی کے دن اس کی بھینس کو نہلایا کروں گا۔“

امّاں ہنستی رہی۔

اسد نے جو کہا تھا، وہی کر دکھایا۔ اس نے مڈل اسکول میں داخلہ لے لیا۔ روزانہ تین سوا تین میل پیدل آنا اور جانا ایک بچے کے لیے معمولی بات نہ تھی۔ لیکن اس کا عزم متزلزل نہیں ہوا۔ اس نے ساری تکلیفوں کے باوجود چھٹی جماعت میں ہمیشہ کی طرح اوّل پوزیشن لی۔ اس کا حوصلہ اور بڑھا اور اس نے پہلے سے بھی زیادہ محنت شروع کر دی۔

”آٹھ جماعتیں پڑھ بھی لیں۔ تو پھر کیا کرے گا؟“

”امّاں تو دیکھتی جا ــــــ بس ــــ تیری دعاؤں کی ضرورت ہے مجھے بس۔“

”ماں کے پاس خالی دعاؤں کے سوا اور ہے بھی کیا تیرے لیے۔“

”یہی کافی ہے۔“

”مجھ سے نہیں دیکھا جاتا بیٹے۔ میلوں پیدل چلتا ہے تُو، ڈنگروں کا چارا لاتا ہے۔ بھینسیں نہلاتا ہے۔ اتنی سی جان ہے تیری۔ سوکھتا ہی جا رہا ہے۔ میری مان اب چھوڑ دے پڑھنا۔“

”نہیں امّاں ــــــ پڑھوں گا تو میں ہر حالت میں۔ بھوکے رہنا پڑے یا چیتھڑے پہننا پڑیں۔ کوئی پرواہ نہیں۔“ امّاں بے چاری کیا کرتی۔ کیا کر سکتی تھی جو تھے چھٹے مہینے کچھ پیسے جوڑ لیتی تو اس کے لیے ایک آدھ سستے کپڑے کا جوڑا بنوا دیتی۔ یا کبھی ربڑ کے سلیپر خرید دیتی۔ اس سے زیادہ کی استطاعت تھی ہی نہیں۔ اسد جو پیسے کماتا تھا۔ وہ کتابوں کاپیوں پر خرچ کر دیتا تھا۔

ان دنوں وہ ساتویں جماعت میں تھا۔

اسکول سے گھر آیا۔۔۔ تو ماں کے سامنے والی چارپائی پر ایک خوش پوش شہری آدمی کو بیٹھے دیکھا۔

وہ حیران سا ہوا۔ ذہن پہ زور دیا۔ لیکن یاد نہ آیا کہ وہ کون ہے۔ ایسے چہروں مہروں والے آدمی، ابّا زندہ تھا تو کبھی کبھی گھر آیا کرتے تھے۔

اس نے بستہ ماں کی چارپائی پر رکھتے ہوئے اجنبی کو سلام کیا۔

اس نے سر کے اشارے سے جواب دیتے ہوئے کہا ”یہ تیرا بیٹا ہے صغیراں؟“

”ہاں، بھائی وقار۔“

”بڑا ہو گیا ہے اب تو۔“ وہ بولا پھر اسد سے پوچھا ”پڑھتے ہو؟“

”جی۔“

”کس کلاس میں؟“

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"ساتویں میں۔"

"میرا جبّار بھی ساتویں میں ہے۔"

"جبّار بڑا ہے یا چھوٹا؟" صغیراں نے پوچھا تو وہ بولا۔ "اسد بڑا ہے۔ وہ نویں میں ہے، جبّار چھوٹا ہے۔"

"بس دو ہی بچّے ہیں یا؟"

"دو ہی ـــــ بیٹی ہوئی تھی، دو سال کی ہو کر فوت ہو گئی۔"

وہ افسوس کرنے لگی۔

وقار، صغیراں کا دور پار کا بھائی تھا۔ کبھی کبھی گاؤں میں سال بھر کے لیے گندم یا چاول خریدنے آتا تو صغیراں سے مل کر جاتا ـــــ دل کا اچھا تھا۔ کچھ نہ کچھ دے کر ہی جایا کرتا تھا۔ صغیراں کے شوہر کے مرنے پر تو سارا خرچہ ہی اس نے کیا تھا۔ شہر میں اچھا کاروبار تھا۔ دس مرلے کا کشادہ مکان بھی بنوا لیا تھا۔ موٹر سائیکل بھی رکھی ہوئی تھی۔ گزر بسر بہت اچھی ہو رہی تھی۔

"دودھ پیو گے وقار بھائی؟" صغیراں نے پوچھا۔ پھر اسد کی طرف اشارہ کر کے بولی۔ "چاچے صمدو کی بھینس نہلاتا ہے اسد۔ کبھی کبھی وہ گڈوی دودھ کی دے دیتا ہے۔ بڑا کھرا دودھ ہے۔"

"تم تو پڑھ رہے ہو؟" بھینس نہلانے کا سن کر وقار، اسد سے پوچھنے لگے۔

صغیراں نے جلدی سے کہا۔ "پڑھتا بھی ہے، محنت مزدوری بھی کرتا ہے۔ پاگل ہے۔ پڑھائی ایسے تو نہیں ہوتی نا، میں تو دو وقت کی روٹی بھی حاصل کر لوں تو بڑی بات ہے۔ بیماری پیچھا نہیں چھوڑتی۔ محنت بھی تو نہیں ہوتی اب۔"

صغیراں اپنی حالتِ زار بیان کرتے ہوئے اسد کے شوق اور لگن کی باتیں بھی کرنے لگی۔ تو وقار بے حد متاثر ہوا۔ خاص کر یہ سن کر کہ یہ بچّہ علم حاصل کرنے کے لیے میلوں پیدل چل کر اسکول جاتا آتا ہے۔

"وہاں مڈل تک اسکول ہے؟" اس نے پوچھا۔

"جی۔" اسد تعظیم سے بولا۔

"اس کے بعد ـــــ"

"شہر جاؤں گا۔"

"لو اور سنو۔" صغیراں تعجب سے بیٹے کو دیکھتے ہوئے بولی۔ "شہر جا کر کیا کرے گا۔"

"دسویں تک پڑھنے کے لیے شہر ہی جانا ہوگا اماں۔ اس کے بعد کالج۔"

صغیراں نے ماتھے پر ہاتھ مارا ـــــ تو وقار جلدی سے بولے۔ "بڑا پُرعزم بیٹا ہے تمہارا، یہ ضرور کامیاب ہوگا۔"

صغیراں نے نفی میں سر ہلا دیا۔

"تمہارا بچّہ بہت ذہین ہے صغیراں۔ اسے شہر داخل کروا دو۔ یہ ضرور کچھ نہ کچھ بن جائے گا۔"

"شہر میں داخل کروا دوں، کیسے بھائی؟"

وقار چند لمحے چُپ رہے۔ پھر کچھ سوچ کر بولے۔ "اگر میں اسے شہر لے جاؤں تو؟"

"ماما جی۔" اسد بے اختیار ہو کر بولا۔ "میں آپ کا احسان....."

اس کی آواز فرطِ جذبات سے گھُٹ گئی۔ وقار نے اٹھ کر اس کے کندھے کو تھپتھپایا اور بولے۔ "تم فکر نہ کرو بیٹے۔ ماما کہا ہے تو ماما بن کر دکھاؤں گا۔ میں تمہیں شہر لے جاؤں گا۔ میرے گھر میں اللہ کا دیا سب کچھ ہے۔ میرے دو بیٹے پڑھ رہے ہیں۔ تیسرے تم ہو گئے۔ تم اپنی ماں سے پوچھ لو۔ پھر میں تمہیں شہر لے جاؤں گا۔ ہاں ساتویں جماعت اب یہیں پڑھ لو۔ دو ماہ رہ گئے ہیں پھر آٹھویں میں شہر داخل کرا دوں گا۔"

اسد کی تو جیسے خدا نے سُن لی ہو۔ ماں کو راضی کرنا مشکل نہ تھا۔ صرف ماں کے اکیلے پن

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اور بیماری سے متفکر تھا۔ اس کا حل بھی اس نے سوچ لیا تھا۔ اس نے ماسی زینتے کی منت سماجت کی کہ وہ اس کی ماں کا خیال رکھے۔ تھوڑا بہت کام لے کر روٹی دے دیا کرے۔

اس نے ساتویں جماعت پاس کر لی، تو وقار صاحب حسبِ وعدہ اسے لینے آگئے۔ ماں کا جی تو نہ چاہتا تھا کہ وہ بیٹے کو جُدا کرے۔ لیکن اس کی خوشی اور بہتری کے لیے ایسا کرنا ہی تھا۔ پھر خدا نے وسیلہ بنا دیا تھا۔ اسد اپنی پڑھائی جاری رکھ سکتا تھا۔ کیا عجب کہ پڑھ لکھ کر ڈاکٹر بن ہی جائے۔ ماں ایک انجانی سی خوشی سے دوچار ہوگئی۔ اور اس نے اسد کو نیک دعاؤں کی چھایا تلے وقار صاحب کے ساتھ شہر روزانہ کر دیا۔

جاتے وقت اس نے بیٹے کو گلے لگایا اور پیار کرتے ہوئے نصیحت کی "اسد بیٹے جس مقصد کے لیے مجھے تنہائیوں کا روگ دے کر جا رہے ہو۔ اسے پورا کرنا۔ وقار صاحب تمہاری ذمّے داری اپنے اوپر لے رہے ہیں۔ ان کا ادب لحاظ کرنا اور کسی قسم کی شکایت کا موقع نہ دینا۔" پھر اس نے وقار صاحب کے سامنے ہاتھ باندھ دیے اور روہانسی آواز میں بولی۔ "مجھ بے آسرا کا ہاتھ تھام رہے ہو بھائی۔ خدا تمہیں اس کی جزا دے گا۔ میرے بچے کے سر پر ہاتھ رکھا ہے تو اسے شفقتوں سے محروم نہ کرنا۔ یتیم ہے۔ اور یتیموں کی خبر گیری اور مدد کرنے والوں کے اللہ کے ہاں بڑے درجات ہیں۔ خدا تمہیں سلامت رکھے۔"

وقار نے اسے تسلّی دی۔ "بہن جہاں میرے دو بچے ہیں، وہاں اسد کے جانے سے کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ میں سمجھوں گا اللہ نے مجھے تیسرا بیٹا دے دیا ہے۔ تم اس کی طرف سے بالکل بے غم ہو جاؤ۔"

"خدا تمہیں اس نیکی کا بڑا اجر دے گا بھائی۔"

وقار صاحب، اسد کو اپنے ساتھ لے آئے۔

وقار صاحب کا مکان گلی کی نکڑ پہ واقع تھا۔ پکّی لال لال اینٹوں والا روشن اور ہوادار مکان دو منزلہ تھا۔ مختصر سے خاندان کے لیے یہ خاصی بڑی جگہ تھی۔

اسد اپنے کپڑوں کی پوٹلی بغل میں دبائے جب اس گھر میں داخل ہوا، تو یوں لگا جیسے کسی خیالی جنّت میں آگیا ہو ــــ کہاں وہ کچّا اور ٹوٹا پھوٹا جھونپڑا نما گاؤں کا مکان اور کہاں یہ حویلی نما پکّا مکان۔ جس کے کمروں میں سامان بھرا تھا۔ کوئی کمرہ بیٹھنے کا تھا کوئی کھانے کا۔ سونے کے کمرے الگ تھے، جہاں چوبی پلنگ پڑے تھے۔ کھڑکیوں دروازوں پر پھولدار پردے لٹک رہے تھے۔ بجلی کی روشنی تھی۔ نل کا پانی تھا۔

اسد گھر دیکھ کر بہت خوش ہوا۔ جبّار اور اسرار بھی ملے اور آسیہ بیگم سے بھی وقار صاحب نے متعارف کروایا۔ اسد بچہ تھا لیکن نظروں کی پہچان رکھتا تھا۔ اس نے محسوس کیا کہ جبّار اور اسرار نے تو تھوڑی سی اجنبیّت کا مظاہرہ کرنے کے بعد اسے قبول کر لیا تھا، لیکن آسیہ بیگم نے جن نظروں سے اسے دیکھا تھا، وہ اتنی تند اور اتنی بے گانہ تھیں کہ اسد کو اپنا دل بیٹھتا محسوس ہوا تھا۔

"کون ہے یہ؟" آسیہ نے اس کے سراپا پر وہی تند اور بے گانہ نگاہ ڈال کر پوچھا تھا۔

"تم کو بتایا تو تھا۔ صغیراں ہے نا میری دور پار کی بہن، اس کا بیٹا ہے۔ بہت لائق اور ذہین بچّہ ہے۔ شہر میں پڑھنے آیا ہے۔ یہ اب ہمارے پاس ہی رہے گا۔"

آسیہ نے منہ بنایا۔ وقار نے دونوں بیٹوں سے کہا۔ "اسد تمہارا دوست ہے، جاؤ اسے اپنے کمرے میں لے جاؤ۔ اور باتیں کرو کھیلو۔"

"آؤ۔" اسرار نے اسد سے کہا۔ اسد سہما سہما آسیہ کو دیکھتا دونوں بھائیوں کے ساتھ کمرے سے نکل گیا۔

"یتیم بچہ ہے۔ پڑھنے کا بہت شوق ہے اسے۔ پڑھ لکھ کر کچھ بن ہی جائے گا۔" وقار نے آسیہ سے کہا۔ "اسے اسکول میں داخل کروا دیں گے کل۔ جہاں اسرار اور جبّار پڑھ..."

"اس اسکول میں داخل کرواؤ گے؟"

"تو کیا ہوا؟"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"اس کا دماغ عرش پر نہیں پہنچاؤ۔ گورنمنٹ اسکول میں داخل کرا دو۔ اتنے خرچے برداشت نہیں ہوں گے۔"

آسیہ نے لڑ جھگڑ کر وقار صاحب کو مجبور کر دیا کہ وہ اس کو جبار، اسرار کے اسکول میں داخل نہیں کروائیں۔ گورنمنٹ اسکول میں داخلہ دلوائیں۔ جہاں فیس برائے نام تھی۔

اسد نے گورنمنٹ اسکول میں داخلہ لے لیا۔ یہ اسکول گھر سے اتنا زیادہ دور نہیں تھا۔ وہ پیدل ہی جانے آنے لگا۔ جبار اور اسرار کے پاس سائیکلیں تھیں۔ وہ ان پر اسکول جایا آیا کرتے تھے۔

وقار، اسد کا بہت خیال رکھتے۔ مشفق و مہربان تھے لیکن آسیہ کو وہ ایک آنکھ نہیں بھاتا تھا۔ وقار کے رویے سے تو وہ جل جاتی تھی۔ وہ ساری شفقت و مہربانی جو اسد کے وجود کو ٹھنڈی پھوار کی طرح بھگو دیتی تھی۔ آسیہ ساری کی ساری بڑی سنگینی سے نچوڑ لیا کرتی تھی۔ جبار اور اسرار اس کے اپنے بچے تھے۔ اس سے پیار اور پیار کا اظہار قدرتی بات تھی لیکن جب سے اسد آیا تھا۔ وہ ترجیحی سلوک بڑا جتلا جتلا کر کرنے لگی تھی۔

بہت جلد اسد کی گھر میں حیثیت اک نوکر کی سی ہو گئی۔

صبح اُٹھتے تو وہ اسے باورچی خانے میں دھکیل دیتی۔ ملازم لڑکے کے ہوتے ہوئے بھی اسے حکم دیتی "کھڑے منہ کیا دیکھ رہے ہو۔ برتن دھو ڈالو۔ دیکھتے نہیں ساجا چائے بنا رہا ہے۔" اسد بلا چوں چرا برتن دھونے لگتا۔

"ناشتا میز پر لگا دو۔" دوسرا حکم صادر ہوتا۔

وہ جلدی ناشتے کی چیزیں اور برتن میز پر لگا دیتا۔

شروع شروع میں وقار صاحب، اسد کو اپنے ساتھ ہی میز پر بٹھاتے تھے لیکن آسیہ نے یہ ریت نبھانے نہ دی۔ وہ میز پر آ کر بیٹھنے لگتا، تو پلیٹ میں کھانا ڈال کر اسے تھما دیتی۔

"چلو باورچی خانے میں جا کر کھاؤ۔"

اسکول سے واپس آتا تو آسیہ نے ڈھیروں کام اس کے لیے رکھے ہوتے۔ آسیہ نے اس کے یہاں ہونے سے یوں مصالحت کر لی تھی کہ مفت کا نوکر مل گیا تھا۔

جبار اور اسرار بھی اب ماں کی دیکھا دیکھی اسے نوکر ہی سمجھنے لگے تھے۔ اسد ان کا کمرہ صاف کرتا۔ ان کے کپڑے ٹھکانے پہ رکھتا۔ یونیفارم ہر رات کو استری کر کے الماری میں لٹکانا اور جوتے پالش کرنا تو اس کی ذمے داری بن گئی تھی۔ ذرا بھی کوتاہی ہوتی تو آسیہ بیگم کان اس طرح مروڑتی کہ کئی دن اینٹھن محسوس ہوتی رہتی، سُبکی الگ محسوس ہوتی۔ لیکن

وہ خاموشی سے ہر زیادتی سہے جا رہا تھا۔ اس نے بہر طور پڑھائی جاری رکھنا تھی۔ اسکول سے واپسی پر اتنے کام کرنا ہوتے کہ اسکول کا کام کرنے کی فرصت ہی نہ ملتی۔ یہ کام وہ رات کو سونے سے پہلے کیا کرتا تھا۔

اس کے سالانہ امتحان قریب تھے۔ وہ رات کے دو دو بجے تک جاگ کر پڑھتا رہتا۔ دن میں تو کتابوں کو ہاتھ لگانے کی فرصت ہی نہ ملتی تھی۔ آسیہ بیگم نوکیلے پتھر کی طرح دل و جگر میں گڑی رہتی تھی۔

امتحان ہوئے۔

نتیجہ نکلا۔

اس نے ہمیشہ کی طرح یہاں بھی پہلی پوزیشن لی۔ استادوں نے بہت ہمت بڑھائی۔ "خوشی خوشی گھر آیا۔

"میں اوّل آیا ہوں۔" اس نے خوش خبری سنائی۔ آسیہ کے ماتھے پر بل پڑ گئے۔

"میں اوّل آیا ہوں۔" اس نے دوبارہ کہا۔ شاید آسیہ کی طرف سے ہمت افزائی کی توقع کر رہا تھا۔

لیکن وہ بپھر کر بولی "سُن لیا ہے۔ اوّل آئے ہو تو کیا کروں۔ سر پہ بٹھا لوں تمہیں۔"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اسد کا دل دھک دھک کرنے لگا۔ اس دن اسے اپنی ماں بہت یاد آئی۔ جو
وہ اپنا نتیجہ ماں کو سناتا تھا کتنی خوشیاں اُتر آتی تھیں اس کے چہرے پر کتنے پیار سے
اس کا ماتھا چوما کرتی تھی۔ کتنے مان سے لوگوں کو بتاتی پھرا کرتی تھی۔

گھر میں صرف وقار صاحب ہی تھے جنھوں نے شاباش دی۔ جبار اور اسرار کے
نتیجے کی رپورٹ بھی آئی تھی اسرار تو بمشکل پاس ہوا تھا اور جبار نے بھی کلاس میں اکیسویں
پوزیشن لی تھی۔

"کچھ شرم کرو تم دونوں۔ اسد کی طرف دیکھو۔ ہمیشہ سے اوّل آرہا ہے۔" وقار
نے کہا تو آسیہ بگڑ کر بولی "اپنے بچّوں کے مقابلے میں اسے شہ دیتے ہو۔ اس کی حیثیت ہی
کیا ہے، فسٹ آکر میرے بچّوں کی سُبکی کروا رہا ہے۔"

"کیا کہہ رہی ہو۔"

"تم چُپ رہو جی۔ اوہ ہاں اس سے میرے بچّوں کا مقابلہ کرنے کی کوئی ضرورت نہیں"
وقار چُپ ہوگئے۔ آسیہ نے اسد کو خوب ڈانٹا ـــــ "دیکھوں گی آئندہ تم کیسے اوّل
آتے ہو۔"

اسد سر جھکائے اس کی ڈانٹ سنتا رہا۔ لیکن اب اس کے اندر بھی ایک باغیانہ سی لہر
اٹھنے لگی تھی۔ اس نے دل ہی دل میں کہا "دیکھ لینا میں کیسے اوّل آتا ہوں۔"

اسد نے ہر ظلم ناروا کا مقابلہ کرنے کی ٹھان لی۔ اس نے عزم کر لیا کہ وہ آسیہ بیگم
کو کچھ بن کے دکھائے گا۔ کچھ بھی ہو، وہ ڈاکٹر ضرور بنے گا۔

نویں جماعت میں اسد نے سر دھڑ کی بازی لگا کر محنت شروع کر دی۔ دن میں تو وہ
پڑھ نہیں سکتا تھا۔ آسیہ ایک لمحے کو بھی چین نہ لینے دیتی تھی۔ لیکن رات اس کی اپنی
تھی۔ وہ رات کو پڑھتا رہتا تھا۔

لیکن

آسیہ اسے نیچا دکھانے کو تُل گئی تھی۔ ایک دن اسے بے طرح ڈانٹنے کے بعد بولی "
رات رات بھر بجلی جلائے رکھتا ہے۔ خبردار جو آئندہ دس بجے کے بعد تیرے کمرے میں
روشنی نظر آئی۔ تیرا باپ بل دے گا۔ سُن لیا نا۔"

وہ گھبرا گیا۔ گڑگڑا کر بولا "دن میں وقت نہیں ملتا اس لیے رات کو پڑھتا ہوں۔"

"دس بجے کے بعد روشنی نہیں ہوگی تمہارے کمرے میں سُن لیا" آسیہ نے اس کا
کان زور سے مروڑا۔ تو وہ بلبلا اُٹھا۔

وہ بہت پریشان تھا۔ اس نے چاہا کہ وقار صاحب سے شکایت کرے۔ لیکن آسیہ
نے تو دھمکی دی تھی کہ اگر یہ بات اس نے وقار صاحب تک پہنچائی تو وہ اسے دھکے دے
کر گھر سے نکال دے گی۔

اسے کچھ سمجھ نہیں آتا تھا کہ کیا کرے۔ رات دس تو اسے باورچی خانے ہی میں بج جاتے
تھے۔ پڑھنے کا وقت ہی نہ ملتا تھا۔ اس کی پریشانی پر آسیہ تمسخر سے ہنستی۔ اعلانیہ کہتی۔
"دیکھوں گی نا اب کیسے اوّل آتے ہو۔ میرے بچّوں پر برتری حاصل کرنے لگے تھے نا۔ اب
کرو۔"

اسد کا خون کھول جاتا۔ عزم مستحکم ہو جاتا۔ جی چاہتا زور زور سے کہے "میں اوّل
آؤں گا۔ اوّل آؤں گا۔ دیکھ لینا۔ تمہارے بچّوں کو نیچا دکھاؤں گا۔"

جو کوٹھری نما کمرہ اسد کو دیا گیا تھا۔ اس کی ایک کھڑکی گلی کے رُخ کھلتی تھی۔ اس
کھڑکی سے گلی میں جلنے والے کھمبے پر لٹکے بلب کی روشنی کمرے میں پڑ جاتی۔ اسد نے اس
ہلکی سی روشنی کو غنیمت جانا۔ وہ رات کے دو دو تین تین بجے تک اس ناکافی روشنی میں
کھڑکی میں بیٹھ کر کتابوں پر جُھکا رہتا۔

کبھی موم بتیاں لے آتا اور ان کی مدھم روشنی میں اسکول کا کام کر لیتا۔
جس رات وہ زیادہ جاگ نہ سکتا پو پھٹے اُٹھ بیٹھتا اور طلوع ہوتے آفتاب کی ہلکی روشنی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

میں اپنا کام کر لیتا۔

انہی دنوں ایک افتاد آن پڑی، اس کی ماں بیمار تو تھی ہی اب بیماری کے سامنے ہتھیار ڈال دیے۔ اور اطلاع ملتے ہی چھٹیاں لے کر گاؤں آ گیا۔ ماں تھی نا۔ اس نے بیٹے کا زیادہ وقت ضائع نہیں کیا۔ صرف اس کو دیکھنے کی تمنا تھی جو سانس لیے جا رہی تھی اور اس کے گاؤں پہنچنے کے دوسرے دن ہی دائمی اجل کو لبیک کہہ دیا۔ اسد پر جو بیتی وہی جانتا تھا۔ وہ دنیا میں بالکل تنہا رہ گیا۔

اپنا غم سینے میں چھپائے وہ تین چار دنوں ہی میں واپس لوٹ آیا۔ اس کا دل ہر چیز سے جیسے اُچاٹ سا ہو گیا۔ کبھی کبھی تو سوچتا کہ ماں کے ساتھ وہ بھی مر جاتا تو اچھا تھا۔

لیکن زندگی موت کے بغیر نہیں مرتی اور جینا ہے تو جیے جانے کا گُر بھی سیکھنا پڑتا ہے۔ اسد کی سمجھ میں یہ بات آ گئی تھی۔ اس نے اپنے آپ کو ٹوٹنے بکھرنے سے بچا لیا اور پھر لگن اور ولولے سے پڑھائی میں لگ گیا۔

ایک دن آسیہ نے کہا بھی "اتنا غم ٹوٹا ہے تم پر۔ چھوڑ دو پڑھائی وڑھائی، سکون نہ ہو تو پڑھو گے کیسے۔ کوئی کام وام ڈھونڈ لو۔ ڈاکٹر بننے کی حسرت ہی رہے گی تمہیں"

اسد کو یہ پتھر کی عورت بہت بُری لگی۔ اس کی ضد میں بولا "میں ڈاکٹر بن کے دکھاؤں گا"

"منہ لگتے ہو میرے" اس نے اسد کو کس کر تھپڑ مارا اور اس کے اندر جذبوں کی شدت بیدار ہو گئی۔ اس کا عزم آہنی ہو گیا۔ اک تیز نگاہ آسیہ پر ڈالتے وہ اس کے سامنے سے ہٹ گیا۔

اس کا نتیجہ اس دفعہ پہلے سے بھی زیادہ شاندار تھا۔

یہ بات سب کے لیے ہی حیران کُن تھی۔ لیکن آسیہ کے لیے تو تباہ کن تھی۔ وہ تو یقین ہی نہ کر رہی تھی۔ تلملاتے ہوئے کہہ رہی تھی۔

"یہ کیسے ہو سکتا ہے۔ ماں کا غم نہیں تھا اسے۔ پڑھتا بھی کچھ نہیں تھا۔ دس بجے ہی لمبی تان کر سو جاتا تھا۔ اتنے نمبر آئے کیسے؟"

اسد کو اس کے اس طرح تلملانے پر بے پناہ خوشی مل رہی تھی۔

آسیہ کے اپنے بچے پھر بہت پیچھے رہ گئے تھے۔ اسرار تو فیل ہی ہو گیا تھا۔ جبار کے بھی بہت کم نمبر آئے۔ وہ اپنے بچوں کا غصہ بھی اس پر نکال رہی تھی۔

بولنے بگڑنے سے بھی غصہ ٹھنڈا نہ ہوا۔ اس نے تو اسد کی کامیابی کی سب راہیں مسدود کر دی تھیں۔ لیکن وہ پھر بھی مات دے گیا تھا۔ اسے کچھ سمجھ نہ آتا تھا کہ وہ لڑکا جو صبح ہی باورچی خانے میں موجود ہوتا ہے اسکول جانے تک گھر کے کئی کئی کام کرتا ہے۔ جسے وہ گیارہ بجے سے پہلے اپنی کوٹھری میں بھی جانے نہیں دیتی۔ جسے اس نے دس بجے کے بعد بتی جلانے سے منع کر رکھا ہے۔ وہ کیسے اتنی شاندار کامیابی سے ہمکنار ہوا؟ سوچوں نے اس کے ذہن میں شک اُبھارا۔ یہ ضرور رات رات بھر بتی جلائے بیٹھا پڑھتا رہتا ہو گا۔ سب کے سو جانے کے بعد بتی جلا لیتا ہو گا۔ یہ شک مضبوط اور ناقابلِ تردید ہو گیا۔

اور ایک دن اس نے اس اندھے شک کی بنا پر اسد سے سختی سے باز پرس کی۔

اسد نے سچ بولا۔ قسم کھائی کہ اس نے دس ساڑھے دس کے بعد کبھی بتی نہیں جلائی۔

"تو پھر۔ پڑھا کیسے؟"

"جیسے میری مرضی" وہ اس کی باز پرس سے بھڑک سا گیا تھا۔

"اچھا اب تیری مرضی بھی چلنے لگی یہاں ——" آسیہ نے ایک زوردار تھپڑ اس کے منہ پر دے مارا۔ ایک نہیں دو تین تھپڑ جڑ دیے۔

گھر کے ملازم اور بچوں کے سامنے اسد کی پٹائی ہوئی۔ سُبکی کے احساس نے اُبھرتے جوان کی رگِ حمیت پھڑکائی۔ اس نے گال پر ہاتھ رکھ کر کھا جانے والی نظروں سے آسیہ کو دیکھا اور پہلی بار ترشی اور تلخی سے بولا "آپ اپنے بچوں کی نالائقی کا غصہ مجھ پر اُتار رہی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہیں۔ آپ مجھے مار پیٹ کر، بُرا بھلا کہہ کر میرے عزم کو تو متزلزل نہیں کر سکتیں۔ میں نے تہیہ کر رکھا ہے اسے ہر صورت پورا کر دوں گا۔ میں ڈاکٹر بن کے رہوں گا۔ بن کے دکھا دوں گا۔ کر لیں آپ جو کچھ کرنا چاہتی ہیں۔"

یہ جواب آسیہ سے برداشت کہاں ہو سکتا تھا۔ وہ تو بھوکی شیرنی کی طرح اس پر جھپٹ پڑی۔ اس کے بالوں میں مٹھی بھر کر جھٹکا دیتے ہوئے بولی "تیرا یہ زعم۔ دیکھتی ہوں کیسے بنتے ہو ڈاکٹر۔ اوقات دیکھو اپنی اور چلے ہو ڈاکٹر بننے۔ کل سے تمہارا اسکول جانا بند۔ اس کی جگہ اب تم گھر کا کام کرو گے۔"

اسد نے آسیہ کی کلائی پکڑ کر جھٹکے سے اپنے بال چھڑائے۔ غراتے ہوئے بولا "بہت سہہ لی میں نے آپ کی زیادتی۔ اسکول جانے سے مجھے کون روک سکتا ہے۔"

"میں ــــ میں روک سکتی ہوں۔" آسیہ نے اپنے سینے پر ہاتھ مار کر کہا۔

"دیکھ لوں گا۔" وہ کہتے ہوئے اوپر چھت پر چلا گیا۔ آسیہ کے غرانے اور چیخ چیخ کر بُرا بھلا کہنے کی آوازیں اس کا کوٹھری کے اندر بھی تعاقب کرتی رہیں۔

وہ کافی دیر اپنی چارپائی پر پڑا سوچتا رہا۔ آسیہ بیگم اس سے کیوں خار کھاتی تھیں۔ کیوں جلتی تھیں۔ وہ اسی کے بارے میں سوچ رہا تھا۔ پھر اسے احساس ہوا کہ اس گھر میں وہ.... خواہ مخواہ کا بوجھ بنا ہوا ہے۔ آسیہ بیگم نے اسے پہلے دن ہی ناگواری سے دیکھا۔ اس کے وجود کو برداشت نہ کرنے کا احساس دلایا تھا۔ اسے یہاں نہیں رہنا چاہیے۔

لیکن یہاں نہ رہے تو جائے کہاں؟

سوچ سوچ کر اس کا دماغ ماؤف ہونے لگا۔ وہ اب کافی سمجھدار تھا۔ دسویں جماعت کا طالب علم تھا۔ یہ سال اس کی زندگی میں بہت اہمیت رکھتا تھا۔ اس نے اچھی پوزیشن لے کر میٹرک پاس کرنا تھا۔ اس کی منزلِ مقصود کا اس کامیابی پر انحصار تھا لیکن حالات اتنے کٹھن اور نامساعد تھے کہ بے چارہ بے سہارا لڑکا سمجھ نہ پاتا تھا کہ کیا کرے۔

یہاں سے چلا جائے تو کہاں رہے جا کر۔ کیسے پڑھائی جاری رکھے۔ پڑھائی چھوڑ دی تو خواب ٹوٹ جائیں گے۔ عزم بکھر جائے گا۔ منزل نہیں ملے گی۔ یہ وہ کبھی برداشت نہیں کر سکتا تھا۔ اور اب تو وہ آسیہ بیگم کی ضد میں پڑھنا چاہتا تھا۔ ڈاکٹر بن کر اسے دکھانا چاہتا تھا۔

پتا نہیں ذہن میں کیا سمائی۔ لگن اور ہمت کی کس منزل پہ تھا کہ کشتیاں جلا ڈالیں۔ اس رات وہ اپنی کتابیں اور دوسری چیزیں سمیٹ کر چُپ چاپ گھر سے نکل گیا۔

رات اس نے ریلوے اسٹیشن کے ویٹنگ روم میں گزاری۔

پھر کئی راتیں ایسے ہی گزاریں۔ شام تک اسکول ہی میں رہتا اور رات کو ویٹنگ روم میں آجاتا۔ اسٹیشن پر سامان اٹھا رکھ کر چند پیسے گزر بسر کے لیے کما لیتا۔

لیکن اس طرح زندگی کی گاڑی چل تھوڑا ہی سکتی تھی۔

وہ بے حد پریشان رہنے لگا۔ کوئی اس کا پُرسانِ حال نہیں تھا۔ وہ تھا اور اس کی غمگسار تنہائی۔ وہ اور اس کی تنہائی ایک دوسرے میں مدغم ہو چکے تھے۔ لازم و ملزوم بن چکے تھے۔ کبھی کبھی وہ سوچتا۔ میں اور میری تنہائی ایک دوسرے کے رفیق ہیں۔ اگر میں نہ رہا تو میری تنہائی کس قدر تنہا ہو جائے گی۔

ذہن پر بہت بڑا بوجھ لیے وہ گھسٹ گھسٹ کر زندگی کی شاہراہ پر چل رہا تھا۔ ابھی اس کے حوصلے نہیں ٹوٹے تھے۔ اس نے ہار نہیں مانی تھی۔ شکست تسلیم نہیں کی تھی۔ اس نے ڈاکٹر بننا تھا اور ضرور بننا تھا اس کے عزم میں اب ضد بھی شامل ہو گئی تھی۔

حوصلے پست نہ ہوں تو قدم جمانے کو جگہ مل ہی جاتی ہے۔ راہیں استوار ہوتی جاتی ہیں۔ اور قسمت بھی یاور ہو۔ تو وسیلے از خود بن جاتے ہیں۔

اسد کے ساتھ بھی یہی ہوا۔ اسکول میں شام تک بیٹھ کر پڑھنے پر ایک دن چوکیدار نے اس سے پوچھ ہی لیا "روزانہ شام ڈھلے گھر جاتے ہو؟"

"گھر؟ میرا کوئی گھر نہیں ہے۔" اسد نے تلخی سے کہا۔

”کیا؟“

”میں یتیم ہوں۔ ماں ہے نہ باپ، بھائی ہے نہ بہن۔ کوئی گھر بار بھی نہیں، ویٹنگ روم میں سوتا ہوں، تھوڑی بہت مزدوری کر کے خرچہ چلاتا ہوں لیکن اب فکر داخلے کی۔ کہاں سے دوں گا۔“

چوکیدار اس کی باتوں سے بہت متاثر ہوا۔ وہ اس کے حالات کرید کرید کر رہا۔ ہمدردی جاگی۔ اس نے اسد سے کہا۔ ”آج سے تم میرے ساتھ رہا کرو گے۔ کوارٹر میں تمہارے لیے بہت جگہ ہے۔“

چوکیدار نے نہ صرف اسے پناہ دی بلکہ دوسرے ہی دن ہیڈ ماسٹر کو بھی روداد سنا ڈالی۔ ہیڈ ماسٹر بے حد متاثر ہوا اسد تین سال سے اسکول میں پڑھ رہا اتنا ذہین اور لائق تھا۔ ہیڈ ماسٹر جانتا تھا۔ اس کی مدد کرنا ضروری تھی۔ ہیڈ ماسٹر اسے بلایا۔ حالات کا اتنی ہمت اور حوصلے سے مقابلہ کرنے پر شاباش دی۔ را کے فنڈ سے اس کا داخلہ دیا اور آئندہ بھی مدد دینے کا وعدہ کیا۔

ہیڈ ماسٹر کے ملنے والے ایک مینجر بزرگ ہونہار طلبا کی بہت مدد کرتے تھے۔ کے دونوں بیٹے دوبئی میں تھے۔ زکوٰۃ خیرات جو بھی دینا ہوتی یہ بزرگ اسے رفاعی کا میں خرچ کرتے تھے۔ ہیڈ ماسٹر نے اسد کے متعلق بتایا۔ تو انہوں نے اس کی پڑھائی اور رہائش کے سارے خرچے اپنے ذمے لے لیے۔

اسد کی خوشی کی انتہا نہ رہی۔ ایک در بند ہوا تو دوسرا خدا نے کھول دیا۔ پریشا سے نجات ملی تو وہ سر دھڑ کی بازی لگا کر پڑھائی میں جُت گیا۔

ایف ایس سی میں ٹاپ کیا۔ میڈیکل میں داخلہ مل گیا۔ رہائش ہوسٹل میں تھی، دن گزرتے پتہ بھی نہ چلا۔ اور اسد ڈاکٹر بن گیا۔

جس دن اسد ڈاکٹر بنا اس کی زندگی کا وہ عظیم ترین دن تھا۔ وہ سجدۂ شکر بجا لا للہ نے اس پر یہ خاص الخاص کرم کیا تھا کہ اک یتیم و بیسر بے سہارا انسان کو کامیابی کے ن زینے پر لا کھڑا کیا تھا۔ اس دن اسے آسیہ بیگم بھی بہت یاد آئی۔ جی چاہا کہ جا کر اس کے سامنے تن کر کھڑا ہو جائے۔ اسے بتائے کہ وہ ڈاکٹر بن گیا ہے۔ وہ اس کے نالائق بیٹوں سے کہیں برتر ہے۔

لیکن

اس سوچ کو اس نے ذہن سے جھٹک دیا۔ وہ عزور و تفاخر سے بچنا چاہتا تھا۔ خداوند تعالیٰ کی نوازشوں اور انعام واکرام پر سجدۂ شکر بجا لانے والے اسد سے ایسی سطحی اور گراوٹ والی حرکت سرزد ہو ہی نہیں سکتی تھی، دوسرے کی انا اور عزت نفس کو مجروح کرنا اس کی سرشت میں نہیں تھا۔

ہاؤس جاب کے بعد اسے نوکری بھی مل گئی۔ کچھ پیسے جمع ہو گئے۔ تو اس نے اپنے محسنوں کے پاس دوبئی جانے کا سوچا۔ وہ بھی اس ہونہار لڑکے سے ملنے کے خواہش مند تھے۔

اسد دبئی گیا۔ وہاں اسے ایک اچھی جاب کی آفر بھی ملی۔ اس نے یہ نوکری قبول کر لی۔ پانچ سال تک وہ وہاں رہا۔ وہیں اس کی شادی عظمیٰ سے ہو گئی۔ عظمیٰ جوان کے محسنوں کی یتیم بھانجی تھی۔ یہ شادی اسد نے ڈرتے ڈرتے کی۔ عورت کا روپ جو آسیہ نے دکھایا تھا وہ اس سے خوف زدہ تھا۔

لیکن

قسمت ڈاکٹر پر مہربان تھی۔ رفیقِ حیات ایسی ملی جس نے اسکو زندگی کے خوبصورت اور آسودہ لمحات سے آشنا کیا ڈاکٹر اسد دوبئی سے سعودی عرب چلا گیا۔ تین سال وہاں گزارے۔ زندگی نے بھرپور نعمتوں سے نوازا۔ حج کی سعادت حاصل کی پھر وہ یورپی ملکوں میں کئی سال قیام پذیر رہا۔ یوکے میں آف آر سی ایس کی ڈگری لی۔ چند سال وہاں گزرے پھر وہ امریکہ چلا گیا۔ اور

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اب پچھلے سال وہ ڈاکٹر اسد ملک فرشتہ خصلت انسان مسیحائی تاثیر رکھنے والا شخص اس ہسپتال میں اپنے فرائض انجام دینے کے لیے چلا آیا۔

"سر" نرس کی آواز پر ڈاکٹر اسد نے سوچوں کے بحر طلاطم سے ابھرتے ہوئے دروازے کی طرف دیکھا۔ "سر..." نرس نے پھر کہا۔

ڈاکٹر ماضی کی بھول بھلیوں سے نکل کر حال میں آچکے تھے سر کو ہولے سے جھٹکا دیا اور ریوالونگ کرسی پر سیدھے ہو کر بیٹھتے ہوئے رُخ دروازے کی طرف موڑا اور نرس سے پوچھا۔

"کیا بات ہے؟"

"سر۔ وہ بیڈ نمبر ۱۴ کی پیشنٹ....."

"آسیہ بیگم"

"کیا ہوا انہیں۔ تکلیف ہے کوئی؟"

"جی۔ نہیں۔ ان کے گھر سے"

"کوئی آیا ہے"

"جی"

"کون؟"

"پتہ نہیں سر۔ وہی ہیں جو رات انھیں ایڈمٹ کروا کے گئے تھے۔ انھیں بھیج دوں یہاں آپ نے کہا تھا نا"

"ہاں۔ ہاں"

"بہتر سر" نرس چلی گئی۔ ڈاکٹر کرسی میں پھر پیچھے کو ہٹ گئے۔ اسرار یا جبار۔ دونوں میں سے کوئی ایک ہوگا۔ ڈاکٹر نے سوچا۔ ڈاکٹر کے ذہن میں یہ بھی خیال آیا کہ انہیں ان سے بیگانگی کا مظاہرہ کرنا چاہیئے یا اپنائیت کا؟

وہ کوئی فیصلہ نہ کر پائے تھے کہ نرس ایک مرد اور عورت کو اندر لاتے ہوئے بولی۔

"ڈاکٹر صاحب آپ سے بات کرنا چاہتے ہیں"

ڈاکٹر نے دیکھا، وہ اسرار نہیں تھا۔ جبار بھی نہیں تھا۔ وہ کوئی اور ہی شخص تھا۔ اس کے ساتھ غالباً اس کی بیوی تھی تیس بتیس سالہ آدمی نے سلام کرتے ہوئے مصافحے کے لیے ہاتھ بڑھایا۔

ڈاکٹر نے کرسی سے قدرے اُٹھتے ہوئے عورت کو سلام کر کے بیٹھنے کے لیے کہا اور خود اس شخص سے مصافحہ کرتے ہوئے اپنا تعارف کروایا۔ "ڈاکٹر ملک"

"اشفاق احمد" آنے والے نے اپنا نام بتایا۔ ڈاکٹر نے عورت کی برابر والی کرسی کی طرف بیٹھنے کا اشارہ کیا۔

"جی فرمایئے" اشفاق نے بیٹھتے ہوئے کہا۔ "آپ نے بلایا تھا ہمیں"

ڈاکٹر بیٹھ گئے۔ میز پر کہنیاں ٹکا کر ہاتھوں کی مٹھی پر ٹھوڑی رکھتے ہوئے بولے۔ "آپ آسیہ بیگم کے کیا لگتے ہیں آپ ہی نے رات انہیں ایڈمٹ کروایا تھا نا"

"جی" اشفاق بولا۔ "بس انسانیت کا ناتہ ہے جی ہمارا"

"کیا؟"

"ڈاکٹر صاحب بہت دکھی اور لاچار ہیں آسیہ بیگم"

"بیمار جو ہیں"

"بیماری سے زیادہ لاچاری ہے۔ بہت دکھی ہیں۔ اکیلی جان اور دکھ ہزار"

"میں سمجھا نہیں۔ ان کے شوہر تھے۔ دو بیٹے۔ اور بھرا پرا گھر۔ پیسے کی فراوانی"

"آپ انہیں جانتے ہیں؟" عورت نے پہلی بار گفتگو میں حصہ لیا۔

"آں۔ ہاں۔ پچیس برس پہلے"

"بہت پرانی بات ہے وہ تو" اشفاق بولا۔ "پچیس سالوں میں کایا پلٹ جاتی ہے"

ڈاکٹر نے دم سادھے رکھا۔ اشفاق بولا۔ "ان کے شوہر کا انتقال ہوئے بھی بیس برس

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہو چکے ہیں۔"

"اوہ۔"

"اور دونوں بیٹے بالکل آوارہ نکلے۔ باپ کے مرنے کے بعد بزنس بھی تباہ کر دیا۔ بڑے نے کسی منشیات کے بیوپاری کی بیٹی سے شادی کر لی۔ دوسرا ہمسائیوں کی بیٹی بھگا کر کہیں رو ہو گیا۔ بڑے بیٹے نے چند سال پہلے گھر بیچ دیا۔ وہ کئی بار جیل جا چکا ہے۔ ان دنوں، ہے ملک سے باہر جا چکا ہے۔ ماں کو دونوں بیٹے بے سہارا چھوڑ گئے۔ آسیہ بیگم ہماری امی کی سہیلی تھیں۔ امی انھیں اپنے ہاں لے آئیں۔ امی کے انتقال کے بعد بھی ہم نے انھیں اپنے پاس ہی رکھا ہوا ہے بے سہارا ہیں۔ ہمیں تو خدا کا خوف ہے۔ امی سنایا کرتی تھیں یہ بہت صحت مند بڑی خوشحال تھیں۔ لیکن اب۔"

"اللہ میری توبہ۔" عورت نے آہ بھری۔ "بیچاری بہت ہی دکھی ہیں۔ رو رو کر نظر بے حد کمزور ہو گئی ہے۔ سنائی بھی کم دیتا ہے۔ مال و دولت رہا نہ اولاد۔ کچھ بھی ہاتھ نہیں آیا بیچاری کے۔"

"ہم سے جو ہو سکتا ہے، ہم کر دیتے ہیں۔" اشفاق بولا۔ "بُرے بھلے دن گزار ہی رہی ہیں۔ پتہ نہیں کتنی زندگی ہے ابھی، خیر اللہ مالک ہے۔"

وہ باتیں کر رہے تھے اور ڈاکٹر اسد کی سوچیں پھر شیشے کی دیوار کے پار جا چکی تھیں۔ پینتیس چھتیس سالہ سُرخ سپید صحت مند عورت۔ پیسے کی ریل پیل۔ گھر بار۔ شوہر بچے۔ کتنا مان تھا اسے ان سب پر۔

لیکن

"اجازت ہے ڈاکٹر صاحب!" اشفاق نے اٹھتے ہوئے مصافحے کے لیے ہاتھ بڑھایا۔ عورت بھی اٹھنے لگی۔

"شکریہ۔" ڈاکٹر نے اُٹھتے ہوئے ہاتھ ملایا۔

عورت بولی "بے کس اور بے بس ہیں مریضہ۔ ڈاکٹر صاحب ان کا علاج اچھی طرح کیجیے گا۔ خدا ترسی ہی ہے۔"

ڈاکٹر نے سر اثبات میں ہلایا۔

وہ دونوں کمرے سے نکل گئے۔ تو ڈاکٹر پھر کرسی میں گر گئے۔

ان کے ذہن میں بلا کا شور تھا۔ آسیہ بیگم کے ہاتھوں جھیلی سختیاں اور مصائب ذہن کا گھیراؤ کر رہے تھے۔ وہ ساری اذیتیں، سارے کرب جو اس کے ہاتھوں انھوں نے اٹھائے تھے، اپنا حساب مانگ رہے تھے۔

ڈاکٹر کا جی چاہا آسیہ بیگم کی حالت پر خوب قہقہے لگائیں۔ خوشی منائیں۔ اسے جھنجھوڑ جھنجھوڑ کر کہیں "دیکھ لیا اپنا انجام، بہت مان تھا اپنے آپ پر، اپنے گھر پر، اپنے بچوں پر۔ سب ساتھ چھوڑ گئے۔ مجھ پر طنز کرتی تھیں نا، دیکھ لو۔ میں آج کس مقام پر ہوں۔ کتنا بڑا ڈاکٹر ہوں۔ دھن دولت میرے گھر کی باندی ہے۔ عظیم عورت کی رفاقت مجھے میسّر ہے۔ پیارے، پیارے بچوں کا ساتھ ہے اور تم۔ تم۔ اس حال میں۔ بیماریوں لاچاریوں اور دکھوں کی پوٹ بن کر میرے پاس ہی آئی ہو۔ میرے رحم و کرم پر ہو۔ میں، میں چاہوں۔ تو تمہیں اسی بیڈ پر سسک سسک کر لمحہ لمحہ کی موت مرنے کے لیے چھوڑ دوں۔ ہاں۔ میں اپنے دکھوں اپنی اذیتوں اور اپنی مصیبتوں کا تم سے اسی طرح بدلہ لوں گا۔ لوں گا۔"

بے اختیارانہ ڈاکٹر ملک نے میز پر مکا مارا۔ اور اپنے ہی مکے کی آواز سے وہ چونک گئے۔

"اُف۔" انھوں نے اپنا سر دونوں ہاتھوں پر گراتے ہوئے کہا۔ "میں کہاں پہنچ گیا تھا۔ رذالت کے کن گڑھوں میں گرنے جا رہا تھا۔ یہی تو آزمائش کا وقت ہے۔ اللہ تعالیٰ کے انعام و اکرام اور نوازشوں کے بدلے میں کتنی حقیر اور ذلیل باتوں کی سوچوں میں گھر گیا تھا۔ قدرت آسیہ بیگم سے خود ہی انتقام لے چکی ہے۔ میں کون ہوتا ہوں۔ اس سے بدلہ لینے والا۔ میرے خدا۔ میری بہکی ہوئی سوچوں پر مجھے معاف کر دینا۔ مجھ سے بھول ہوئی۔ غلطی سرزد

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہوئی ہے، مجھے معاف کر دینا۔ میرے مولا مجھے معاف کر دینا۔"

ڈاکٹر اسد اٹھ کھڑے ہوئے۔ عظمت کے مینار کی طرح روشن ذہن اور عزم کی استواری لے کر انھوں نے آسیہ بیگم کو وارڈ سے پرائیویٹ کمرے میں منتقل کروایا۔ اس کے سارے اخراجات خود برداشت کیے اور بڑی تندہی سے اس کا علاج کیا۔ وہ گھر سے اس کے لیے کھانا منگواتے۔ اور کتنی کتنی دیر اس کے پاس بیٹھے اس کی ہمت بندھاتے رہتے۔

وہ جس دن ڈسچارج ہو رہی تھیں۔ اشفاق اور اسکی بیوی انھیں لینے آئے تھے۔

ڈاکٹر اسد نے دونوں سے کہا۔ "آپ لوگوں کی بہت مہربانی جو آپ نے اتنا عرصہ ان کی نگہداشت کی۔ اب یہ آپ کے ہاں نہیں میرے ہاں رہیں گی۔"

"جی" دونوں تعجب ہو کر بولے۔ "آپ ان کے کچھ لگتے ہیں؟"

"انسانیت کا ناتہ ہے۔" ڈاکٹر نے مسکرا کر اشفاق کی بات دہرائی۔ "ویسے میری بیوی کو ایک عدد ساس کا بہت شوق ہے۔ وہ کسی بزرگ ہستی کے سایۂ عاطفت میں رہنے کی خواہش مند ہیں۔ میرا خیال ہے، ان کے ہمارے ساتھ رہنے سے وہ بہت خوش ہوگی۔ ہاں میں نے آسیہ بیگم کو یقین دلایا ہے کہ میں ان کے بیٹے کا دوست ہوں۔ یوں ان کا بیٹا ہی ہوں۔ امید ہے آپ بھرم کے اس رشتے کو توڑیں گے نہیں۔ ویسے آپ جب انہیں ملنا چاہیں، آسکتے ہیں۔ میرے گھر کے دروازے آپ کو کھلے ملیں گے۔"

ڈاکٹر، آسیہ بیگم کو بڑی عزت اور احترام سے اپنے گھر لے آئے۔ انہوں نے آسیہ بیگم کو یقین دلایا تھا کہ وہ جبار کے جگری دوست ہیں۔ جبار امریکہ میں ہے اور اس نے ڈاکٹر پر بہت سے احسان کیے تھے۔ جس کا بدلہ وہ اس طرح چکانا چاہتے ہیں۔

آسیہ بیگم، ڈاکٹر اسد کو پہچان نہ سکی تھیں۔ نظر بے حد کمزور تھی۔ سنائی کم پڑتا تھا۔ پچیس برس ان پر جس بیدردی سے گزر گئے تھے۔ یادوں کے سہارے شناخت یا پہچان کا سوال ہی کیا تھا۔ ڈاکٹر نے یہ کہانی گھڑی ہی اس لیے تھی کہ وہ کسی وقت بھی ماضی سے

نہ ٹکرائیں۔ ان کی انا مجروح نہ ہو اور عزتِ نفس بھی قائم رہے۔

عظمیٰ اس معمر اور بزرگ عورت کے گھر میں آنے سے خوش تھی۔

لیکن کسی قدر متجسس بھی۔ اس رات جب وہ آسیہ بیگم کو اپنی بیٹی کے کمرے میں بیڈ پر لٹا کر شب بخیر کہہ کر آئی۔ تو اس نے آسیہ ہی کی باتیں کرتے ہوئے ڈاکٹر سے پوچھا۔

"یہ کون ہیں؟"

بیڈ پر لیٹے ڈاکٹر نے آنکھیں بند کر کے کہا۔ "عظمیٰ یہ وہ ہیں ـــــ جو نہ ہوتیں تو شاید میں ڈاکٹر نہ بن پاتا۔ بس اس سے زیادہ ان کے متعلق اور کچھ نہ پوچھنا۔"

آسیہ بیگم، ڈاکٹر اسد کے ہاں بڑی عزت و احترام سے جی رہی ہیں۔ اپنے محسن کے متعلق وہ اب تک جان نہیں پائیں کہ یہ وہی بے سہارا یتیم و یسیر لڑکا ہے۔ جس پر انھوں نے اپنے عروج کے دور میں عرصۂ حیات تنگ کر دیا تھا۔ یہ بات وہ کبھی جان بھی نہ پائیں گی۔ کیوں کہ ڈاکٹر اسد انھیں خفت و شرمندگی کے احساس سے دوچار کرنا نہیں چاہتے۔ کسی کی انا یا عزتِ نفس مجروح کرنا انھوں نے سیکھا ہی نہیں۔ وہ تو الٹا آسیہ کے احسان مند ہیں کہ انھوں نے ماں کا خالی خانہ پُر کر دیا ہے۔

اور اکثر وہ یہ بھی تو سوچتے ہیں کہ وہ نہ ہوتیں تو شاید..... شاید وہ ڈاکٹر بھی نہ بن سکتے۔ تخریب کے حوالے سے ہی سہی۔ تعمیر کی راہیں تو آسیہ بیگم کے رویے ہی سے بنی تھیں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہونی انہونی

ہوٹل کا وسیع وعریض ہال شادی کی تقریب کے لیے بطور خاص آراستہ کیا گیا تھا۔ جگہ جگہ پھولوں اور روپہلی کاغذوں کے گچھے لٹک رہے تھے۔ ڈسکو لائٹس بہار دکھا رہی تھیں۔ درمیان میں جگہ چھوڑ کر آگے پیچھے کرسیاں بچھائی گئی تھیں۔ تقریباً ڈھائی سو آدمیوں کے بیٹھنے کا انتظام تھا۔ ایک طرف سنہری اور رنگا رنگ کاغذی پھولوں اور مہکتے اصلی پھولوں کے پردے سے لٹک رہے تھے۔ انہی کے درمیان اسٹیج تھی جس پر سرخ مخملیں صوفے بچھے ہوئے تھے، یہاں دولھا دلھن کے بیٹھنے کی جگہ بنائی گئی تھی۔ ہر طرف چمک دمک تھی۔ آرکسٹرا پر دھیمے سُروں میں خیر مقدمی دُھن بج رہی تھی۔ مہمان آرہے تھے۔ دلہن کے والدین بھائی بہنیں اور دوسرے قریبی عزیز مہمانوں کی عزت افزائی کے لیے بیرونی دروازے پر کھڑے تھے۔ آنے والوں کا ہنستے مسکراتے چہروں سے استقبال کر رہے تھے۔ مبارک بادیں وصول کر رہے تھے، تحائف اکٹھے کر کر کے کونے والے کمرے میں پہنچا رہے تھے۔ عورتیں زرق برق لباسوں اور نگاہوں کو خیرہ کرنے والے بیش قیمت زیوروں سمیت رات کے فنکشن کی مناسبت سے گہرے میک اپ کیے آرہی تھیں۔ مردوں نے بھی صاف ستھرے لباس پہنے ہوئے تھے۔ نوجوانوں کی اکثریت نے عوامی سوٹوں پر جیکٹس، واسکٹیں اور کوٹیاں پہن رکھی تھیں۔ نوجوان لڑکیاں جدید طرز کے خوبصورت لباس پہنے تھیں۔

بارات کا انتظار تھا۔ فون آچکا تھا کہ بارات گھر سے چل پڑی ہے۔ اس لیے دُلہن کے عزیز واقارب کچھ بے تاب سے نظر آرہے تھے۔ بہت بڑے گھر کی بارات تھی، استقبال کرنے والے بھی کچھ کم نہ تھے، پھر بھی قدرے گھبراہٹ تھی۔ اِدھر اُدھر یونہی بھاگے پھر رہے تھے۔ باراتیوں کے لیے جو کرسیاں اور صوفے مخصوص تھے ان پر کچھ مہمان آبیٹھے تھے۔ دلہن کی خالائیں اور بہنیں بڑے تپاک اور پیار سے ان کو جگہ خالی کرنے کا کہہ کر دوسری نشستوں پر بٹھا رہی تھیں۔

باراتیوں پر سے پھولوں کی پتیاں نچھاور کرنے کے لیے دُلہن کی چھوٹی بہن زونی اور اس کی چند سہیلیاں بڑے دروازے سے باہر نکل آئی تھیں۔ ان کے ہاتھوں میں چھوٹی چھوٹی..... ٹوکریوں میں پھول اور پتیاں تھیں زونی کی سب سے عزیز سہیلی شہناز اس کے قریب ہی کھڑی تھیں۔

"شہنہ تم اِدھر آجاؤ۔ دو دو یہ قطاریں بنا لیتے ہیں۔" کسی نے کہا۔

"نہیں یہ میرے ساتھ یہیں کھڑی رہے گی۔" جھلمل کرتے دوپٹے کا پلو سنبھالتے ہوئے زونی نے ہنس کر کہا۔ "ہیں نا شہنہ؟"

شہنہ نے یونہی سر ہلا دیا۔

"بھئی اتنی گھبرا کیوں رہی ہو؟" زونی نے اس کے چہرے پر نگاہ ڈالی۔

"نہیں تو!" شہنہ اپنی گھبراہٹ چھپاتے ہوئے بولی۔

"دیر ہو جانے کے خیال سے ڈر رہی ہو نا؟"

"ہوں۔"

"نو بجے تک تو بمشکل بارات آئے گی میڈم۔ رات کے بارہ بجے سے پہلے نہ جا سکو گی گھر۔"

"ہائے اللہ۔ امّی تو جان سے مار ڈالیں گی مجھے ــــ پتا ہے نا کتنی مشکلوں سے اجازت ملی ہے۔"

"کوئی بات نہیں۔"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"تمہارے لیے نہیں ہے نا؟"

"بزدل ہو بہت ——" دونوں کی باتیں سن کر پاس کھڑی ربیعہ نے کہا۔ "شادی بیاہ کا معاملہ ہو تو دیر ہو ہی جاتی ہے" —— شہنہ نے آنکھیں پھیلا کر اُسے دیکھا۔

"فکر نہ کرو" زونی نے اُس کی ڈھارس بندھائی۔ "میں نے آنٹی سے کہہ دیا تھا کہ فکر نہ کریں۔ دیر ہو بھی گئی تو میں خود چھوڑنے آؤں گی۔"

"سچی؟"

"ہاں۔"

"امّی نے کچھ کہا تو نہیں تھا؟"

"یار اتنی اچھی امّی ہیں تمہاری کچھ نہیں کہیں گی۔ خواہ مخواہ ہی ڈر رہی ہو۔ مطمئن ہو کر کھڑی رہو، ابھی باراتیوں پر پھول نچھاور کرنے ہیں محترمہ نے۔"

شہنہ نے کندھے اُچکائے —— وہ واقعی کچھ نروس سی ہو رہی تھی۔ امّی کا ڈر تو تھا سو تھا اس ہوٹل میں ایسی تقریب میں شرکت کرنے کا پہلا موقع تھا۔ اس نے ہوٹل اندر سے کبھی کب دیکھا تھا۔ اسی لیے تو امی سے لڑ جھگڑ کر اس شادی میں شرکت کی اجازت لے لی تھی۔ وہ ایک متوسط گھرانے کی لڑکی تھی جس میں ابھی تک پرانی قدروں کی شناخت باقی تھی۔ عصری تقاضوں سے مرعوب و مغلوب ہو کر نئی تہذیب اور جدیدیت کو بھی قبول کیا جا رہا تھا لیکن بخوشی نہیں، سو مین میخ نکالی جاتی تھی۔ برائی بیان کی جاتی، بدصورتی تلاش کی جاتی، قباحتیں ٹٹولی جاتیں پھر زمانے کا ساتھ دینے کو وہی کچھ کرنا بھی پڑتا —— یوں یہ لوگ زمانے کے ساتھ چل تو رہے تھے لیکن شانہ بشانہ نہیں، کئی قدم پیچھے رہ کر۔ اس سوچ اور خیال نے شہنہ کی تعلیم میں بھی رخنہ اندازی کی تھی۔ میٹرک سے آگے پڑھانا اچھا نہیں سمجھا جاتا تھا۔ کالج کے نام سے یہ لوگ گھبراتے تھے لیکن شہنہ نے داخلہ لے لیا تھا۔ امّی کو اس نے خود ہی سمجھایا تھا۔ میٹرک پاس کی کوئی

قدر نہیں تھی..... بی، اے، بی، ایڈ کرنے کے بعد وہ کسی اسکول میں ملازمت کر سکتی تھی۔

ملازمت بھی اس کی ضرورت تھی۔ وہ بیوہ ماں کی بیٹی تھی جس نے خود محنت کر کے بیٹی کو پالا تھا۔ بھائیوں کی دست نگر رہی تھی۔ وہ ان کی ممنون احسان تھی۔ جنھوں نے کسمپرسی میں اسے سہارا دیا تھا لیکن شہنہ کو یہ بات کھلتی تھی۔ وہ جلد از جلد اپنے پیروں پر کھڑے ہو کر ماں کو احسانوں کے اس بوجھ تلے سے نکالنا چاہتی تھی۔

"امّی جب میں کمانے لگوں گی تو پھر آپ ماموں ممانیوں کے سامنے سر اونچا کر کے بات کیا کریں گی۔ ٹھیک ہے ان لوگوں نے آپ کا ساتھ دیا ہے لیکن ممانیاں جس طرح جتلاتی ہیں مجھے بالکل اچھا نہیں لگتا۔" وہ ماں کے گلے میں بانہہ ڈال کر کہتی۔

امّی اُس کا ماتھا چوم لیتیں "اللہ کرے تیرے کمانے کی نوبت ہی نہ آئے۔ اس سے پہلے ہی تیرے ہاتھ پیلے کر دوں۔"

وہ کھلکھلا کر ہنس پڑتی "بہت شوق ہے امّی میرے اچھے بھلے ہاتھ پیلے کرنے کا۔"

امّی بھی مسکرا دیتی۔

لیکن دل ہی دل میں ہول سا اُٹھتا محسوس کرتی۔ اپنے مالی حالات سے آگہی تھی اچھے رشتے ویسے ہی کمیاب تھے۔ اس پر جہیز کا مسئلہ۔ دو ایک دل پسند رشتے دیکھے بھی لیکن بات اس لیے نہ بنی تھی کہ جہیز کا پلڑہ رشتے کے پلڑے سے بھاری تو کیا برابر بھی نہ آتا تھا۔ امی کو مایوسی تو ہوئی تھی لیکن ناامید نہ تھیں۔ اپنی شہنہ کے لیے انھوں نے جس قسم کا رشتہ تلاش کرنا تھا، برابر کوشش میں لگی ہوئی تھیں —— ویسے ایرے غیرے کے ہاتھ میں اپنی خوبصورت اور خوب سیرت بیٹی کا ہاتھ دینے کو وہ بھی تیار نہ تھیں۔ اس پر خود شہنہ نے بھی کئی بار ڈھکے چھپے اور کئی بار ہنستے ہوئے واضح الفاظ میں کہہ دیا تھا۔

"امّی میری شادی کرنی ہے تو ڈھنگ کا رشتہ ڈھونڈیے گا، نہیں تو عین موقع پر انکار

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کر دوں گی۔"

امی اس کی باتوں پر ہنس پڑتیں۔ ماں بیٹی میں دوستی اور بے تکلفی کا رشتہ بھی تھا لیکن بے تکلفی اور دوستی کے باوجود شہنہ امی کے ہر حکم کی تعمیل کرنا اپنا فرض سمجھتی تھی کبھی کوئی ایسی بات نہ کی تھی جو امی کے لیے پریشانی کا باعث بنے۔ وہ فورتھ ایئر میں تھی کالج سے سیدھے گھر اور گھر سے کالج، یہی معمول تھا۔ بازار جانا ہوتا تو امی کے ساتھ جاتی سہیلیاں تھیں جو کالج تک ہی تھیں۔ صرف زونی سے دوستی تھی۔ کبھی کبھار زونی کے ہاں امی کی اجازت سے ہو آتی تھی ان کے ہاں۔ امی نے زونی کو دیکھا بھالا تھا۔ طبقاتی فرق تو تھا۔ وہ اک امیر کبیر گھرانے کی بیٹی تھی لیکن امارت کے باوجود وہ بڑی پُرخلوص اور با اخلاق تھی۔ اسی لیے دونوں کی دوستی نبھ رہی تھی۔

آج زونی کی بہن کی شادی تھی۔ امی، شہنہ کو ہوٹل میں بھیجنے پر رضامند تو نہ تھیں لیکن دوستی تھی، اور زونی کا اصرار بھی۔ خود شہنہ بھی یہ تقریب دیکھنا چاہتی تھی۔ اس لیے امی کو اجازت دینا ہی پڑی تھی۔ شہنہ نے امی سے فاختئی رنگ کا وہ سوٹ زبردستی لے کر سلوایا تھا جو امی نے اس کے جہیز کے لیے رکھا ہوا تھا۔ وہ ان سادہ کپڑوں میں بھی بڑی پیاری لگ رہی تھی۔ زونی نے بڑے اصرار سے اُسے اپنے نازک نازک بُندے پہنائے تھے، اور ہلکا ہلکا میک اَپ بھی کرایا تھا۔ اس کی ہم عمر لڑکیوں نے بڑے قیمتی لباس پہن رکھے تھے۔ بناؤ سنگھار میں دلہنوں کو بھی مات کیا ہوا تھا۔ طلائی زیورات بھی پہنے تھے۔ لیکن وہ اپنی سادگی ہی کی وجہ سے سب میں منفرد نظر آ رہی تھی۔ کئی مہمان عورتوں نے اسے ستائشی نظروں سے دیکھا تھا۔ کئی نے اس کا حدود اربعہ بھی جاننے کی کوشش کی تھی۔

"بارات آ گئی ــــ بارات آ گئی" اک شور سا مچ گیا ــ گاڑیوں کی قطاریں پارک ہونے لگیں۔ لوگ گاڑیوں سے نکل نکل کر ادھر آنے لگے۔ لڑکیاں ان پر پھولوں کی پتیاں نچھاور

کرنے لگیں۔ ہنسی مذاق اور شور و غل سے اک ہنگامہ بپا تھا۔

شہنہ گھبرا کر پیچھے ہٹ گئی ــــ پھولوں بھری ٹوکری اس کے ہاتھوں میں تھی لیکن پھول مہمانوں پر نچھاور نہیں کر سکی۔ جھجک اور گھبراہٹ نے ایسا کرنے نہیں دیا۔

"ارے۔ باراتی جا بھی چکے اور تم نے پھول" عاصمہ نے اسے ٹھوکا دیا تو اس نے یک دم ہی ساری ٹوکری اچھال دی۔ پھول اور پتیاں کچھ فرش پر بکھریں۔ کچھ اس نوجوان کے چہرے اور لباس پر پڑیں جو دروازہ پر کھڑی نوجوان و سجی سجائی لڑکیوں کو مسکرا مسکرا کر لیتے ہوئے اندر جا رہا تھا۔

پھولوں کی ایکا ایکی بارش ہوئی تو وہ رُک گیا۔ اک لمحہ کو شہنہ کی طرف دیکھا۔

بعض لمحے بڑے حساس ہوتے ہیں۔ کسی ایسے ہی موقعے کے منتظر ہوتے ہیں۔ احساس کو جذب کر لینے کی قوت ان میں بیحد ہوتی ہے۔

حسین لڑکیوں کے ہنستے مچلتے گروپ میں یہ سادہ سی لڑکی اتنی منفرد لگی کہ عامر اس احساس لمحے کی گرفت میں آ گیا جو احساس کو جذب کر لینے کی پوری قوت رکھتا تھا۔

"شکریہ مس" اس نے مسکرا کر کہا تو عاصمہ نے ہنس کر کہا۔

"صرف مس نہیں مس شہناز عرف شہنہ"

"اوہ شہنہ صاحبہ" عاصمہ کی شوخ حماقت پر شہنہ تو جز بز ہوئی لیکن عامر کو اس کا نام پتا چل گیا۔ "بہت بہت شکریہ۔ میری راہوں میں پھول بچھانے کا"

وہ ذومعنی بات کر کے آگے بڑھ گیا کہ برآمدے سے اس کا دوست اسے پکار رہا تھا۔ لڑکیاں کھلکھلا کر ہنستے ہوئے بولیں "تو جناب عامر صاحب ہیں ــــ؟"

شہنہ بوکھلا سی گئی تھی۔

"چلو اب یہیں تو نہیں کھڑے رہنا" زونی نے اس کا کندھا پکڑ کر کہا۔

"میدان تو مار لیا اس نے" ککی ہنس کر بولی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"یہ خوب اسمارٹ ۔۔۔ بڑا شوخ اور چلبلا سا لگتا ہے۔" نکھی بولی۔

"اندر چلیں۔" عاصمہ نے کہا۔ "ذرا اس ذات شریف سے ملیں گے۔"

"وہ تو منتظر ہی ہوگا۔ کیسے دیدے پھاڑ پھاڑ کر دیکھ رہا تھا ہم سب کو۔" صائرہ نے ہنس کر کہا۔

"ہم سب کو نہیں یار۔ صرف شہنہ کو تک رہا تھا۔" نکھی نے ہنس کر شہنہ کو دیکھا۔ شہنہ کو ان لڑکیوں کی بے باک گفتگو اچھی نہیں لگی، لیکن چپ رہی۔ وہ سوچ رہی تھی ہو سکتا ہے ہوٹلوں کی تقریبات میں شرکت کرنے کے ایسے ہی آداب ہوں۔

کھانے کے دوران شہنہ اپنے چہرے پر نگاہوں کی تپش محسوس کر رہی تھی۔ اس سے ویسے ہی اس ہڑبونگ میں کچھ کھایا نہیں گیا۔ مہمان تو فاقہ زدہ لوگوں کی طرح کھانے پر ٹوٹ پڑے تھے۔ اتنے مہذب اور شائستہ نظر آنے والے لوگ جس طرح کھانے پر جھپٹ رہے تھے۔ وہ دیکھ دیکھ کر حیران ہو رہی تھی۔ اسمارٹ اور بنی سنوری عورتیں بھی پلیٹوں میں پہاڑیاں بنائے ہوئے تھیں۔ یوں لگتا تھا۔ آج تک انہوں نے ایسا کھانا کبھی دیکھا ہی نہیں۔ اتنا شور ایسی چھینا جھپٹی کھانے تک پہنچنے کے لیے دوسروں سے دھکے بازی۔ شہنہ تو حیران ہو ہو کر صرف تکے ہی جا رہی تھی۔ وہ تو زونی اس کے لیے پلیٹ میں کھانا لے آئی تھی۔ ورنہ وہ بھوکی ہی رہ جاتی۔ اس نے پلیٹ اسے تھماتے ہوئے کہا۔ "بھئی کچھ خود بھی ہمت کرو۔ یوں کھڑی رہیں تو کچھ نہ ملے گا۔ ہوٹلوں میں تو یہی کچھ ہوتا ہے۔ ایک بار کھانا لگ گیا سو لگ گیا۔ اسی لیے تو لوگ ٹوٹ پڑتے ہیں جو پیچھے رہ گیا اُسے بچا کھچا بھی نہ ملے گا۔"

اس نے اور کیا لینا تھا۔ زونی جتنا کچھ ڈال کر لے آئی تھی۔ وہی کافی سے زیادہ تھا وہ ایک طرف ہٹ کر کھڑی تھی لیکن ہال میں گھومتے پھرتے لوگوں سے باتیں کرتے

دل اور عورتوں سے ہنسی مذاق کرتے وہ پُرشوق سی نگاہیں اس کی طرف بھی برابر اچھال رہا تھا۔ شہنہ پر جب بھی اس کی نگاہ پڑتی دل زور سے دھڑک اٹھتا۔

کھانے کے بعد دولہا دلہن اسٹیج پر لا بٹھائے گئے۔ نوجوانوں نے درمیان میں ڑی جگہ پر اُن کی آمد کی خوشی میں بھنگڑا ڈالا۔ پھر کچھ جوڑے رقص کے لیے اُٹھے۔ ور پر رقص کی تیز تیز دُھنیں بجائی جا رہی تھیں۔ عورتیں مرد نوجوان سب خوشی کا اظہار نے کو ناچ رہے تھے۔ کوئی رقص کی ٹیکنیک کی الف بے بھی نہ جانتا تھا۔ کوئی تھوڑے ے اسٹیپ جانتے تھے۔ کچھ ڈسکو میں مصروف تھے۔ باقاعدگی سے ناچنا شاید چند لوگوں کے کسی کو نہیں آتا تھا اور ان چند لوگوں میں وہ بھی تھا۔ لگتا تھا اس فن میں ماہر ہے۔ کے قدم نپے تُلے انداز میں اٹھتے تھے۔ ہاتھوں اور جسم کی حرکت متوازن تھی۔ ایک لڑکیوں نے اس کے ساتھ ڈسکو کیا۔ وہ ان تھک انداز میں مصروف رقص ا۔ شہنہ اُسے دیکھ رہی تھی۔ یہ نوجوان اپنی حسین سیاہ آنکھوں گھنے بالوں اور چھریرے ن کی ساحرانہ کشش میں رقص کرتے ہوئے اُسے جکڑے جا رہا تھا۔ وہ اپنی نگاہیں اس ے ہٹا لینا چاہتی تھی۔ اپنے دل سے اس کا خیال نکال دینا چاہتی تھی لیکن جو پورے ور و شور سے از خود رستے بناتا آنکھوں سے دل اور دل سے روح میں اُترتا چلا جائے۔ کمزور سی لڑکی کر بھی کیا سکتی تھی۔ کیونکر اُسے روک سکتی تھی۔

"یہ وقت آنے کا ہے۔" امی نے زونی کے جانے کے بعد جو اُسے گھر پہنچانے آئی ی غصے سے شہنہ سے کہا۔

شہنہ تو سرور و انبساط میں ڈوبی تھی۔ زندگی نے آج اپنا جو رُخ دکھایا تھا اس سے رور تھی۔ مسکراتے ہوئے امی کے گلے میں بانہیں ڈال کر انھیں پیار کر لیا۔ "ہائے امی آپ و کیا ہیں، سارا مزہ کرکرا کر دیا۔ اتنی شاندار تقریب تھی۔ کچھ اس کا حال احوال پوچھیں۔"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اُلٹا ڈانٹنے لگی ہیں۔"

امّی نے اس کی باہنیں گلے سے نکالتے ہوئے کہا۔" تو مزے کی بات کر رہی ہے یہاں جان اٹکی ہوئی تھی، یہ بھی کوئی دستور ہے بھلا۔"

" یہ بڑے لوگوں کے دستور ہیں ماں جی ـــــ کیا ہوا جو چند گھنٹوں کے لیے ہم بھی ان لوگوں میں شامل ہو گئے۔" وہ خواہ مخواہ ہنسے جا رہی تھی۔

" چل بک بک بند کر، کپڑے بدل۔ نیند خراب کر دی میری۔" امی کے لبوں پر بھی مسکراہٹ پھیل گئی۔

" ایک دن اور خراب ہو گی۔"

" کیا مطلب؟"

" کل رات دعوت ولیمہ ہے۔"

" تیرا جانا کوئی ضروری نہیں۔"

" نہیں امّی ـــــ میں نے ضرور جانا ہے۔ آنٹی نے بھی اتنی تاکید کی تھی اور زوا کا تو آپ کو پتا ہی ہے، چھوڑے گی تھوڑا ہی ـــــ پھر میرا جی بھی تو چاہتا ہے۔ امّی آپ نے کبھی کسی ہوٹل میں شادی بیاہ کی تقریب دیکھی ہو تو ـــــ؟"

" بس کر اب، چل کپڑے بدل۔"

" کل جانے دیں گی نا؟"

" اتنی دیر لگانا ہے، تو کبھی نہیں بھیجوں گی۔"

وہ کھلکھلا کر ہنس پڑی۔ امّی کے لہجے میں تھوڑی سی چھوٹ نظر آ رہی تھی۔ اس نے پھر ماں کے گلے میں باہنیں ڈال کر ان کے گال پر پیار کر لیا۔

دوسری شام وہ بڑے اہتمام سے تیار ہوئی ـــــ براؤن رنگ کا سادہ جوڑا اس کے پاس تھا۔ دو چار دفعہ پہلے بھی پہن چکی تھی لیکن چارہ اور کوئی نہیں تھا۔ ویسے

رنگ اس پر کھلتا بہت تھا۔ اس رنگ کی مناسبت سے اس نے کل سے قدرے شوخ میک اَپ کیا۔ آج چہرے پر اتنا نکھار اور آنکھوں میں اتنی زندہ بشاشت تھی کہ آئینے میں اپنا عکس دیکھ کر وہ خود ہی حیران ہو رہی تھی۔

امی سے جلد واپس بھجوانے کا زونی نے بھی وعدہ کیا۔ وہ اسے لینے آئی تھی لیکن جاتے جاتے بولی۔" آنٹی آپ بالکل فکر نہ کیجئے گا۔ اگر ذرا دیر بھی ہو جائے تو کوئی بات نہیں۔ شادی ہے، دیر ہو ہی جاتی ہے۔ ویسے آج تو ہم لوگ بھی جلدی واپس نہیں گے۔ میں شہنہ کو خود چھوڑ جاؤں گی۔"

شہنہ نے آنکھوں آنکھوں میں امّی سے التجا کی۔ پھر اُن کی خاموشی کو رضا سمجھ کر زونی کے ساتھ گھر سے نکل آئی۔ زونی کی بڑی سی گاڑی سڑک کے کنارے کھڑی تھی۔ آج وہ بڑے اعتماد سے گاڑی میں بیٹھی۔

زونی نے آج بھی اس کے میک اَپ کو کچھ ٹچ دیئے، گلے میں اپنی امی کا گلوبند زبردستی پہنا دیا اور اس کے سادہ کپڑوں کا ہمرنگ کامدانی کا دوپٹہ اوڑھنے کے لیے نکال لائی۔

" ہائے نہیں زونی ـــــ میں نہیں اوڑھوں گی اتنا بھاری دوپٹہ۔"

" کیوں نہیں اوڑھے گی۔" زونی نے دوپٹہ اس کے کندھے پر ڈال کر ایک طرف کو پھیلاتے ہوئے کہا۔" یوں ہی رکھنا ـــ بڑی بوڑھیوں کی طرح سر پر نہ ڈال لینا۔ دیکھو کتنی حسین لگ رہی ہو۔"

" وہ تو میں واقعی لگ رہی ہوں۔" زونی کے کمرے میں لگے قدِ آدم آئینے میں اپنا سراپا دیکھ کر وہ اٹھلائی۔" سادہ کپڑوں میں بھی لگ رہی تھی۔"

" جی نہیں ـــــ اب تو سراپا قیامت نظر آ رہی ہو۔"

وہ ہنسی۔" کیا فائدہ ـــــ؟"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

زونی نے بھی ہنس کر کہا۔ "بہت فائدہ ہے۔ یہ قیامت کسی پر ڈھے بھی سکتی ہے۔"

"ہائے زونی ـــ مت کروایسی باتیں۔"

"کل وہ تمہارے متعلق پوچھ رہا تھا۔" زونی نے اپنا جائزہ آئینے میں لیتے ہوئے کہا۔

شہنہ کا دل دھک دھک کرنے لگا۔ بڑے چور سے انداز میں بولی۔ "کون؟"

"عامر۔"

"وہ کون ہے؟"

"رات بھر میں بھول بھی گئیں۔ بھئی وہی جس پر تم نے پھولوں کی ٹوکری اُنڈیل دی تھی ـــ وہ جو ڈانس....."

"ہُوں ـــ"

"دولھا بھائی کا بہت قریبی دوست ہے۔"

"میرا ـ کیوں پوچھ رہا تھا؟"

زونی ہنس پڑی۔ "واقعی بہت بدھو ہے تو؟"

شہنہ دل ہی دل میں مسکرائی۔ اتنی بھی نہیں۔ اس نے دل ہی دل میں کہا۔

"تجھ میں بڑا انٹرسٹڈ تھا۔"

"چل ہٹ ـــ"

"آج ذرا اس سے گپ شپ لگا لینا۔"

"جی نہیں۔"

"نہ سہی ـــ اتنا وجیہہ اسمارٹ اور اونچے خاندان کا لڑکا ہے ـــ تجھے نہیں پسند تو ہمیں کیا۔"

وہ ہنس پڑی ـــ پھر زونی کو دیکھ کر بولی۔ "تُو تو ایسے بات کر رہی ہے جیسے وہ

مجھے اپنانے چل نکلا ہے۔ رشتہ بھیجا ہے۔"

"تُو آج ذرا اُسے لفٹ دے کے دیکھ۔ کہاں جائے گا؟ چٹ منگنی پٹ بیاہ والی بات نہ ہو تو مجھے کہنا۔"

زونی ہنس ہنس کر باتیں کر رہی تھی۔ شہنہ یقین اور بے یقینی کے عالم میں جواب بھی دیئے جا رہی تھی۔ یہ نوجوان اُسے اچھا لگا تھا۔ اس بات سے وہ انکار نہیں کر سکتی تھی۔ لگاؤ کی ڈوری تو کل ہی بندھ گئی تھی۔ آج وہ ولیمے میں شرکت بھی تو صرف اسی لیے کر رہی تھی کہ وہ بھی آیا ہوگا۔ لیکن اپنے جذبوں کو اندر ہی اندر چھپانا تھا۔ زونی کی باتوں کو مذاق سمجھا اور مذاق کے انداز ہی میں خود بھی باتیں کیں۔

ولیمے کی تقریب بھی کل ہی جیسی تھی۔ مہمانوں کی تعداد کچھ زیادہ ہی تھی۔ رنگ و بُو کا سیلاب اُمنڈا تھا ـــ دولھا دُلہن آج بھی اسٹیج پر براجمان تھے۔ آج زونی کی بہن مونی کل کی طرح شرمائی لجائی نہیں تھی۔ بہت خوش نظر آ رہی تھی۔ سراپا تبسم تھی۔

شہنہ اُس کے پاس گئی۔ اس کو اور دُولھا بھائی کو سلام کیا۔ مونی نے اپنے شوہر سے کہا۔ "یہ زونی کی بڑی عزیز دوست ہے۔ شہنہ۔"

شہنہ کے نام پر وہ کچھ چونکا۔ پھر مونی سے کچھ کہا۔ وہ مسکرا دی ـــ اسٹیج پر دُلہن دیکھنے اور بھی لوگ آ گئے تھے اس لیے شہنہ پیچھے ہٹی پیچھے ہٹتے ہٹتے اُس نے سنا، انی کہہ رہا تھا۔ "کل عامر انہی کی بات کر رہا تھا۔"

شہنہ جلدی سے اسٹیج سے اُتری۔ انی کی بات سُن کر کچھ بدحواسی کی سی کیفیت طاری ہو گئی تھی۔ اسی لیے تو سامنے سے آنے والے سے ٹکراتے ٹکراتے بچی۔

"اوہو۔" ٹکر سے بچنے والے نے اُسے کندھے سے روک لیا۔

"آپ۔" شہنہ کی نگاہیں بالکل قریب کھڑے عامر پر پڑیں جو اُسے روکے کھڑا تھا۔

"آپ؟" عامر اس پر نگاہ شوق ڈالتے ہوئے مسکرایا۔ "میں آپ ہی کو ڈھونڈ رہا تھا۔"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"کیوں" وہ قدرے پیچھے ہٹ کر بولی۔

عامر نے نگاہوں میں مستی بھرتے ہوئے مسکرا کر اُسے دیکھا۔ وہ کانوں کی لوؤں تک سُرخ ہو گئی۔ عامر کچھ کہنے کو تھا لیکن وہ سنے بغیر پلٹی اور جلدی سے مہمانوں کے ہجوم میں گم ہو گئی۔

لیکن تھی تو ہال ہی میں۔ وہاں ڈھونڈ نکالنا کیا مشکل تھا۔ عامر کی نگاہیں متلاشی تھیں۔ وہ اسے ایک کونے میں چند عورتوں اور لڑکیوں کے ساتھ کھڑی نظر آ گئی۔

"شہنہ ——" وہ قریب آ گیا۔ اپنا نام اس بے تکلفی سے اُس کے منہ سے سن کر وہ سن سی ہو گئی۔ لیکن وہ بڑے اطمینان سے بولا "آپ کو زدنی بلا رہی ہے"

شہنہ نے بے یقینی سے اُسے دیکھا۔ نگاہوں میں سرور و کیف بھرے اس نے ہولے سے سر ہلایا۔ شہنہ خواتین کے جُھرمٹ سے نکل کر اس کی طرف آئی۔

"کہاں ہے زدنی؟" اس نے پوچھا۔

"باہر" عامر نے ایک بیرونی دروازے کی طرف اشارہ کر دیا اور پھر شہنہ کی طرف دیکھے بغیر آگے بڑھ گیا۔ جہاں چند حضرات کھڑے باتوں میں مصروف تھے۔ وہ بھی اُن سے باتیں کرنے لگا۔ شہنہ کو پہلے اُس کی بات پر اعتماد نہیں تھا، لیکن جب وہ ان لوگوں سے باتوں میں مصروف ہو گیا تو وہ بلا جھجک دروازے سے باہر چلی گئی۔

زدنی کو تلاش کرتے چند سیکنڈ ہی گزرے ہوں گے کہ اگلے دروازے سے نکل کر وہ اُس کے سامنے آ گیا۔

"وہ —— وہ زدنی ——" شہنہ بوکھلا گئی۔

"گولی مارو زدنی کو —— دیکھو تو باہر فضا کتنی حسین ہے۔ چاندنی کے غبار میں یہ سبزہ، یہ پھول، یہ درخت ——"

"لیکن آپ نے ——"

"میں نے جھوٹ بولا تھا۔ میں آپ سے باتیں کرنا چاہتا ہوں۔ لوگوں کے ہجوم میں بھی باتیں کی جا سکتی تھیں۔ لیکن میں دیکھ رہا ہوں —— آپ بہت جلد نروس ہو جاتی ہیں"

وہ سر جھکائے کھڑی رہی —— یوں لگتا تھا پاؤں زمین میں دھنس گئے ہیں۔ ہلنے جُلنے کی سکت ہی نہیں رہی آخر دل بھی تو کوئی چیز ہے۔ عمر کے تقاضے بھی تو کچھ ہوتے ہیں۔ شہنہ اس کی اتنی رومانوی پیش کش کو کیسے مسترد کر دیتی۔

"آیئے" اس نے بے تکلفی سے کہا۔

"کہاں؟"

"اس طرف۔ لوگوں کے شور شرابے سے ہٹ کر بیٹھتے ہیں۔ بہت خوب صورت گوشہ ہے وہ" وہ چل دیا۔ شہنہ بھی اُس کے ساتھ ساتھ چلنے لگی۔

"میں نے کل آپ کو پہلی بار دیکھا تو ——" وہ رُک گیا۔ سگریٹ سلگایا اور لمبا سا کش لیا۔

"تو ——" وہ ہولے سے بولی۔

"تو —— تو اپنا آپ اپنا نہ رہا" وہ بڑے خوبصورت انداز سے سگریٹ کا دھواں چھوڑتے ہوئے مسکرایا۔

"ہائے" وہ شرما گئی۔

"بس یہی ادا لوٹ لے گئی" وہ پھر کش لیتے ہوئے بولا۔

دونوں اُس گوشے کے قریب آ گئے جہاں پتھریلے بینچ پڑے تھے۔ پھولوں کی بیلیں جھکی تھیں اور خوبصورتی سے تراشا ہوا سبزہ قدم بوس تھا۔

شہنہ جھجک رہی تھی، شرما رہی تھی۔ لیکن وہ بڑے ماہرانہ انداز میں جال پھینک رہا تھا۔ فٹ بھر کا فاصلہ دے کر بیٹھا باتیں کرتا رہا۔ شہنہ کا حوصلہ بڑھا۔ اس کی شرافت کی قائل ہو گئی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

عامر نے اپنا مختصر سا تعارف کروایا۔ "میرے والدین کراچی میں ہیں۔ میں اُن کی اکلوتی اولاد ہوں ــــ یہاں ایک مل لگانے کا پلان ہے، اس لیے آیا ہوا ہوں۔ میرا مستقبل اسی شہر سے وابستہ ہے اور اب تو یہ بات بالکل ہی پکی ہو گئی ہے کہ میں چاہوں بھی تو یہاں سے کہیں جا نہ پاؤں گا۔"

شہنہ اُس کی بات سمجھتے ہوئے شرمگیں انداز سے مسکرا دی۔ اس نے شہنہ سے بھی تعارف چاہا۔ اپنے متعلق اس نے بھی پوری سچائی سے سب کچھ بتا دیا۔

"ویسے مجھے زونی نے بھی آپ کے متعلق بتایا تھا۔"

"آپ۔ زونی کے رشتہ دار ہیں۔"

"میں انی کا جگری دوست ہوں اور زونی کے منگیتر کا کزن ــ رشتہ داری اور بھی ہے۔"

"کیا ــ؟"

"میں زونی کی دوست کا چاہنے.....؟" اس نے شوخی سے شہنہ کو دیکھا۔

شہنہ شرما گئی۔ اس نے دونوں ہاتھوں سے اپنا چہرہ چھپا لیا۔ چاہت کے مرحلے اتنی تیزی سے طے ہو جائیں گے، اس نے تو کبھی سوچا بھی نہ تھا۔

تھوڑی دیر دونوں اِدھر اُدھر کی بامعنی اور بے معنی باتیں کرتے رہے۔ جب وہ واپس ہال میں آئے تو زونی لپک کر اُن کی طرف آئی "اچھا۔؟"

شہنہ تو گھبرا گئی۔ عامر ہنس کر بولا "بہت بہت شکریہ۔"

"کس بات کا؟" وہ حیرانگی سے بولی۔

عامر، شہنہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے مسکرا کر بولا "اتنی خوبصورت دوست پال رکھی تھی، میرے۔"

زونی اس کی بات کاٹتے ہوئے ہنس کر بولی "لٹو ہو گئے۔"

"بالکل ــ"

شہنہ آگے بڑھ گئی۔ زونی اور عامر باتیں کرتے دوسری طرف چلے گئے۔

"میں کالج آجاؤں تمہیں لینے ــ"

"ہائے نہیں ــ"

"کیوں۔ منا پسند نہیں؟"

"یہ بات نہیں عامر۔"

"تو پھر ــ؟"

"بُری بات ہے۔ میں کالج سے ہمیشہ سیدھی گھر جاتی ہوں۔ میری امی میرا انتظار کر رہی ہوتی ہیں۔ کبھی دیر ہو جائے تو پریشان ہو جاتی ہیں۔"

"پھر میں کیا کروں؟"

عامر نے اتنی بے چارگی سے کہا کہ شہنہ کو اس پر ترس آ گیا لیکن بے ساختگی سے ہنس پڑی۔ انی اور مونی کی دعوتیں ہو رہی تھیں۔ زونی، عامر کے اصرار پر دو تین دفعہ شہنہ کی امی سے اجازت لے کر اُسے دعوتوں میں لا چکی تھی۔ شہنہ بھی محبت کی ہوشربائیوں اور سحر خیزیوں میں گم تھی۔ اس کی تو دنیا ہی بدل گئی تھی۔ سوتے جاگتے میں حسین خوابوں کے تانے بانے بُنتی رہتی تھی۔ عامر اس پر دل و جان سے فریفتہ تھا۔

آج بھی وہ شہنہ کو لیے لان میں ٹہل رہا تھا۔ مہمان اندر ضیافت اڑا رہے تھے اور وہ دونوں ایک دوسرے کے دل کی دھڑکنوں کے پیغام سُن رہے تھے۔ عامر پریشان تھا۔ اس لیے آئندہ ملنے کی راہیں نکالنا چاہتا تھا ــ ایک راہ یہ بھی تھی کہ وہ کسی دن شہنہ کو لینے کالج پہنچ جائے اور پھر کسی ریستوران یا آبادی سے دور شہنہ کو لے جا کر دل کی باتیں کہے اور سُنے، لیکن شہنہ اس بات پر رضامند نہ تھی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"میں تمہارے بغیر ایک دن بھی نہیں گزار سکتا شہنہ" اس نے عاجزی سے کہا۔
وہ ہولے سے بولی "میں جانتی ہوں"
"پھر بھی ملنے سے گریزاں ہو"
"نہیں عامر — کالج سے آپ کے ساتھ ایک دن بھی جانا ممکن نہیں"
"پھر — پھر کوئی طریقہ سوچو"
"مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہا"
"یہ دعوتیں ہمیشہ تو نہیں چلیں گی۔ پرسوں افی اور مونی ہنی مون پر جا رہے ہیں"
"ہاں"
"تو پھر یہ بہانہ بھی نہیں چلے گا تمہارا امی کے سامنے —"
"ہوں —"
"کچھ بتاؤ نا — کیا کروں گا میں — مر جاؤں گا تڑپ تڑپ کر"
"اللہ نہ کرے" عامر نے اتنے جذباتی انداز میں کہا کہ شہنہ نے گھبرا کر اپنا ہاتھ اس کے منہ پر رکھ دیا۔
عامر نے اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں پکڑ لیا "اب ہاتھ میرے ہاتھ سے کبھی نہیں چھوٹے گا — میں تم سے جلد ہی شادی کر لوں گا — تمہیں کوئی اعتراض تو نہیں ہو گا نا" اس نے اتنی بڑی بات اتنی اچانک اور ایسے غیر متوقع طور پر کہی کہ شہنہ بوکھلا سی گئی۔
"بولو نا — اعتراض تو نہیں تمہیں" اس نے شہنہ کو جھنجھوڑ ڈالا۔ وہ بے حد جذباتی ہو رہا تھا — جب دوسری بار اس نے اُسے جھنجھوڑ کر پوچھا تو اس نے ہولے سے کہا۔
"عامر میں تمہاری ہوں — ہمیشہ تمہاری رہوں گی"

کھانے کی میز پر سے سب اُٹھ کر جا چکے تھے۔ صرف افی، مونی اور زونی بیٹھے تھے۔ زونی، عامر کا پروپوزل سن چکی تھی۔ وہ شہنہ سے شادی کرنا چاہتا تھا۔ افی اس کی مخالفت کر رہا تھا۔
"زونی۔ تم کس کی باتوں میں آ گئی۔ وہ میرا دوست ہے۔ میں اسے بہت اچھی طرح جانتا ہوں۔ اس کی باتوں پر کبھی یقین نہ کرنا۔ فلرٹ کرتا ہے۔ کبھی سنجیدہ نہیں ہوتا۔ اپنی دوست کو بچا لو — وہ —"
"اللہ بھائی جان آپ اچھے دوست ہیں۔ وہ خواہش کر رہا ہے اور — آپ" مونی بولی "بھئی افی کا دوست ہے۔ اسی لیے تو مخالفت کر رہے ہیں۔ یقیناً وہ اس قابل نہیں ہو گا"
"قابل کی بات نہیں" افی بولا "وہ بہت امیر والدین کا اکلوتا بیٹا ہے۔ اس کی امی اپنی بھتیجی سے اس کا رشتہ کرنا چاہتی ہیں۔ وہ لڑکی بھی میں نے دیکھی ہوئی ہے۔ بہت بڑے خاندان کی ہے۔ اسمارٹ ماڈرن ہر لحاظ سے موزوں —"
"وہاں کیوں نہیں کرتا"
"بس دل پھینک واقع ہوا ہے۔ کچھ عرصہ اُسے بھی لیے لیے گھومتا تھا"
مونی نے حیرانگی سے اُسے دیکھا۔ زونی بھی کچھ پریشان ہوئی۔
افی بولا "اس کی پسند تو ہر مہینے بدلتی ہے۔ پچھلے دنوں جس لڑکی کے لیے اس کا دم نکل رہا تھا۔ وہ اس کی جان کو روتی پھرتی ہے۔ کوئی ایک رومانس ہے اس کا"
"لیکن زونی نے قدرے سنبھل کر کہا "یہاں صرف رومانس کی بات تو نہیں رہی نا۔ وہ شادی کرنا چاہتا ہے"
افی ہولے سے مسکرایا۔ پھر ٹوتھ پک اٹھاتے ہوئے بولا "ہونہہ شادی"
"سچی — شادی ہی کے لیے تو کہا ہے اُس نے"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"ماں باپ کی رضامندی کے بغیر کرلے گا۔"

"یہی کہہ رہا ہے۔ اگر وہ نہ مانے تب بھی کرلے گا۔"

افی ہنسا۔ پھر بولا۔ "ماں باپ سے کہنے کی جرأت ہی نہیں ہوگی اسے زونی صاحبہ بہت ڈرتا ہے ڈیڈی سے ـــــ وہ تو اس کے ڈیڈی بھی ممی کی بھتیجی سے شادی نہیں کرنا چاہتے اس کی۔ ورنہ کیا مجال جو یہ ان کے سامنے نہ کرسکے۔"

زونی چپ ہوگئی۔

لیکن اگلے روز عامر، مونی کے پاس آیا۔ منت سماجت کی اور شہنہ سے شادی کے سلسلے میں اُس کی مدد چاہی۔

"بھئی اپنے ممی ڈیڈی سے بات کرو۔ راضی کرلو انھیں۔" مونی نے کہا۔

"وہ کب مانیں گے۔ شہنہ جیسی مڈل کلاس کی لڑکی کے متعلق تو وہ سننا بھی گوارہ نہ کریں گے۔"

"تو پھر ـــــ"

"میں اپنی ذمہ داری جانتا ہوں۔ میرے وسائل نہیں۔ میں شہنہ سے شادی کرکے اس کا بار اُٹھا سکتا ہوں ـــــ کس چیز کی کمی ہے۔" وہ بولے چلا گیا۔

"بھئی میں کیا کرسکتی ہوں۔" اس کی لمبی چوڑی تقریر سننے کے بعد مونی بولی۔

"آپ میری شادی کروادیں۔ شہنہ کی امی سے کہیں۔ انھیں رضامند کریں۔ میں اُن کی ہر بات مانوں گا۔ ہر فرمائش پوری کروں گا۔"

"آپ تو واقعی سنجیدہ ہیں ـــــ"

"اتنا سنجیدہ کہ اگر یہاں شادی نہ ہوسکی تو شاید زندہ نہ رہ سکوں۔" وہ بڑے گھمبیر لہجے میں بولا۔

مونی سوچ میں پڑگئی۔

رات اُس نے افی سے بات کی۔ حسب معمول اس نے مخالفت کی۔ "وہ جذبات میں آیا ہوا ہے ـــ عشق کا بھوت سوار ہے اس پر ـــ وہ بالکل اعتبار کے قابل نہیں۔ میرا مشورہ یہی ہے کہ اسے سمجھاؤ ـــ کسی معصوم لڑکی کی تباہی کی ذمہ داری نہ لو اپنے سر۔ وہ خود بھی کبھی سنجیدہ نہیں ہوا۔ بہتیرے عشق کرچکا ہے۔"

"لیکن اب تو شادی کرنا چاہتا ہے۔" مونی متاثر تھی۔

"تو ماں باپ کو راضی کرے۔"

"وہ تو بہرطور نہیں ہوں گے۔ شہنہ عام سے گھر کی لڑکی ہے وہ اسے کیسے قبول کرسکتے ہیں۔"

"مونی وہ کروڑپتی باپ کا اکلوتا بیٹا ہے۔"

"تو کیا ہوا؟ ـــ اچھی لڑکی ہے شہنہ ـــ دولت کی کمی نہیں۔ لڑکی کو قبول کریں گے۔ شادی ہوجائے تو میرا خیال ہے وہ بھی ہتھیار ڈال دیں گے۔"

افی اور مونی دیر تک بحث کرتے رہے۔ مونی بھی زونی کی ہم خیال ہوگئی۔ شہنہ کو اچھی طرح جانتی تھی۔ دولت ہی نہیں تھی نا اس کے پاس ـــ اور کیا کمی تھی ـــ وہ سوچتی کیوں نہ شہنہ کا رشتہ اس جگہ ہوجائے۔

مونی اور زونی، افی کی مخالفت کے باوجود عامر کے اصرار پر شہنہ کی امی کے ہاں رشتہ لے گئیں۔ امی کی تو باچھیں کھل گئیں۔ ایسے رشتے کا تو انھوں نے کبھی تصور بھی نہیں کیا تھا۔ پھولی نہیں سمائیں۔ بس نہیں چلا کہ بات ان کے منہ سے نکلتے ہی شہنہ کو دُلھن بنا کر اُن کے حوالے کردیتیں، لیکن جب پتا چلا کہ لڑکا اپنی من مانی کررہا ہے۔ والدین کی رضا اور مرضی کے بغیر شادی کرنا چاہتا ہے تو ان کے شوق اور خوشی پر جیسے اوس پڑگئی۔ بجھ بھی گئیں اور اس رشتے کے پس پردہ جو محرکات ہوسکتے تھے وہ بھی بوند

www.iqbalkalmati.blogspot.com

بوند پانی کی طرح ذہن کی حساس سطح پر گرنے لگے۔ رومانوی داستانیں حسین تو ہوتی ہیں لیکن حقیقت سے جب ٹکرائیں تو چُور چُور ہو جاتی ہیں۔ اذیّت کے سوا اور کچھ نہیں دیتیں۔ ساری مسرتیں اور راحتیں گم ہو جاتی ہیں اور صرف کرب و اذیت مقدر بن جاتا ہے۔ جہاندیدہ عورت تھیں، بہت کچھ سمجھ گئیں۔ لیکن بچّی نادانی میں اگر چاند کی تمنا کر بیٹھی تھی۔ تو اُسے سمجھانا اُن کا فرض تھا۔ انھوں نے دونوں بہنوں کو شائستگی سے کہہ دیا " ہم غریب لوگ ہیں۔ ایسی بے جوڑ شادیاں کبھی کامیاب نہیں ہوتیں۔ خاص کر اس صورت میں کہ ماں باپ کی مرضی کے خلاف لڑکا اپنی من مانی کر رہا ہو۔ اکلوتا ہو والدین سے ہمیشہ کے لیے ناتہ نہیں توڑ سکتا اور جس لڑکی سے وہ اپنی مرضی سے وہ ناتہ جوڑ لینا چاہتا ہے اس کے ماں باپ کبھی قبول نہیں کر سکتے ــــ اس لیے معذرت چاہوں گی۔"

دونوں بہنیں بددل تو ہوئیں لیکن دونوں ہی چاہتی تھیں کہ شہنہ بھی طبقاتی لحاظ سے کسی نہ کسی طرح ان کے ہم پلّہ ہو جائے ــــ اس دن تو ناکام واپس چلی آئیں لیکن اگلے دن پھر وہاں جا پہنچیں۔ عامر نے بھی مجبور کیا تھا۔ خود بھی چاہتی تھیں۔

" آنٹی " مونی نے گھنٹہ بھر کی مغز پچی کے بعد کہا " عامر آپ کی مرضی اور خواہش کے مطابق ہر کام کرے گا۔ اُسے والدین عاق بھی کر دیں تب بھی وہ لاکھوں کا مالک ہے۔ اس کے نام بہت کچھ ہے۔ یہ نہ بھی ہوتا تو پڑھا لکھا آدمی ہے۔ ہزاروں روپے ماہوار کما سکتا ہے۔ اگلے سال ٹریننگ کے لیے امریکہ جا رہا ہے۔ اس کی زندگی بن جائے گی اور پھر یہ بھی تو سوچیں ایک ہی بیٹا ہے۔ ماں باپ اُسے چھوڑ نہیں سکتے۔ ضد میں آ کر شادی سے روک سکتے ہیں لیکن جب شادی ہو جائے گی عامر کی رضا اور مرضی سے ــــ تو پھر کیا جواز ہو گا ان کے پاس ــــ ہار کر وہی عامر کو بلائیں گے اپنائیں گے اس کی دُلھن کو ــــ"

زونی بھی اپنے طور پر بہت کچھ کہتی رہی ــــ عامر بہت اُونچی فیملی کا چشم و چراغ تھا۔ لاکھوں کا مالک بھی تھا۔ جوانی دیوانی تھی ــــ لڑکیاں خود بھی تو اس خوبرو اور امیر و کبیر نوجوان کے پیچھے پڑی رہتی تھیں اور بڑی بات کہ اس نے فلرٹ بہت لڑکیوں سے کیا ہو گا۔ شادی کے لیے تو کسی سے تیار نہ ہوا تھا۔ اب اتنی سنجیدگی سے شادی کے لیے تیار تھا یہ معمولی بات نہ تھی۔

مونی اور زونی نے کئی پھیرے ڈالے۔ ہر دفعہ شہنہ کی امی کو قائل کرنے کی کوشش کی۔ امی بے چاری کشمکش و پیچ میں تھیں۔ شہنہ کا رویہ بھی بہت کچھ سمجھاتا تھا۔ انکار کی صورت میں لڑکی کے رویّے میں بغاوت کا عنصر بھی شامل ہو سکتا تھا۔

وہ ابھی ہاں اور ناں کے مرحلے ہی میں تھیں کہ ایک دن عامر خود ہی اُن کے ہاں آ گیا۔ شہنہ ہی نے دروازہ کھولا۔ وہ اُسے دیکھتے ہی فریادی انداز میں بولا۔

"شہنہ! امی کیوں دیر کر رہی ہیں۔ میری جان لینے کے درپے ہیں ــــ"

شہنہ جلدی سے اسے آنے کا راستہ دیتے ہوئے روہانسی آواز میں بولی ــــ " آج آ ہی گئے ہو تو خالی ہاتھ نہ لوٹنا۔"

" کون آیا ہے شہنہ!" صحن سے امی کی آواز آئی۔ عامر تیزی سے صحن کی طرف بڑھتے ہوئے بولا۔ " آپ کا بیٹا۔"

امیّ نے صحن میں آ جانے والے خوبرو اسمارٹ نوجوان کو سر تا پا دیکھا۔ پہلی ہی نظر میں وہ دل میں اُتر گیا " کون ہو تم بیٹے؟" انھوں نے آہستگی سے کہا۔

عامر آگے بڑھا، ان کے سامنے جھکتے ہوئے بولا ــــ " بیٹا بھی کہہ رہی ہیں اور پوچھ بھی رہی ہیں میں کون ہوں؟"

امی کا ہاتھ آپوں آپ اس کے خوبصورت گھنے بالوں پر ٹک گیا سمجھ گئیں کہ یہ عامر ہی ہے۔ عامر شفقت بھرے ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں لیتے ہوئے بولا " میں عامر

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہوں امیؔ "

امیؔ نے آہستگی سے اپنا ہاتھ چھڑانا چاہا، لیکن عامر نے ہاتھ مضبوطی سے پکڑے پکڑے کہا "امی بیٹا کہا ہے تو بیٹا بن کے رہوں گا۔"

اس کی ضدی گزارش پر امیؔ کے ہونٹوں پر مسکراہٹ بکھر گئی۔ ڈیوڑھی اور کے درمیانی دروازے میں کھڑی شہنہ نے یہ مسکراہٹ دیکھی تو من ہی من میں ہزاروں چراغ جل اُٹھے۔ زندگی کی راہیں روشن ہوگئیں۔

امیؔ، عامر کو لے کر بیٹھک میں چلی گئیں اور وہ چائے کا اہتمام کرنے لگی۔

زدنی اور موتی بنیادیں تو بنا چکی تھیں۔ عامر نے امی کا دامن اس وقت تک چھوڑا۔ جب تک اپنے حسین ازدواجی رشتے کی عمارت ان بنیادوں پر نہ اُٹھالی۔

اسی شام وہ منگنی کی انگوٹھی لے آیا۔ ڈائمنڈ کی خوبصورت انگوٹھی اس نے شہنہ کے ہاتھ میں خود ہی پہنادی "شہنہ میں نے آج تک جو کچھ چاہا ہے پایا ہے۔ بغیر کسی تردد بلا کسی محنت ـــــ لیکن تمہیں پانے کے لیے مجھے اتنی پریشانی، تشویش اور انتظار کرب اُٹھانا پڑا ـــ لیکن میں خوش ہوں۔ بہت خوش ۔ آخر تمہیں پا ہی لیا۔"

شہنہ تو کیف و سرور کے عالم میں اپنے آپ ہی میں نہ تھی۔ اتنی بڑی خوشی جھیل جانا بھی تو آسان نہیں ہوتا نا ـــ

شادی کی تاریخ بھی عامر نے خود ہی مقرر کرلی۔ امیؔ کو کچھ کہنے کا موقع ہی نہ ملا صرف یہی کہہ سکیں "کچھ وقت تو دیتے ـــ تھوڑی بہت تیاری تو کرنا ہی ہوتی ہے۔"

"کسی تیاری کی ضرورت نہیں امیؔ۔ میں آپ پر آج سے شہنہ کا کوئی بوجھ نہیں ڈالنا چاہتا ـــ شہنہ آپ نے مجھے سونپ دی۔ اب اُن کی ہر ضرورت میری ذمہ داری ہے۔"

" نادان " امی پیار سے مسکرائیں۔

امیؔ نے اس رشتے کی بات بھائی بھابیوں سے کی تو سب حیران رہ گئے امی کی عقل بڑے بھائی نے تو برملا کہا "یہ سخت حماقت کی ہے۔"

بھابیوں نے بھی کہا "ماں باپ شامل نہیں اور شادی رچا رہا ہے لڑکا۔ کل کلاں دی بات ہوگئی تو کس کو پکڑوگے۔ ماں باپ کی ذمہ داری تو نہیں ہوگی۔"

سب نے کچھ نہ کچھ کہا۔ امیؔ کو بُرا بھی لگا کہ خوشی کے موقع پر فال بد منہ سے نکال ناہیں۔ پھر بیٹی کے نصیبے پر اتراتے ہوئے سوچا "سب جلتے ہیں میری بیٹی کے مقدر سے۔"

امی کو اب کسی کی پروا نہ تھی۔ وہ اپنے طور پر تیاری میں لگ گئیں۔ چند جوڑے پڑے خرید کر رکھے ہوئے تھے۔ ایک آدھ سونے کی چیز بھی تھی۔ دل تو چاہتا بیٹی کو بنت اور سونے میں جڑ کر رُخصت کریں، لیکن مجبوری تھی۔ پھر بھی جو کچھ پاس تھا، بنانے سنوارنے میں جٹ گئیں۔

عامر نے تو ہر چیز شہنہ کی پسند کی بنوائی۔ وہ روز شہنہ اور زدنی کو ساتھ لے جاتا۔ کپڑے جوتے، کاسمیٹک، زیور، جو شے بھی شہنہ کو اچھی لگی، اس نے فوراً خرید لی۔

تقریب شادی ہوٹل ہی میں ہوئی۔ سارا خرچہ خود عامر نے برداشت کیا۔ شہنہ خوبصورت عروسی لباس اور جگمگاتے زیورات سے سج کر عامر کے پہلو میں آبیٹھی۔

دونوں کی خوشیوں کا ٹھکانہ نہیں تھا۔ ہوش میں مدہوشی اور مدہوشی میں ہوش والی بات تھی ـــ دونوں کو شاید لاشعوری طور پہ ڈر تھا کہ مل نہ پائیں گے۔ اس لیے جب مل گئے ـــــ تو سُدھ بدھ ہی نہ رہی۔

شہنہ خوش تھی۔

عامر خوش تھا۔

ان دونوں کو خوش دیکھ کر امیؔ خوش تھیں۔

چند دن ہوٹل میں گزارنے کے بعد دونوں ہنی مون کے لیے چلے گئے۔ مری، کاغان،

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سوات اور کالام تک گھوم آئے۔ شہنہ، امّی اور زونی کے لیے خوبصورت اور قیمتی
لے کر آئی۔

عامر ایک چھوٹے سے بنگلے میں رہائش پذیر تھا یہاں جو مل بن رہی تھی اس
کے لیے ڈیڈی نے یہاں بھیجا ہوا تھا ـــــ یہاں بیرے، خانساماں کے علاوہ ایک
نوکر اور بھی تھے ـــــ ہنی مون سے واپسی پر وہ شہنہ کو اس گھر میں لے آیا۔

یہ گھر شہنہ کی چھوٹی سی جنت تھی۔ دو بیڈ روم کا یہ گھر معمولی طور پر آراستہ تھا
عامر نے اس سے کہا "یہ گھر چھوٹا ہے۔ ہم عنقریب بڑی کوٹھی میں شفٹ ہو جائیں گے
اسے تم اپنی مرضی سے سجانا۔ صرف ڈیڈی سے اجازت ملنے کی دیر ہے۔"

شہنہ سرشاری کے عالم میں بولی "عامر یہ گھر ہی کافی ہے۔ یہ جنت ہے میری۔
تم جب بھی ڈیڈی سے اجازت لینے کی بات کرتے ہو میرا دل دہل جاتا ہے۔"

"کیوں ـــ؟"

"کیا خبر ـــ انھیں تمھاری من مانی کرنے پر اتنا غصّہ آئے کہ مجھے ہی دھتکار دیں۔"

"تمہیں کہا ہے نا ایسی باتیں نہ تو کیا کرو۔ نہ سوچا کرو۔ میرے ہوتے ہوئے تم
کسی ڈر یا خوف کو دل میں جگہ دی تو یہ میری سچائی اور محبت سے منہ موڑنے کے
مترادف ہوگا۔"

"نہیں عامر" وہ اس کے سینے سے لگ کر آنکھیں بند کرتے ہوئے بولی "مجھے
تمہارے خلوص اور پیار پر پورا یقین ہے۔"

"یہ یقین متزلزل نہیں کرنا۔ میں ڈیڈی اور ممّی کو بہت جلد راضی کر لوں گا۔ وہ
تمہیں قبول کرنے پر مجبور ہو جائیں گے۔ اس لیے کہ میں اور تم اب ایک ہیں دو نہیں۔
مجھے قبول کرنا ہے تو تمہیں بھی قبول کرنا پڑے گا انھیں ـــ"

شادی کی اُڑتی اُڑتی خبر عامر کے ڈیڈی ملک سیف اللہ تک بھی پہنچی۔ پہلے تو یقین
نہیں آیا لیکن خبر مستند تھی۔ لیکن بغاوت برداشت کون کرتا؟ آپے سے باہر ہو گئے۔
منہ سے منہ میں جو آئی بکتے چلے گئے۔

"سن لو" گھر پہنچتے ہی وہ بیوی کو دیکھ کر چلّائے۔

"کیا ہوا؟" عامر کی ممی کسی پارٹی میں جانے کے لیے تیار ہو رہی تھی۔ ہاتھوں پر
کریم ملتے ہوئے بے توجہی سے متوجہ ہوئی۔

"صاحب زادے نے شادی کر لی ہے ـــ" انھوں نے بم پھینکا۔

"کیا؟" ـــ ممّی کا ہارٹ فیل ہوتے ہوتے بچا۔

"کسی عام سے گھر کی گری پڑی لڑکی کو بیاہ لایا ہے۔"

"نہیں ـــ یہ نہیں ہو سکتا۔"

"ہو گیا ہے۔"

"میں نہیں مانتی ـــ عامر ایسی لڑکیوں سے دوستی کر سکتا ہے شادی نہیں۔"

"تمہارے کہنے سے کچھ نہیں ہوتا ـــ وہ شادی کر چکا ہے۔"

ممی نے خوف زدہ ہو کر ڈیڈی کو دیکھتے ہوئے سر نفی میں ہلایا۔ ڈیڈی نے جلدی
سے بازو کے سہارے اسے تھام کر اس کے شاندار بیڈ پر لٹا دیا۔ وہ بے ہوش ہونے
لگی تھی۔ انہوں نے نوکر کو آواز دی۔ پانی لانے کو کہا۔ دو تین لڑکے دوڑے، کوئی
پانی لے آیا کوئی دودھ۔ خبر تھی ہی ایسی۔ ان سے برداشت نہ ہو سکی۔ ڈیڈی دل گردے
والے تھے۔ خبر کا اثر تو لیا لیکن اس طرح نہیں۔ انہیں تو بس عامر پر غصّہ آئے جا رہا
تھا بے نقط سنا رہے تھے۔ اس لڑکی کو جو عامر کی رفیقۂ حیات بن گئی۔ بے طرح کوس
رہے تھے۔

کئی دن گھر میں ہنگامہ رہا۔ ملک سیف اللہ غصّے سے پھنکارتے رہے اور ممی دکھ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سے کراہتی رہی۔ انہونی ہوگئی تھی۔ اپنے سے کم تر گھرانے کی لڑکی کو قبول کرنے کا وہ تصوّر بھی نہیں کرسکتی تھی۔

ہنگامی اور جذباتی دور چند دنوں میں کچھ ٹھنڈا پڑا تو دونوں نے حالات کا جائزہ لیا۔

"اب کیا کرنا چاہیے" دونوں ایک دوسرے سے یہی پوچھتے تھے۔

"میں اس شادی کو سرے سے مانتا ہی نہیں" ملک سیف اللہ نے فیصلہ دے دیا۔

"بالکل" ممی نے ہاں میں ہاں ملائی۔

پھر اس دن ملک سیف اللہ نے سنجیدگی سے کہا "عامر کو یہاں بلاتے ہیں"

"وہ آئے گا؟" ممی نے پریشانی سے کہا۔

"نہیں آئے گا تو میں اسے عاق کر دوں گا"

"اکڑ جائے گا۔ ذرا ہوشیاری سے کام لیں۔ اسے یونہی بلا بھیجیں۔ یہ ظاہر ہی نہ کریں کہ ہمیں اس کی شادی کا پتا چل گیا ہے۔ ایک بار یہاں آگیا تو پھر جا نہیں پائے گا واپس"

"بیوی کو بھی ساتھ اُٹھا لایا تو؟"

"اس گھر میں وہ قدم نہیں رکھ سکتی"

"کیا کرو گی؟"

"طلاق دلواؤں گی ــــ اسے کسی طور قبول نہیں کیا جاسکتا ــــ"

دونوں اس لڑکی سے پیچھا چھڑانے اور بیٹے کو ہاتھ میں لینے کے منصوبے بنانے لگے۔ پھر انہی دنوں امریکہ کی ایک یونیورسٹی میں عامر کے داخلے کی اطلاع آگئی وہ چھ ماہ کا کورس کرنے وہاں جانا چاہتا تھا۔ تین چار جگہ اپلائے کیا ہوا تھا۔ ایک جگہ سے داخلے کی اطلاع مل گئی۔

عامر کو داخلے کی اطلاع دے دی گئی۔

شہنہ ابھی اپنے پیارے سے گھر کی فردوسی رعنائیوں سے پوری طرح ہمکنار بھی نہ ہوئی تھی کہ عامر کا بلاوا آگیا۔ وہ بیحد پریشان ہوئی "میں تمہیں نہیں جانے دوں گی"

"پگلی" عامر نے اُسے دونوں کندھوں سے پکڑ کر کہا "ٹریننگ کے لیے میں امریکہ جارہا ہوں۔ اتنی مشکلوں سے داخلہ ملا ہے۔ یہ موقع کھونا حماقت ہے۔ چھ مہینے کی تو بات ہے۔ لوٹ آؤں گا ــــ تمہارے پاس"

"نہیں عامر نہیں۔ میں تمہارے بغیر نہیں رہ سکتی۔ مجھے بھی ساتھ لے چلو" وہ سسکیوں کے درمیان بولی۔

"ڈیڈی کو میری شادی کا شاید پتا نہیں چلا۔ اسی لیے بھجوا رہے ہیں مجھے۔ پتہ چل گیا ہوتا تو سیدھا عاق کر دیتے مجھے ــــ" اس نے شہنہ کا کندھا تھپتھپایا۔

"تم اپنے ڈیڈی سے کہہ کیوں نہیں دیتے۔ چھپاتے کیوں ہو؟ اب تو ہم شادی کے مقدس بندھن میں بندھ چکے ہیں۔ وہ کیا کرلیں گے؟"

عامر نے اُسے دیکھا اور ہولے سے بولا "وہ کیا نہیں کرسکتے۔ بندھن تڑوا دینا اُن کے لیے مشکل تو نہیں"

"عامر" شہنہ کی آنکھیں پھٹ جانے کی حد تک کھل گئیں۔ حواس باختہ سی ہوکر اس نے عامر کا گریبان پکڑ کر جھنجوڑا۔

وہ چپ رہا۔

"عامر۔ یہ کیا کہہ رہے ہو ــــ کیا کہہ دیا ہے۔ تم تم ــــ اُن کے کہنے پر مجھے چھوڑ......"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"نہیں بھئی ـــــ میں نے تو ویسے ہی بات کی ہے ـــــ ڈیڈی بہت جابر قسم کے آدمی ہیں۔ اور مجھے ان سے بہت ڈر لگتا ہے ـــــ ان کے سامنے میں بول نہیں سکتا۔ تم نہیں جانتیں وہ کس طرح اپنی بات منواتے ہیں۔"

شہنہ چپ کی چپ رہ گئی۔ اس نے کب سوچا تھا کہ عامر ایسی بات کہے گا۔ ابھی تو شادی کو پورا مہینہ بھی نہیں ہوا تھا۔ وہ تو ابھی ننھی منی خوشیاں بھی پوری طرح چن نہ پائی تھی۔ یہ کیا ہو رہا تھا؟

دوسرے دن عامر مل کے متعلق مینجر کو پوری ہدایات دینے کے بعد گھر آیا۔ شہنہ اداس و پریشان بیٹھی تھی ـــــ عامر نے جیسے نوٹس ہی نہ لیا۔ بولا "کل میں جا رہا ہوں۔"

"کہاں؟"

"ڈیڈی نے بلایا ہے۔ جانے کی تیاری کرنا ہے۔ مجھے اگلے ہفتے امریکہ پہنچنا ہے۔ ڈیڈی نے ساری تیاری کر لی ہے۔"

"اور میں ـــــ؟"

"تم ـــــ تم اکیلی رہ سکتی ہو۔"

"اکیلی؟"

"امی کے ہاں چلی جانا۔"

وہ چند لمحے عامر کو تکتی رہی پھر مستحکم لہجے میں بولی "میں تمہارے ساتھ جاؤنگی۔"

"کہاں؟" عامر جلدی سے بولا۔

"تمہارے ممی ڈیڈی کے پاس ـــــ میں وہاں رہوں گی۔"

"لیکن ـــــ لیکن شہنہ۔"

"میں کچھ نہیں سنوں گی۔ میں تمہاری بیوی ہوں۔ اور اس گھر میں جانے کا مجھے پورا

پورا حق ہے۔ میں ان سے اپنا آپ منواؤں گی۔"

"یہ ـــــ یہ حماقت ـــــ نہ کرنا شہنہ ـــــ صرف چھ ماہ کی بات ہے۔ تم اپنی امی کے پاس رہ کر میرا انتظار کرنا ـــــ میں واپس تمہارے پاس ہی آؤں گا۔ پھر کوئی کوشش کریں گے ـــــ ابھی وقت نہیں ـــــ تم میرے ممی ڈیڈی کو نہیں جانتیں۔ دھکے دے کر گھر سے نکال دیں گے۔"

شہنہ کی آنکھوں سے ٹپ ٹپ آنسو گرنے لگے۔ عامر نے اُسے بازو کی لپیٹ میں لے کر اپنے ساتھ لگاتے ہوئے اس کے آنسو پونچھے ـــــ اسے تسلیاں دیں، بہلاوے دیئے ـــــ اسے مجبور کیا کہ اُس کی واپسی تک وہ اپنی امی کے پاس رہے۔

وہ رو دھو کر چپ ہو گئی۔

عامر نے اُسے کچھ رقم دی جو چھ ماہ کے لیے کافی تھی۔ اب اُسے چھ ماہ گزارنا تھے۔ چاہے کرب و اذیت میں گزرتے چاہے ہنسی خوشی

ممی گرجی برسی نہ ڈیڈی نے کچھ کہا۔ دونوں نے اس کا خیر مقدم خوش دلی سے کیا۔ عامر سمجھا کہ اس کی شادی کا انھیں پتا ہی نہیں چلا ـــــ اس کے اعصاب پر جو بوجھ مسلط تھا وہ کسی حد تک کم ہو گیا ـــــ وقت کم تھا۔ کام زیادہ، اس لیے پانچ سات دن دوڑ دھوپ ہی میں لگا رہا ـــــ اتنی فرصت نہ ملی کہ خیر خبر کی اطلاع شہنہ ہی کو دیتا۔ اطلاع دینا وہ کچھ ضروری بھی نہ سمجھ رہا تھا۔ اپنے گھر اور ماحول میں آکردہ کسی حد تک بدل گیا تھا۔ لڑکیاں اس کی زندگی میں آتی جاتی رہتی تھیں۔ آنے والیوں کا خیر مقدم وہ بڑے تپاک اور پُرجوش انداز میں کیا کرتا تھا۔ لیکن جانے والیوں کے لیے اس کے دل نے کبھی کوئی جذبہ، کوئی افسوس اور پچھتاوہ محسوس نہیں کیا تھا۔ شہنہ بھی کچھ انہی کی طرح زندگی میں آئی تھی۔ یہ اور بات ہے کہ اس کے آنے کا طریقہ جُدا تھا۔ ہو سکتا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہے، جانے کا طرز بھی الگ ہو ـــــ لیکن بات یہ تھی کہ اب اس کا دل شہنہ میں وہ کشش اور جاذبیت قطعاً نہیں پا رہا تھا۔ ممی ڈیڈی پر کچھ زیادہ ہی فریفتہ ہو رہا تھا ـــــ انھوں نے بھی تو کچھ پوچھا نہیں تھا جس صبح روانگی تھی۔ اس رات ممی ڈیڈی نے اسے اپنے کمرے میں بلایا۔ اِدھر اُدھر کی باتیں کرتے رہے۔ پھر ممی اصلی موضوع کی طرف آگئی۔ اس کی شادی کی بات کی تو وہ حیرت سے اُچھل پڑا۔

"تم جو حماقت کر چکے ہو، اس کے اثرات کیا ہوں گے، یہ نہیں جانتے ہیں اس وقت کسی تفصیل میں نہیں جانا چاہتی۔ نہ ہی تم سے کوئی صفائی پیش کرنے کی بات کروں گی۔ تم چھ سات ماہ کے لیے باہر جا رہے ہو۔ اس لڑکی سے۔ جو تمھاری زندگی میں در آئی ہے ـــــ تمھیں چھٹکارہ حاصل کرنا ہو گا۔"

"اُسے طلاق دو گے؟" ڈیڈی نے اپنی بھاری بھرکم آواز میں دباؤ ڈالتے ہوئے کہا۔

"چاہے وہاں سے بھیجو۔ چاہے یہاں آکر دو۔ بہر طور اس لڑکی کو طلاق دینا ہے تمھیں۔"

ایک لمحے کو تو عامر کا دل بھی بیٹھ گیا۔ شہنہ کی صورت نگاہوں میں گھوم گئی ـــــ اُسے کس جُرم کی اتنی کڑی سزا دے گا وہ ـــــ

لیکن اُس کی سوچوں پر تو ممی ڈیڈی کی گرفت تھی ـــــ

ممی بولی "تم میری بھتیجی سے شادی کرنے پر رضامند نہیں ہو نہ سہی۔ میں تمھاری واپسی تک اس سے بھی اچھی لڑکی تمھارے لیے تلاش کر کے رکھوں گی ـــــ چھ ماہ بعد جب تم یہاں آؤ گے تو تمھاری شادی ہو گی۔ اسی شان اور ٹھاٹھ سے جس کے تم حقدار ہو۔ سمجھے؟"

ممی نے فیصلہ کیا ڈیڈی نے توثیق کی۔ عامر کو کچھ کہنے کی جرأت نہ ہوئی۔ اُسے امریکہ جانا تھا ـــــ وہ اس وقت کوئی بدمزگی پیدا نہیں کرنا چاہتا تھا۔ ڈیڈی کو اچھی طرح

جانتا تھا۔ اختلاف کی صورت میں وہ تو اُسے پلین سے بھی اتروا سکتے تھے۔

اس نے سر جُھکا دیا۔ ممی اور ڈیڈی نے اُسے باغی کی شکست سمجھا۔ دونوں اپنی کامیابی پر اترانے لگے

تین ماہ میں عامر کے صرف دو خط شہنہ کو ملے۔ پہلا خط اس نے امریکہ پہنچتے ہی لکھا تھا ـــــ سیدھا سادا سپاٹ سا خط ـــــ اس میں نہ تو محبت کی مہک تھی، نہ ذمے داری کا احساس ـــــ شہنہ کا دل بجھ سا گیا تھا۔ اس نے فوری طور پر جواب لکھا تھا۔ الفاظ میں اپنی ساری بے قراریاں بے تابیاں اور اداس تنہائیوں کا کرب سمو دیا تھا۔ اس خط کا کوئی جواب نہیں آیا تھا۔ پورے ڈیڑھ ماہ بعد تین چار خطوط کے جواب میں عامر کا تین چار سطروں والا خط ملا تھا جس میں اپنی مصروفیت ہی کا ذکر تھا۔

اس کے بعد کئی خط لکھنے کے باوجود عامر کا کوئی جواب اسے نہیں ملا تھا۔ وہ سخت پریشان تھی۔ اس پریشانی میں اُس کی امّی بھی شریک تھیں۔ ماں بیٹی کی زندگی اجیرن ہو گئی تھی۔ ایک تو عامر کے یوں رفوچکر ہونے کا دُکھ تھا۔ دوسرے رشتہ داروں عزیزوں کی طنزیہ باتیں تھیں۔ سب یہی کہہ رہے تھے کہ غلطی شہنہ کی نہیں امّی کی ہے جس نے دولت کی چکاچوند دیکھی اور بنا انجام سوچے بیٹی ایک غیر ذمے دار اور ماں باپ سے باغی شخص کے حوالے کر دی۔

"ایسی شادیوں کا یہی انجام ہوتا ہے۔"

"بہتیری عیش کر لی۔"

"زیور، نقدی تو دے ہی گیا ہے۔ یہی چاہیے تھا نا اُنھیں۔"

"ایسے بگڑے امیرزادے وقتی طور پر شوہر بن سکتے ہیں ہمیشہ کے لیے نہیں۔ امی نے زمانہ دیکھا ہوا تھا۔ یہ بات نہ سمجھ سکی۔ خود تباہ کیا ہے بیٹی کو۔ لالچ میں آکر۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سوچا ہوگا خود بھی اس امیرزادے پر پڑ جاؤں گی۔ مستقبل اچھا ہو جائے گا لیکن کون بوجھ اٹھاتا ہے کسی کا۔ وہ بیٹی کو بھی چھوڑ بھاگا۔"

ماں بیٹی ایسے ایسے طنز سنتیں اور خون کے گھونٹ پی کر رہ جاتیں۔ کبھی کبھی تو امی سوچتیں۔ واقعی انھوں نے شہنہ کا ہاتھ عامر کے ہاتھ میں دے کر غلطی کی تھی لیکن اب کیا ہو سکتا تھا۔ بیٹی کو تسلیاں دیتیں تو اپنے صبر کے بند ٹوٹ جاتے۔ دن کا چین اور راتوں کی نیند شہنہ کی بھی اڑ چکی تھی۔ رو رو کر بے حال ہو جاتی تھی لیکن پھر بھی جوں جوں دن گزر رہے تھے۔ عامر کے آنے کی اُمید جینے کا حوصلہ دے رہی تھی۔ چھ سات ماہ بعد تو اس نے واپس آنا ہی تھا۔

لیکن پانچویں مہینے جو خط شہنہ کو ملا۔ اس نے اس کے حواس گم کر دیئے۔

اس نے لکھا تھا:

"میری واپسی کا انتظار نہ کرنا۔ میں واپس آیا بھی تو تمھارے پاس نہیں آسکوں گا ـــــ ممی ڈیڈی واپسی پر میری شادی اپنی پسند سے کر دیں گے۔ اس لیے۔"

شہنہ کی نگاہوں میں دنیا اندھیر ہو گئی۔ امی بھی چکرا گئیں ـــــ وہ بھی تو عامر کی واپسی کی منتظر تھی۔

کئی لمحے شہنہ حواس باختہ سی رہی۔

پھر انہی گراں لمحوں نے اسے یکسر بدل دیا۔ یوں لگا جیسے وہ اپنے آپ میں سے برآمد ہوئی ہے ـــــ نئی سوچ نئے عزم اور نئے ارادے کے ساتھ۔

"میں اپنے حق کے لیے لڑوں گی۔" اس نے دانت پیستے ہوئے کہا۔

امی روتے ہوئے بولی "سنگلاخ چٹانوں سے سر پھوڑنے کا کیا فائدہ۔ پہلے کیا کم ٹوٹی ہو جو اور ـــــ"

"تو آپ کا کیا خیال ہے امی ـــــ میں عامر کو چھوڑ دوں؟"

"عامر تمھیں چھوڑ چکا ہے۔"

"نہیں۔"

"یہ حقیقت ہے۔ غلطی ہماری تھی۔ اتنی اُونچی جگہ کمند پھینکی۔ منہ کے بل ہی گرنا تھا نا۔"

"اونچ نیچ کو میں نہیں جانتی ـــــ عامر نے مجھ سے شادی کی ہے۔ میں شادی کے تقدس کو پامال نہیں ہونے دوں گی۔"

"کیا کرو گی؟"

"میں کراچی جاؤں گی۔"

"کراچی؟"

"عامر کے ممی ڈیڈی کے پاس۔"

"جو کچھ ہو چکا ہے۔ اس سے آنکھیں نہیں کھلیں ـــــ"

"وہ میرا گھر ہے ـــــ میرا سسرال ہے۔ میں وہاں جاؤں گی۔" وہ پختہ عزم سے بولی۔ امی اس کو جذباتی پن سمجھ کر چپ ہو گئی۔ لیکن یہ جذباتی پن نہیں تھا۔ مستحکم ارادہ تھا۔

پہاڑوں اور سنگلاخ چٹانوں سے ٹکر لینے کا۔

حیرانگی کی بات تھی کہ عامر کی ممی جیسی عورت نے شہنہ کو قبول کر لیا۔ شہنہ نے اپنے حق کے لیے آخری دم تک لڑنے کا فیصلہ کر لیا تھا۔ وہ زونی اور مونی سے بھی ملی تھی۔ عامر کے ممی ڈیڈی کے متعلق تھوڑی بہت معلومات ان سے حاصل کی تھیں۔ زونی کو اس کے یوں اُجڑنے کا بہت دُکھ تھا دل گرفتہ سی آواز میں بولی تھی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"شہنہ جب عامر ہی نے آنکھیں بدل لی ہیں تو تم اس کے ممی ڈیڈی کے پاس جاکر کیا کروگی۔"

"اس نے آنکھیں نہیں بدلی زونی۔" شہنہ نے مستحکم لہجے میں کہا۔ "میرا عامر ایسا نہیں ہوسکتا۔"

مونی نے دھیمے لہجے میں کہا۔ "وہ ایسا ہی ہے شہنہ۔ افی نے تو اس شادی کی بڑی مخالفت کی تھی۔ اسے اچھی طرح جانتے تھے۔ فلرٹ کرنا اس کی ہابی ہے۔"

"مجھ سے اُس نے شادی کی ہے باجی ——" شہنہ زور دے کر بولی۔

اس کی حالت کے پیش نظر زونی اور مونی نے کچھ زیادہ کہنا سننا مناسب نہ سمجھا شہنہ اُن سے مکمل پتا اور معلومات لے کر واپس آئی۔

اگلے دن وہ امی کی مخالفت کے باوجود کراچی جانے کے لیے تیار ہورہی تھی۔ بڑے ماموں بھی آگئے۔ ممانی نے بھی باز رکھنے کی کوشش کی، لیکن شہنہ کو تو پورا یقین تھا کہ کراچی جاکر وہ اپنی تقدیر بدل لے گی۔ ناکامی کا کوئی خوف اور وسوسہ اس کے ذہن میں نہیں تھا۔

ماموں نے حالات کا رُخ دیکھا تو بولے۔ "چلو میں تمہارے ساتھ چلتا ہوں۔"

"نہیں ماموں۔" اس نے کہا۔ "یہ میرا اپنا معاملہ ہے۔ میں خود نپٹوں گی۔"

امی نے کہا۔ "ہرج کیا ہے۔ ماموں کو ساتھ لے جاؤ —— اکیلی ——"

"میں اپنے گھر جارہی ہوں۔ کسی غیر جگہ نہیں۔"

سب چپ ہوگئے۔ اس نے ماموں سے ٹکٹ منگوایا اور اگلے دن صبح کی فلائیٹ سے کراچی چلی گئی۔

ارادہ مضبوط ہو تو راہ میں حائل رکاوٹیں خود بخود دور ہو جاتی ہیں۔ عزم سے ٹکرانے کی ان میں جرأت ہی نہیں ہوتی —— شاید یہ بات سچ ہی تھی —— شہنہ پختہ

ارادے اپنے سسرالی محل نما گھر میں داخل ہوئی تھی۔ بیرونی گیٹ کے ساتھ چھوٹے کمرے میں بیٹھا چوکیدار باہر نکل آیا۔

"کون ہیں آپ؟ کس سے ملنا ہے؟" اس نے پوچھا تو وہ بڑے اطمینان سے بولی۔

"میں عامر صاحب کی بیگم ہوں۔" اس نے بڑے اعتماد سے کہا۔ چوکیدار نے اس کے سراپا پر نگاہ ڈالی، پھر آہستگی سے بولا۔ "میں بڑی بیگم صاحبہ کو مطلع کرتا ہوں آپ چل کر ڈرائنگ روم میں بیٹھیں۔"

"مجھے سیدھا ان کے پاس لے چلو ——"

چوکیدار نے آگے بڑھ کر بیگ اس کے ہاتھ سے لے لیا اور اسے ساتھ لیے اندرونی خانہ چل دیا۔ شہنہ اس وقت اس عظیم الشان بلڈنگ سے مرعوب ہوئی۔ نہ اس کی سجاوٹ سے۔ وہ عامر کی ممی سے ملنے جارہی تھی۔ ذہن میں صرف اور صرف اسی کا خیال تھا۔

ممی ایک نرم و گداز صوفے میں دھنسی بیٹھی تھی

شہنہ اس کے سامنے جا کھڑی ہوئی۔

"کون؟" میگزین ایک طرف سرکاتے ہوئے ممی نے ویسے ہی لیٹنے کے انداز میں لیٹے بیٹھے پوچھا۔

شہنہ ایک دم کچھ نہ کہہ سکی۔ "میں ——"

"آپ ——"

"جی ——"

دونوں چند لمحے ایک دوسرے کو بے تکے انداز میں تکتے گئیں۔ پھر شہنہ نے جھکتے ہوئے انھیں بڑی تعظیم سے سلام کیا۔

سلام کا جواب دیتے ہوئے بھی اس نے تجسس سے شہنہ کو دیکھا۔

"آپ عامر کی ممی ہیں ——؟" شہنہ ہولے سے بولی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"ہاں ـــــ کیوں؟" ممی اب بھی کچھ نہیں سمجھی تھی۔ قدرے توقف کے بعد جیسے کسی نے اسے جھنجھوڑا ـــــ میگزین اس سے گر گیا۔ اٹھنے کی کوشش کرتے ہوئے ایکدم کہا "تم کون ہو؟"

"آپ کی بہو" شہنہ اور جھک گئی۔

"کیا کہا؟"

شہنہ اُن کے قریب صوفے کے کنارے پر خود ہی ٹک گئی۔ اسے اپنا مقام آپ ہی بنانا تھا۔ پھر کیوں انتظار کرتی کہ ممی بیٹھنے کو کہے۔

چند لمحے بڑے ہیجانی اور اضطرابی تھے۔ رُک جاتے تو قیامت آجاتی۔

لیکن لمحوں کی یہی صورت تو تسکین بخش تھی کہ انھیں رُکنا تھا نہ ٹھہرنا۔ بس گزرتے چلے جانا تھا۔ سو یہ بھی گزر ہی گئے۔

یہ دوسری بات ہے کہ اُن کا رُخ منفی سمت بھی ہو سکتا تھا لیکن نہیں ہوا رُخ مثبت جانب ہی پھرا۔

ممی نے بازو بڑھائے اور شہنہ کو ان میں بھر کر اپنی چھاتی سے لگا لیا۔

بات تھی تو حیرت ہی کی، لیکن شاید اک عورت نے عورت کا دکھ پہچان لیا تھا۔ اس وقت عامر کی امیر کبیر اور فیشن ایبل ممی کے بجائے سینے میں دردمند دل رکھنے والی ماں بن کر سوچا تھا ـــــ جو کچھ بھی تھا، اُنھوں نے عامر کی بیوی کو اپنی بہو تسلیم کر لیا تھا شہنہ اپنا نکاح نامہ بھی ساتھ لائی تھی۔ لیکن اُسے اپنا آپ تسلیم کروانے کی نوبت ہی نہ آئی تھی۔

ممی نے اس وقت ملک صاحب کو فون کیا۔ فون پر ہی خوش خبری سنائی۔ وہ بوکھلائے۔ لیکن اس نے بڑی محبت اور شفقت سے شہنہ کے متعلق اُنھیں مختصراً بتایا۔

وہ سارے کام چھوڑ کر اسی وقت گھر آگئے۔

شہنہ ان کے دل میں بھی اتر گئی۔ انھوں نے اس کے سر پر بڑی محبت اور پیار سے ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا "اُلّو ہے بالکل یہ عامر ـــــ اتنا اچھا انتخاب تھا۔ ہمیں بھی شامل کر لیتا اس خوشی میں تو کیا بات تھی؟"

"خوشی تو میں اب مناؤں گی" ممی نے خوشی سے جھومتے ہوئے کہا۔

شہنہ اپنی کامیابی پر پھولی نہیں سما رہی تھی۔ اسے ان سب لوگوں پر ہنسی آ رہی تھی جو اُسے تقدیر کے وار سہہ لینے پر مجبور کر رہے تھے۔ اس کا جی چاہ رہا تھا کہ زور زور سے قہقہے لگائے، اتنے زور سے کہ لاہور بیٹھے لوگ اس کی آواز سن لیں ـــــ جان لیں کہ تقدیر نے نہیں شہنہ نے تقدیر کا منہ توڑا ہے۔

"ہم عامر کو سرپرائز دیں گے"

"کیسا؟" ملک صاحب بولے۔

"اُسے کہا تھا نا کہ ہم اس کے آنے تک لڑکی تلاش کر لیں گے"

"ہاں ـــــ"

"اسے خط لکھ دیتے ہیں۔ یاد دہانی کروا دیتے ہیں کہ لڑکی ہم نے تلاش کر لی ہے۔ آتے ہی شادی کرنا ہے۔ اُسے پتا نہ چلے کہ شہنہ ہی وہ لڑکی ہے"

"بات تو خوب ہے ـــــ لیکن ـــــ"

"کیا؟"

"وہ آئے گا تو پتہ چل جائے گا اُسے"

"نہیں چلے گا"

"شہنہ یہیں ہو گی کیسے پتا نہیں چلے گا"

"شہنہ کو میں لاہور بھیج رہی ہوں"

"کب؟" ملک صاحب ایک دم سیدھے ہو بیٹھے ممی مسکرائی پھر بولی "میں نے سارا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

پلان بنا لیا ہے۔"

ملک صاحب بے یقینی سے بولے "ارادے نیک ہی ہیں نا؟"

"بالکل ——— بالکل نیک ہیں۔ شہنہ کو میں نے دل و جان سے بہو بھی نہیں بھی بنا لیا ہے۔"

"شکر ہے" ملک صاحب صوفے میں پھیل سے گئے۔

پھر ممّی انھیں اپنا پلان بتانے لگیں۔ وہ مسکراتے ہوئے سنے جا رہے تھے۔ "پلان یوں تھا کہ ہم نے اس کے لیے ایک پیاری سی من موہنی سی لڑکی لاہور میں تلاش کی ہے۔ اُسے لڑکی دکھانے لاہور لے جائیں گے۔ شہنہ کے لیے پہلے ہی ہوٹل میں کمرہ بک کروا لیا جائے گا۔ وہ وہاں ہو گی۔ عامر سے کہیں گے فلاں کمرے میں لڑکی ہے جا کر دیکھ لو۔

"پھر ———" ممّی جوشیلے انداز میں مسکرائیں ——— "پھر کیسا رہے گا۔"

"خوب ——— تم نے تو اچھی خاصی فلم کی کہانی بنا ڈالی۔"

"سرپرائز ——— یہی تو لطف کی بات ہو گی۔"

"شہنہ کو بتایا۔"

"بتایا بھی ہے سمجھایا بھی ہے ——— اور یہ بھی کہا ہے کہ اس بُدھو کے خوب کان کھینچے۔ جس نے اُسے اتنی ذہنی اذیت دی ——— خبیث کہیں کا۔"

ملک صاحب سر اثبات میں ہلاتے ہوئے مسکرائے گئے۔

اگلا ہفتہ ممّی نے شہنہ کے ساتھ شاپنگ کرتے گزارا۔ شہنہ کے لیے بیش قیمت ڈریسز بننے دیے ——— زیورات کے کئی سیٹ خریدے۔ ڈائمنڈ کی کئی انگوٹھیاں لیں۔ لاکٹ اور آویزے لیے۔

کوٹھی کا اُوپر والا پورشن اس کے لیے نئے سرے سے ترتیب دیا۔ انٹریئر ڈیکوریٹر

لایا۔ ساری سیٹنگ پھر سے کروائی۔ شہنہ کی پسند کو اوّلیت دیتے ہوئے سب کچھ لایا۔

عامر کے آنے میں ایک ہفتہ رہ گیا تھا۔ پلان کے مطابق شہنہ واپس جانے لیے تیار تھی۔

ممی نے سارا زیور اٹیچی کیس میں بند کر کے اس کے حوالے کرتے ہوئے کہا: ساتھ لے جاؤ۔"

"نہیں ممّی ——— اس کی کیا ضرورت ہے؟"

"عامر کے آنے پر دُلہن نہیں بنو گی۔" ممّی نے چھیڑا۔

وہ لجاتے ہوئے بولی۔ آپ آئیں گی تو ساتھ لیتی آئیے گا۔ ڈریسز بھی اور زیور بھی۔"

"کچھ تو ساتھ لے جاؤ۔ ممّی نے کہا۔ پھر اٹیچی کیس کھولا اور اپنے ہاتھوں سے شہنہ کلائیوں میں چوڑیاں، جڑاؤ کڑے اور انگلیوں میں بیش قیمت انگوٹھیاں پہنا دیں۔ گلے یں ڈائمنڈ کا لاکٹ ڈالا اور کانوں میں اسی کے ساتھ کے آویزے پہنا کر اس کی پیشانی چوم کر کہا: "باقی سب زیور تمھاری امانت ہیں ——— میں ساتھ لیتی آؤں گی۔"

شہنہ کو ممی اور ملک صاحب ایئرپورٹ پر چھوڑنے آئے۔ بہت پیار کیا۔ ممّی بولی: مجھ سے تو یہ آٹھ دن گزارنا مشکل ہوں گے۔"

"دو ہفتے ہی میں شہنہ کی اتنی عادی ہو گئیں تم۔" ملک صاحب مسکرائے۔

"آپ اپنی کہیے۔ جی چاہ رہا ہے شہنہ کو واپس بھیجنے کو؟"

"بالکل نہیں۔ تمہارے اس سرپرائز نے مجبور کیا ہے۔ ورنہ میں تو چاہتا ہی نہیں کہ اب شہنہ واپس جائے۔" ملک صاحب نے پیار سے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا۔

شہنہ ان کا پیار اور شفقتیں سمیٹتی دامن خوشیوں سے بھر کر پلین میں سوار ہو گئی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

امی کو اس نے صورت حال سے مطلع تو کر دیا تھا۔ لیکن جب وہ خود گھر پہنچا تو اسے جیسے خوشیوں کا بار سنبھل نہ سکا۔ شہنہ کو گلے لگا کر بے اختیار ہو کر رو دیں۔ خوشی کے سوتے شہنہ کی آنکھوں سے بھی پھوٹ رہے۔

خوشی اور غم میں فاصلہ ہی کتنا ہوتا ہے۔ آنسو خوشی میں بھی بہہ جاتے ہیں اور غم میں بھی، کبھی کبھی تو یوں لگتا ہے خوشی اور غم کی حدیں سانجھ کی ہیں۔ جہاں خوشی کی انتہا ہوتی ہے۔ وہاں سے غم کی ابتداء ہو جاتی ہے۔

کچھ یہی بات شہنہ کے ساتھ بھی ہوئی۔

اس کی تقدیر کا یہ پلٹا اتنا خوش گوار تھا کہ جس نے سُنا پھولا نہ سمایا۔ زونی سُن کر بھاگی آئی۔ شہنہ کو گلے سے لگا کر مبارک باد دی۔ پھر ہنستے ہوئے بولی "اب تو ہم دونوں پکی پکی سہیلیاں ہی نہیں رشتہ دار بھی بن گئی ہیں۔"

مونی بھی خوش ہوئی۔

ماموں اور ممانیاں بھی مبارک باد دینے آئے۔ ممانیوں کو تو حسد بھی محسوس ہوا۔ شہنہ کی کلائی کلائی بھر طلائی چوڑیاں اور چمکتے دمکتے ڈائمنڈ دیکھ کر آنکھیں مٹکا مٹکا کر بولیں "واہ بھئی نصیبہ ہو تو ایسا۔ ہم بھی اپنی بیٹیوں سے کہیں گے یوں پسند کے رشتے ڈھونڈیں۔"

شہنہ کی اپنی خوشیاں تھیں۔ کسی کے دکھ یا حسد کرنے سے اس کا کیا بگڑتا تھا۔ وہ کسی کی پروا کب کرتی تھی۔ اپنے مقدر پر نازاں تھی۔ فخر کر رہی تھی اور یہ کہا جائے کہ مغرور بھی ہو گئی تھی تو بے جا نہ تھا لیکن ——

خوشی اور غم کی حدیں شاید سانجھی ہوتی ہیں۔ خوشی کی انتہا غم کی دہلیز پر دم توڑتی ہے۔ شہنہ ابھی خوشیاں اور غم سمیٹ بھی نہ پائی تھی کہ اسے ایک بھاری لفافہ بذریعہ ڈاک ملا۔ اس نے لفافہ دیکھتے ہی عامر کی لکھائی پہچان لی۔ رجسٹری کی سلپ پر دستخط کرتے ہوئے وہ من ہی من میں مسکرا رہی تھی۔

"تم سے سمجھوں گی۔" اس نے زیرِ لب دہرایا۔

اور لفافہ لیے اندر آ گئی۔

"کیا ہے؟" امی نے باورچی خانے کے دروازے سے نکلتے ہوئے پوچھا۔

"عامر کا خط۔" اس نے لفافہ سینے سے لگاتے ہوئے ماں کو جواب دیا اور پھر بے تابی سے کمرے میں چلی گئی۔

"دُکھ اور سُکھ کی کہانیاں لکھی ہوں گی۔" وہ لفافہ چاک کرتے ہوئے اپنی مسکراہٹ دباتے ہوئے سوچ رہی تھی۔

اس نے لفافہ کھولا۔ کاغذات باہر نکالے۔

یہ دکھ سکھ کی کہانیاں ہی تھیں جو انجام کو پہنچ گئی تھیں

شہنہ کی آنکھیں پھٹ جانے کی حد تک کھل گئیں۔ ہونٹ سپید پڑ گئے اور چند ثانیوں کے لیے دل کی دھڑکنیں رُک گئیں۔

اس کے منہ سے اک چیخ سی نکلی۔

امی بھاگی آئیں۔

شہنہ پلنگ پر گری تھی اور اس کے ہاتھ میں طلاق نامے کے کاغذ تھے۔

عامر نے پاکستان پہنچنے سے پہلے ہی طلاق نامہ بھجوا دیا تھا۔

---

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ایک حقیقت ایک کہانی

یقین اور بے یقینی بعض اوقات اس طرح ایک دوسرے میں مدغم ہو جاتے ہیں کہ یقین سے کسی ایک کا سرا پکڑنا ممکن نہیں رہتا۔ یقین کرنا چاہیں تو بے یقینی اس کی نفی کر رہی ہے اور بے یقین ہو جائیں تو یقین مستحکم ہونے لگتا ہے۔

میرے ساتھ بھی ایسا ہی ہوا ہے۔ ایسا ہوئے پورے ۴۰ سال گزر چکے ہیں۔ اُن دِنوں میری عمر سولہ سترہ برس تھی۔ اور میں فرسٹ ایئر میں پڑھتا تھا۔ خاصا سمجھ دار تھا۔ اور حالات و واقعات کو جانچنے پرکھنے کی صلاحیت رکھتا تھا۔ میں اپنے چھ بہن بھائیوں میں سب سے بڑا تھا۔ اور اس بڑے ہونے کے ناتے چھوٹے بہن بھائیوں پر خوب رُعب تھا۔ اس رُعب کو نہ صرف بہن بھائیوں نے بلکہ امّی ابّا نے بھی تسلیم کر لیا ہوا تھا۔ اسی لیے دو منزلہ مکان کی بیٹھک کے ساتھ والا کمرہ میرے لیے مختص تھا۔ باقی پانچ بہن بھائی اُوپر والے دو کمروں میں امی ابّا کے ساتھ ہوتے تھے۔ بیٹھک بھی زیادہ تر میرے ہی تصرف میں رہتی تھی۔ کبھی دوست آئے ہوتے اور کبھی ہمارا گھریلو ملازم جانا میرے ساتھ وہاں بیٹھ کر گپ شپ لگاتا۔

بہن بھائیوں سے تو میں کچھ زیادہ بے تکلف نہیں تھا۔ ہاں، جانے سے میری خوب بے تکلفی اور دوستی تھی۔ اس کی عمر پچیس چھبیس کے لگ بھگ تھی۔ کام میں بہت تیز تھا۔ اس سلسلے میں اس نے امّی کو کبھی شکایت کا موقع نہیں دیا تھا۔ صبح سے رات گئے تک کام میں کولھو کے بیل کی طرح جُتا رہتا۔ چھوٹے قد کا دُبلا پتلا جانا مجھ سے عمر میں بڑا تھا۔ لیکن قد اور جسمانی ساخت ایسی تھی کہ عمر سے کئی برس کم ہی معلوم ہوتا تھا۔ چرب زبان بہت تھا۔ اور امّی اس کی چرب زبانی ہی سے نالاں تھیں ـــــ اور وہ اسی وجہ سے کبھی کبھی امّی سے ڈانٹ کھایا کرتا تھا۔ جب بہت ڈانٹ پڑتی تو وہ منہ بسورے میرے پاس چلا آتا۔

"کیا ہُوا جانے؟" میں جانتے بوجھتے ہوئے بھی پوچھ لیتا۔

"ہونا کیا تھا۔ امی جی کو تو میں اچھا ہی نہیں لگتا ـــــ بلاوجہ ہی ڈانٹتی ہیں۔" وہ میری امی کو امی ہی کہا کرتا تھا ـــــ بہت چھوٹا سا تھا جب ہمارے گھر میں ملازمت کے لیے آیا تھا۔

"ڈانٹ تو ہم سب کو پڑتی ہے جانے ـــــ"

"آپ سب کو تو کسی وجہ سے پڑتی ہے۔ مجھے تو بلاوجہ ہی وہ ڈانٹتی رہتی ہیں۔"

"کیا ہُوا ـــــ امّی ہیں ـــــ"

"امّی ہیں ـــــ اِسی لیے تو میں بھی بُرا نہیں مانتا ـــــ"

"مُنہ تو لٹکا لیتے ہو ـــــ"

"لو اتنا بھی نہ کروں۔ تو وہ مجھے کبھی منائیں ہی نہیں۔"

"تو امّی تمھیں ڈانٹنے کے بعد مناتی ہیں؟"

وہ باچھیں کھلا کر کہتا۔ اور نہیں تو کیا ـــــ منہ پھلائے پھرتا ہوں تو وہ خود ہی منا لیتی ہیں ـــــ"

"اسی لیے تم بہت سر چڑھ جاتے ہو ـــــ" میں کہتا تو وہ اپنی چھوٹی آنکھوں میں شوخی بھر کر مجھے دیکھتے ہوئے ہنس پڑتا۔

اس دن وہ بہت خوش ہوتا۔ ایک تو اس وجہ سے کہ امّی کے منانے سے اس کی پیار کی جبلّی خواہش پوری ہوتی۔ اس کے ماں باپ نہیں تھے۔ اور اس کی یادیں اس فطری پیار سے خالی تھیں۔ جو والدین کی طرف سے بچّوں کا حق بن کر انھیں ملتا ہے۔ دوسرے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اس دن اسے فلم دیکھنے کی بھی اجازت ملتی تھی۔ وہ فلموں کا رسیا تھا۔ اس کا بس چلتا تو گھر کی نوکری کے بجائے فلم کی خاطر سینما ہاؤس میں نوکری کر لیتا ـــــ اس وقت پورے شہر میں صرف تین ہی سینما ہاؤس تھے۔ اور اسے ان تینوں سینما ہاؤسوں میں چلنے والی فلموں کے نام اور کہانیاں ازبر یاد ہوتیں، اداکاری کی پرکھ بھی اسے خاصی تھی، اور اداکاروں پر اس حوالے سے تبصرہ بھی بڑی روانی سے کیا کرتا تھا۔ وہ کسی نہ کسی طرح تینوں سینما ہاؤسوں میں چلنے والی فلمیں دیکھ لیا کرتا تھا۔ ہمیں سینما دیکھنے کی کھلی چھٹی نہیں تھی۔ کبھی کبھار کوئی اچھی فلم آتی تو ابا جی ہمیں دکھانے لے جاتے ـــــ ہاں، ہم بھائی سے ہر فلم کی کہانی سن لیتے تھے اور وہ کہانی اتنی باریک بینی سے سناتا کہ لگتا ہم نے خود فلم دیکھ لی ہے۔

وہ بھی نچلی منزل کی پچھلی کوٹھڑی میں سوتا تھا۔ کام ختم کر کے جب وہ سونے کے لیے نیچے آتا تو گھنٹہ آدھ گھنٹہ میرے پاس ضرور بیٹھتا ـــــ اس عرصے میں وہ زمانے بھر کی باتیں کیا کرتا ـــــ میں اکثر کتاب رکھ کر بڑے شوق و تجسس سے اس کی باتیں سنا کرتا ـــــ

کبھی میں اپنے کمرے ہی میں اسے بیٹھنے کو کہہ دیتا اور کبھی بیٹھک میں ہم دونوں جا بیٹھتے۔ وہ کسی دیکھی ہوئی فلم کی کہانی سنانا شروع کر دیتا۔ تو دو اڑھائی گھنٹے گزرتے پتا بھی نہ چلتا۔

وہ ہمیشہ فلم کا آخری شو دیکھنے جایا کرتا تھا۔ اسی لیے کہ دن بھر تو اسے کام کاج سے فرصت ہی نہ ملتی تھی۔ اس کے لیے یہی وقت ہوتا تھا۔ نو بجے وہ سارے کام نپٹا کر فلم دیکھنے چلا جاتا اور رات بارہ ایک بجے واپس لوٹتا۔

میں چونکہ نیچے ہوتا تھا۔ اس لیے دروازہ کھولنے کی ذمے داری میری ہوتی تھی۔ یہ ایک کڑی اور تکلیف دہ ذمے داری تھی۔ لیکن جھانا جتنی وفاداری سے ہمارے خاندان

کی خدمت کر رہا تھا۔ اس کی خوشی کی خاطر یہ ذمے داری نبھانا ہی پڑتی تھی۔ اور یوں بھی یہ ذمے داری صرف سردیوں ہی میں اٹھانا پڑتی تھی۔ گرمیوں میں تو وہ مکان کے سامنے گلی میں سویا کرتا تھا۔ جانے سے پہلے چارپائی بستر باہر نکال کر برابر میں سونے والے رمضو سے بستر کا دھیان رکھنے کا کہہ جایا کرتا تھا۔ بستر بھی کیا ہوتا ـــــ ایک پرانی دری اور تکیہ ـــــ محلے بھر سے اس کی دوستی تھی ـــــ اس لیے اس کا بستر کبھی کسی نے نہیں اٹھایا ـــــ نہ ہی چارپائی چرائی ـــــ ہلتے پایوں والی جھلنگا سی چارپائی کسی کو لے کر کرنا بھی کیا تھا۔

سردیوں میں البتہ دروازہ کھولنا بڑی کوفت دیتا تھا۔ کبھی تو میری آنکھ اس کے آنے سے پہلے ہی کھل جاتی تھی ـــــ کبھی میں گلی میں اس کے قدموں کی آواز سے ہی جاگ جاتا۔ لیکن کبھی کبھی نیند اتنی گہری ہوتی کہ اس کے دروازہ پیٹنے پر بھی آنکھ نہ کھلتی ـــــ اور اوپر والی منزل سے امی یا ابا کی آوازیں مجھے ہڑبڑا کر اٹھنے پر مجبور کر دیتیں ـــــ اور بعض اوقات تو یوں بھی ہوتا کہ ان کی آوازیں بھی میری غنودگی میں ڈوب جاتیں ـــــ اور ابا کو خود نیچے آ کر دروازہ کھولنا پڑتا۔

اس دن اسے ابا کی ڈانٹ ڈپٹ سننا پڑتی۔

"میں تمہیں فلم دیکھنے کی اجازت نہیں دوں گا ـــــ فلم دیکھنا ہی ہے تو باہر سویا کرو۔ مرو گے سردی میں تو تمہیں پتا چلے گا۔"

وہ اس دن مجھ سے ضرور الجھ پڑتا۔ "کیا گھوڑے بیچ کر سوتے ہو ـــــ دروازہ بھی نہیں کھول سکتے۔ میاں جی کو اس وقت نیچے آنا پڑا ـــــ یار، تم مرواؤ کسی دن مجھے ـــــ میاں جی نے فلم دیکھنا بند کروا دی تو یاد رکھنا، تم بھی نئی نئی کہانیاں سن نہ پاؤ گے۔"

اچھا بھئی اچھا۔ آئندہ الارم لگا کر سویا کروں گا۔ تم اپنی ٹھرک پوری کر لیا کرو۔"

"کہانی بھی تو تمہیں ہی سناتا ہوں نا ـــــ"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"چلو ٹھیک ہے۔ تم بے فکر رہو۔ تمہاری فلم بینی بند نہیں ہوگی۔"

خوش رہو میرے یار۔ خوش رہو۔"

ہمارا مکان گلی کی نکڑ پر واقع تھا۔ گلی کشادہ تھی۔ میرے کمرے کی کھڑکیاں برابر والی چھوٹی گلی میں کھلتی تھیں۔ جہانا اکثر ان کھڑکیوں پر دستک دیا کرتا تھا۔ میں نے ہی اسے کہا تھا ـــــ چونکہ کھڑکیاں میرے بالکل سرہانے تھیں۔ اس لیے ہلکی سی دستک پر بھی آنکھ کھل جاتی تھی۔ اس طرح ابا جی کے نیچے آکر دروازہ کھولنے والا مسئلہ حل ہو گیا تھا۔ اب میں ہی دروازہ کھولا کرتا تھا۔

اس رات بھی وہ فلم دیکھنے گیا تھا۔

"میرے آنے تک جاگتے رہنا ـــــ" اس نے جانے سے پہلے کہا۔

"کیوں؟"

"بڑی لاجواب فلم ہے ـــــ کہانی سناؤں گا۔"

"اچھا۔"

"ہاں۔"

"ٹھیک ہے۔"

"یار مانی۔"

"کیا ہے؟"

"ایک بات کہوں۔"

"کہو۔"

"تم بھی چلو نا میرے ساتھ۔"

"کہاں؟"

"فلم دیکھنے ـــــ بڑے غضب کی فلم ہے۔ اِتنا رش لے رہی ہے کہ ـــــ"

"تمہارا دماغ تو ٹھکانے ہے۔"

"کیوں ـــــ؟"

"میں چلوں فلم دیکھنے؟ تمہارے ساتھ؟ ـــــ اس وقت۔"

"ہاں ـــــ"

"کھال نہیں کھنچوانی ہے مجھے ـــــ"

وہ رازداری سے بولا ـــــ "وہ سب لوگ تو سو جائیں گے۔ کسی کو کیا پتا چلے گا۔ باہر تالا لگا جاتے ہیں۔"

"بکواس بند کرو۔ میں امّی کو بتاؤں گا۔"

"نہیں جاتے تو نہ جاؤ ـــــ پکچر اچھی تھی۔ اِس لیے کہہ دیا۔ معافی دے دو یار۔ آئندہ نہیں کہوں گا۔"

"جا پُٹ ـــــ ورنہ امّی سے کہہ کر اجازت کینسل کرا دوں گا ـــــ" میں نے رُعب دیا۔ تو وہ ہاتھ جوڑتا بھاگ گیا۔

ان دنوں میرے ٹیسٹ ہو رہے تھے۔ میں رات دیر تک پڑھتا رہتا تھا۔ آج بھی میرا خیال تھا کہ جہانے کی واپسی تک میں جاگ رہا ہوں گا۔ لیکن رات بارہ بجتے ہی میری آنکھیں بند ہونے لگیں۔ سردی بھی اس دن بہت تھی۔ کمرہ انگیٹھی میں کوئلے جلنے سے خوب گرم تھا۔ میں جتنی دیر کرسی پر بیٹھ کر پڑھتا رہا۔ نیند آنکھوں سے دور رہی ـــــ لیکن جب گرم گرم بستر میں گھسا تو نیند نے غلبہ پایا اور جاگنے کی کوشش میں بار بار پلکیں جھپکنے کے باوجود میں جلد ہی بے خبری کی نیند سو گیا۔ میرے لاشعور میں دروازہ کھولنے کی ذمّے داری کا احساس موجود تھا۔ شاید اس لیے میری آنکھ خود بخود کھل گئی۔

میں نے گھڑی سرہانے سے نکال کر دیکھی ایک بجکر پینتیس منٹ ہو چکے تھے میں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہڑبڑا کر اُٹھ بیٹھا ـــــ کیا جھانا آچکا تھا ـــــ وہ اکثر ساڑھے بارہ پونے ایک بجے کے درمیان واپس آجایا کرتا تھا۔ سینما ہاؤس ہمارے گھر سے میل سوا میل کے فاصلے پر تھا، اور جھانا اکثر پیدل مارچ کرتے ہی واپس آیا کرتا تھا۔ ایک بجے کے بعد تو وہ کبھی بھی واپس نہیں آیا تھا۔ میں جلدی سے بستر سے نکلا ـــــ شاید میری غفلت کی نیند تھی جو دروازہ بجنے کی آواز نہ سُن پایا۔ یقیناً آج ابّا جی نے دروازہ کھولا ہوگا۔ یا امّی نیچے آئی ہوں گی۔ جھانے کو آتے ہی جھاڑ پڑی ہوگی۔

مَیں بستر سے نکلا دروازہ کھول کر صحن میں آیا۔ پھر ڈیوڑھی کی بتّی جلائی ـــــ بیرونی دروازے کی زنجیر چڑھی تھی ـــــ یقیناً جھانا واپس آگیا تھا۔

میں نے واپس پلٹتے ہوئے جھانے کی کوٹھری طرف دیکھا۔ اس کا دروازہ کھلا تھا۔ اِتنی سردی میں وہ دروازہ کھلا چھوڑ کر سو گیا؟ مَیں نے سوچا ـــــ پھر دروازہ بند کرنے کے لیے آگے بڑھا ـــــ بتّی جلائی، تو دیکھا جھانے کی چارپائی خالی تھی ـــــ اور اس کا لحاف ویسے ہی تہ کیا پڑا تھا ـــــ

'تو کیا وہ ابھی واپس نہیں آیا ـــــ؟'

میں سوچتے ہوئے کمرے میں چلا آیا۔ اَب میں قدرے تازہ دم تھا۔ اس لیے کُرسی پر ہی بیٹھ گیا، کمبل لپیٹ کر کتاب لی۔

'ہوسکتا ہے، فلم لمبی ہو ـــــ اس لیے اس کے آنے میں دیر ہوئی ہو ـــــ' یہ سوچ کر میں اپنی کتاب پڑھنے لگا ـــــ

آدھ گھنٹہ اور گزر گیا۔

اَب دو بج چکے تھے، مجھے نیند پھر سے آنے لگی تھی۔

لیکن وہ ابھی واپس نہیں آیا تھا۔

جانے کیا بات تھی۔ مجھے فکر و تشویش ہونے لگی ـــــ اتنی دیر تو اس نے کبھی نہیں کی تھی۔

مَیں کمرے میں ٹہلنے لگا۔ اِس کا انتظار ضروری تھا۔

مَیں اسے دل ہی دل میں کوسنے لگا تھا۔ ایسی کی تیسی اس کی فلم بینی کے شوق کی ـــــ جاتا بھی آخری شو دیکھنے ہے، مَیں نے دل میں سوچا کہ امی سے کہوں گا۔ اسے میٹنی یا شام کے شو دیکھنے کی اجازت دے دیا کریں۔ رات کو باہر جانا بالکل بند کردیں۔ رات کو دروازہ کھولنے کی ڈیوٹی مجھ سے نہیں ہوسکتی۔"

مَیں بار بار گھڑی دیکھ رہا تھا۔ اب میری آنکھوں سے نیند غائب ہوچکی تھی۔ جھانے پر بے طرح غصّہ آرہا تھا۔ "آج آلے ـــــ" مَیں دانت پیستے ہوئے بڑبڑا رہا تھا ـــــ "بہت سر چڑھا رکھا ہے ہم لوگوں نے۔ سمجھوں گا آج اس سے ـــــ بڑا آیا فلم کا شوقین۔"

جی چاہ رہا تھا، بستر میں پڑ جاؤں۔ اسے مطلقاً دروازہ نہ کھولوں۔ سردی میں باہر ہی سڑتا مرتا رہے لیکن امّی اور ابّا جی کا خیال بھی آرہا تھا۔ میں نے دروازہ نہ کھولا ـــــ تو انھیں اُوپر سے اُٹھ کر آنا پڑے گا ـــــ

مَیں جز بز ہو رہا تھا۔ گھڑی دیکھی تو سوا دو بج چکے تھے۔ مَیں دل ہی دل میں جھانے کو کوستے اور گالیاں بکتے بستر کی طرف بڑھا۔

لیکن

ابھی بستر میں گھُس بھی نہ پایا تھا کہ گلی میں کسی کے سرپٹ دوڑنے اور پھر دروازے پر گرنے کی آواز آئی ـــــ مَیں خوف زدہ سا ہُوا ـــــ اور بستر سے نکل کر ڈیوڑھی کی طرف لپکا۔

"مانی ـــــ عثمان ـــــ مانی ـــــ دروازہ ـــــ کھولو ـــــ" یہ جھانے کی آواز تھی ـــــ چیختے ـــــ ڈوبتے اُبھرتے اور انتہائی متوحش لہجے میں وہ مجھے پکارتے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہوئے شاید بیہوش ہُوا جا رہا تھا۔

مَیں نے جلدی سے دروازہ کھولا۔

"جھانے ــــ آ" مَیں نے جُھک کر اسے کندھے سے پکڑ کر اُٹھایا۔

"مانی ــــ" وہ مجھ سے لپٹ گیا۔ وہ بے حد خوف زدہ تھا۔ تھر تھر کانپتے ہوئے مجھے اندر کی طرف دھکیلتے ہوئے کہہ رہا تھا "بند ــــ بند ــــ بند ــــ دروازہ"

مَیں نے اسے جلدی سے اسے اندر کیا اور دروازہ بند کر کے کُنڈی چڑھا دی۔

وہ بے حد متوحش نظروں سے دیکھ رہا تھا۔ اس کا رنگ پیلا پڑا ہوا تھا ــــ اور سر کے پچھلے حصّے سے خون بہہ رہا تھا۔

"یہ کیا ہُوا ــــ تمھیں جھانے ــــ" میں اسے اپنے کمرے میں لاتے ہوئے بولا "لڑائی کر آئے کسی سے ــــ؟"

وہ دری پر گر گیا ــــ اب تک اس کے حواس بجا نہیں تھے۔ میں نے اسے بھنجھوڑ کر پھر پوچھا "کسی سے مار کٹائی کی ہے ــــ"

وہ ہونقوں کی طرح میرا منہ تکتے ہوئے سر نفی میں ہلاتے ہوئے اٹھ بیٹھا۔ اور ہکلاتے ہوئے خوف زدہ لہجے میں بولا "در ــــ دروازہ بند کر دیا ہے نا ــــ؟"

"کیوں؟ ڈر کیوں رہے ہو۔ کوئی پیچھے لگا ہے؟" میں نے کہا۔ پھر اس کی حالت کو دیکھتے ہوئے ذرا ملائمت سے کہا ــــ "جھانے، تم گھر میں آ چکے ہو۔ دروازہ بند ہے تم بالکل محفوظ ہو ــــ بتاؤ تو ہُوا کیا ہے؟" اس نے ہاتھ سے اپنے سر کے پچھلے حصّے کو چھُوا جہاں سے خون رِس رہا تھا۔ اس کی ہتھیلی خون آلود ہو گئی۔ "اوہ ــــ" مَیں نے اُٹھتے ہوئے کہا۔ میز پر پڑا رُومال اُٹھایا اور اس کے سر کے زخم کو صاف کرنے لگا۔ اس کے سر پر زیادہ بال نہیں تھے۔ وہ ہمیشہ سر منڈوایا کرتا تھا۔ زخم صاف دکھائی دے رہا تھا کوئی تیز چیز لگی معلوم ہوتی تھی۔ نیم ہلالی شکل میں خاصا بڑا زخم تھا۔

لیکن گہرا نہیں تھا۔ اُوپری جلد ہی کٹی تھی۔

میں نے اس کا زخم صاف کیا۔ اس وقت کوئی دوائی میرے پاس نہیں تھی۔ میں نے امّی کو اکثر زخموں میں جالا بھرتے دیکھا تھا۔ جب بھی کسی بچے کو چوٹ آ جاتی یا ہاتھ کٹ جاتا، وہ جلدی سے کونوں کھدروں سے جالا اُتار کر زخم میں بھر دیا کرتی تھیں ــــ خون بند ہو جایا کرتا تھا ــــ اور زخم بھی بھر جایا کرتا تھا۔

مَیں نے جلدی سے جالا ڈھونڈا ــــ میرے کمرے کی دیواریں اور کونے صاف تھے۔ کل ہی میری بہن شمّو نے سارے جالے وغیرہ صاف کیے تھے۔ مجھے ڈیوڑھی کا خیال آیا۔ وہاں دروازے کے پیچھے مجھے جالا مل گیا۔

میں نے جھانے کی ٹُنڈ کے پچھلے حصّے میں لگے زخم میں جالا بھر دیا ــــ خون واقعی بند ہو گیا۔ اب جھانا قدرے حواس میں تھا۔

مَیں نے پوچھا ــــ "کیوں اُستاد کیا واردات کی ہے آج ــــ؟ کسی کو قتل وتل تو نہیں کر آئے؟"

"مانی ــــ" وہ خوف کی کپکپاہٹ میں بولا۔

"ہوں ــــ"

"یہ بات نہیں یار ــــ"

"لڑائی ہوئی کسی سے؟"

اس نے نفی میں سر ہلایا۔

"تو گر گئے تھے کہیں۔ یہ چوٹ ــــ"

"او ــــ نہیں مانی ــــ" وہ گھگیایا۔

"تو ہُوا کیا ــــ؟" میں نے جلدی سے اسے دیکھا "نہ کسی سے لڑے جھگڑے نہ ہی مار کٹائی کی اور گرے بھی نہیں۔ پھر یہ چوٹ کیسے آئی ــــ؟"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"اس نے ـــ اس نے گلاس مارا ـــ" وہ کانپتے ہوئے پھٹی پھٹی آنکھوں سے مجھے دیکھنے لگا۔

"کس نے ـــ کس نے گلاس مارا ـــ؟" میں دو زانو ہو کر اس پر جھک گیا۔

"اس نے ـــ اس ـــ نے" وہ آنکھیں بند کر کے سر اپنے گھٹنوں پر رکھتے ہوئے بولا۔ میں پریشان ہو گیا میری سمجھ میں کچھ نہ آ رہا تھا۔ جھانا اتنا خوف زدہ تھا کہ ٹھیک سے بات اس کے منہ سے نہ نکل رہی تھی ـــ میں نے اسے تسلی دلاسا دیا۔ ہمت بندھائی ـــ اپنا کمبل اس کے گھٹنوں پر ڈال دیا ـــ اس وقت وہ نیلی پاپلین کا میلا سا جوڑا پہنے تھا۔ ابا جی کا پرانا تھیلا سا کوٹ اور میری اُتری ہوئی سوئیٹر زیب تن تھی ـــ جانے اسے سردی لگ رہی تھی۔ یا خوف کی کپکپاہٹ تھی۔ وہ کانپ رہا تھا۔ اسی لیے میں نے اپنا کمبل اس پر ڈال دیا تھا۔

وہ کافی دیر تک اسی حالت میں رہنے کے بعد سنبھلا ـــ تو میں نے اس سے روداد سنی ـــ جس پر پہلے تو مجھے یقین ہی نہ آیا۔ من گھڑت قصہ ہی لگا ـــ لیکن

جھانے کی حالت اس کے سر کا زخم اور شلوار کے پائینچے کے اوپر سے اُڑا ہوا کپڑا ـــ یہ سب چیزیں اس کی باتوں کا منہ بولتا ثبوت بھی تھیں ـــ

میں حیران و ششدر اس کا منہ تک رہا تھا ـــ جو واقعہ اس نے سُنایا تھا۔ اس کی صحت سے انکار و اقرار دونوں ہی جیسے میرے بس میں نہیں تھے۔

جھانا فلم کا شو ختم ہونے پر سینما ہاؤس سے نکلا اور حسبِ معمول سڑک کے کنارے چلتے چلتے اس گلی میں آ گیا ـــ جو کوچہ شہباز خاں کے پہلو سے نکلتی تھی۔ یہ گلی شارٹ کٹ تھی اور جھانا ہمیشہ ہی اس گلی کو عبور کر کے بڑی سڑک پر آیا کرتا تھا وہاں سے دو فرلانگ چل کر بائیں ہاتھ کی کشادہ گلی آ جاتی تھی ـــ جو ہماری گلی سے آ ملتی تھی۔

آج بھی وہ معمول کے مطابق اپنے راستے سے واپس آ رہا تھا کہ کوچہ شہباز خان کے قریب اس نے دیکھا ایک عورت سر پر بڑا سا گٹھڑ رکھے چلی آ رہی تھی۔ گٹھڑ شاید زیادہ وزنی تھا۔ اس سے اٹھائے نہ اٹھایا جا رہا تھا۔ اس کی گردن اِدھر اُدھر ہو رہی تھی۔

جھانا اس کے پیچھے پیچھے تھا ـــ اتنی رات گئے اکیلی عورت کو یوں بوجھ اٹھائے جاتے دیکھا۔ تو اس کے دل میں ہمدردی نے سر اُبھارا ـــ ایک عورت کی مدد کرنا اس نے اپنا فرض سمجھا ـــ وہ جلدی سے آگے بڑھا اور عورت کے سامنے آتے ہوئے اس پر نگاہ ڈالی۔

وہ ایک ادھیڑ عمر عورت تھی ـــ چہرے مہرے سے غریب دکھائی دیتی تھی لباس بھی اس کی مالی حالت کی نشاندہی کر رہا تھا ـــ

"اماں" جھانے نے اسے پکارا۔

"ہوں" عورت رُک کر اس کی طرف دیکھنے لگی۔

"لاؤ ـــ یہ گٹھڑ میں اُٹھا لوں ـــ"

"نہیں بیٹے ـــ میں خود ہی لے جاؤں گی"

"جانا کہاں ہے ـــ؟"

"کوچہ شہباز سے ہو کر اس کے آخری سرے والی گلی میں اب تو نزدیک آ گیا ہے میرا گھر ـــ"

"لاؤ اماں ـــ میں پہنچا آتا ہوں ـــ تم سے تو گٹھڑ اُٹھایا بھی نہیں جا رہا"

اس نے تھوڑے سے پس و پیش کے بعد کہا "اچھا بیٹے ـــ لو ـــ اُٹھا لو ـــ میں واقعی اسے اٹھا نہیں پا رہی ـــ اتنا کہہ رہے ہو، تو پہنچا ہی آؤ مجھے گھر تک"

اس نے گٹھڑ جھانے کے سر پر رکھ دیا ـــ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جھانے نے ٹھیک سے گٹھڑ سر پر جمایا اور اس کے ساتھ ساتھ چلنے لگا۔ گٹھڑ واقعی خاصا بھاری تھا۔

وہ عورت اس کے ساتھ ساتھ چلنے لگی۔

جھانے نے قدم ملا کر ساتھ چلتے ہوئے پوچھا "اماں ـــ آدھی رات ہو رہی ہے۔ تم اکیلی کہاں سے آ رہی تھیں ـــ؟"

وہ بولی "سارے کام مجھے خود ہی کرنا ہوتے ہیں بیٹے ـــ میں گاؤں گئی ہوئی تھی۔ وہاں سے یہ کھانے پینے کا سامان لانا تھا۔ میرا شوہر مر چکا ہے۔ بچے چھوٹے ہیں اس لیے سارے کام خود ہی کرنا پڑتے ہیں۔ پہلے خیال آیا کہ لاری اڈے پر ہی رات گزار لوں۔ لیکن بچے گھر پر اکیلے تھے۔ اس لیے وہاں نہیں رُکی ـــ چلی آئی ـــ اچھا ہوا تم مل گئے۔ ورنہ میری گردن تو جواب دے جاتی ـــ تمہیں خواہ مخواہ تکلیف اُٹھانا پڑی۔"

"تکلیف کیسی اماں۔ مجھے تو خوشی ہو رہی ہے کہ میں آپ کے کام آیا ـــ"

"بہت اچھے ہو تم ـــ"

جھانا اس سے اِدھر اُدھر کی باتیں کرتا چلا جا رہا تھا۔ وہ اسے اپنے گھر کا رستہ دکھا رہی تھی۔ کوچہ شہباز خان ختم ہوا تو وہ دائیں ہاتھ کی پہلی گلی میں مڑ گئی۔

جھانا بھی اُدھر ہی گیا۔

کونے کا گھر چھوڑ کر وہ دوسرے گھر کے سامنے رُکی ـــ اس گھر پر جلی حروف میں دو سو پندرہ کا ہندسہ لکھا تھا۔

"یہ ہے میرا گھر ـــ" اس نے تھڑے پر پاؤں رکھ کر کہا۔ اور دروازہ کھولنے لگی۔

جھانے نے دیکھا وہ ایک نیا مکان تھا ـــ اور ہرے رنگ کا لکڑی کا دروازہ جس پر پیتل کے بولٹ لگے تھے عورت نے کھول دیا تھا۔

"آجاؤ ـــ" عورت نے کہا اور صحن کی بتی جلا دی۔

جھانا گٹھڑ اُٹھائے بمشکل تھڑے پر چڑھا ـــ عورت نے گٹھڑ کو سہارا دیا۔ وہ اندر آ گیا۔

"یہاں رکھ دو" عورت نے دائیں ہاتھ پر بنے برآمدہ نما باورچی خانے میں چولھے کے قریب پڑی رنگین پیڑھی کے پاس گٹھڑ رکھنے کا اشارہ کیا۔

جھانے نے گٹھڑ وہاں رکھ دیا۔

"شکریہ" عورت نے کہا۔

جھانے نے سیدھا ہو کر کھڑے ہوتے ہوئے عورت پر نگاہ ڈالی۔ وہ کچھ حیرت زدہ سا ہوا۔ وہ عورت ادھیڑ عمر کی نہیں تھی۔ اور نہ ہی غریب دکھائی دیتی تھی۔ وہ ایک جوان اور گٹھے جسم کی عورت تھی۔ لباس بھی ریشمی پھولدار پہنا ہوا تھا ـــ کانوں میں بالے تھے اور گلے میں کنٹھ مالا پہنے ہوئے تھی۔

جھانے نے بار بار پلکیں جھپکیں۔

پھر اسے خیال آیا۔ شاید گلی میں دھندلی روشنی تھی۔ اس لیے وہ ٹھیک سے اسے دیکھ نہ پایا تھا۔ خفت سے مسکراتے ہوئے اس نے عورت سے کہا "معاف کریں ـــ میں آپ کو اماں کہتا آیا۔ آپ ـــ تو باجی ہیں ـــ"

وہ بڑے حسین اور دلنشین انداز میں مسکرائی "کوئی بات نہیں ـــ بیٹھو ـــ"

"بیٹھو بھئی ـــ کچھ کھا پی لو ـــ"

"نہیں جی ـــ شکریہ ـــ"

"میں ایسے ہی جانے تھوڑا دوں گی ـــ بیٹھ جاؤ ـــ" وہ عورت پیڑھی اس کی طرف بڑھاتے ہوئے بولی ـــ جھانا ہچکچاتے ہوئے بیٹھ گیا۔

"میں ابھی آتی ہوں" یہ کہہ کر وہ چھوٹا سا صحن عبور کر کے سامنے والے کمرے میں چلی گئی۔

جھانے نے پیڑھی پر بیٹھے بیٹھے مکان کا جائزہ لیا۔ یہ غالباً ایک احاطے کا مکان تھا۔

۲۳www.iqbalkalmati.blogspot.com

نیا نیا تعمیر ہوا لگتا تھا۔ چھوٹا سا سُرخ پکی اینٹوں والا صحن تھا۔ جس کے ایک کونے میں ہینڈ پمپ لگا تھا۔ بیرونی سبز دروازے کے قریب ایک کھونٹا سا تھا۔ جس کے ساتھ شاید کوئی جانور باندھا جاتا تھا۔ سامنے کمرہ تھا۔ جس کا دروازہ اور کھڑکیاں صحن میں کھلتی تھیں۔ اس وقت کھڑکیاں بند تھیں اور دروازہ کھول کر وہ عورت اندر گئی تھی اس طرف پکا برآمدہ تھا۔ دیوار کے ساتھ دو مٹی کے چولھے بنے تھے ـــــ ایک چولھے پر دیگچہ پڑا تھا ـــــ نیچے سلگتی لکڑیاں تھیں۔ لگتا تھا۔ تھوڑی ہی دیر ہوئی کسی نے دیگچے کو دم پر رکھا تھا۔ چند برتن کارنس پر پڑے تھے۔ چولھے کے قریب چوکی پر مرچ مصالحوں کے ڈبے پڑے تھے۔ دو تین رنگین پایوں والی پیڑھیاں بھی پڑی تھیں۔ اور برآمدے کے آخری کنارے پر جالی دار لکڑی کی ڈولی بھی رکھی تھی۔ جس میں پھل اور کھانے پینے کی کچھ چیزیں پڑی تھیں۔ جھانے نے گھر کے چپے چپے کا جائزہ لیا۔ وہ صاف ستھرا تھا۔ ہر چیز نئی اور چمکدار تھی۔ کارنس پر پڑے تانبے اور پیتل کے برتن چمچا رہے تھے۔ بجلی کا ایک بلب برآمدے میں بھی روشن تھا۔ صحن میں بتی جل رہی تھی۔ صحن ڈھکا ہوا تھا۔ اُوپر کی منزل کو صحن ہی کے مغربی کنارے سے زینہ جاتا تھا۔ یہ زینہ لکڑی کا تھا اور نئی نئی پالش چمک رہی تھی۔

جھانے کو یہ گھر بہت اچھا لگا۔

وہ عورت کمرے سے باہر آئی۔ تو اس کا لباس بدلا ہوا تھا۔ اس نے اُونی شال اوڑھ رکھی تھی۔ اور گہرے فیروزی رنگ کا گرم جوڑا پہن رکھا تھا ـــــ پہلے اس کے کپڑے آتشیں گلابی رنگ کے تھے۔ جھانے نے لباس کی تبدیلی سے کوئی بات اخذ نہیں کی ـــــ یقیناً سفر میں اس کا لباس میلا ہو گیا ہوگا۔ صاف ستھرا رہنا اس کی عادت ہوگی ـــــ اس لیے لباس بدل لیا ہوگا۔

"ہاں تو ـــــ" وہ چولھے کے قریب پڑی پیڑھی پر آبیٹھی ـــــ "بھوک لگ رہی ہوگی؟"

"نہیں تو ہم لوگ نو بجے کھانا کھا لیتے ہیں۔ اس وقت تو آدھی رات کا محل ہوگا۔" جھانے نے کہا۔

"پلاؤ بنا یا رکھا ہے کھاؤ گے؟" عورت نے پوچھا۔

پلاؤ جھانے کی کمزوری تھا ـــــ پیٹ بھر کر کھانا کھانے کے بعد بھی اسے پلاؤ کھلایا جاتا تو وہ رغبت سے کھا لیا کرتا تھا۔ پلیٹ دو پلیٹ یوں چٹ کر جاتا۔ جیسے دنوں کا بھوکا ہو ـــــ ہم لوگ اسے کہا کرتے "کھانے پر کھا جاتے ہو۔ کسی دن پیٹ میں مروڑ پڑے گا۔ ہیضہ ہوگا ـــــ مر جاؤ گے" لیکن جھانے پر کسی بات کا اثر نہ ہوتا۔ وہ کہا کرتا "پلاؤ دیکھ کر میں رہ نہیں سکتا ـــــ بھلے تکلیف ہو جائے۔ پر میں کھاؤں گا۔"

اور اس وقت جو عورت نے پلاؤ کی بات کی، تو جھانے کی رال ٹپک پڑی۔ ہنس کر بولا "یہ باجی، پلاؤ میری کمزوری ہے ـــــ مجھے بھوک نہ ہو تب بھی میں کھا لیتا ہوں اور اس وقت تو ـــــ مجھے ـــــ مجھے بھوک بھی لگ رہی ہے ـــــ"

"جاؤ ہاتھ دھو لو ـــــ میں کھانا نکالتی ہوں۔"

وہ اُٹھ کر صحن کے نل تلے ہاتھ دھونے گیا۔ عورت نے کارنس سے پیتل کا تھال اور گلاس اُتار کر پیڑھی کے قریب رکھ کر دیا۔ پھر دیگچہ کھول کر تھال میں چاول ڈالنے لگی۔ جھانا ہاتھ دھو کر کرتے کے دامن سے حسبِ عادت ہاتھ پونچھتا پیڑھی قدرے پرے کھسکا کر چولھے کے قریب ہو بیٹھا۔ پلاؤ کی خوشبو اس کی اشتہا کے لیے کھلا چیلنج تھی وہ گرسنہ نظروں سے تھال کی طرف دیکھنے لگا۔ جو اس عورت نے بھر دیا تھا۔

"لو کھاؤ ـــــ" عورت نے جھانے کی طرف مسکرا کر دیکھا۔ جھانے کو اس کی آنکھوں میں بڑی چمک نظر آئی ـــــ ایسی چمک جسے وہ اس وقت کوئی نام نہ دے سکا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

تھال اس نے اپنے سامنے کر لیا۔ گرم گرم پلاؤ جھانے کی بھوک کو بڑھا رہا تھا۔ حالانکہ اس وقت کچھ کھانے کا عادی نہیں تھا۔ پھر بھی جانے کیوں شدّت سے بھوک لگ رہی تھی۔

اس نے نوالہ لینے کے لیے ہاتھ بڑھایا۔

عورت مسکراتے ہوئے بولی "بے تکلفی سے کھاؤ ـــــ اپنا گھر ہی سمجھو"

جھانے نے بھی جواباً مُسکرا کر اسے دیکھا۔ وہ اسے ایک دم ہی بہت اچھی لگنے لگی تھی۔ نوالہ اُٹھانے سے پہلے وہ بولا "آپ بھی کھائیں نا باجی ـــــ"

"میں بھی کھا لوں گی ـــــ پہلے یہ سامان سمیٹ لُوں۔ تم کھاؤ ـــــ"

وہ گٹھڑ کھولنے لگی۔

جھانے نے نوالہ منہ میں ڈالا ـــــ پلاؤ بے حد لذیذ تھا۔

اس نے دوسرا نوالہ بنایا۔ بوٹی تلاش کرنے کے لیے اس نے چاول سامنے سے اُلٹے پلٹے۔ اِسے بوٹی نظر آئی ـــــ جسے اس نے ہاتھ میں پکڑ لیا۔

لیکن

ایک چیخ اس کے منہ سے نکلی ـــــ بوٹی کے بجائے، اِس کے ہاتھ میں ایک انسانی ہاتھ تھا ـــــ کٹا ہوا انسانی ہاتھ۔

خوف سے اس کی آواز گھُٹ گئی ـــــ ہاتھ اس کے ہاتھ سے گر گیا۔

عورت نے پلٹ کر اس کی طرف دیکھا۔ پھر اس کی نظر اس گٹھڑ پر پڑی جو عورت نے کھول دیا تھا۔

اس میں

اس میں

بہت سے کٹے ہوئے ہاتھ تھے۔

جھانا چیخ مار کر اُٹھ بھاگا۔

"ٹھہرو ـــــ" عورت نے تحکمانہ انداز میں کہا۔

جھانا نے مُڑ کر اس کی طرف دیکھا۔

وہ اب انتہائی خوفناک روپ دھار چکی تھی ـــــ ادھیڑ عمر، بدشکل اور غریب عورت کا رُوپ۔

جھانا متوحش ہو کر بھاگا۔

عورت نے پیچھے سے پیتل کا گلاس کھینچ مارا ـــــ جو اس کے سر میں لگا۔ لیکن وہ رُکا نہیں۔ ہاں، دروازے کے قریب لگے کھونٹے میں اس کا پائینچہ اُلجھا اور وہ مُنہ کے بل گرا۔

عورت نے ایک فلک شگاف قہقہہ لگایا۔

وہ اس کے پیچھے دوڑی۔

لیکن

جھانا ـــــ پتا نہیں کیسے ـــــ اُٹھا ـــــ بھاگا ـــــ دروازے سے نکلا اور اندھا دُھند دوڑتے ہوئے گلی سے نکل گیا۔

عورت کی ہنسی میں اس کی آواز گونج رہی تھی "اپنے ہاتھ تو دیتا جا ـــــ"

وہ بے تحاشا تیز بھاگتا

گلی پار کرتا سڑک پر آیا اور سرپٹ دوڑتا گھر آ پہنچا تھا۔ اس نے ایک بار بھی پیچھے پلٹ کر نہیں دیکھا تھا۔

ہاں، اس عورت کی کھنکتی ہنسی میں ڈوبے الفاظ "اپنے ہاتھ تو دیتا جا ـــــ" سڑک تک اس کا تعاقب کرتے رہے تھے۔

جھانے نے پُورے حواس میں مجھے یہ واقعہ سُنایا تھا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

میں نے پوری کہانی سُنی ـــــ کچھ خوف زدہ بھی ہوا۔ لیکن جھانے کے ذہن سے خوف دور کرنے کے لیے ہنس کر بولا۔

"جھانے، پتا ہے یہ سب کیا ہے؟"

"کیا مانی ـــــ؟"

"خواب"

"خواب"

"ہاں ـــــ"

"نہیں یار، عجیب بات کرتے ہو، یہ خواب کیسے ہو سکتا ہے۔ یہ سب کچھ حقیقت ہے۔ مَیں نے سب کچھ اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے ـــــ"

"لگتا ایسے ہی ہے۔ لیکن ہوتا خواب ہے۔"

"کیا خواب جاگتے میں بھی نظر آتے ہیں۔ چلتے پھرتے بھی نظر آتے ہیں؟"

"بالکل ـــــ"

"تم تو پاگل ہو ـــــ"

"نہیں جھانے، یہ حقیقت ہے۔ پتا ہے کیا ہوا ہوگا؟"

"کیا؟"

"تمھیں زبردست نیند آرہی ہوگی۔ لیکن گھر پہنچنے کی بھی جلدی ہوگی۔ اس لیے چل تو تم بے شک رہے ہوگے لیکن خواب بھی دیکھ رہے ہوگے۔"

"واہ ـــــ" وہ غصّے سے بولا ـــــ "خواب ہی میں گلاس بھی سر پر لگا اور خواب ہی میں سچ مچ کا خون بھی نکلنے لگا ـــــ"

مَیں اس بات پر کچھ لاجواب سا ہو گیا ـــــ واقعی اس کے سر پر زخم تھا اور یہ یقیناً اس پیتل کے تیز دندانے والے گلاس ہی سے لگا تھا۔ کیونکہ زخم نیم ہلالی نشان کا تھا۔

کچھ دیر مَیں قیاس آرائیاں کرتا رہا

جھانا میری ایک بات سے بھی اتفاق نہیں کر رہا تھا۔

چار بجے کے قریب مَیں نے اس سے کہا۔ "اچھا بھئی، اب بند کرو باتیں ـــــ صبح میرا ٹیسٹ ہے، تھوڑی دیر سو لینے دو ـــــ تم بھی جا کر سو جاؤ ـــــ صبح دیکھیں گے۔ جاؤ ـــــ اُٹھو ـــــ"

"مانی ـــــ" وہ درخواستی لہجے میں بولا۔

"کیا ہے؟"

"مجھے ڈر لگتا ہے۔ کہو تو یہیں پڑ رہوں ـــــ اپنی کوٹھری میں جاتے ڈر لگتا ہے ـــــ"

"بڑے بزدل ہو ـــــ چلو یہیں سو جاؤ ـــــ جاؤ اپنا لحاف لے آؤ۔" مَیں نے کہا ـــــ اصل میں ڈر مجھے بھی لگ رہا تھا۔ اور میں بھی چاہتا تھا، کہ وہ میرے کمرے میں ہی سوئے۔

وہ اپنا بستر اُٹھا لایا۔ اور میری چارپائی کے قریب دری پر بستر بچھا کر لیٹ گیا۔

وہ تو کچھ دیر بعد سو گیا۔

لیکن مجھے باقی ساری رات نیند نہ آئی۔ یہ واقعہ میرے اعصاب پر مسلّط ہو گیا تھا۔

صبح اس واقعے کی خبر سارے گھر کو ہو گئی ـــــ ابا جی نے اسے جھانے کی بڑ قرار دیا بولے "یہ رنگا رنگ فلمیں دیکھنے کا اثر ہے۔ سپنس اور مار دھاڑ سے بھرپور فلمیں اتنے شوق سے جو دیکھتا ہے۔"

امّی کچھ خائف سی نظر آئیں ـــــ "اس میں لاکھ خرابیاں ہوں گی۔ لیکن یہ جھوٹ کبھی نہیں بولتا۔ یہ مَیں پورے یقین سے کہہ سکتی ہوں۔ اٹھارہ بیس سال ہو گئے ہیں اسے اپنے پاس رہتے ـــــ یہ بات اس نے جھوٹی نہیں گھڑی ـــــ اور پھر سر میں زخم بھی تو آیا ہے۔"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"زخم گرنے سے بھی آسکتا ہے" ابا جی بولے۔

"ہائے جھانے ——" شمو خوفزدہ ہو رہی تھی "جو وہ تیرے ہاتھ کاٹ لیتی تو"

"تو دوسرے دن پلاؤ بنا کر کسی اور کو کھلاتی ——" ابا جی نے تمسخر سے کہا۔

"میاں جی ——" جھانا بڑی عاجزی سے بولا "میں نے کوئی بات دل سے نہیں گھڑی۔ میں نے سب کچھ اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے —— یہ سب کچھ میرے ساتھ پیش آیا ہے میاں جی ——"

"یعنی انسانی ہاتھ —— پلاؤ میں پکا ہوا تھا ——"

"جی میاں جی ——"

اور گھر میں بھی کٹے ہوئے انسانی ہاتھ تھے ——"

"جی ——"

"لگتا ہے، آج اس نے دیگچہ نہیں دیگ پکانا ہو گی انسانی ہاتھوں کی" ابا جی نے پھر تمسخر سے بات اڑائی۔ لیکن امی کو جیسے جھانے کی باتوں کا سو فیصد یقین آچکا تھا بولیں "آپ ایسے ہی جھٹلائے جا رہے ہیں بیچارے کو"

ابا جی نے امی کی طرف مسکرا کر دیکھا اور بولے "تو تمہیں یقین ہے کہ جو کچھ کہہ رہا ہے سچ ہے ——؟"

امی چپ ہو گئیں۔

جھانا بولا —— "میاں جی —— میں جھوٹ نہیں کہتا ——"

"تمہیں وہ گلی یاد ہے جس میں رات گئے تھے؟"

"جی —— بالکل —— کوچہ شہباز جہاں ختم ہوتا ہے —— وہ گلی ادھر ہی سے نکلتی ہے ——"

وہ گھر بھی یاد ہو گا ——؟"

"جی میاں جی —— سبز دروازے والا نیا مکان ہے۔ اس کے دروازے پر دو سو پندرہ لکھا تھا ہندسوں میں ——"

"مکان کا نمبر بھی دیکھ لیا تھا ——؟"

"ہاں، میاں جی ——"

"تو ٹھیک ہے۔ آج چلتے ہیں وہاں ——"

"جھانا خوف سے کانپتے ہوئے بولا —— "نہیں —— نہیں میاں جی ——"

"کیوں نہیں —— جا کر دیکھیں تو سہی —— اس حسینہ کو جسے انسانی ہاتھ گوشت کی طرح پلاؤ میں پکانے کا شوق ہے"

"آپ تو مذاق کرتے ہیں —— اچھا ہے کہ اس کی بات کی تصدیق کے لیے وہاں جائیں" امی بولیں۔

"چلے چلتے ہیں ——" ابا جی بولے۔

جھانے کو سب نے سمجھایا، کہ وہ ابا جی کے ساتھ دو ایک معتبر لوگوں کو بھی ساتھ لے کر وہ گھر دکھائے، ہو سکتا ہے وہاں کوئی آدم خور رہتا ہو —— اور چھپ چھپ کر انسانی ہاتھوں کی ضیافت اڑاتا ہو ——

جھانا ڈرا تو بہت —— لیکن سب کے کہنے پر رضا مند ہو گیا۔

دوپہر کے کھانے کے بعد ابا جی نے چچا حمید کو بھی ساتھ لیا —— میں بھی کالج سے آچکا تھا۔ چنانچہ ہم تینوں جھانے کی رہنمائی میں اس عورت کے ہاں جانے کو تیار ہو گئے۔

امی نے ہم پر قرآنی آیات پڑھ کر پھونکیں —— ابا جی اور چچا حمید مسکرا دیے۔ چچا حمید کو بھی یہ کہانی بے سروپا معلوم ہو رہی تھی —— اور وہ بھی ابا جی کی طرح بار بار جھانے کا مذاق اڑا رہے تھے۔ ان کی باتوں سے میرے ذہن سے بھی خوف کے سائے ہٹ رہے تھے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہاں، جھانا اسی طرح ڈرا سہما اور خوف زدہ تھا۔

ہم کوچہ شہباز خان میں پہنچے ـــــ یہ کوچہ بڑا آباد تھا۔ چوڑی گلی کے دونوں طرف پختہ مکان تھے۔ کچھ دو منزلہ کچھ تین منزلہ ـــــ گلی میں اس وقت خاصی رونق تھی۔ بچے گلی میں گلی ڈنڈا کھیل رہے تھے۔ لوگ آجا رہے تھے۔ کچھ عورتیں بھی نیم وا دروازوں کے پیچھے کھڑی ہمسائیوں سے باتیں کر رہی تھیں۔ دو ایک ریڑھی والے بھی صدا لگا رہے تھے۔ جھانے نے میرا ہاتھ سختی سے پکڑ رکھا تھا۔ اور جوں جوں آگے بڑھ رہا تھا۔ اس کے ہاتھ کی گرفت سخت ہوتی جا رہی تھی۔

یہ کوچہ جہاں ختم ہوتا تھا۔ وہیں سے دائیں بائیں گلیاں مڑتی تھیں۔

"اب کدھر جانا ہے مسٹر جھانے؟" چچا حمید نے مذاقاً پوچھا۔

"اُدھر ـــ" جھانے نے ڈرتے ڈرتے دائیں گلی کی طرف اشارہ کیا۔

چچا اور ابا جی آگے آگے تھے۔ وہ اس گلی میں مڑ گئے ـــ

"پہلا نہیں، دوسرا مکان ہے۔" جھانے نے کہا۔ "دو سو پندرہ نمبر ـــ"

ابا جی اور چچا حمید دوسرے مکان کے سامنے رُک گئے۔

"یہ ہے؟" ابا جی نے پوچھا ـــ "دو سو پندرہ تو لکھا ہے دروازے پر ـــ"

جھانے نے آہستہ آہستہ چلتے سر ہلایا۔

پھر وہ بھی ابا جی کے قریب آگیا۔

لیکن

اس نے حیران پریشان ہو کر دروازے اور مکان کو دیکھا۔ سر نفی میں ہلایا، گردن موڑ کر دائیں بائیں دیکھا اور مجھ سے چمٹ کر بولا ـــ "جگہ یہی ہے ـــ لیکن مکان ـــ"

"غائب ہو گیا" چچا بولے ـــــ

"تُو تو کہتا تھا۔ نیا اور پختہ مکان تھا۔ یہ تو غالباً دو صدی پہلے نیا بنا تھا ـــ"

"میاں جی ـــ پکا لال اینٹوں والا مکان تھا ـــ"

جس مکان کے سامنے ہم کھڑے تھے ـــ وہ بوسیدہ مکان تھا۔ دروازہ لکڑی کا ہے اور کہیں کہیں سے سبز رنگ بھی دکھائی دے رہا تھا لیکن تھا بہت پرانا۔ نیم وا دروازے کے ایک بوسیدہ پٹ پر کالے روغن سے دو سو پندرہ لکھا ہوا ضرور موجود تھا۔ مکان کی بیرونی دیوار کچی تھی۔ کہیں کہیں سے اینٹیں بھی نکلی ہوئی نظر آئی تھیں۔ ٹوٹے پھوٹے خستہ مکان میں لگتا تھا، کوئی رہتا ہی نہیں ـــــ

ابا جی اور چچا حمید اب بھی سنجیدہ نہیں تھے ـــ لیکن میری ریڑھ کی ہڈی میں سنسناہٹ ہونے لگی تھی۔ جھانا بہت متوحش نظر آ رہا تھا۔

"گھر یہی تھا پر بالکل نیا تھا۔ میاں جی ـــ دروازے کے پیچھے صحن ہے۔ دائیں ہاتھ پکا برآمدہ ہے جس میں مٹی کے چولھے ہیں۔ سامنے والی دیوار کے ساتھ لکڑی کا زینہ ہے جو اُوپر جاتا ہے۔ باورچی خانہ نما برآمدے ہی میں پیڑھی پر میں بیٹھا تھا اور اس نے تھال میں چاول ڈال کر مجھے دیے تھے۔ دائیں ہاتھ کمرہ تھا۔ جس میں دو کھڑکیاں اور ایک دروازہ تھا۔ ادھر دوسرے کونے میں ہینڈ پمپ تھا۔ اس پر میں نے کھانا کھانے سے پہلے ہاتھ دھوئے تھے۔ دروازے کے قریب ہی کھونٹا تھا ـــ جس میں بھاگتے وقت میرا پائنچہ اُلجھا تھا ـــ"

جھانا جیسے مشینی انداز میں تفصیل دہرا رہا تھا ـــــ

"ہو سکتا ہے، رات میں اُسے پُرانا مکان پختہ اور نیا نظر آیا ہو ـــ" چچا حمید نے اب قدرے سنجیدگی سے کہا۔

"چلو اندر چلتے ہیں ـــ" ابا جی بولے ـــ "گھر تو برسوں سے غیر آباد لگتا ہے۔ بہرحال دروازہ بجاؤ ـــ"

چچا حمید نے تھڑے پر پاؤں رکھ کر دروازے پر ہاتھ مارا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دروازہ کھلا تھا ـــــ اس کی کنڈی بھی نہیں تھی۔

چچا کھلکھلا کر ہنس پڑے ـــــ

"کیوں" ابّا جی بولے۔

"ڈھاؤ ڈھیری مکان ہے ـــــ" وہ قدم بڑھا کر اندر گئے۔ ابّا جی بھی اندر گئے اور میں نے بھی قدم اندر رکھا۔ جھانا میرے ساتھ ساتھ اندر آیا۔

لیکن مکان کی ہیئت دیکھ کر پاگلوں کی طرح ہم سب ایک دوسرے کا منہ تکنے لگے "یہ ـــــ یہ سب کیا ہے ـــــ؟"

"مکان کا نقشہ تو وہی ہے ابّا جی ـــــ" میں نے اِدھر اُدھر دیکھتے ہوئے کہا "جو یہ رات سے بتا رہا ہے۔"

ابّا جی بھی اب کچھ پریشان نظر آئے۔

ہم سب چھوٹے سے صحن میں کھڑے تھے۔ جس کے سامنے والے کونے سے چوبی زینہ جو جگہ جگہ سے ٹوٹا ہوا تھا اوپر کو جاتا تھا۔ دائیں ہاتھ کمرہ بھی تھا ـــ جس کے دروازے کا ایک پٹ ٹوٹ کر گرا ہوا تھا۔ دو کھڑکیاں بھی تھیں۔ جن کی لکڑی اتنی پرانی اور بوسیدہ تھی کہ جگہ جگہ سے درزیں نظر آ رہی تھیں ـــــ کونے میں پرانا ہینڈ پمپ بھی تھا۔ جس کی ہتھی شاید لوگ اکھاڑ لے گئے تھے۔

دروازے کے قریب کھونٹا بھی تھا ـــــ

بائیں طرف کچّا برآمدہ بھی تھا، جس کی چھت میں سوراخ پڑے تھے۔ مٹّی کی ڈھیریاں لگی تھیں۔ اور دو ٹوٹے ہوئے مٹی کے چولہے بھی دیوار کے ساتھ بنے ہوئے تھے۔

ہم سب حیرت و استعجاب سے اس ویران مکان کو دیکھ رہے تھے۔ جو جھانے کے نقشے کے مطابق تھا۔ لیکن نہ ہی نیا تھا نہ ہی کوئی سامان پڑا تھا۔ لگتا تھا برسوں سے

غیر آباد پڑا ہے۔

چچا حمید اور ابّا جی حیرت سے ایک دوسرے کا منہ تک رہے تھے۔

جھانا بدحواس سا تھا۔

"میں یہاں پیڑھی پر بیٹھا تھا ـــــ" اس نے برآمدے میں ایک اینٹ کی طرف اشارہ کیا۔ "اور جب میں بھاگا تو اس نے گلاس میرے سر پر دے مارا ـــ میں ـــ"

اس کی بات پوری کرنے سے پہلے ہی ابّا جی کے پاؤں سے کوئی چیز ٹکرائی ـــ انھوں نے جھک کر اٹھائی ـــــ تو خوف سے ان کا رنگ بھی پیلا پڑ گیا۔

یہ پیتل کا بالکل نیا اور تیز کنارے والا گلاس تھا۔

"یہ ـــــ یہی ـــــ یہی تھا ـــــ" جھانا وحشت زدہ ہو کر باہر کی طرف بھاگا۔ ہم سب بھی اندر سے خوف زدہ ہو گئے تھے۔ جلدی سے باہر لپکے ـــــ دروازے کے قریب لگے کھونٹے پر میری نگاہ پڑی ـــــ تو مجھے اس میں نیلے نیلے کپڑے کا ٹکڑا نظر آیا۔

"یہ ابّا جی ـــــ یہ ـــــ" میں نے وہ چھوٹا سا ٹکڑا اُچک لیا اور جھٹ لگا کر دروازے سے باہر آ گیا۔ یہ ٹکڑا جھانے کی شلوار کے پائینچے کا تھا ـــــ جو رات اس کے کھونٹے میں الجھنے سے پھنس گیا تھا۔

ہم سب متوحش اور حیران تھے۔

جھانے کی باتوں کی تصدیق ہو چکی تھی۔

لیکن

تصدیق کے باوجود یقین سے سب کوسوں دور تھے۔

ابّا جی نے دو ایک راہ گیروں کو روک کر پوچھا "یہ مکان کس کا ہے ـــــ؟"

"یہ تو محلّے دار ہی بتا سکتے ہیں ـــــ ویسے برسوں سے خالی پڑا ہے۔ ڈھے رہا ہے ـــ اب تو رہائش کے قابل بھی نہیں۔" ابا جی نے سامنے والے گھر کے دروازے پر دستک

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دی۔ ایک مدبر قسم کے آدمی باہر آئے۔ علیک سلیک ہوئی۔ ابا جی نے ان سے پوچھا

"یہ مکان کس کا ہے ___؟"

"کیوں، آپ خریدنا چاہتے ہیں ___"

"جی نہیں ___ ویسے ہے کس کا ___؟"

"اس کے مالک کراچی میں رہتے ہیں، کوئی خریدنا چاہے تو دے دیں گے"

"یہ ویران پڑا ہے"

"جی ہاں ___ اب تو رہنے کے قابل بھی نہیں ___"

"اس میں جنات تو نہیں رہتے ___؟"

ابا جی کی بات پر وہ آدمی ہنس پڑا پھر بولا "نہیں صاحب، ایسی کوئی بات نہیں۔ مکان غیر آباد اور ویران ضرور ہے لیکن ایسی کوئی بات ہمارے مشاہدے میں تو کبھی نہیں آئی۔ سارا دن یہاں بچے کھیلتے رہتے ہیں۔ ایسی کوئی بات نہیں ___ یقین کریں کسی سے پوچھ لیں ___ ڈر خوف والی کوئی بات نہیں۔ آپ نے خریدنا ہو، تو میں بات کرا دوں گا"

ابا جی نے ان کا شکریہ ادا کیا ___

اور ہم سب انہیں سلام کر کے لوٹ آئے ___ گلاس ابا جی کے ہاتھ میں ہی تھا ___ اور پائینچے سے اُڑا ہوا کپڑے کا نیلا ٹکڑا میں پکڑے ہوئے تھا ___

اب کوئی جھانے کا مذاق نہیں اڑا رہا تھا، ابا جی اور حمید چچا حیران و پریشان نظر آ رہے تھے۔ میں بھی سوچوں میں گم تھا ___

بات یقین کرنے کی بھی تھی۔ اور بے یقینی یقین کو جھٹلا بھی رہی تھی۔

بعض اوقات ایسے واقعات رونما ہو جاتے ہیں۔ جن کی صحت سے انکار نہیں ہوتا۔ لیکن جن میں حقیقت کی پرچھائیں بھی نظر نہیں آتی ___ یہ دنیا واقعی اسرار سے

بھری ہے۔ کوئی نہیں کہہ سکتا کہ انہونی باتیں کیونکر ہو جاتی ہیں ___ یہاں سائنس بھی بے بس نظر آتی ہے۔ حقائق اور دلائل سے کسی وجود اور شخصیت کو ثابت کرنے کا نام ہی تو سائنس ہے۔ لیکن یہ جو واقعہ جھانے کو پیش آیا، اسے حقائق و دلائل سے ثابت کیا جا سکتا ہے؟

لیکن

یہ بھی سچائی ہے، کہ یہ واقعہ اسے پیش آیا تھا۔

کچھ لوگوں نے سُنا تو کہا، کوئی آدم خور ہوں گے ___ لیکن بات یوں نہیں بنتی اگر اس غیر آباد مکان میں آدم خور تھے بھی تو کہاں گئے۔ چولہے ٹوٹے پھوٹے تھے۔ ان میں آگ جلے برسوں بیت گئے۔ پھر گرم گرم پلاؤ کا دیگچہ کیسے پکا۔ بہت سوں کا خیال تھا، کہ یہ جنات کی کارروائی تھی۔

یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے ___ کہ جنات کو اپنی شناخت کروانے کے لیے انسانی ہاتھوں کا پلاؤ پکا کر کھلانا کیوں پڑا ___ کسی اور طریقے سے بھی تو وہ اپنے موجود ہونے کا ثبوت دے سکتے تھے ___ پھر وہ نیا نکور پیتل کا گلاس ___ اور نیلا ٹکڑا ___ عقل بے بس ہو جاتی ہے۔ اور......

سوچ و فکر کی حدیں ختم ہو جاتی ہیں۔

کچھ پلے نہیں پڑتا ___ سوچتے ہیں ___ سوچتے ہیں۔

پھر بھی

کچھ پلے نہیں پڑتا ___

اس واقعے کو برسوں بیت چکے تھے تب میں کم سن تھا۔ اب تو زندگی کے وسیع

تجربے سمیٹ چکا ہوں ___

لیکن

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اس واقعے کو جب بھی یاد کرتا ہوں ـــــ بالکل تازہ لگتا ہے۔ لیکن ابھی تک میں اس مسئلے کو سلجھا نہیں پایا ـــــ میرے بچے اسے بالکل اہمیت نہیں دیتے۔ ایک طلسماتی کہانی سمجھتے ہیں اسے، میرے پوتے پوتیاں تو فرمائش سے یہ رونگٹے کھڑے کر دینے والی کہانی مجھ سے سنتے ہیں۔

لیکن

میں ان سب کو کیسے بتاؤں۔ کیونکر سمجھاؤں کہ یہ کہانی نہیں ـــــ ایک واقعہ ہے، ایک حقیقت ہے ایک سچائی ہے ـــــ

میرے پاس اس واقعے، اس حقیقت اور اس سچائی کو ثابت کرنے کو کچھ ہے بھی تو نہیں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

ٹھکانے

سیڑھیاں اُترتے اُترتے میرے قدم آپوں آپ رُک گئے۔ اور میرے کان کمرے سے آنے والی آوازوں پر کھڑے ہو گئے۔

میاں بیوی کی باتیں سننا خلاف تہذیب اور غیر اخلاقی حرکت سہی۔ لیکن میں کیا کرتی۔ میرا نام بار بار لیا جا رہا تھا۔ جھگڑا ہو رہا تھا۔ اور اس جھگڑے میں میری ذات ملوث تھی۔ میرے قدم آپوں آپ کیوں نہ رُک جاتے۔

فائزہ برملا کہہ رہی تھی "اس گھر میں میں رہوں گی یا تمہاری بہن۔ بہت سہہ لیا۔ برداشت کر لیا۔ مجھے بھی خود مختاری چاہیے۔ مجھ سے اس کی غلامی نہیں ہو سکتی" وہ بہت کچھ کہے گئی۔

میرا چھوٹا بھائی نسیم بیوی کی ڈانٹ سہتے ہوئے اسے آہستہ بولنے کو کہہ رہا تھا۔

"باجی ابھی نہیں گئیں۔ سن نہ لیں تمہاری بک بک۔ آہستہ بولو"

وہ چمک کر بولی "سُن لے تو اچھا ہی ہے۔ عقل مند ہو گی تو جان چھوڑ دے گی ہماری۔ ساس نہیں تھی۔ یہ نند سر پر چڑھی بیٹھی ہے"

"فائزہ" نسیم نے پھر کہا۔

"میری بات کا جواب دو" وہ تیزی سے بولی "ایک فیصلہ کر لو۔ بہن کو یہاں ہی رہنے دینا ہے تو پھر میرے لیے گھر کرائے پہ لے لو۔ میں نے کہہ دیا ہے۔ یہاں وہ رہے گی یا میں۔ نبیلہ خوش قسمت ہے چلی گئی۔ میں جلنے کڑھنے کو یہاں رہ گئی۔ بس اب میں کچھ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

برداشت نہیں کر سکتی۔ پھر وہ بڑبڑ کرنے لگی۔ میرے کانوں نے جو کچھ اخذ کیا یہی تھا کہ اسے میری چھوٹی بھابی اور بھائی شمیم کے دوبئی چلے جانے کا دکھ تھا۔ اس کا خیال تھا کہ وہ دونوں مجھ سے جان چھڑا کر چلے گئے۔ اور یہاں اسے سزا بھوگنے کو رہنا پڑ رہا ہے۔

لڑائی جھگڑا نسیم اور فائزہ میں اکثر ہی ہوتا رہتا تھا۔ شادی کو تیسرا برس رہا تھا۔ بچہ بھی ہو گیا تھا۔

لیکن

وہ اکثر خاموش ہی رہتی تھی۔

اور

پچھلے سال جب شمیم ڈیپوٹیشن پہ دوبئی چلا گیا تھا۔ فائزہ کا لڑنا جھگڑنا بہت حد تک بڑھ گیا تھا۔

میں نے اسے میاں بیوی کا معاملہ سمجھ کر کبھی دخل اندازی نہیں کی تھی۔

لیکن

آج

میں جو کچھ سن رہی تھی۔ لگتا تھا پگھلتی آگ میرے کانوں میں اتر رہی ہے۔ میں نے تو کبھی سوچا بھی نہیں تھا۔ کہ فائزہ مجھ سے اتنی نالاں ہے۔ مجھے اپنے اوپر اتنا گراں بار سمجھتی ہے۔ اپنی خوشیوں اور آزادی کا قاتل گردانتی ہے۔

وہ بولنے بکے جا رہی تھی۔ اور نسیم چپ چاپ سنے جا رہا تھا۔ اسے ٹوکتا بھی تو صرف یہی کہتا "آہستہ بولو۔ باجی سن نہ لیں۔"

وہ اس کی اس بات پر اور چمک جاتی تھی۔ غصے سے بل کھاتی تھی اور اس طرح بولتی تھی۔ کہ مانو قینچی کتر کتر کرتی چلی جا رہی ہے۔ آج وہ فیصلہ کرنے پر تلی تھی۔ کہ اس گھر میں وہ رہے گی یا میں۔

جب وہ کسی طور چپ ہونے میں نہ آئی۔ اور اس کی آواز اور بھی بلند ہونے لگی تو نسیم نے شاید ہاتھ جوڑ کر کہا۔ "خدا کی بندی چپ ہو جا اب تو۔ چلو تیری بات مان لیں گے۔ الگ گھر کہو گی تو ایک گھر لے دوں گا۔ یہاں اپنا چولہا چوکا الگ کرنا چاہو گی تو وہ الگ کر لیں گے۔ جیسے کہو گی ایسے ہی کروں گا۔ ٹھیک اب تو خوش ہو جا۔ فائزہ میں نہیں خوش دیکھنا چاہتا ہوں۔ تم میری زندگی ہو جان ہو۔ سب کچھ تم ہی تو ہو تم خوش ہو بھلے باجی ناراض ہو جائے۔ میں کچھ پرواہ نہیں کروں گا۔ بس۔ اب تو مان جاؤ جان۔ خوش ہو جاؤ۔ مسکرا تو دو۔"

اور پھر

شاید نسیم اسے خوش کرنے اور مسکرانے پر آمادہ کرنے کے لیے مردانہ حربے استعمال کرنے لگا۔

میں چند لمحے وہیں پتھرائی سی کھڑی رہی۔

پھر بمشکل اپنا آپ گھسیٹتی سیڑھیاں دبے پاؤں واپس چڑھتے اپنے کمرے میں آ کر بستر پر گر گئی۔ میری آنکھوں میں اندھیرا اترنے لگا۔ اور میں جو چالیس سال کے لگ بھگ کی تجربہ کار اور جہاندیدہ عورت تھی۔ اس کل کی لڑکی سے مات کھا کر بے حال ہونے لگی۔ مجھے سمجھ نہیں آ رہا تھا۔ کہ میں نے ایسا کونسا تیر مارا ہے جو فائزہ کے جگر کے آر پار ہو گیا ہے۔ میں نے تو اسے کبھی بھابی سمجھا ہی نہیں تھا۔ بہو بنا کر لائی تھی۔ اور بیٹی بنا کر گھر میں رکھا تھا۔ حتی الامکان کوشش کی تھی کہ وہ سکھی رہے، خوش رہے۔ اس پر گھر کی ذمہ داری نہیں ڈالی تھی۔ کوئی پابندی نہیں لگائی تھی۔ اور تو اور اس کے بچے کو بھی میں سنبھالتی تھی۔ میں کیا جانتی تھی۔ کہ میری یہی ہمدردی اور ذمہ داری اُسے گراں گزر رہی ہے۔ اور وہ میری ان ساری خدمت گزاریوں کو غلط مفہوم دے رہی ہے۔

میں سر تھامے سوچ رہی تھی۔ یہ ذہنی صدمہ میرے لیے بالکل غیر متوقع تھا۔ میں نے تو ان سب کے لیے جو قربانی دی تھی۔ وہ شاید ہی کوئی دے سکتا ہو۔ میں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نے کیا کھویا تھا کیا پایا تھا۔ تپتے ذہن سے میں تجزیہ کرنے کی کوشش کرنے لگی مگر فائزہ ہی نے بک بک کی ہوتی تو شاید مجھے اتنا صدمہ نہ ہوتا۔ مجھے تو دکھ نسیم کی باتوں سے ہوا تھا۔ بیوی کی خوشنودی کے لیے وہ بہن سے الگ ہونے کی باتیں کتنے سہل انداز میں کر رہا تھا۔ اس بہن سے جس نے اپنی زندگی کی ہر خوشی اس کے لیے تیاگ دی تھی۔

میں نے اس بات کو کبھی احسان نہیں سمجھا تھا۔ کبھی پار بھی نہیں جانا تھا۔ فرض سمجھ کر سب کچھ کیا تھا۔ کیا یہ میری قربانی نہیں غلطی تھی؟

میں سر تھامے بیٹھی تھی اور ماضی کا لمحہ لمحہ سرک سرک کر میری آنکھوں میں اُتر رہا تھا۔ سولہ سترہ سال کی بھولی بسری یادیں اور ذہن سے نوچ نوچ کر الگ کیے ہوئے لمحے نشتر بن کر من میں چبھنے لگے۔ تب میری نئی نئی شادی ہوئی تھی۔ ہر جوان جوڑے کی طرح میں اور عقیل بھی اپنے آپ کو دنیا کا خوش قسمت ترین جوڑا سمجھتے تھے۔ میرا تعلق ایک سفید پوش متوسط گھرانے سے تھا۔ میرے سسرال میں خوشحالی نسبتاً زیادہ تھی۔ اس لیے کہ باپ سمیت تینوں بھائی برسرِ روزگار تھے۔ ایک ہی گھر میں سب مِل جُل کر رہتے تھے۔ سارے نظام کا مرکز میری ساس تھی۔ تینوں بیٹے ساری کمائی ماں کی جھولی میں لا کر ڈال دیتے تھے۔ پھر ماں ہی انہیں اور ان کی بیویوں کو جیب خرچ دیا کرتی۔ اس کا طریق کار اور گھر کے لوگوں پر اتنی مضبوط گرفت تھی۔ کہ کمائی گر بیٹوں کو بھی اس کے سامنے زبان کھولنے کی جرأت نہ تھی۔ عقیل کی دو بہنیں ابھی کنواری تھیں، اور جب تک وہ بیاہی نہ جاتیں گھر کا سلسلہ اسی طرح چلنا تھا۔

میں خوش تھی۔ اپنے سے زیادہ خوشحال گھرانے میں آئی تھی۔ یہاں کسی چیز کی اگر بہتات نہ تھی تو کمی بھی نہیں تھی۔ دونوں نندوں کے جہیز بن رہے تھے میرے ماں باپ کی طرح جہیز بناتے بناتے یہ لوگ قرضے کے بار تلے نہیں دب رہے تھے۔ میں جانتی تھی کہ

میری شادی کے لیے امّاں ابّا کو کتنی کٹھنائیوں سے گزرنا پڑا اور جو قرض انہوں نے اٹھایا ہے مہینوں تو کیا سال دو سال میں بھی اُتار نہ پائیں گے۔

لیکن پھر بھی میں خوش تھی۔ میرے والدین خوش تھے۔ میری شادی کرکے وہ اک بڑے فریضے سے سبکدوش ہو گئے تھے۔

ابا جی خوشی سے جھوم کر اماں سے کہتے "بڑی بھاگوان ہو۔ بیٹی کی شادی کر دی۔ بااے کرتے ہی اتنا اچھا رشتہ مل گیا"

"ہاں" امّاں بھی خوشی کا اظہار کرتی "بروقت رشتہ مل گیا۔ جوان لڑکی کو گھر بٹھائے رکھنا پڑتا۔ تو دن کا چین اور راتوں کی نیند حرام ہو جاتی"

ابا ہنس پڑتے "اب تو سکھ کی نیند سوؤ"

"بالکل" اماں کا لہجہ سکون بھرا ہوتا۔ اب تو دس بارہ سال کے لیے بے فکر ہو گئی ہوں۔

"سمیعہ ابھی آٹھ سال کی ہے"

"اور نسیم، شمیم۔ ان کی فکر نہیں؟"

"لڑکے ہیں۔ اپنے پیروں پر کھڑے ہوں گے تو دیکھا جائے گا۔ پھر وہ بھی تو ابھی چھوٹے ہیں۔ بارہ سال کا تو ہوا ہے نسیم۔ شمیم دس سال کا ہے۔ ان کی بھی ابھی سے کیا فکر کروں۔ ابھی پڑھیں لکھیں ربیعہ جوان تھی۔ خدا کا شکر ہے اپنی گھر کی ہو گئی"

میرا اور نسیم کا دس سال کا فرق تھا۔ میری پیدائش کے بعد اماں بیمار پڑ گئی تھیں کسی کو یقین نہ تھا کہ وہ صاحب اولاد ہو سکیں گی۔ لیکن دس سال بعد خدا نے بیٹے سے نوازا اور یوں اوپر تلے تین بچے ہو گئے۔ سمیعہ دونوں بھائیوں سے چھوٹی تھی۔ اور ان دنوں صرف آٹھ سال کی تھی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

خوشیاں زندگی کے ساتھ آنکھ مچولی کھیلنے کی شاید عادی ہوتی ہیں، لپک جھپک آتی ہیں اور دیکھتے ہی دیکھتے غائب بھی ہو جاتی ہیں۔ بعض اوقات ان کے نظر آنے کا وقفہ لمبا ہوتا ہے اور غائب ہونے کا تھوڑا۔ لیکن کبھی کبھی یوں بھی ہوتا ہے کہ یہ نظر صرف فریب نظر کی طرح آتی ہیں۔ اور زندگی میں اماوس کی راتوں کے اندھیرے بکھیر کر اس طرح غائب ہو جاتی ہیں۔ کہ یقین ہی ٹوٹ جاتا ہے کہ کبھی اب پھر ان کے دمکتے چمکتے چہرے دیکھ پائیں گے۔

ہمارے ساتھ بھی یہی ہوا۔ ہم ابھی خوشیوں کی پوری طرح شناخت بھی نہ کر پائے تھے۔ ان سے نبھا کرنا بھی نہ سیکھا تھا انہیں سنبھالنا نہ آیا تھا کہ لگا بجلی کا بٹن دباتے ہی جگمگا ہٹیں غائب ہو گئی ہیں اور ایسا گھورا اندھیرا چھا گیا ہے کہ ہاتھ کو ہاتھ سجھائی نہیں دیتا۔ رستے ڈھونڈنے اور اس سے چھٹکارا پانے کا تو خیال بھی محال تھا۔

ابا اور اماں کسی عزیز کی فوتیدگی پر دوسرے شہر گئے۔ واپس تو ہوئے لیکن اس طرح نہیں جس طرح گئے تھے۔ بس کے حادثے نے ان کی لاشیں بھی مسخ کر ڈالی تھیں۔ دونوں میں اعتماد اور پیار اس حد تک تھا کہ جیئے بھی اکٹھے اور مرے بھی اکٹھے۔ یہ اک ناگہانی صدمہ تھا۔ جو مجھ پر اور میرے بھائی بہنوں پر ٹوٹا۔ اک کہرام بپا ہو گیا۔ قیامت ٹوٹ پڑی۔ صدمے نے میرا دماغ ماؤف کر دیا۔ چھوٹے چھوٹے بھائیوں اور کم سن بہن کو سینے سے لگا لگا کر میں تڑپ تڑپ کر روئی۔ اس وقت تو صرف بچھڑنے کا صدمہ تھا۔ جدائی کا دکھ تھا۔ ناگہانی آفت کا رونا تھا۔ میں نے تو جانا ہی نہیں تھا کہ ان کی موت ہم پر کس طرح اثر انداز ہو گی۔ زندگی کے رخ ہی بدل جائیں گے۔ سوچیں بھی بدل جائیں گی متعین راستے ہی گڈمڈ ہو جائیں گے۔

مہینہ بھر تو گھر میں لوگوں کی بھرمار رہی اماں اور ابا کے رشتہ دار آتے جاتے رہے۔ میرے سسرال والے ہمدردیاں جتاتے رہے۔ مجھے بالکل نہیں لگا کہ ہم لوگ ایکا ایکی

بالکل تنہا رہ گئے ہیں۔ سہارے ٹوٹ گئے ہیں اور بار گراں سروں پر آن پڑا ہے۔ مجھے تو سچی بات اتنے دنوں ہونے والے خرچے کا بھی کچھ پتہ نہیں چلا کہ کس کس نے کیا ہے۔ اماں ابا کے رشتہ داروں ہی نے ساری ذمہ داریاں نبھائیں۔ لیکن کب تک۔ چالیسویں کے بعد قریبی عزیز بھی اپنے اپنے گھروں کو سدھارے۔ اور گھر کی ذمہ داریاں میرے سپرد کیں تو مجھے لگا جیسے سارے گھر کی چھتیں مجھ پر آن گری ہیں۔ میں ان کے نیچے دب گئی ہوں۔ کچھ اس طرح کہ نکلنا چاہوں بھی تو نکل نہ پاؤں گی۔

میں بے حد پریشان ہوئی۔ اتنی پریشانی کہ سوجھ بوجھ ہی نہ رہی۔ نسیم شمیم اور سمیعہ تو اتنے چھوٹے تھے کہ ساری پریشانیاں ان کے لیے بے معنی تھیں۔ اماں ابا کو یاد کر کے کسی وقت رو لیتے تو سارا وقت ہنستے کھیلتے بھی پھرتے تھے۔ ان کے ذہنوں نے صدمے سے اثر تو لیا تھا۔ لیکن صدمے کی نوعیت کو نہیں سمیٹا تھا۔ وہ ابھی اتنے باشعور کہاں تھے۔ شعور تو مجھے تھا۔ اور یہ شعور ہی ساری پریشانیوں اور دکھوں کا باعث تھا۔

میں سوچ سوچ کر پاگل ہونے لگتی کہ اب کیا ہو گا؟

کیا بنے گا؟

ان چھوٹے بچوں کو کون سنبھالے گا؟

ان کے اخراجات کہاں سے پورے ہوں گے؟

یہ پڑھیں لکھیں گے کیسے؟

پہنیں گے کہاں سے؟

کھائیں گے کدھر سے۔

ابا اماں تو اندر سے کھوکھلے میری شادی پر ہی ہو گئے تھے۔ نہ زیور کی صورت گھر میں کچھ تھا نہ ہی نقدی۔ لے دے کر ایک گھر ہی تھا۔ لیکن اس پر بھی میری شادی پر لیے گئے قرضوں کا بوجھ تھا۔ مجھے تو اندازہ ہی نہ تھا کہ کتنا قرض ہے۔ قرض دار بھی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اماں ابا کے مرنے کے بعد چالیس دن ہی بمشکل خاموش رہ سکے۔ اپنی رقموں کے ڈوب جانے کے خیال سے بے چین تھے۔ چالیسواں ہوتے ہی سب نے دھیمے دھیمے تقاضے شروع کر دیئے۔ میری پوزیشن بڑی نازک تھی۔ میں ان قرضوں کا کھل کر عقیل یا سسرال سے بھی ذکر نہ کر سکتی تھی کہ ابھی نئی نئی شادی ہوئی تھی اور میکے کا بھرم ٹوٹنا گوارہ نہیں تھا۔

عزت نفس اور انا بھی تو کوئی شے ہے۔

میں نے ماموں اور خالہ سے صلاح و مشورہ کیا۔ ساری سوچ بچار کے بعد اسی نقطے پر پہنچے کہ گھر کو گروی رکھ کر قرض داروں کے منہ بند کیے جائیں۔

"لیکن" یہ لیکن میرے دماغ کو داغ رہا تھا۔ میں رو رو کر بے حال ہو جاتی۔ قرض کچھ نہ کچھ ادا کر بھی دیا۔ تو ان بھائیوں اور بہنوں کا کیا کروں گی۔ ماموں خالہ پھوپھی چچا کوئی بھی یہ بار اٹھانے کو تیار نہ تھا۔ مال و دولت ہوتا تو شاید یہ رشتہ دار بھی تحفظ کے لیے اپنے دامن پھیلا دیتے۔ مفت کے بوجھ اٹھانے کو کون تیار ہوتا۔ میں نے یہ ناپسندیدگی ان کی آنکھوں میں پڑھ لی تھی اور ایک نے تو دبے لفظوں میں اسے میری ذمہ داری بھی قرار دے دیا تھا۔

"شکر کرو۔ تم شادی شدہ ہو۔ بھائیوں اور بہن کا بار اٹھا سکتی ہو۔ تمہاری شادی نہ ہوئی ہوتی تب تو واقعی بہت مشکل تھا۔"

لیکن

میرے دل سے کوئی پوچھتا۔ میرے لیے تو تب شاید اتنی مشکل نہ ہوتی جتنی اب تھی۔

عقیل بہت اچھے تھے۔ میرے دکھ کو سمجھتے تھے۔ مجھے تسلیاں دلاسے بھی دیتے تھے۔ چالیسویں تک وہ یہیں رہے۔ یہاں ہی سے دفتر چلے جاتے۔ اور واپسی پر

گھر چند گھنٹے گزار کر رات پھر یہیں آجاتے میں ان سے لپٹ لپٹ کر روتی اور وہ مجھے تھپک تھپک کر تسلی دلاسے دیتے۔ میرا حوصلہ جی اٹھتا۔ گو ابھی تک ہمارے درمیان مستقبل کے لائحہ عمل کی بات نہیں ہوئی تھی۔ پھر بھی ان کی وجہ سے مجھے بڑی تسلی تھی۔

چالیسویں کے بعد عقیل گھر چلے گئے۔ شام کو چکر لگا جاتے۔ میرے سسرالی عزیز بھی آتے جاتے۔ ان کی تسلیوں تشفیوں سے مجھے بڑا سہارا ملا۔

میں نے چچا اور ماموں کو گھر گروی رکھنے کا کام سونپا۔ اور خود بچوں کی دیکھ بھال میں لگ گئی۔ بچے سکولوں سے غیر حاضر رہے تھے۔ نسیم کا تو نام بھی کٹ گیا تھا۔ بڑی دوڑ دھوپ کے بعد اس کا نام بحال کروایا۔ ان کی کتابیں اور یونیفارم درست کیے اور انہیں باقاعدہ سے سکول بھیجنا شروع کیا۔ ان سب چیزوں کے لیے میں نے پیسے کہاں کہاں سے بٹورے یہ اک لمبی دکھ بھری کہانی ہے۔

بچے سکول جانے لگے اور میں گھر بار ٹھیک کرنے لگی۔

کچھ رشتہ داروں نے مجھے مشورہ دیا "ربیعہ جب تک بچے چھوٹے ہیں۔ ان کی دیکھ بھال کی ذمہ داری تمہارے کندھوں پر ہی ہے۔ اچھا کرو۔ تو عقیل کو کہو یہاں ہی آجائے۔ وہ وہاں رہ رہا ہے تم یہاں۔ یہ کوئی اچھی بات نہیں۔"

مشورہ میرے دل لگا۔ میں نے اسی شام جب عقیل آئے۔ تو ان سے کہا "آپ یہاں ہی آجائیں نا۔ جب تک بچے چھوٹے ہیں ان کی نگہداشت اور دیکھ بھال مجھے ہی کرنا ہے۔ اور کون ہے جو یہ بار اٹھائے گا۔"

عقیل نے ایک دم سے کوئی جواب نہ دیا۔

"کیوں عقیل۔ کیا یہ ٹھیک نہ رہے گا۔ مجبوری ہے نا۔ کیا کروں۔"

"اماں سے پوچھ کر بتاؤں گا۔"

میں نے جلدی سے کہا "بے شک روز وہاں بھی ہو آیا کرنا۔ میں بھی جایا کروں گی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"وہ تو ٹھیک ہے۔ پر اماں سے پوچھے بغیر میں کیا کہوں؟"

"اماں سے میں منت کروں گی۔ وہ ضرور اجازت دے دیں گی۔ وہ بھی جانتی ہیں کہ اس کے سوا اور کوئی چارہ نہیں۔ کوئی ان بچوں کو سنبھالنے والا ہوتا تو یہ صورتحال نہ ہوتی۔" میں رو پڑی تو عقیل نے بڑے پیار سے مجھے تسلی اور دلاسہ دیا۔

دوسرے دن میں بڑے تجسس اور انتظار میں تھی۔ عقیل شام آئے تو میں نے آتے ہی کہا "بیگ میں کپڑے ہی لے آتے صبح ادھر ہی سے دفتر جانا ہے نا۔"

"کیوں؟"

"اماں نہیں مانتیں۔"

میرا دل دھک سے رہ گیا۔ میں نے پھٹی پھٹی آنکھوں سے عقیل کو دیکھا۔ وہ نظریں چُرا رہے تھے۔ میں کچھ نہیں بولی۔ عقیل تھوڑی دیر بیٹھ کر چلے گئے اور میرے لئے الجھنوں اور مسائل کے انبار چھوڑ گئے۔ میں سوچوں میں ڈوب گئی۔ مجھے کیا کرنا چاہیے؟ سوچتے سوچتے میرا دماغ ماؤف ہونے لگا۔

میرے لیے سب سے بڑی پریشانی روپے پیسے کی تھی۔ کوئی ذریعہ آمدنی نہیں تھا۔ اب تک جو کچھ خرچ ہوا تھا۔ وہ تو کسی نہ کسی طرح کر لیا تھا۔ کچھ ابا کے فنڈز ملے تھے۔ کچھ گھر گردی رکھ کر بچا تھا۔ قرضے نہ دینے ہوتے تو یہ پیسے کچھ دیر اور چل سکتے تھے۔ لیکن قرضوں کی ادائیگی بھی ضروری تھی۔ میرے پاس جو پیسے تھے وہ بھی خرچ ہو چکے تھے۔ سمجھ میں نہ آتا تھا کہ کیا کروں۔ عقیل یہاں آجاتے تو اپنی گھر گرہستی شروع ہو جاتی۔ بچوں کا بار بھی سمیٹ لیتی۔ لیکن انہوں نے کہاں آنا تھا اماں اتنی زور آور تھیں۔ کسی بچے کی کیا مجال جو ان کی حکم عدولی کر سکے۔

میں ساری رات بے یقینی اور پریشانی سے کروٹیں بدلتی رہی۔ میں کونسی جہاندیدہ اور تجربہ کار تھی کہ سکون اور اطمینان سے تجربوں کی روشنی میں کوئی پلان بناتی۔ کبھی

جی چاہتا بچوں کو یتیم خانے داخل کرا دوں۔ کبھی سوچتی انھیں بھی سسرال لے جاؤں۔ کبھی غصہ آتا تو جی چاہتا ساس کا منہ نوچ لوں۔ کبھی عقیل پر تاؤ آتا کہ جھنجھوڑ ڈالوں انہیں ان کی بے بسی پر۔

چند روز اسی الجھاؤ میں گزرے۔

اس شام میری ساس آگئیں۔ مجھے گلے سے لگایا۔ میرے ساتھ آنسو بہائے۔ پھر تسلی دلاسے دیئے میری بہن بھائیوں کے سروں پر ہاتھ پھیرا۔ پھر ٹھنڈی آہیں بھرتے ہوئے بولی "بیٹی کب تک یہاں بیٹھی رہو گی۔ تمہارا گھر تمہارے بغیر سونا ہے۔ عقیل بھی تنہا ہو گیا ہے۔ اب گھر چلو۔ بچوں کو دوسرے چوتھے دیکھنے آجایا کرو۔ آخر کب تک تم اپنی ذمہ داریوں سے منہ موڑے ان کی ذمہ داریاں سنبھالو گی؟"

میں ہونقوں کی طرح ساس کا منہ تکنے لگی۔ غصے اور دکھ سے بولی "ان تینوں کو کس کے سہارے چھوڑ دوں۔ گلے گھونٹ دوں ان کے؟"

"آئے ہائے بہو۔ تم تو خواہ مخواہ ہی بھڑکنے لگیں۔ ان کا بندوبست کرو کوئی۔ کسی کے پاس چھوڑ دو۔ بھرا پرا کنبہ ہے تمہارا۔ ماموں ہے خالہ ہے۔ چچے ہیں۔ پھوپھیاں ہیں ان کی بھی تو کوئی ذمہ داری ہے۔"

ساس سے تکرار کرنا فضول تھا۔ میں نے سنجیدگی سے سوچا۔ ساس جاتے جاتے بڑی الٹی پلٹی باتیں کر گئیں مجھے اگر اپنا گھر بسا رکھنا تھا۔ تو ان بچوں کی ذمہ داری کسی اور رشتہ دار پر ڈالنا ہی تھی۔

میں ماموں کے پاس گئی۔ روئی منت سماجت کی۔ اپنی بربادی نہیں چاہتی تھی۔ ماموں کچھ پسیجے مامی کے ماتھے پر بل پڑ گئے۔ ان کے اپنے بھی تو پانچ بچے تھے لیکن میں بھی کیا کرتی۔

میں نے بچوں کو ان کے ہاں چھوڑا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اور خود عقیل کے ساتھ اپنے گھر آگئی۔

یہاں بھی مجھے سکون تھوڑا ملنا تھا۔ ہر وقت بچوں ہی کا دھیان رہتا۔ صبح وشام روتے گزرتے۔ ساس جھلا جاتی۔ نندیں منہ بناتیں اور اٹھتے بیٹھتے عقیل کو سناتیں کہ گھر کیا ہے ماتم کدہ ہے۔ ہم پر بھی خواہ مخواہ کی ڈپریشن طاری رہتی ہے۔ بھابی کو تو وہیں چھوڑ آؤ۔ یہاں اب ان کا جی نہیں لگتا۔

میں سب کچھ سنتی دل ودماغ پر آرے چلتے۔ مجبوراً برداشت کرتی۔

ایک ہفتہ بھی نہ گزرا کہ مامی آگئیں۔ وہ بچوں سے بڑی نالاں تھیں۔ اور انہوں نے صاف طور پر کہہ دیا۔

"ہمارے گلے مصیبت ڈال کر یہاں بیٹھی ہو۔ ہم انھیں نہیں رکھ سکتے۔ ناک میں دم کر دیا ہے کم بختوں نے کھلاؤ پلاؤ الگ اور دردسری مول لو الگ۔"

میں مامی کے ساتھ ہی ان کے گھر آئی۔ بچے مجھ سے لپٹ گئے۔ تینوں چیخ چیخ کر رونے لگے۔ "ہمیں اپنے ساتھ لے چلو باجی۔ ہم یہاں نہیں رہیں گے" وہ بلک بلک کر کہہ رہے تھے۔ بچوں کے کپڑے انتہائی غلیظ تھے۔ منہ ہاتھ بھی شاید نہیں دھوئے تھے۔ سمیعہ کے نرم وملائم بال تو مٹی سے اٹے تھے۔ اس کی سرخ وسپید رنگت مٹیالی ہو رہی تھی۔ وہ مجھ سے لپٹ کر سسک رہی تھی۔ میرا جی بھر آیا۔ میں بہت روئی۔ ماموں تو گھر پہ نہیں تھے۔ مامی ہی انہیں کوسے جا رہی تھی۔

میں جذباتی ہو گئی۔ مامی کی باتوں کا رندھے گلے سے تلخ تلخ جواب دیتے ہوئے میں نے بچوں کی چیزیں سمیٹیں۔ اور انہیں ان کے گھر لے آئی۔ بچوں پر جو جو سختی اور زیادتی مامی نے کی تھی۔ ان کی زبانی سن سن کر میرا دل دہل دہل گیا۔ میں سب کو گلے لگا کر روتی رہی۔

لیکن رونے دھونے سے مسئلے حل ہونے لگیں تو دنیا آنسو بہا بہا کر سیلاب

لے آئے۔ اس وقت ہوش مندی اور دانش مندی سے قدم اٹھانے کی ضرورت تھی۔

لیکن میری رہبری کرنے والا کون تھا؟

میں بچوں کو لے کر سسرال آگئی۔

اور عقیل کی موجودگی میں ساس سے دوٹوک انداز میں کہا۔ "خدا نے یہ مصیبت اور آزمائش مجھ پر ڈالی ہے۔ یہ میری ذمہ داری بن گئے ہیں۔ جب تک نسیم اس قابل نہیں ہو جاتا کہ دونوں بہن بھائی کا بوجھ اٹھا سکے۔ انہیں میری ضرورت ہے۔ میں انہیں نہیں چھوڑ سکتی۔ آپ چاہیں تو انہیں میرے ساتھ یہیں رہنے کی اجازت دے دیں۔ نہیں تو عقیل کو میرے ساتھ اس گھر میں جانے دیں۔ اس کے سوا اور کوئی چارہ نہیں۔ میری ساس نے موقع کی نزاکت دیکھتے ہوئے بڑے اطمینان سے کہا۔ "بوجھ تو بہت ہے۔ لیکن کوئی بات نہیں میں اپنے بیٹے کا گھر بستے ہی دیکھنا چاہتی ہوں۔ جیسے تیسے ان کی بھی گزر ہو جائے گی۔ بچوں کو اپنے پاس یہیں رکھ لو۔

میں اپنی ساس کی وسعت قلبی سے بے حد متاثر ہوئی۔ جی چاہا ان کے قدموں پر سر رکھ دوں۔ میں نے روتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا۔

اور بچے میرے ساتھ اسی گھر میں رہنے لگے۔ لیکن میں نے جلد ہی محسوس کر لیا۔ کہ چیز اپنے ٹھکانے پر ہی بھلی لگتی ہے۔ بچوں کے گھر میں آنے سے گھر کا کوئی فرد خوش نہ تھا۔ میری جیٹھانیاں اور نندیں تو بہت جلد بیزار ہو گئیں۔ ہر وقت ناک بھوں چڑھائے کچھ نہ کچھ کہتی رہتیں۔ میں بچوں کو ڈانٹتی۔ مارتی۔ برا بھلا کہتی۔ انہیں چٹکیاں کاٹ کاٹ کر ان کے جسم نیلے کر دیئے لیکن وہ بچے تھے۔ کیا سمجھتے۔ انہیں کھانا بھی چاہیے تھا۔ کھیلنے کی بھی ضرورت تھی۔ دوسرے بچوں کے کھلونے اور سائیکلیں ان کے لیے بھی کشش رکھتی تھیں۔

میں سخت اذیت اور ذہنی عذاب سے گزر رہی تھی۔ بچے باغی ہوتے جا رہے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

تھے۔ ان سے بالکل نوکروں کی طرح کام لیا جاتا تھا۔ جھڑکیاں پڑتی تھیں۔ مار کھاتے تھے۔ مجھ سے یہ سب کچھ کیسے برداشت ہوتا۔ یہ بچے اماں ابا کے کتنے لاڈلے تھے۔ میں جانتی تھی۔ ایک دم جو کایا پلٹی تو بیچارے بدحواس ہو گئے تھے۔

میں نے دلجمعی سے سوچا۔ سسرال والے بھی کسی حد تک حق بجانب تھے۔ پرائی بلا کون خوشی سے اپنے گلے ڈالتا ہے۔ خرچہ بھی واقعی بڑھ گیا تھا۔ گھر کے سکون میں بھی بچے مخل تھے۔

میں نے سوچا کیوں نہ نوکری کر لوں۔ کم از کم ان بچوں کے لیے تو پیسے کما ہی لوں گی۔ میری ایک سہیلی کے ابو ایک بہت بڑے بنک کے بہت بڑے افسر تھے۔ اسی نے بتایا تھا کہ مقامی بنک میں ایک خاتون کی آسامی خالی ہے۔ یہ نوکری مجھے باآسانی مل سکتی تھی۔

میں نے عقیل سے بات کی۔

وہ حیرانگی سے بولے "تم نوکری کرو گی"

"ہاں"

"کیوں بچوں کے لیے نوکری کرنا ہے عقیل"

عقیل انتہائی بے رحمی سے بولے "اوہ۔ یہ بات ہے۔ بھئی بچے تو تم جہیز ہی میں لے آئیں۔ اپنے تو جب ہوں گے ہوں گے۔ ان بچوں کی خاطر تم"

"عقیل" میں رک گئی۔

"سچی بات کہوں ربیعہ۔ میں تو اپنی شادی سے پریشان ہوں۔ کیا اسی لیے شادی کی تھی میں نے۔ کہ بیگم صاحبہ توجہ دیں نہ کسی قسم کی دلچسپی لیں۔ تمہیں ہر وقت اپنے بہن بھائیوں ہی کا خیال رہتا ہے۔ میں تو جیسے کچھ ہوں ہی نہیں۔ میں ایسی ازدواجی زندگی سے قطعاً مطمئن نہیں ہوں۔ یہ بات ذہن میں رکھ لو۔ اس پر اب نوکری"

وہ بڑبڑ کرتے کمرے سے باہر نکل گئے۔ اور میرا سر چکرانے لگا۔ اس دن میں نے بیعہ کو بلا وجہ خوب مارا نسیم اور شمیم کے بھی لتے لیے۔ بیچارے سہم کر کونوں میں دبک گئے۔

عقیل مجھ سے دور ہوتے جا رہے تھے۔ ہر وقت غصے میں رہتے۔ بچوں سے پیار ے بولنا چالنا تو کیا انہوں نے تو کبھی ان کی طرف دیکھا بھی نہیں تھا۔ سسرال والے بھی وں سے نالاں تھے۔ حالانکہ سب ان سے نوکروں کی طرح کام لیتے۔ کمروں کی جھاڑ پنچھ۔ جوتے پالش کرنا۔ موٹر سائیکلیں صاف کرنا۔ بازار سے چھوٹا موٹا سودا لانا۔ سب ام انہی سے لیے جاتے۔ پھر بھی سو سو باتیں سننا پڑتیں۔ میں روتی رہتی۔ غصہ ان بےگناہوں نکالتی۔ انہیں مارتی پیٹتی بددعائیں دیتی۔ کسی وقت تو لگتا میرا ذہنی توازن بگڑنے کا ہے۔

میری دوست نے مجھے سمجھایا۔ حالات سے سمجھوتہ کرنے کی ہمت دلائی۔

"دونوں میں ایک کو چن لو۔ یا تو بچوں کو پالو پوسو ان کی زندگی بناؤ۔ یا اپنی ازدواجی ندگی نبھاؤ۔ دونوں اکٹھے نہیں چل سکتے۔ بچے یہاں الٹی حالات میں رہے، تو ان کا لر تباہ ہو جائے گا اور تم بھی کسی مینٹل ہاسپٹل میں پہنچ جاؤ گی۔ یا تو ان بچوں کے لیے قربانی دے ڈالو۔ یا انہیں قربان کر ڈالو"

فیصلہ آسان نہیں تھا۔

میں کئی دن کشمکش و پیچ میں رہی۔

"بچے یہاں نہیں رہ سکتے" ایک دن میری ساس نے کہہ ہی دیا۔ "جہاں چاہو انہیں رکھو۔ یہاں سے لے جاؤ۔ سارے رشتے دار جیتے جاگتے ہیں۔ کہیں چھوڑ آؤ۔ ہمیں کیا پڑی ہے یہ مصیبت گلے ڈال رکھی ہے۔ گھر کا سکون ہی برباد ہو گیا ہے"

میں نے بچوں کو لیا اور گھر سے نکل آئی۔ دکھ اذیت اور پریشانی میں کچھ سوجھا ہی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نہیں۔ میں خالہ کے ہاں آگئی۔ ماموں اور پھپھو کے گھر پہنچی۔ چچا کی منت سماجت کی لیکن وہ تو بچے کہیں رہنے پر آمادہ تھے نہ ہی کوئی انہیں پاس رکھنے کو تیار تھا۔ میں گھر آگئی اور پھر ایک دم ہی فیصلہ کر ڈالا۔ ان بچوں کی خاطر میں ہر قربانی دینے کو تیار ہوگئی۔ میں نے اپنی دوست کی وساطت سے بنک میں نوکری حاصل کر لی۔ یوں مالی مسئلہ حل ہوگیا بچوں کو میں نے سکولوں میں بھیجا۔ اور یوں ماں اور باپ بن کر ان کی پرورش کرنے لگی۔ میں بے حد دکھی تھی۔ لیکن بچے خوش تھے مطمئن تھے۔ اپنا گھر اپنا ماحول مل گیا تھا۔ ماں باپ کا کھویا پیار مجھ سے کشید رہے تھے۔

"اب تو ہم کہیں نہیں جائیں گے نا باجی۔ یہیں رہیں گے نا۔ آپ بھی ہمارے پاس ہی رہیں گی نا" بچے مجھ سے لپٹ لپٹ کر پوچھتے۔

"ہاں" میں ان کے سر منہ چوم کر جواب دیتی "اب ہم سب یہیں رہیں گے۔ کہیں نہیں جائیں گے۔"

عقیل دو چار دفعہ آئے۔ میری نوکری پر اعتراض کیا۔ ساتھ چلنے کو کہا۔

"میں ان بچوں کو چھوڑ کر نہیں جا سکتی" میرا جواب تھا۔

"ان کی خاطر مجھے چھوڑ دو گی"

"چاہتی تو نہیں۔"

"پھر"

"ایک صورت ہے"

"کیا؟"

"آپ یہاں آجائیں"

"میں یہاں نہیں رہ سکتا"

"یہ آپ کا آخری فیصلہ ہے"

"جو بات مناسب ہو وہی کرنا چاہیے"

"بعض باتیں حالات کے تابع ہوتی ہیں عقیل۔ میرے حالات سے آپ بے خبر نہیں ان بچوں کی زندگی داؤ پر نہیں لگائی جا سکتی"

"یہ تمہارا آخری فیصلہ ہے"

"ہاں۔ مجبوری ہے۔ جب تک نسیم سمجھدار نہ ہو جائے میری ذمہ داری ہیں"

"ان کی خاطر اپنا گھر برباد کر رہی ہو"

"شاید قدرت کو یہی منظور تھا۔ آپ اپنے فیصلے میں ذرا لچک پیدا کر لیں تو شاید حالات بہتر ہو جائیں" عقیل جب بھی آتے یہی بحث ہوتی۔ میرے فیصلے میں تبدیلی کا سوال ہی نہ تھا۔ عقیل بھی سمجھداری سے کام نہیں لے رہے تھے۔

پھر انہی دنوں اک نئی پریشانی نے مجھے آن گھیرا۔ مجھے اپنے اندر تبدیلی کا احساس ہوا۔ میں ماں بننے والی تھی۔ ماں بننا دنیا کی سب سے بڑی خوشی اور تفاخر کا خوش کن احساس ہے۔ میں خوشی سے باؤلی سی ہوگئی۔ میرے اور عقیل کے درمیان یہ اٹوٹ بندھن تھا۔ زنجیر بنی جو ناساعد حالات میں بھی ہمیں باندھ رکھتی۔ میں یہ خوشخبری عقیل کو سنانے کے لیے بے تاب تھی۔

"اب تو وہ یہاں رہنے پر آمادہ ہو جائیں گے" میں نے سوچا۔ اور عقیل کے آنے کا بے تابی اور بے صبری سے انتظار کرنے لگی۔

لیکن

وہ نہیں آئے۔ ہاں میرے جہیز کا سامان ان کے ہاں سے آگیا۔

میں چکرائی۔ بوکھلائی۔ قطع تعلق کا یہ تازیانہ بڑا شدید تھا۔

میں بھاگم بھاگ اپنے سسرال پہنچی۔ جہیز واپس بھیجنے کے متعلق استفسار کیا تو ساس کی کاٹ دار آواز میں بولی "جہیز ہم نے رکھ کر کیا کرنا ہے۔ اللہ کا دیا بہت کچھ ہے ہمارے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

پاس۔ پھر یہ کرے بھی تو خالی کرنا تھے۔ بھوکا جینے بھی تو آنا ہے۔"

"بھوکا؟"

"ہاں، میں عقیل کی شادی کر رہی ہوں۔ میں اپنے بچے کو تباہ حال نہیں دیکھ سکتی۔"

مجھ پر جو بیتی وہ میں ہی جانتی ہوں۔ میں عقیل سے جُدا ہونا نہیں چاہتی تھی لیکن جُدا کر دی گئی۔ مجھ پر دباؤ ڈالا گیا اور دوسری شادی کی اجازت حاصل کر لی گئی۔

میں ٹوٹ پھوٹ گئی۔ کئی دن تو حواس ہی بجا نہ ہوئے۔ رشتہ داروں نے سانتونا، ہمدردی جتانے آئے۔ میں نے کسی کو نہیں بخشا۔ کسی سے لڑ پڑی، کسی سے الجھی، کسی کا نوچ لیا۔ کسی کے بالوں پر جھپٹ پڑی۔ ان سب سے مجھے نفرت ہو گئی تھی۔ نفرت، شدید نفرت۔

ان حالات میں بھی میری دوست ہی نے مجھے سہارا دیا سنبھالا، اور حالات سے مقابلہ کر لینے کی ہمت دلائی۔

میں قدرے سنبھلی تو مجھے اپنی کوکھ میں پلنے بڑھنے والے وجود کا احساس ہوا۔ عقیل کی یہ نشانی تو تھی میرے پاس۔

"میں اس کے سہارے زندگی کے دن گزار لوں گی" ایک دن میں نے دکھ سے کہا تو میری دوست پریشانی سے بولی "یہ بہت بڑی ذمہ داری ہے ربیعہ۔"

"ہے تو۔"

"کیوں؟"

"تم نے اس کے متعلق عقیل کو بھی نہیں بتایا؟"

"موقع ہی کب ملا؟"

یہی تو غلط بات ہوئی ہے۔ تمہارے سسرال والے پہلے ہی کچھ کم باتیں تو نہیں بنا رہے۔"

"بناتے رہیں۔ سن کر چپ ہو رہنے کے سوا چارہ ہی نہیں۔"

"اس بچے کے متعلق بھی وہ باتیں بنائیں گے۔"

"کیوں؟"

اس کیوں کے جواب میں اس نے جو کچھ کہا۔ میں دل برداشتہ سی ہو گئی۔ عقیل کو میں نے دوسری شادی کی اجازت دے دی تھی۔ لیکن خود طلاق تو نہیں لی تھی۔ میں اب بھی اس کی بیوی تھی اور یہ بچہ عقیل کا تھا۔ لیکن حالات نے جو رُخ اختیار کر لیا تھا وہ بھی سوچ طلب تھا۔

مجھے نوکری کر کے اپنے بہن بھائیوں کا پیٹ پالنا تھا۔ انہیں پڑھانا لکھانا تھا۔ ان پر اپنا آپ صرف کرنا تھا۔ پھر یہ بچے کی ذمہ داری۔؟؟

"ہو سکتا ہے دوسری بیوی تمہیں طلاق ہی دلوا دے" ایک دن میری دوست نے باتوں کے دوران کہا۔

"ہاں ہو سکتا ہے۔"

"کیا مطلب؟"

"مطلب یہ کہ اس کا کیا کرو گی۔ پیدا کر دگی جان جوکھوں میں ڈال کر اسے پالو گی لیکن سر پر عقیل کی تلوار لٹکتی رہے گی وہ جب چاہے گا بچہ تم سے لے لے گا۔"

مجھے یوں لگا جیسے کسی نے میرا کلیجہ نکال کر مسل دیا ہو۔

"پھر دیکھو تو۔ تمہارے اوپر ذمہ داریاں بھی کتنی ہیں: بچہ ہو جانے سے ان سے نبھاہ کرنا پڑے گا۔ تم پہلے ہی اتنی کمزور ہو رہی ہو۔ نوکری کر رہی ہو۔ گھر کا کام کاج کرنا پڑتا ہے۔"

"تو پھر؟"

"پھر یہی کہ یہ بچہ جو تمہارے مصائب میں اضافہ کر دے گا نہیں ہونا چاہیئے۔"

"کیا؟"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"ہاں ربیعہ ٹھنڈے دل سے سوچو۔ ابھی کچھ نہیں گیا۔ تم اس ذمہ داری اور پابندی سے آزاد ہو سکتی ہو۔ جذباتی نہ بنو۔ اطمینان سے جائزہ لو۔ سوچو۔ اور پھر عمل کرو۔"

میں پہلے تو بڑی جذباتی ہوئی۔ بڑا بھڑکی۔

لیکن

جب سکون اور دلجمعی سے سوچا۔ تو مصلحت اسی میں نظر آئی۔ جب گھر بار ہی لٹ گیا۔ ازدواجی زندگی ہی ختم ہو گئی تو پھر اس مصیبت سے نجات پانا ہی بہتر تھا۔

میں یہ بھی کر گزری۔

بہت روئی۔ اپنے آپ کو اپنی تقدیر کو حتیٰ کہ اپنے مرنے والے والدین کو بھی خوب کوسا۔ نہ وہ مرتے نہ میرا گھر اجڑتا۔

لیکن کیا کر سکتی تھی میں۔ تین زندگیوں کا سوال تھا۔ ان چراغوں کو روشن کرنے کے لیے میں نے اپنے چاروں اور اندھیروں کی دیز تہیں چڑھائی تھیں۔

یوں

میں نے اپنی پرمسرت زندگی برباد کر کے

اپنی کوکھ اجاڑ کے

اپنے چھوٹے چھوٹے بہن بھائیوں کے لیے اپنا آپ وقف کر دیا۔ اب میں ہیں نہیں تھی۔ سمیعہ تھی شمیم تھی نسیم تھی۔

وقت گزرتا چلا گیا۔ بچے تعلیمی مدارج طے کرتے گئے۔ شمیم پڑھائی میں کچھ زیادہ تیز نہیں تھا۔

بمشکل بی اے کر سکا۔ ہاں نسیم نے ایم بی اے کر لیا۔ سمیعہ بھی ایف اے میں پہنچ گئی۔

یہ تینوں اب میرے بہن بھائی نہیں بچے تھے۔ میں نے ہمیشہ اسی رنگ میں سوچا۔

نسیم کو ایک اچھی جاب مل گئی۔ شمیم بھی ایک پرائیویٹ فیکٹری میں ملازمت کرنے لگا۔

دونوں بھائی میرے بڑے فرمانبردار تھے۔ جان چھڑکتے تھے مجھ پر۔ سارے فیصلے مجھ پر چھوڑ دیتے اور میرے کیے ہوئے فیصلوں کو سر آنکھوں پر رکھتے۔ تب مجھے یوں لگتا جیسے ساری عمر کی محنت کا ثمر مجھے مل گیا ہے۔

سمیعہ کے لیے رشتے آ رہے تھے۔ نسیم اور شمیم سے پہلے میں اس کی شادی سے سبکدوش ہونا چاہتی تھی۔ اب ہم گھر میں ایک کی جگہ تین کمانے والے تھے۔ اس لیے مالی مسائل کچھ زیادہ نہیں تھے۔

"سمیعہ کی شادی اب کر ہی دیں تو اچھا ہے" ایک دن میں نے دونوں بھائیوں سے کہا۔

"باجی۔ وہ تو ابھی چھوٹی سی ہے" نسیم پیار سے بولا۔

"اتنی چھوٹی بھی نہیں" میں نے کہا۔ اٹھارہ سال کی ہو جائے گی اس دسمبر میں۔"

"لیکن مجھے تو ابھی چھوٹی ہی لگتی ہے۔"

"رشتہ اچھا ہے۔ میری بہت پرانی دوست کا بیٹا ہے۔ فوج میں کیپٹن ہے۔ گھرانہ اچھا ہے۔ اور لوگ بھی خواہشمند۔"

"ٹھیک ہے جو فیصلہ آپ کریں ہمیں منظور ہے۔"

"سمیعہ کی شادی سے فارغ ہو کر تمہارے لیے رشتے تلاش کروں گی۔"

"ہماری فکر نہ کریں باجی۔"

"فکر تو کرنا ہی بھائی۔ سمیعہ کی شادی کر لوں۔ تو پھر تم دونوں بھائیوں کے گھر بھی آباد کر دوں گی۔

اب اپنے اپنے بار تم لوگ خود ہی اٹھاؤ۔

نسیم اور شمیم نے میرے گلے میں بانہیں ڈال دیں۔ مجھے پیار کرتے ہوئے نسیم بھرائی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہوئی آواز میں بولا" باجی آپ نے ہمارے لیے اتنا کچھ کیا ہے۔ کہ شاید ماں باپ ہوتے تو وہ بھی نہ کرتے۔"

"یہ میرا فرض تھا۔"

"اور اب ہمارا فرض ہے کہ آپ کی خدمت کریں۔" شمیم بولا" باجی آپ نوکری چھوڑ دیں۔ اب ہم دونوں کمانے والے ہیں نا۔"

میں ہنس پڑی" نوکری کیسے چھوڑ دوں۔ اچھا بھلا وقت گزر رہا ہے پیسہ بھی ملتا ہے اور وقت بھی اچھا کٹتا ہے۔"

"پیسہ ہم کما رہے ہیں۔ آپ اب آرام کریں۔"

"چلو۔ چلو۔ میں ابھی اتنی بوڑھی نہیں ہوئی۔ کہ گھر پر کھاٹ پکڑ کر پڑ رہوں۔"

دونوں بھائیوں نے بہت زور لگایا۔ قائل کرنے کی کوشش کی۔

لیکن

میں نوکری چھوڑ کر کیا کرتی۔

سمیعہ کا رشتہ طے کر کے میں شادی کی تیاریوں میں جٹ گئی۔ زیور بنوایا کپڑے سلوائے فرنیچر خریدا الیکٹرک کی چیزیں لیں۔ معقول سا جہیز دنوں ہی میں تیار کر لیا۔ سمیعہ بے حد خوش تھی۔ میں اس کی خوشیوں کی ہمیشگی کے لیے دعا گو تھی۔ ان دنوں میرا اپنا آپ اندر سے بکھر بکھر گیا۔ مجھے اپنی شادی کی تیاریاں ہنگامے اور بربادی کے سانحے بے طرح یاد آتے رہے۔

لڑکیاں کیسے حسین خواب بنتی ہیں۔ کتنے البیلے ارمان سجاتی ہیں۔ کتنی سحر خیز دنیا میں جینے لگتی ہیں۔ کیا سوچتی ہیں۔ کیا کچھ چاہتی ہیں؛ میں سب جانتی تھی۔

لیکن

کبھی کبھی انجانے حادثے ان دیکھے آلام اس سہانی دنیا کو کیسے تہس نہس کر دیتے

ہیں۔ زندگی پھولوں لدی جھولتی شاخوں سے ایکا ایکی ٹنڈ منڈ درخت بن جاتی ہے جس پر کبھی کوئی کونپل نہیں پھوٹتی۔ برگ و گل نہیں کھیلتے۔ مجھے اس بات کا بھی تلخ ترین تجربہ تھا۔ اسی لیے میں سمیعہ کی خوشیوں کے لیے ہر لمحہ دعا گو تھی۔

سمیعہ اپنے گھر کی ہو گئی۔ اسے خوش و خرم دیکھ کر مجھے لگتا میری محرومیاں سیراب ہو گئی ہیں۔ سمیعہ کی شادی کے بعد میں نے دونوں بھائیوں کے لیے رشتے تلاش کرنا شروع کیے۔ اب ہماری مالی پوزیشن خاصی مستحکم تھی لڑکے شریف تھے اچھے اچھے گھرانے مجھ سے رابطہ کر رہے تھے۔

میں نے خاصی جانچ پڑتال اور دیکھ بھال کے بعد فائزہ کو نسیم اور نبیلہ کو شمیم کے لیے منتخب کیا دونوں لڑکیوں کا تعلق کھاتے پیتے گھرانوں سے تھا۔ قبول صورت بھی تھیں اور سمارٹ بھی۔ میں نے بھابھیاں نہیں بہوئیں تلاش کی تھیں۔ بہوئیں بنا کر ہی انہیں گھر لائی تھی۔ اور بیٹیاں بنا کر رکھا تھا۔

نبیلہ تو پچھلے سال شمیم کے ساتھ دوبئی چلی گئی تھی۔

فائزہ یہیں تھی۔

نسیم کی نوکری یہیں تھی۔ اس لیے اسے یہیں رہنا تھا۔

میں نے تو کبھی سوچا تک نہیں تھا۔ کہ بھرے پرے اکیلے گھر میں فائزہ کا دم میری وجہ سے گھٹے گا۔ وہ ناآسودہ ہو گی اور میری ذات اس کے لیے بار بنے گی اور میرا بھائی۔ جس کے لیے میں نے اپنی ذات کے ہر پہلو کی سولہ سترہ برس نفی کی ہے۔ بیوی کو خوش کرنے کے لیے اس ذات سے چھٹکارا پانے کے لیے قدم اٹھانے کو تیار ہو جائے گا۔

میں بستر پر اوندھے منہ پڑی تھی۔ میرے ذہن میں جھکڑ چل رہے تھے۔ قیامت کی ہلچل مچی تھی۔ میں نے جو کچھ اپنے کانوں سے سنا تھا۔ کسی اور نے مجھ سے کہا ہوتا۔ تو میں اس

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کا منہ نوچ لیتی۔ کبھی یقین نہ کرتی۔

لیکن

اب جبکہ سیال آگ میرے کانوں میں براہ راست ٹپکی تھی۔ یقین نہ کرتی۔ یقین نہ کرنے کا تو سوال ہی نہ تھا۔

ہاں ایک سوال پوری ـــــ جانداری سے اُبھر رہا تھا۔

مجھے کیا کرنا چاہیے؟

فائزہ اور نسیم یہ گھر چھوڑ کر کسی دوسرے گھر میں بس جائیں۔ تو یہ میری سولہ سترہ سالہ محنت اور قربانی کی سبکی تھی۔ انہیں یہیں رہنا چاہیے تھا۔

لیکن

ہیں۔ میں کہاں جاؤں، میرا ٹھکانہ کونسا تھا کہاں تھا۔ اپنے ٹھکانے تو میں نے ان بھائی بہنوں کے لیے اُجاڑ ڈالے تھے۔ شوہر کا گھر چھوڑ دیا تھا۔ کوکھ میں آگ لگا دی تھی۔

عورت کے یہی تو دو ٹھکانے ہوتے ہیں۔ شوہر کا در یا اولاد کا گھر۔

میرا دماغ سوچ سوچ کر ماؤف ہو رہا ہے۔ نسیں چٹخ رہی ہیں۔ دل دھواں دھواں اور کوکھ جل رہی ہے۔ میں جانتی ہوں ہر چیز اپنے ٹھکانے پر ہی اچھی لگتی ہے۔

لیکن میرے ٹھکانے

میں سوچ رہی ہوں۔ کیا اپنے ٹھکانے جلا کر میں نے غلطی کی تھی؟

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

جیت

میجر نثار اس کا عزیز ترین دوست تھا۔ دونوں کا بچپن ایک ہی قصبے میں گزرا تھا۔ میٹرک تک دونوں نے تعلیم بھی اکٹھے ہی حاصل کی تھی۔ نثار نے گجرات کالج میں داخلہ لے لیا تھا اور وہ لاہور چلا آیا تھا..... یہیں سے ان کے مستقبل کے راستے جدا ہو گئے تھے۔ نثار فوج میں چلا گیا تھا۔ اور وہ ایم بی اے کرنے کے بعد لاہور ہی میں سیٹل ہو گیا تھا۔ قصبے والی جائیداد بیچ کر یہاں ہی کوٹھی بنوالی تھی۔ جس کے عقب میں چھوٹی سی انیکسی بھی بنوائی تھی..... معقول کرائے پر اٹھی رہتی تھی۔ یوں بھی اس نے نوکری کی بجائے اپنا ذاتی کاروبار شروع کر دیا تھا۔ جس میں وقت کے ساتھ ساتھ ترقی ہو گئی تھی۔ اب اس کا شمار اچھے بزنس مینوں میں ہوتا تھا۔ دونوں بہنوں کی شادیاں اس نے دھوم دھام سے کی تھیں۔ اب امی کے ساتھ یہاں رہ رہا تھا۔ شادی ابھی نہیں کی تھی۔ پہلے بزنس کے چکروں میں اُلجھا رہا۔ اب کچھ آزادی ملی تھی۔ دور پار کی کزن پنکی سے نسبت بھی ٹھہر گئی تھی..... پنکی اسے پسند بھی تھی۔ دونوں آزادانہ ملتے جلتے بھی تھے۔ ماں شادی جلد کرنے کی خواہشمند تھی۔ لیکن کوئی نہ کوئی بات ایسی ہو جاتی۔ کہ یہ معاملہ التوا میں ڈالنا پڑتا.....

نثار ملازمت کے سلسلے میں جگہ جگہ گھوم رہا تھا۔ چھ ماہ پہلے اس کی پوسٹنگ لاہور ہوئی تھی۔ اتفاق ہی سے دونوں کی ملاقات ایک سٹور میں ہوئی۔ دونوں ایک دوسرے سے لپٹ گئے۔ اس دفعہ دونوں پورے دو سال بعد ملے تھے۔ اس نے نثار سے گلہ کیا۔

"نوید یار زندگی اتنی مصروف ہو گئی ہے۔ کہ کچھ نہ پوچھو..... رابطہ رہے یا نہ رہے ہم

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ایک دوسرے کو بھول تو نہیں سکتے نا....."

"بس بس باتیں نہ بناؤ..... کہو کیسے ہو؟"

"بس ٹھیک ٹھاک....."

"یہاں کیسے آئے؟"

"پوسٹنگ ہو گئی ہے....."

"بھابی اور بچے"

"میس میں ٹھہرے ہیں۔ ہم لوگ..... یار یہاں گھر ملنا مشکل ہے۔ کوئی مدد کرو نا... عذرا کو میں پنڈی بھی نہیں چھوڑ سکتا تھا.... گھر تو دو ماہ تک اور رکھ سکتا تھا وہاں، لیکن اکیلی کو بچوں کے ساتھ....."

"گھر کا کوئی مسئلہ نہیں..... آج کل ہماری انیکسی خالی ہے۔"

"سچ....."

"ہاں۔ تم بے دھڑک آ سکتے ہو....."

"نوید تم نے تو میری بڑی پریشانی دور کر دی۔ دراصل ان دنوں حالات کچھ ٹھیک نہیں ہیں۔ ہماری ڈیوٹیاں کبھی کہیں لگتی ہیں کبھی کہیں..... ہو سکتا ہے محاذوں پر ہی جانا پڑے۔ میں عذرا اور بچوں کی وجہ سے بہت پریشان تھا..... جب تک ابا جی زندہ تھے..... کوئی مسئلہ نہیں تھا..... وہ عذرا کے پاس ہوتے تھے۔ لیکن ابا جی کے فوت ہونے سے....."

پریشان ہونے کی کوئی بات نہیں۔ انیکسی اتفاق ہی سے خالی ہے۔ آج ہی شفٹ کر سکتے ہو۔ پھر جہاں جی چاہے جاؤ۔ بھابی اور بچوں کی تمہیں فکر کرنے کی ضرورت نہ ہو گی۔ میں ہوں امی ہیں۔ بھابی اور بچے ہمارے بھی تو کچھ لگتے ہیں۔ دیکھ بھال کی پوری ذمہ داری ہماری....."

خوش رہو دوست....."

"نوید نے انیکسی نثار کو دے دی تھی۔ دوستی کا تقاضا تو یہی تھا کہ کرائے کا سوال ہی نہ اٹھے۔ لیکن نثار بضد تھا.....

"جب مجھے کرایہ ملتا ہے گورنمنٹ سے تو پھر میں مفت میں کیوں رہوں۔ یہ کرایہ تمہیں لینا ہی پڑے گا..... ورنہ میں اپنا بوریہ بستر گول کر کے پھر میس میں چلا جاؤں گا....."

"اچھا تو نہیں لگتا۔ لیکن تمہاری مرضی....."

"میرے لیے اتنا ہی بہت ہے یار کہ تم اور خالہ میری بیوی اور بچوں کی نگہداشت کرو گے۔ میں بے فکر ہو کر جہاں بھی رہا رہوں گا....."

"نثار کو اکثر ہفتے عشرے کے بعد دو چار دن کے لیے ادھر ادھر جانا پڑتا..... اب اسے قطعاً کوئی فکر نہ ہوتی..... اسے یوں لگتا عذرا اور بچے اس کے بھرے ہوئے گھر میں رہ رہے ہیں۔

ان دنوں ملکی حالات اچھے نہیں تھے۔ جنگ کے بادل منڈلا رہے تھے۔ میجر نثار بھی اپنی یونٹ کے ساتھ ان دنوں کسی بارڈر پر تھا..... اسی لیے اس دفعہ اتنی دیر کے بعد گھر آیا تھا۔ نوید اس سے ملنے اور کچھ جنگ کی امکانی صورت پر بات چیت کرنے کے ارادے سے برآمدے سے نکل کر انیکسی کی طرف جا ہی رہا تھا کہ نثار لمبے لمبے ڈگ بھرتا اس کی طرف آ گیا۔ وہ وردی پہنے ہوئے تھا۔ دونوں بڑے تپاک سے گلے ملے..... پھر نوید مصافحہ کرتے ہوئے اسے سرتاپاؤں دیکھ کر بولا یار وردی ہی میں سوئے تھے کیا؟"

"کچھ ایسی ہی بات ہے" وہ بھی مسکرایا..... "ابھی جا رہا ہوں واپس..... تم سے ملنے....."

"آئے کب تھے؟"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"رات ایک بجے"

"ایک بجے اور ابھی واپس جا رہا ہوں....."

"دونوں ملکی حالات کی باتیں کرنے لگے..... پھر نثار بولا..... "خالہ کو سلام کر آؤں، پھر جانے کب آنا ہو..... ڈیوٹی پر جا رہا تھا..... موقع مل گیا..... چند گھنٹے گھر گزار لیے....."

"دونوں اندر چلے آئے..... نثار نے نوید کی امی کو سلام کیا۔ انہوں نے دعائیں دیں۔ وہ چند لمحے رُکا..... آتے آتے بولا" خالہ خدا کے بعد عذرا اور بچوں کو آپ کی حفاظت میں چھوڑ کر جا رہا ہوں....."

"تم بالکل بے فکر رہو بیٹا..... عذرا مجھے بیٹیوں کی طرح عزیز ہے..... تمہارے بچے ہمارے بچے ہیں....."

"میں آپ کا بیحد ممنون ہوں....."

"جاؤ..... خدا حافظ....."

"خدا حافظ....."

"نثار انیکسی کی طرف آیا۔ عذرا برآمدے میں کھڑی تھی۔ ببلو اور نو باپ سے لپٹ گئے۔ اس نے دونوں کو پیار کیا..... عذرا سے کچھ باتیں کیں اور جیپ کی طرف چلا آیا۔ جیپ چلی تو بچے لپک لپک کر ادھر آنے لگے۔ ببلو نے تو واویلا مچا دیا..... نثار بیوی بچوں کو بظاہر تسلی دیتے گاڑی نکال لے گیا۔ لیکن کچھ دلگرفتہ سا نظر آ رہا تھا۔

دونوں لمبی ڈرائیو پر گئے تھے۔ موسم خاصہ ٹھنڈا تھا..... آسمان پر بادل گھر کر آ رہے تھے۔ اور ہوائیں بھی چلنا شروع ہو گئی تھیں۔

"شام اُترنے لگی تو پنکی نے اپنی کلائی پر بندھی نازک سی گھڑی پر نگاہ ڈالی۔

"نوید..... اب واپس چلیں....." وہ جلدی سے بولی۔

"کیوں..... زیادہ دیر تو نہیں ہوئی....."

"مجھے لینے ممی آنے والی ہی ہوں گی....."

تو کیا ہوا..... تمہاری ممی میری امی سے کچھ دیر باتیں کر لیں گی۔ ہو سکتا ہے۔ ہمارے مسئلے کا حل ہی تلاش کر لیں" وہ ہنس کر شوخی سے بولا....."

"پنکی نے حیرانی سے اسے دیکھ کر پوچھا" ہمارا مسئلہ؟"

"ہاں بھئی ہماری شادی مسئلہ ہی بنی ہوئی ہے نا....."

"ممی یہی کہیں گی کہ تمہارے پپا دسمبر میں نہیں آ سکتے۔ چھٹی نہیں ملے گی انہیں..... ابھی چند ماہ پہلے تو یہاں سے ہو کر گئے ہیں....."

"ٹھیک تو ہے۔ امریکہ سے آنا آسان تو نہیں۔ جب پپا آئے۔ تو تمہاری امی یہاں نہیں تھیں ثروت آپا کے پاس مسقط جا چکی تھیں....."

میں کچھ نہیں جانتا۔ یہ میرا الٹی میٹم ہے....."

"الٹی میٹم" وہ ہنستے ہنستے دوہری ہو گئی..... "شادی کرنی ہے۔ کہ جنگ کرنے جا رہے ہو؟"

"کچھ سمجھ لو....."

"ویسے نوید مجھے لگتا نہیں۔ کہ دسمبر میں بھی ہماری شادی ہو سکے گی....."

"ملکی حالات تیزی سے خراب ہو رہے ہیں نا..... کوئی پتہ کب جنگ چھڑ جائے....."

"امکان تو بہت ہے..... لیکن میں بتا دوں تمہیں۔ میں نے دسمبر میں شادی ضرور کرنی ہے۔

"جنگ چھڑے نہ چھڑے۔ یہ شادی ہو گی سمجھیں....."

"وہ ہنستے ہوئے بولی" گولیوں بموں کی بوچھاڑ میں شادی کرنا اچھا لگے گا۔ بالکل"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"ہائے..... کیسی باتیں کرتے ہو نوید....."

"جیسی کرنی چاہئیں....."

"مجھ سے تو نہ کرو۔"

"اور کس سے کروں۔"

"اپنی امی سے..... یا پھر میری ممی سے....."

"ٹھیک ہے آج ہی گھر جا کر کروں گا دونوں سے....."

"پنکی شوخ ادائی سے اسے دیکھتے ہوتے بولی" صرف باتیں کرنا..... الٹی میٹم نہ دینا....."

"وہ بھی اسے دیکھ کر مسکرا دیا....."

"ہیلو" نوید نے نثار کو برآمدے میں دیکھا تو لپک کر اس کی طرف آیا۔ لگتا ہے ابھی ابھی آئے ہو....."

"ہاں" وہ اس سے بغل گیر ہوتے ہوئے بولا..... "دوپہر میں آیا تھا....."

"آج بھی ڈیوٹی پہ جاتے ادھر کھسک آئے۔"

"نہیں یار..... پوسٹنگ ہو گئی ہے۔"

"کہاں۔"

"ایسٹ پاکستان۔"

نثار نے ایک گہری ٹھنڈی سانس چھوڑتے ہوئے نوید کی طرف دیکھا۔

"آؤ بیٹھو تو....." نوید نے برآمدے میں پڑی ایزی چیئر کی طرف اشارہ کیا۔ پھر اس کے بیٹھنے کے بعد خود بھی ایک کرسی پر بیٹھتے ہوئے بولا۔ یہ تو بُری خبر سنائی تم نے....."

"بُری کیسے..... سپاہی کی جہاں ضرورت پڑے اسے جانا ہی پڑتا ہے۔"

"پھر نوید نے اس کی طرف دیکھ کر کہا" خاصے پریشان نظر آ رہے ہو..... جنگ کے

امکان بہت بڑھ گئے ہیں نا..... ایسٹ پاکستان میں تو مکتی باہنی سے بھی نبرد آزما ہونا پڑ رہا ہے اور سرحدوں پر بھی خطرہ بڑھ رہا ہے۔

"جنگ ناگزیر ہے نوید۔ لیکن میں پریشان جنگ لڑنے سے نہیں ہوں" اس نے دونوں ہاتھ سر تلے باندھ کر کرسی کی پشت پر سر ٹکا رکھا تھا۔

"تو پھر....."

"صرف عذرا اور بچوں کا خیال آتا ہے....."

"انہیں چھوڑتے ہوئے یقیناً دل پریشان ہو گا....."

"یہ بات بھی نہیں....."

"تو پھر....."

"سوچتا ہوں۔ میں واپس نہ آ سکا تو ان کا کیا ہو گا۔"

"نثار....."

"ہاں دوست..... میں ایک بے سہارا خاندان کا سربراہ ہوں۔ تم جانتے ہو۔ نہ میرا کوئی قریبی عزیز ہے۔ نہ عذرا کا ابا جی زندہ ہوتے تو کوئی پریشانی نہ تھی۔ جب تک زندہ تھے۔ میں عذرا اور بچوں کی وجہ سے کبھی متفکر نہ ہوا تھا۔

"لیکن اب..... اگر....."

"اگر کیا....."

"اگر میں شہید ہو گیا..... تو ان کا کیا بنے گا۔ کس کے سہارے جئیں گے..... میرے بچے اور عذرا....."

"اس کی آواز بھرا گئی..... نوید کا دل بھی ہول رہا تھا۔ وہ چپ رہا..... چند لمحوں بعد نثار خود ہی بولا....." جنگ سے پریشان نہیں ہوں۔ نہ ہی بزدل ہوں۔ گھر آیا ہوں۔ تو عذرا کے شوہر اور بچوں کے باپ کی حیثیت سے سوچ رہا ہوں۔ جب سپاہی میدان

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جنگ میں ہوتا ہے تو وہ اس وقت صرف اور صرف مادر وطن کا بیٹا ہوتا ہے۔ اس کے تحفظ کا سوچتا ہے اور لڑتا ہے۔ بیوی بچے بھائی بہن ماں باپ کوئی یاد نہیں رہتے۔"

"تو..... تو پھر تم پریشان....."

"وہ سیدھا ہوتے ہوئے اداس سی ہنسی ہنستے ہوئے بولا..... کہاں سے ناگہاں آیا ہوں۔ تو ان سب کو دیکھ کر خیال آیا ہے۔ کہ اگر میں واپس نہ لوٹا تو یہ سب کیا کریں گے۔ میرے پاس تو ان کا مستقبل سنوارنے کے لیے کوئی بڑا مالی سہارا بھی نہیں۔ ایک مکان تک اپنا نہیں مجھے کچھ ہو گیا تو یہ کیا کریں گے۔ کہاں سر چھپائیں گے بچے....."

"نثار..... خدا کرے تم زندہ و سلامت لوٹ آؤ..... گھبرانے کی کوئی بات نہیں۔"

"وہ مسکرا کر بولا..... "چھٹی حس ہوتی ہے نا..... وہ مجھے اکسا رہی ہے" کہ ان کا کچھ کر کے جاؤ..... شہادت کا مرتبہ بڑا عظیم ہے۔ یہ قسمت والوں کو ملتا ہے۔ یہ میں جانتا ہوں۔ لیکن پتہ نہیں کیوں؟ پتہ نہیں..... کیوں"

نوید دل گرفتہ سا نظر آنے لگا۔ چند لمحے بوجھل سی خاموشی رہی..... پھر نثار بناوٹی ہنسی ہنستے ہوئے بولا..... میں کتنا بے وقوف ہوں۔ تمہیں خواہ مخواہ پریشان کر دیا....."

"نوید اداس لہجے میں بولا" نثار تم مجھے بھائیوں کی طرح عزیز ہو..... تم پریشان ہو گے تو کیا مجھے کچھ محسوس نہیں ہو گا" چلو چھوڑو یار..... کوئی اور باتیں کرو..... سنا ہے پنکی آئی ہوئی تھی۔ کب تک گھر بسا رہے ہو....."

"نوید اس کی باتیں نظر انداز کرتے ہوئے بولا..... "نثار..... تم بیوی بچوں کی بالکل فکر نہ کرو۔ بے غم ہو کر جاؤ۔ امی ہیں..... میں ہوں۔ ان کی دیکھ بھال کرتے رہیں گے۔"

وہ دکھ سے ہنس کر بولا..... "وہ تو تم کر ہی رہے ہو..... لیکن یہ دیکھ بھال عمروں کا معاملہ بن گئی تو کیا کرو گے۔

"تم اندر سے بے انتہا مایوس ہو....." سچ پوچھو تو دل کہتا ہے، شہادت کا رتبہ

پاؤ گے؟"

نوید چند لمحے چپ رہا..... پھر سر اٹھا کر اسے دیکھتے ہوئے بولا..... "نثار خدا کرے تم زندہ و سلامت واپس آؤ..... لیکن..... اگر..... خدانخواستہ....."

"ہوں"

"خدانخواستہ تمہیں کچھ ہو بھی گیا نا..... تو میں تم سے وعدہ کرتا ہوں..... عذرا بھابی اور بچوں کی ساری عمر دیکھ بھال کروں گا....."

"نثار نے دکھ سے مسکراتے ہوئے اسے دیکھا اور بولا" ایسا وعدہ نہ کرو نوید....."

"نوید جب وعدہ کرتا ہے تو اسے نبھاتا بھی ہے۔ یہ تم اچھی طرح سے جانتے ہو....."

"نثار چپ رہا....."

"نوید خود ہی بولا....." ہاتھ ادھر کرو....."

"نثار نے ہاتھ اس کی طرف بڑھایا..... نوید نے اس کا ہاتھ ہاتھ میں لیا اور خدا کو حاضر ناظر جان کر سچے دل سے وعدہ کیا....." اب تو یقین کرو گے....."

"خوش رہو دوست..... میرے دل کا بڑا بھار تم نے ہلکا کر دیا..... اب میں اطمینان اور سکون سے اپنا فرض انجام دے سکوں گا..... شہید ہو گیا تو بھی....."

"نوید نے اس کی بات کاٹی اور ہنسنے کی اداکاری کرتے ہوئے بولا" تم جیسوں کو شہادت نصیب نہیں ہوتی....."

"پھر دونوں دیر تک سنجیدگی سے باتیں کرتے رہے۔ نوید نے نثار کے بیوی بچوں کی ذمہ داری اپنے کندھوں پر لے کر نثار کے دل کا بار ہلکا کر دیا۔

نثار کی شہادت کی خبر عذرا نے جس سکون اور حوصلے سے سنی۔ امی اور نوید ششدر رہ گئے۔ لیکن وہ باہر سے جتنی مضبوط اور فولادی تھی اندر سے اتنی ہی کمزور و ناتواں۔ ٹوٹ پھوٹ کر بکھر گئی..... کئی دن تو حواس ہی بجا نہ رہے۔ بچوں کا ہوش رہا نہ گھر کا.....

www.iqbalkalmati.blogspot.com

وہ تو نوید اور امی تھے جنہوں نے بچوں کو سینے سے لگایا..... اور عذرا کی دیکھ بھال کی..... دوست احباب ساتھی سبھی عذرا کے دکھ میں شریک ہوئے..... اور پھر اپنی مصروف زندگی کی طرف لوٹ گئے..... نوید کو اپنے بہترین اور عزیز دوست کے بچھڑنے کا بیحد افسوس تھا..... وہ تو بچوں کی طرح پھوٹ پھوٹ کر رویا تھا..... اس کی باتیں یاد کر کے تڑپا تھا..... اسے بہت دکھ تھا..... اتنا دکھ کہ پنکی جب اس سے ملنے آئی تو وہ اس سے بھی نثار ہی کی باتیں کرتا رہا.....

پنکی کو دوست کی خاطر نوید کا اتنا اداس اتنا پریشان ہونا کچھ اچھا نہ لگا۔

"وہ سپاہی تھا نوید۔ اور سپاہی وطن کی حفاظت کے لیے جان دیتا ہی ہے۔ وہ شہید ہوا ہے۔ تمہیں یہ سوچ کر خوش ہونا چاہیے۔ تم تو عورتوں سے بھی بڑھ کر اس کا ماتم کر رہے ہو....."

"پنکی..... تم نہیں جانتیں..... میرے دل میں اس کی کتنی محبت کتنی وقعت ہے۔"

"اب کیا کر سکتے ہو..... وہ جی تو نہیں اٹھے گا تمہارے اس طرح نڈھال اور بے حال ہونے سے۔"

"یہ بات میں بھی جانتا ہوں۔"

"پھر..... اپنے آپ میں آؤ..... چلو کہیں باہر چلتے ہیں۔ کسی اچھے سے ہوٹل میں کھانا کھاتے ہیں۔ لگتا ہے تم نے اتنے دنوں سے ڈھنگ سے کھانا بھی نہیں کھایا....."

"لقمہ حلق سے نیچے جاتا ہی نہیں....."

"اد..... بس بھی کرو..... اُٹھو تیار ہو جاؤ..... تم نے تو کاروبار کی طرف بھی اتنے دنوں سے کوئی دھیان نہیں دیا..... اس طرح اپنا ہی نقصان کرو گے....."

"مجھے نثار کی جدائی سے بہت صدمہ ہوا ہے پنکی..... وہ میرا دوست نہیں بھائی تھا..... بچپن کا ساتھی تھا....."

"جانتی ہوں..... پر اب کیا ہو سکتا ہے..... اٹھو تیار ہو جاؤ....."

"وہ اسے اپنے ساتھ باہر لے گئی....." گھمایا پھرایا۔ کھانا کھلایا..... ادھر ادھر کی باتیں کر کے دل بہلایا۔ پھر اسے چھیڑنے کی خاطر بولی "نوید..... تم دسمبر میں شادی کے خواہاں تھے نا..... دسمبر جنگ کی نظر ہو گیا۔ میرے خیال میں بات مارچ اپریل تک جا پڑے گی۔ تب ڈیڈی بھی آجائیں گے....."

"نوید نے اس کی باتوں کا کوئی جواب نہ دیا۔ اس کا ذہن صدمے سے ماؤف سا تھا....."

نوید اور امی نے عذرا اور بچوں کے سر پر ہاتھ رکھا..... عذرا ذرا سنبھلی تو اسے مستقبل کی فکر ستانے لگی..... سوچ سوچ کر دماغ ماؤف ہونے لگا۔ کوئی ٹھکانہ نہیں تھا..... کوئی عزیز رشتہ دار نہیں تھا۔

نوید نے دوڑ دھوپ کر کے نثار کی پنشن اور دیگر واجبات اسے دلا دیئے تھے۔ وہ خود ایف اے تک پڑھی تھی۔ لیکن چھوٹی موٹی نوکری مل سکتی تھی....."

اسی دن امی اور نوید آئے ہوئے تھے..... عذرا کی دلجوئی کی باتیں کر رہے تھے۔

"جس چیز کی ضرورت ہو بے دھڑک کہہ دیا کرو بیٹی..... کسی قسم کی غیریت کا احساس نہ کرنا..... مجھے اپنی ماں ہی سمجھو....."

"ہاں عذرا بھابی....." نوید بولا..... "نثار میرا جگری دوست ہی نہیں بھائی بھی تھا..... آپ ہمیں اپنا ہی سمجھیں..... کوئی ضرورت ہو بلا جھجک کہہ دیا کریں....."

"نوید بھائی..... مجھے کوئی چھوٹا سا کرائے کا گھر دلا دیں..... میں....."

"عذرا بیٹی" امی نے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا..... کیوں غیروں کی سی باتیں کر کے میرا دل دکھاتی ہو۔"

"امی..... آپ کی انیکسی....."

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"ہماری نہیں، یہ تمہاری ہے.... امی بولیں....."

"نوید جلدی سے بولا" نثار زبردستی کرایہ دیتا تھا۔ اسے ہاؤس رینٹ ملتا تھا۔ لیکن اب کرائے والی بات نہیں۔ آپ اس کو اپنی جگہ سمجھیں..... ایسی بات دوبارہ زبان پر لائیے گا بھی نہیں۔ آپ میرے بھائی کی بیوہ ہیں۔ آپ کی ساری ذمہ داریوں کا باراب مجھ پر ہے۔ خدا کا فضل ہے۔ میں آپ اور آپ کے بچوں کا خرچہ اٹھا سکتا ہوں۔

"نہیں بھائی.... ان کا خرچہ..... نثار کی پنشن..... اور..... اور پھر..... میں خود بھی نوکری کرلوں گی۔

"نہیں عذرا بھابی..... نوید نے کہا" نوکری کا سوچئے گا بھی نہیں..... نثار سے میں نے وعدہ کیا تھا..... میں اس وعدے سے منحرف نہیں ہوؤں گا..... نثار نے آپ کو بھی تو بتایا ہوگا....."

"عذرا ہمدردی اور خلوص پاکر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی..... امی نے اسے سینے سے لگالیا..... نوید بہت بے چین اور پریشان نظر آنے لگا....."

"دیکھو نوید"

"ہوں"

"میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ....."

"بار بار تمہیدیں کیوں باندھ رہی ہوں۔ کہہ کیوں نہیں پاتیں..... کوئی خاص بات ہے۔

"ہاں....."

"کہو....."

"تم انیکسی خالی کروالو....."

"پنکی....."

"ہاں.... عذرا کا.... یہاں رہنا.... مناسب نہیں....."

"پنکی.... تمہارا دماغ تو ٹھیک ہے نا....."

"عذرا یہیں رہی تو یقیناً خراب ہوجائے گا"

"تم کہنا کیا چاہتی ہو....."

"وہی جو لوگ کہہ رہے ہیں....."

"لوگ؟ کیا کہہ رہے ہیں لوگ....."

"جو کہنا چاہیئے....."

"سیدھی طرح بات کرو.... میں سمجھ نہیں پارہا....."

"نوید.... تم اتنے بچے بھی نہیں ہو.... لوگ تمہارے اور عذرا کے بارے میں کیسی کیسی باتیں کرتے ہیں۔ تم جانتے نہیں کیا.... باتیں کرنا بھی چاہئیں۔ ایک جوان عورت سے اتنا میل ملاپ....."

"پنکی..... زبان سنبھال کر بات کرو..... تمہیں ایسی باتیں کرتے ہوئے شرم آنی چاہیے۔ عذرا بیوہ ہے۔ اس کے بچے یتیم ہیں۔ کیا بیوہ اور یتیموں کا خیال رکھنا گناہ ہے....."

"وہ تمہارے لگتے کیا ہیں۔ جو تم ان پر اتنے مہربان ہورہے ہو۔

"وہ میرے دوست اور میرے بھائی کے بیوی بچے ہیں جو شہید ہوچکا ہے اور جن کی ذمہ داری میرے ذمہ ہے۔

"ہونھ....." پنکی نے حقارت سے ہنکارا بھرا اور پھر بولی "تم بھی کان کھول کر سن لو..... میں شادی اس وقت تک نہیں کروں گی..... جس وقت تک عذرا اس انیکسی میں ہے۔ اسے یہاں سے چلتا کروگے تو شادی بھی ہوگی.....

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"تو پھر میرا بھی فیصلہ تم نے سن لیا ہے۔ عذرا اور بچے یہیں رہیں گے۔ ان کا دنیا میں اور کوئی نہیں ہے۔ بے سہارا عورت اور یتیم بچے کہیں نہیں جا سکتے....."

"ٹھیک ہے۔ وہ نہیں جا سکتے تو سینے سے لگا کر رکھوا نہیں..... میں تو جا سکتی ہوں نا"

"وہ غصے سے پھنکارتی اٹھ کر چلی گئی....."

"نوید غصے اور پریشانی سے اِدھر اُدھر ٹہلتا پھرا۔

عذرا بھی بہت پریشان تھی۔ جتنے منہ اتنی باتیں۔ اڑتی اڑتی اس کے کانوں میں بھی پڑتی تھی۔ پنکی اور نوید کے تعلقات کشیدہ ہو چکے تھے۔ یہ بھی اسے پتہ چلا تھا۔ اس کی ذات ان کی خوشیوں کے آڑے آ رہی تھی۔ اس نے انیکسی چھوڑ دینے کا مصمم ارادہ کر لیا۔ اس نے آہستگی سے یہ بات نوید کی امی سے کہی۔

"جاؤ گی کہاں بیٹی"

"خدا کی دنیا بڑی وسیع ہے امی....."

"لیکن جوان عورت اکیلی رہے کیسے..... دنیا بڑی ظالم ہے بیٹی....."

"لیکن میری وجہ سے آپ کا ہنستا بستا گھر....."

"پنکی ناسمجھ ہے۔ جوش جذبات میں صورت حال کو سمجھ نہیں پا رہی۔ تم کیوں فکر کرتی ہو۔ میں اسے سمجھا لوں گی....."

"عذرا چپ ہو گئی۔ امی اسے تسلی دلاسے دیتی رہیں۔ لیکن عذرا دیکھ رہی تھیں۔ کہ امی خود بھی خاصی الجھن میں ہیں۔

"وہ بولی" میری ایک سہیلی یہیں رہتی ہے۔ اس نے مجھے ایک کمرہ دینے کا وعدہ کیا ہے۔ میں وہاں چلی جاؤں گی۔ آپ کی محبت اور احسان کی شکر گزار ہوں امی.....

آپ نے اور نوید بھائی نے میرا جتنا خیال رکھا۔ جتنی شفقت سے مجھے حالات سے نبھاہ کرنا سکھایا۔ میں عمر بھر نہیں بھول پاؤں گی۔ مجھے یہاں سے چلے جانا چاہیے....."

"لیکن نوید کب مانے گا..... وہ وعدے اور قول کا جتنا پکا ہے..... تم شاید نہیں جانتیں۔ اور پھر..... یہ وعدہ توڑ کر وہ اپنے آپ کو شہید کے سامنے رسوا نہیں کرے گا۔ کبھی نہیں کرے گا..... تم کسی کی باتوں پر دھیان نہ دیا کرو بیٹی....."

"لیکن امی.....؟" عذرا رو دی۔

"امی اس کے سر پر ہاتھ پھیرنے لگیں..... مسئلے کا حل ان کی سمجھ میں بھی نہیں آ رہا تھا....."

"امی"

"کیا ہے بیٹے"

"ایک بات کہنا چاہتا ہوں"

"کہو..... پوچھنے کی کیا بات ہے؟....."

"میں نے بہت غور و خوض کے بعد اک فیصلہ کیا ہے....."

"کیا؟"

"شاید آپ کو اچھا نہ لگے لیکن....."

"نوید کیا کہنا چاہتے ہو....."

"امی میں شادی کرنا چاہتا ہوں....."

"امی نے سکون کا سانس لیتے ہوئے مسکرا کر نوید کو دیکھا۔ جو بے انتہا سنجیدہ نظر آ رہا تھا....."

"شادی..... تو کرنا ہی ہے..... پنکی کی ممی....."

"امی میں پنکی سے شادی نہیں کروں گا"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

"کیا؟....."

"حیرت زدہ نہ ہوں امی.... یہ میں نے بہت سوچ سمجھ کر فیصلہ کیا ہے....."

"تو.... تو.... پھر.... پنکی سے شادی نہیں کرو گے تو.... پھر....."

"امی پنکی نے خود ہی انکار کیا ہے....."

"امی نے سوالیہ نگاہوں سے نوید کو دیکھا....."

"نوید سر جھکاتے ہوئے بولا" امی میں نے فیصلہ کیا ہے..... کہ میں پنکی سے نہیں عذرا سے شادی کرلوں....."

امی نے دھک دھک کرتے دل کو رکتا محسوس کیا..... بے اختیارانہ سینے پر ہاتھ رکھ کر پھٹی پھٹی نظروں سے نوید کو دیکھا....."

"نوید نے مضبوط لہجے میں کہا" امی یہ نہ تو محبت کی شادی ہے نہ مجبوری کی صرف ضرورت کی شادی ہے۔ عذرا اور بچوں کو سہارے کی ضرورت ہے۔ میرے شہید دوست کے اس خاندان کو میری ضرورت ہے۔

..... نثار کے سامنے سرخرو ہونا میری زندگی کا مقصد ہے امی..... میرے نیک جذبات کو لوگ جو رنگ دے رہے ہیں۔ اس سے عذرا کی بدنامی ہوتی ہے۔ ایک پارسا عورت ناحق بدنام ہو..... میں یہ بھی نہیں دیکھ سکتا۔ اس سارے مسئلے کا حل یہی ہے کہ میں اس سے نکاح کرکے دینی دنیاوی اور قانونی طور پر ان کا سرپرست بن جاؤں امی چپ ہوگئیں۔ اس بات کو ذہنی طور پر قبول نہ کرپا رہی تھیں، پریشان ہوئیں، بے چینی سے بیٹے کو دیکھا....." لیکن نوید کا فیصلہ اٹل تھا....."

"عذرا" نوید نے اپنے کھچڑی بالوں میں انگلیاں پھیرتے ہوئے اس کی طرف دیکھا۔

"جی" بیڈ کے قریب بیٹھی نوید کے بیٹے کے موزے بنتے ہوئے عذرا نے ہاتھ روک کر جواب دیا۔

"خدا کا شکر ہے ہماری زندگی کا مشن پورا ہوگیا۔ بیلو کو جاب مل گئی.... نو اپنے گھر کی ہوگئی اور صلو کو بھی میڈیکل میں داخلہ مل گیا....."

"عذرا نے اک گہری سانس لی..... اور عقیدت بھری نظروں سے نوید کو دیکھا.....

"میرے اور میرے بچوں کے لیے آپ نے....."

"اوں ہوں" وہ اس کی بات کاٹتے ہوئے بولا" عذرا یہ بچے میرے بھی تو بچے ہیں.... تم میری بیوی ہو۔ اپنے بیوی بچوں کے لیے ہر کوئی وہی کچھ کرتا ہے جو میں نے کیا....."

"آپ عظیم ہیں....." عذرا کی آنکھیں گیلی ہوگئیں۔ نوید نے اس سے نکاح کرکے پنکی سے دستبردار ہونے کی جو قربانی دی تھی..... وہ اس سے مخفی نہ تھی....."

"نوید نے چشمہ آنکھوں سے اتارتے ہوئے مسکرا کر عذرا کی طرف دیکھا" عظیم تو تم ہو عذرا....."

"عذرا نے آنچل سے اپنی نم آنکھیں پونچھیں اور گھمبیر لہجے میں بولی..... آپ نے ہماری خاطر بہت بڑی قربانی دی..... آپ برسوں جنگ لڑتے رہے۔ آپ غازی ہیں، نوید غازی ہیں۔ نثار شہید ہے۔ آپ غازی ہیں....."

"غازی" نوید بیڈ پر بیٹھتے ہوئے بولا....."

"ہاں"

"بھئی اتنا بڑا اعزاز مجھے کیسے مل گیا..... نثار نے تو وطن کی حفاظت کرتے جان دی.... میں نے کونسا معرکہ مارا عذرا بیگم....."

"آپ نے بڑا عظیم معرکہ مارا ہے....." عذرا اس کی طرف احترام سے دیکھتے ہوئے بولی..... جنگیں صرف ملکی سرحدوں پر ہی نہیں لڑی جاتیں نوید..... دل کے محاذوں پر بھی تو لڑی جاتی ہیں....."

"نوید چند لمحے چپ رہا پھر اٹھ کر عذرا کے قریب آیا۔ اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جھکتے ہوئے بولا....." مجھے اعتراف ہے عذرا..... میں نے دل کے محاذوں پر جنگ لڑی لیکن میں نے اس جنگ میں ہارا کچھ نہیں..... جیتا ہی ہے۔ کانچ کے ٹکڑے کو کھو کر ہیرا پایا ہے یہ جیت ہی تو ہے....."

" عذرا نے سر اونچا کر کے اس کی آنکھوں میں جھانکتے ہوئے کہا..... "چلئے اسی حوالے ہی سے سہی..... غازی تو ہوئے نا آپ....."

" نوید نے مسکراتے ہوئے اس کے کندھے پر رکھا ہاتھ پیار سے دبایا..... عذرا نے اس ہاتھ پر گال ٹکا کر آنکھیں بند کر لیں....."

اس کے چہرے پر عقیدت اور محبت میں گھلی احسان مندی کے رنگ بکھر گئے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com